علمی وتحقیقی مجلہ

قُلْ هٰذِهٖ سَبِيْلِيْٓ اَدْعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۣ عَلٰي بَصِيْرَةٍ اَنَا وَمَنِ اتَّبَعَنِيْ

البصیرۃ

ششماہی

ایچ ای سی سے منظور شدہ

جلد ۵ شمارہ ۲ (دسمبر ۲۰۱۶ء)

شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد

بسم الله الرحمن الرحيم

علمی و تحقیقی مجلّہ

البصیرۃ

ششماہی

ISSN: 2222-4548

جلد: ۵ شمارہ: ۲

دسمبر ۲۰۱۶ء

سرپرست اعلیٰ:
میجر جنرل (ر) ضیاء الدین نجم
ہلال امتیاز (ملٹری) ریکٹر، نمل

سرپرست:
بریگیڈئر ریاض احمد گوندل
ڈائریکٹر جنرل، نمل

مدیر:
ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، اسلام آباد، پاکستان

ناشر: شعبہ علوم اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

طباعت: نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

جلد: ۵ شمارہ: ۲ (دسمبر ۲۰۱۶ء)

تعداد: ۲۰۰

قیمت: اندرون ملک: =/ ۳۰۰ روپے بیرون ملک: =/ ۱۰ ڈالر

ابسٹریکٹنگ اور انڈیکسنگ ایجنسز

۱)	**الریچ**	http://ulrichsweb.serialssolutions.com Shawn.Chem@proquest.com
۲)	**اسلامکس**	http://bibliographies.brillonline.com/browse/index-islamicus ixis@soas.ac.uk
۳)	**پروکویسٹ**	www.proquest.com info@ProQuest.com
۴)	**علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی**	www.aiou.edu.pk

خط و کتابت کے لئے ...

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر، مجلہ البصیرۃ

شعبہ علوم اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز، ایچ نائن، اسلام آباد

Ph: 0092 051-9265100EXT (2210)

E-mail: al-basirah@numl.edu.pk

Web-site: www.numl.edu.pk

فہرست موضوعات

- ادارتی پالیسی v
- مقالہ کی اشاعت کیلئے قواعد وضوابط vi
- مجلسِ ادارت (قومی وبین الاقوامی) viii
- مجلسِ مشاورت ix
- شرکاءمقالہ نگار x
- اداریہ xii

اردو مضامین

- صوفی عبدالحمید سواتی کا "دروس الحدیث" میں اسلوب و منہج (ایک تحقیقی جائزہ) 1
  محمد اقبال / ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری
- سیرت نویسی کے اثرات وفوائد 27
  شاہین کوثر / ڈاکٹر محمد ریاض وردگ
- اسلامی تورات وانجیل کی بشارتیں اور رسولِ اکرم ﷺ 47
  ڈاکٹر نور حیات خان
- علومِ اسلامیہ کے تحقیقی مقالات ومجلّات میں "حرفی" کا استعمال: ایک تجزیاتی مطالعہ 69
  ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء / ڈاکٹر سعید الرحمان
- شیخ احمد سرہندی کے تجدیدی کارنامے 87
  ڈاکٹر طاہر خان
- مسیحیت میں امن کی مختلف جہات 111
  ڈاکٹر تنویر قاسم / ڈاکٹر زاہد لطیف

❁ اسلامی اور مغربی قانون کی تعبیر و تشریح کے اصول اور مناہج 133

میمونہ یاسمین

عربی مضامین

❁ الحكم الشرعي لإيقاف علاج المريض الميئوس من برئه 157

د. منظور أحمد الأزهري

❁ فقه الدعوة من الحوار النبوي ومدى استفادتها في المعاملات 173

د. طاهرصديق

❁ مقاومة الاستبداد بين الشعرين العربي والأردي 189

د. عبيد الرحمن السيالكوتي

❁ الفوائد والآثار الإيجابية لحادثة الإفك فى ضوء السنة النبوية 209

د. مسعود أحمد السندي

❁ دلالات الهدى وأنواعه في السياق القرآني 223

د. أبو بكر بهته / د. كفايت الله همداني

❁ الزوائد في أسماء الإشارة 241

د. خليق الرحمن

انگریزی مضامین

❁ Reason Interplay in explanation of Islamic Law (Its role & impact on Shariah) 1

Dr. Farhat Nisar/ Dr. Fayyz Ahamad Faizi

❁ Qurānic and Legislative Facade of Veil in Pakistan 15

Dr. S. Aftab Aalam

❁ Islam, Forced Marriages and Pakistani Culture: (An Analytical Overview) 29

Dr. Naseem Akhter/Dr. Arshad Munir

❁ Factors Affecting Prenatal Development: An Analysis 43

Muhammad Tahir/ Dr. M. Tahir Khalily

البصیرۃ : ادارتی پالیسی

- البصیرۃ خالصۃً اسلامی علوم وفنون سے وابستہ تحقیقی مجلہ ہے۔ جو علمی و تحقیقی دنیا کے لئے نمایاں نوعیت کا حامل ہے۔ اس میں شائع ہونے والے مقالات کے متعلق ادارتی پالیسی حسب ذیل ہے:
- البصیرۃ میں شائع ہونے والے مقالات کے موضوعات علوم القرآن، علوم الحدیث، علم فقہ واصول فقہ، تقابل ادیان، علم کلام وتصوف، فلسفہ، سائنس، ادب، معاشیات، عمرانیات، سیاسیات ، ثقافت وتمدن ،عربی زبان وادب اور اسی طرح مسلم شخصیات اور اسلامی موضوعات پر لکھی جانے والی کتب (تبصرہ وتعارف) وغیرہ سے متعلق ہونے چاہئیں۔
- البصیرۃ ایک ششماہی رسالہ ہے یعنی سال میں دو مرتبہ (جون اور دسمبر میں) شائع ہو گا۔
- البصیرۃ میں اشاعت کی غرض سے بھیجے گئے مقالات کا تجزیہ دو منظور شدہ ماہرین سے کروایا جائے گا۔ جس میں ایک تبصرہ نگار ملکی اور دو غیر ملکی ہوں گے۔
- البصیرۃ کی اشاعت کے سلسلہ میں ہائیر ایجوکیشن کمیشن (HEC) کے جملہ قوانین وضوابط لاگو ہوں گے۔
- البصیرۃ میں مقالہ کی اشاعت کے حوالے سے ادارتی بورڈ کا فیصلہ حتمی ہو گا۔
- البصیرۃ کی ادارتی مجلس کو ارسال کیے گئے مقالات میں ضروری ترامیم، تنسیخ و تلخیص کا حق حاصل ہو گا۔ مدیر مقالہ نگاروں کو تجزیہ کاروں کی رائے، نیز مقالہ میں مطلوب کسی تبدیلی سے متعلق آگاہ کرے گا۔
- البصیرۃ ادارہ کا مقالہ نگار کی رائے سے متفق ہونا ضروری نہیں، مقالہ میں دی گئی رائے کی ذمہ داری مجلس ادارت یا نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویجز اسلام آباد پر نہیں، بلکہ مقالہ نگار پر ہو گی۔
- البصیرۃ کو موصول مقالات (شائع ہونے یا نہ ہونے) کسی صورت میں واپس نہیں کئے جائیں گے۔
- البصیرۃ کی دو عدد کاپیاں شرکاء مقالہ نگاروں کو فراہم کی جائیں گی۔

البصیرۃ میں مقالہ کیلئے قواعد و ضوابط

عمومی قواعد:

۱۔ مقالہ A4 صفحے کے ایک طرف کمپوز اور طوالت ۲۵ صفحات سے زائد نہیں ہونی چاہیے۔

۲۔ کمپوزنگ کے سلسلے میں درج ذیل فانٹس کا خیال رکھا جائے:

(i) فصل یا مبحث کے لئے فانٹ سائز:۱۸

(ii) ذیلی فصول کے لئے فانٹ سائز:۱۶

(iii) مقالے کے متن کے لئے فانٹ سائز:(اُردو اور عربی:۱۴، انگلش:۱۲)

(iv) حواشی فانٹ سائز:(اُردو اور عربی:۱۲، انگلش:۱۰)

۳۔ مقالہ کسی اور جگہ شائع شدہ نہ ہو اور نہ ہی کسی اور جگہ اشاعت کے لئے دیا گیا ہو۔

۴۔ مقالہ تحقیق کے اصولوں کے عین مطابق ہونا چاہیے۔ نئی تحقیق پر مبنی اور علمی سرقہ سے خالی ہو۔ نیز مقالہ بنیادی مصادر کے حوالوں سے مزین ہونا چاہیئے۔

۵۔ املاء و انشاء کے رموز و قواعد کا التزام ضروری ہے۔

۶۔ مقالہ کی تین مطبوعہ کاپیاں (Hard copies) اور ایک سافٹ کاپی مطلوب ہو گی۔

۷۔ مقالہ نگار دو سو پچاس (۲۵۰) الفاظ پر مشتمل اپنے مقالہ کا ملخص بحث (Abstract) انگریزی زبان میں مقالہ کے ساتھ فراہم کرے گا۔

۸۔ مقالہ اردو، عربی اور انگریزی زبان میں لکھا جا سکتا ہے۔

۹۔ اغلاط سے حتیٰ الامکان اجتناب کیا جانا چاہیئے۔

ترتیب وتدوین کے قواعد:

تحقیقی مقالہ درج ذیل امور پر مشتمل ہونا چاہیے:

۱۔ **خلاصہ (Abstract)**

اس میں بالاختصار مضمون کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ اور یہ انگریزی زبان میں لکھنا ہو گا۔

۲۔ **تعارف (Introduction)**

تحقیق کا مقصد، طریقہ کار، امتیازی خصائص اور مقالے کا تعارف مختصراً پیش کیا جانا چاہیے۔

۳۔ **کلیدی الفاظ (Keywords)**

مقالے سے متعلق موضوع کی مناسبت سے پانچ کلیدی الفاظ شامل کیجیے۔

۴۔ **نتائج (Conclusion)**

مقالہ میں نتائج بحث منطقی ترتیب و تسلسل کے ساتھ پیش کرنے چاہییں۔

۵۔ **بحث (Discussion)**

مقالہ کے اس حصے میں مقالہ نگار اپنے تحقیق سے متعلقہ مواد تفصیلاً پیش کرے گا۔

۶۔ **حوالہ جات (References)**

حوالہ جات دینے کے لئے درج ذیل ہدایات ملحوظ رکھنی چاہییں:

i) حوالہ جات بحث کے ہر صفحہ پر دیئے جائیں۔

ii) مقالہ کے حواشی اور حوالہ جات کی ترتیب میں شکاگو مینوئل سٹائل (Chicago Manual Style) کو بروئے کار لایا جائے۔

iii) کتاب کا حوالہ دیتے وقت مصنف کا معروف نام، کتاب کا مختصر نام، ناشر اور مقام اشاعت، سن اشاعت وغیرہ اور اس کے بعد / کے دائیں طرف جلد اور بائیں طرف صفحہ نمبر درج کریں۔ مثلاً

ابن کثیر، تفسیر القرآن العظیم، دار صادر، بیروت، ۱۳۵۴ھ ، ۲/۳۱۲

iv) ایک ہی حوالہ متعدد جگہوں پر دینا مقصود ہو تو اختصار کے اسلوب تحقیق میں معروف رموزواشارات کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔

v) مقالہ میں موجود تمام قرآنی آیات عربی رسم الخط میں تحریر ہونی چاہییں۔ آیات کا حوالہ دینے کے لئے یہ طریقہ اختیار کیا جائے۔ مثلاً **سورۃ النساء:۴/۱۸۴**

vi) تمام احادیث کی تشریح کریں اور اُس کے لئے درج ذیل مثال کو مد نظر رکھیں:

البخاری، الجامع الصحیح، کتاب العلم، باب إفشاء السلام من الإسلام ، دار السلام، ریاض، ۱۴۱۲ھ، حدیث نمبر:۲۹، ۱/ ۸

vii) مقالہ میں مذکور تمام غیر معروف شخصیات کا مختصر تعارف کروائیں اور اس ضمن میں علم الرجال اور الطبقات کی کتب سے حوالہ جات دیں۔

مجلس ادارت:

(قومی)

- پروفیسر ڈاکٹر محمد اکرم چوہدری، سابق وائس چانسلر سرگودھا یونیورسٹی، سرگودھا
- پروفیسر ڈاکٹر سہیل حسن، ڈائریکٹر دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر علی اصغر چشتی، ڈین کلیہ عربی و علوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر معراج الاِسلام ضیاء، ڈین کلیہ اورینٹیل اسٹڈیز، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- پروفیسر ڈاکٹر محمد ضیاء الحق، ڈائریکٹر جنرل ادارہ تحقیقات اسلامی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف ظفر، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، سرگودھا یونیورسٹی، لاہور کیمپس
- پروفیسر ڈاکٹر حماد لکھوی، شعبہ علوم اسلامیہ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد، ڈائریکٹر شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور یونیورسٹی، پشاور

(بین الاقوامی)

- پروفیسر ڈاکٹر احمد یوسف درویش، صدر بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر صہیب حسن، سیکرٹری شریعہ کونسل، لندن، برطانیہ
- پروفیسر ڈاکٹر محمد حفیظ ارشد، ڈائریکٹر ہائر لرننگ سنٹر، لندن، برطانیہ
- پروفیسر ڈاکٹر خادم حسین الٰہی بخش، طائف یونیورسٹی، سعودی عرب
- پروفیسر ڈاکٹر حافظ عبدالوحید، ڈائریکٹر عبدالحلیم قرآنک انسٹیوٹ، امریکہ
- پروفیسر ڈاکٹر احمد بن مشعل الغامدی، ام القری یونیورسٹی، سعودی عرب
- پروفیسر ڈاکٹر شبیر احمد، ڈائریکٹر التذکیر سوسائٹی، آسٹریلیا
- پروفیسر ڈاکٹر برکات دیب، ازہر یونیورسٹی، قاہرہ، مصر

مجلس مشاورت:

- پروفیسر ڈاکٹر فتح الرحمن القرشی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر تاج الدین ازہری، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، ہائی ٹیک یونیورسٹی، ٹیکسلا
- پروفیسر ڈاکٹر فضل ربی، چیف ایسوسی ایٹس اکیڈیمکس، فاونڈیشن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالحمید عباسی، صدر شعبہ قرآن وتفسیر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر مستفیض علوی، شعبہ علوم اسلامیہ، لاہور لیڈز یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر محی الدین ہاشمی، چیئرمین شعبہ فکر اسلامی وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد سجاد، صدر شعبہ اسلامی فکر وتاریخ وثقافت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد عبداللہ، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- پروفیسر ڈاکٹر عبدالعلی اچکزئی، صدر شعبہ علوم اسلامیہ، بلوچستان یونیورسٹی، کوئٹہ
- پروفیسر ڈاکٹر طاہر محمود، دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر ازکیا ہاشمی، ڈین کلیہ آرٹس وصدر علوم اسلامیہ ومطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی
- ڈاکٹر محمد الیاس، شعبہ حدیث، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر حافظ عبدالقیوم، شیخ زید اسلامک سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، لاہور
- ڈاکٹر مرسل فرمان، شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعہ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر محمد ریاض وردگ، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ ومطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر خلیق الرحمان، شعبہ اسلامی فکر وتہذیب، یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور
- ڈاکٹر حضرت عمر، شعبہ انگلش، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگویج اسلام آباد

شرکاء مقالہ نگار

- محمد اقبال، پی ایچ ڈی سکالر، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجزیونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری، صدر شعبہ اسلامیہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- شاہین کوثر، پی ایچ ڈی سکالر، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر محمد ریاض وردگ، سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ و مطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ
- ڈاکٹر نور حیات خان، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء، ڈین علوم اسلامیہ و دراسات علوم شرقیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور
- ڈاکٹر سعید الرحمان، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی مردان
- ڈاکٹر طاہر خان، سینئر ٹیچر، ایف جی ہائی سکول، واہ کینٹ، راولپنڈی
- ڈاکٹر تنویر قاسم، اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور
- ڈاکٹر زاہد لطیف، اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور
- میمونہ یاسمین، اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین، راولپنڈی
- ڈاکٹر منظور احمد الازہری، ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، ٹیکسلا یونیورسٹی
- ڈاکٹر طاہر صدیق، اسسٹنٹ پروفیسر دعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر عبید الرحمٰن بن محمد بشیر سیالکوٹی، شعبہ عربی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر مسعود احمد سندھی، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر ابو بکر بھٹہ، لیکچرار شعبہ عربی، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز اسلام آباد
- ڈاکٹر کفایت اللہ ہمدانی، صدر شعبہ عربی، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو ئجز، اسلام آباد
- ڈاکٹر خلیق الرحمٰن، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی، لاہور

- ڈاکٹر فرحت نثار، اسسٹنٹ پروفیسر، کامسٹ یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر فیض احمد فیضی، اسسٹنٹ پروفیسر، کامسٹ یونیورسٹی، اسلام آباد
- ڈاکٹر سید آفتاب عالم، اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف لاہور، سرگودھا کیمپس
- ڈاکٹر نسیم اختر، شعبہ علوم اسلامیہ، بے نظیر وومن یونیورسٹی، پشاور
- ڈاکٹر ارشد منیر، شعبہ علوم اسلامیہ، ڈیرہ غازی خان یونیورسٹی، ڈیرہ غازی خان
- محمد طاہر، پی ایچ ڈی، سکالر شعبہ اصول الدین، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد
- پروفیسر ڈاکٹر محمد طاہر خلیلی، چیرمین، شعبہ نفسیات، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اداریہ

اسلام وہ مذہب ہے جس نے جملہ شعبہ ہائے زندگی میں تاریخ ساز انقلاب بپا کیے ہیں۔ معیشت ہو یا معاشرت، سیاست ہو یا ریاست، تعلیم ہو یا تفکیر، اخلاق ہو یا تربیت، گویا کہ زندگی کا کوئی ایسا گوشہ نہیں جس میں اسلام نے حیاتِ انسانی کے ہر دریچے کو منوّر نہ کیا ہو جبکہ اس سے قبل بنی نوع انسان ایک بھیانک اور تباہ کن منزل کی جانب گامزن تھی، اور کسی ایسے مسیحا کی تلاش میں تھی، جس کے ہاتھ میں چراغِ ہدایت ہو اور جس کے ذریعہ بنی نوع انسان کو طبقاتی کشمکش، اخلاقی بے راہ روی، علمی و فکری تنزلی، اور معاشرتی لاقانونیت سے نجات مل سکے۔

خالقِ دو جہاں نے جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو اس مسیحا کی صورت میں بھیجا، جنہوں نے صنفِ انسانی کے جملہ پہلوؤں پر بے نظیر و بے مثال محنت فرمائی، آنحضرت ﷺ نے پہلے انسان کو اپنے خالق سے متعارف کرایا، پھر دینِ اسلام کی ہمہ گیر تعلیمات کو انسانیت کا حرزِ جاں بنا ڈالا۔ ان انتھک اور جاں گسل کاوشوں کے سبب بنی نوع انسان اس نہج پر پہنچی کہ زندگی کے ہر گوشہ میں پھونک کر قدم رکھنے لگی۔ کسی بھی اقدام سے قبل یہ سوچنا کہ خالقِ انسانیت نے اس میں کیا حکم دیا ہے؟ ان کی زندگی کا وطیرہ بن گیا۔ اسی سوچ و فکر نے اس تحقیقی مزاج کو جلا بخشی جس کا حکم " أَفَلَا يَتَفَكَّرُون، أَفَلَا يَتَدَبَّرُونَ " کے زمزموں سے ان کے مزاج کا حصہ بن گیا۔

دینِ اسلام کی خصوصیت روزِ اول سے یہ رہی ہے کہ اس کی جملہ تعلیمات صرف نظریاتی نہیں، بلکہ عملی بنیادوں پر قائم ہیں۔ لہٰذا فکر و عمل کے اس باہمی ارتباط نے عمر و علی، ابن عباس و ابن مسعود، معاذ بن جبل و ابو موسیٰ اشعری وغیرہم رضی اللہ عنہم کو وہ تحقیقی مزاج بخشا کہ بصیرت و دانائی اِن رجال کی مثال پیش کرنے سے عاجز ہے۔ صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد تابعین و تبع تابعین رحمۃ اللہ علیہم نے اسلاف سے جو میراث پائی، اُسے مزید چار چاند لگا کر اپنے اخلاف میں تقسیم کیا، جنہوں نے چار وانگ عالم کو اپنے نور سے یوں منور کیا کہ پوری دنیا بقعہ نور بن گئی۔

انہی نفوس قدسیہ کی سعی مبارکہ کی بدولت میراث نبوی کی تقسیم کا عمل جاری ہے اور دنیائے جدید قرآن وسنت کے افکار واقدار سے معطّر ہو رہی ہے۔ علم وتحقیق کا یہ ایک کارواں ہے، جس کی منتہا و معراج دنیا و آخرت کی فلاح ہے۔ علمی و تحقیقی مجلہ البصیرۃ بھی اس کارواں کا ہمرکاب اِک سوار ہے، جو دامے درمے سخنے حتیٰ الوسع دینِ متین کی خدمت میں مصروفِ عمل ہے۔

البصیرۃ علوم اسلامیہ میں تحقیق کے معیار کی از حد بہتری کا خواہش مند رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد تحقیق میں بین الاقوامی معیار کا حصول ہے۔ اسی مقصد کے پیش نظر مختلف بین الاقوامی انڈیکسنگ اور ابسٹرکٹنگ ایجنسیز (Indexing & Abstracting Agency) سے مجلہ ہذا کی انڈیکسنگ اور ابسٹرکٹنگ کی درخواست کی گئی۔ محترم قارئین! یہ امر خوش آئند ہے کہ ایچ ای سی سے منظور شدہ تین بین الاقوامی انڈیکسنگ اور ابسٹرکٹنگ ایجنسیز Proquest Ulrich's, Islamicus, اور ایک قومی ایجنسی AIOU شامل ہے، نے البصیرۃ کی انڈیکسنگ اور ابسٹرکٹنگ کر دی ہے۔

شمارہ ہذا میں منتخب کردہ سترہ تحقیقی مقالات کو شامل کیا گیا ہے جن میں سات اردو، چھ عربی اور چار انگریزی مقالات شامل کئے گئے ہیں۔

ادارہ البصیرۃ ریکٹر نمل میجر جنرل (ر) ضیاء الدین نجم ہلال امتیاز (ملٹری) اور ڈائریکٹر جنرل بریگیڈیئر ریاض احمد کا تہہِ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے جن کی سرپرستی اور مکمل تعاون سے یہ کام باحسن پایۂ تکمیل تک پہنچ سکا ہے (جزاہ اللہ خیرا)۔ آخر میں ادارہ کی جانب سے شرکاءِ مقالہ، اساتذہ، محققین، معاونین اور ان تمام افراد کا شکر گزار ہے جنہوں نے تحقیقی میدان میں اپنا کردار ادا کیا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ تمام حضرات کی مساعی جمیلہ کو مقبول و منظور فرمائے۔ اور ہم سب کی کوششوں کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطاء فرمائے، اور البصیرۃ کو مزید پذیرائی اور مقبولیت عطا فرمائے۔ آمین!

ڈاکٹر سید عبد الغفار بخاری

مدیر البصیرۃ

صوفی عبدالحمید سواتی کا " دروس الحدیث " میں اسلوب و منہج

(ایک تحقیقی جائزہ)

Sūfī Abdul Hamīd Swātī's Style & Methodolgy in "Durūs Al Hadīth"

(An analytical view)

محمد اقبال*

ڈاکٹر سید عبدالغفار بخاری**

ABSTRACT

In contemporary era, preaching of Islamic teachings to common people of society is of much importance. In addition, level of communication is also to be maintained. Abdul Hamīd Swātī was such a scholar/preacher of Pakistan, who had exegetical command over Qur'ān, Ḥadīth and other related religious fields. Abdul Hamīd Swātī during his entire lifetime tried his best to highlight the religious consciousness of the people not only by means of speeches, but also with the help of his writings.

He worked on Qur'ān by writing a tafsīr named "Ma'ālim Al 'Irfān fī Durūs Al Qur'ān". Because of his prodigious devotion towards Shāh Waliullāh, he presented translations, interpretations, preambles and notes on Waliullāh's scholarly masterpieces. Swātī also presented Maulānā 'Ubaidullāh Sindhī's studies and thoughts before public and tried to eradicate all those concerns which victimized his personality.

Abdul Hamīd Swātī also worked on Ḥadīth and its sciences. Present article is concerned with his masterwork "Durūs Al Ḥadīth" in 4-volumes. Its 7th edition was published in March-2015. In fact, these were the public lectures, which were published. Swātī selected Mashāriq Al Anwār by Hassan Saghānī, then Sahīh Bkhārī, Muslim, etc. for his lectures. However, lectures from Musnad Ahmad (more than one thousand hadiths) were only recorded and these lectures form the Book. This book also contains relevant information about Imām Ahmad bin Hambal and his Musnad.

Keywords: *Swātī, Musnad, Waliullāh, 'Ubaidullāh Sindhī, Hadīth*

---

* پی ایچ ڈی سکالر، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

** صدر شعبہ علوم اسلامیہ، نمل یونیورسٹی، اسلام آباد

صوفی عبدالحمید کا تعارف

آپ کا پورا نام عبدالحمید خان تھا ۔کنیت اپنے بیٹے محمد فیاض خان کے نام پر ابو الفیاض تھی، اور نسب یوں ہے: عبدالحمید خان بن نور احمد خان بن گل احمد خان بن گل داد خان مندراوی یوسف زئی سواتی۔ پٹھانوں کی یوسف زئی برادری کی گوتھ مندراوی سے تعلق کی بناء پر ان کو سواتی بھی کہا جاتا ہے۔ان کے آباءواجداد ۱۷۰۳ء میں ریاست سوات کو خیر آباد کہہ کر ضلع ہزارہ میں آباد ہوئے۔ان کے ہاں پشتو اور ہندکو دونوں زبانیں بولی جاتی تھیں۔ آپ کے والد کا نام نور احمد خان اور والدہ کا نام بختاور بیگم تھا۔ان کے بڑے بھائی محمد سرفراز خان صفدر تھے۔[۱]

آپ کی تاریخ ولادت کے بارے میں حتمی طور پر معلوم نہیں ہے۔ آپ اپنی ذاتی ڈائری میں اپنی تاریخ ولادت کے بارے میں لکھتے ہیں کہ "میری پیدائش بقول چچا زمان خان صاحب ۱۹۱۷ء کے لگ بھگ ہوئی۔"[۲] آپ کی جائے ولادت صوبہ سرحد (موجودہ خیبر پختونخواہ) کے ضلع مانسہرہ کے علاقہ کونش کے مقام "چیڑاں ڈھکی" کا مضافات کڑمنگ بالا ہے[۳]۔ ۱۴ /اپریل ۲۰۰۸ کو صوفی عبدالحمید سواتی ؒ کی وفات ہوئی۔ آپ کو گوجرانوالہ قدیمی قبرستان میں سپرد خاک کیا گیا۔عبدالحمید خان سواتی ؒ کا لقب "صوفی" اور تخلص "اختر" تھا۔لقب اتنا مشہور ہو گیا تھا کہ بہت سے حضرات خصوصاً گوجرانوالہ کے لوگ تو آپ کے اصل نام سے ہی واقف نہ تھے۔

حصول علم

آپ کا علمی سفر ۱۹۲۸ء سے ۱۹۳۸ء تک پاکستان کے مختلف علاقوں ملک پور کھکھو، گنڈہ، وڈالہ، سرگودھا، لاہور، ہری پور، مانسہرہ، سیالکوٹ، خوشاب، جہان آباد، ملتان، گوجرانوالہ وغیرہ پر محیط رہا۔۱۹۴۱ء کے اواخر میں صوفی عبدالحمید سواتی ؒ نے مشرق کی عظیم جامعہ دار العلوم دیوبند میں حدیث پڑھنے کے لیے سفر کیا۔ دار العلوم دیوبند سے فراغت کے تین سال بعد ۱۹۴۴ء میں دار المبلغین لکھنؤ شہر، ضلع اودھ گئے۔[۴]

---

[۱] سواتی، عبدالحمید، مفسر قرآن نمبر، ادارۃ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ، اگست تا اکتوبر ۲۰۰۸، ص:۵۸، ۶۲، ۶۶، ۶۹

[۲] اَیضاً، ص:۴۵

[۳] یاسر الدین، کاروان علم، مکتبہ دروس الحدیث، فاروق گنج، گوجرانوالہ، س۔ن، ص:۲۳۲؛ یہ جگہ شنکیاری سے بٹل جاتے ہوئے شاہراہ ابریشم پر تقریباً سولہ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے اور اب آباد ہو چکی ہے۔

[۴] مفسر قرآن نمبر، ص:۷۴

علمی حیثیت

صوفی عبدالحمید سواتی ؒ اصول وجزئیات میں گہرا علم رکھتے تھے۔ ان کے تدریسی انداز سے علماء اور ان کے تلامذہ توان کے علمی مقام کو جانتے ہی ہیں؛ مگر ان کی تصانیف بالخصوص 'دروس القرآن' اور 'نماز مسنون' میں بیان کردہ علمی نکات، جمہور سے اختلاف رکھنے والے فرقوں کی مدلل انداز میں تردید سے عوام الناس پر بھی ان کا علمی مقام مخفی نہیں رہتا۔ صوفی عبدالحمید سواتی کے اساتذہ میں درج ذیل اکابرین مولانا حسین احمد مدنی[1]، علامہ محمد ابراہیم بلیلاوی[2]، مفتی ریاض الدین[3]، مولانا محمد اعزاز علی دیو بندی[4]، مفتی محمد شفیع دیو بندی[5]، مولانا محمد ادریس کاندھلوی[6]، مولانا ابوالوفا شاہجہان پوری[7]، علامہ عبدالشکور فاروقی[8]، مولانا عبداللہ درخواستی[9]، مفتی عبدالواحد

---

(۱) حضرت شیخ الہند سید حسین احمد مدنی ۱۸۷۹ء میں پیدا ہوئے۔ آپ مولانا محمود الحسن کے جانشین اور برصغیر پاک وہند کی معروف علمی، روحانی اور سیاسی شخصیت تھے۔ 'شیخ العرب والعجم' کے لقب سے موسوم تھے۔ آپ دارالعلوم دیوبند میں شیخ الحدیث رہے۔ انگریز کے دور میں 'مالٹا' میں اسیر رہے۔ جنگ عظیم ختم ہونے کے بعد رہائی ملی۔ ۱۹۵۷ء میں بھارت میں انتقال ہوا۔

(۲) ۱۳۰۴ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تاریخی نام ' غلام کبریا' ہے، 'جامع المعقول والمنقول' کے القاب سے یاد کئے جاتے تھے۔ دارالعلوم دیوبند کے صدر مدرّس رہے۔ شیخ الہند مولانا محمود الحسن کے نمایاں شاگردوں میں سے تھے۔ ۱۹۶۷ء میں وفات پائی۔

(۳) مفتی ریاض ضلع بجنور کے رہنے والے تھے۔ شیخ الہند مولانا محمود حسن کے شاگرد تھے۔ بہت نیک طبع، سادہ دل اور ذی استعداد بزرگ تھے۔ عرصہ تک دارالعلوم کے مفتی اور اس کے بعد مدرس اعلیٰ رہے۔ آپ کا انتقال ۱۳۵۶ھ کے لگ بھگ ہوا۔

(۴) ۱۳۰۰ھ میں پیدا ہوئے۔ ۱۳۳۰ھ میں بطور مدرس عربی دارالعلوم دیوبند میں آپ کا تقرر ہوا۔ اور تدریس کے ساتھ دارالافتاء میں بھی کام کرتے رہے۔ کچھ عرصہ مفتی اعظم بھی رہے۔ آپ شیخ الہند کے شاگرد تھے۔

(۵) مولانا محمد شفیع ۱۳۱۴ھ میں پیدا ہوئے۔ آپ مفتی اعظم پاکستان کے لقب سے یاد کئے جاتے ہیں۔ قرآن کریم کی تفسیر "معارف القرآن" کے مصنف اور دارالعلوم کراچی کے بانی تھے۔

(۶) مولانا محمد ادریس کاندھلوی ۱۹۰۰ء میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق ایک مایۂ ناز علمی خاندان سے تھا۔ دارالعلوم دیوبند میں ۱۳۳۷ھ میں مولانا انور شاہ کشمیری سے دورۂ حدیث پڑھ کر سند حاصل کی۔ آپ نے ۱۹۷۴ء کو وفات پائی۔

(۷) مولانا ابوالوفا شاہجہانپوری، مولانا انور شاہ کشمیری، مولانا خلیل احمد سہارنپوری کے شاگرد تھے۔ اپنے وقت کے بے مثال خطیب اور زبردست مناظر تھے۔ قادیانیوں اور رضاخانیوں سے مناظرے کئے۔ ۱۳۰۰ھ میں وفات پائی۔

(۸) ۱۸۷۶ء میں پیدا ہوئے۔ مولانا سید، برصغیر پاک وہند کی نمایاں علمی شخصیت تھے۔ ۱۹۶۲ء میں وفات پائی۔

(۹) مولانا عبداللہ درخواستی' شیخ الاسلام اور حافظ الحدیث کے القاب سے متعارف ہیں۔ ۱۹۹۴ء میں وفات پائی۔

الواحد سیہالوی(۱)، مولانا عبد القدیر کیملپوری(۲)، مولانا عبد الشکور لکھنوی(۳) وغیرہ شامل ہیں(۴)۔ جبکہ آپ کے تلامذہ میں محمد فیاض خان سواتی(۵)، مولانا زاہد الراشدی(۶)، مولانا شمس الدین شہید(۷) اور مولانا محمد اسلم شیخوپوری (۸) نمایاں ہیں۔

عبد الحمید سواتی کی تصانیف

آپ نے اپنی حیات میں نہ صرف تقریر، بلکہ تحریر کے ذریعے بھی عوام کے اندر صحیح ایمانی شعور اجاگر کیا۔ آپ نے اپنی زندگی میں تقریباً ہر شعبہ زندگی پر قلم اٹھایا اور اسلام کے مطابق تعلیمات واضح کیں۔ ان کی تحریر کردہ کتب کی تعداد پچاس سے زائد ہے۔ جن میں قرآن کریم کا ترجمہ، تفسیر، شروحات حدیث، خطبات، مقالات سوانح، تراجم اور حواشی شامل ہیں۔ آپ کو خانوادۂ شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ سے خاص عقیدت و محبت ہونے کی بنا پر آپ نے اپنی زندگی میں حکیم الامت امام ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ کی معرکۃ الآراء تصنیفات میں سے ولی اللہ صرف المعروف بہ

---

(۱) ۱۹۰۸ء میں پیدا ہوئے۔ آپ گوجرانوالہ شہر کے ایک بزرگ عالم دین، متقی، پرہیزگار، ذہین وزیرک سیاستدان ہونے کے علاوہ بے شمار خداداد صلاحیتوں اور خوبیوں سے مالامال تھے۔

(۲) مولانا عبد القدیر ضلع اٹک میں ۱۹۰۱ء میں پیدا ہوئے۔ مولانا انور شاہ کشمیری اور شبیر احمد عثمانی کے مایہ ناز شاگرد تھے۔ دسمبر ۱۹۹۰ء میں وفات پائی۔ مدتِ تدریس ۶۵ سال تھی۔

(۳) مولانا عبد الشکور لکھنوی برصغیر کی ایک نمایاں علمی شخصیت تھے۔ مولانا عین القضاۃ اور مولانا خلیل احمد سہارنپوری سے تلمذ حاصل تھا۔ امام اہل السنۃ کے لقب سے مشہور تھے۔

(۴) مشاہیر علماء، ڈاکٹر حافظ قاری فیوض الرحمن، فرنٹیئر پبلشنگ، لاہور، س۔ن، حصہ اول، ص: ۴۲۵۔۴۲۷

(۵) صوفی عبد الحمید کے فرزند اور شاگرد ہیں۔ ۱۹۹۵ء میں ماہنامہ نصرۃ العلوم میں بحیثیت مدیر اعلیٰ کام شروع کیا۔ ۲۰۰۲ء میں جامع مسجد نور کے خطیب مقرر ہوئے۔ مدرسہ نصرت العلوم میں اپنے والد کے جانشین کے طور پر اہتمام، خطابت اور تدریس کے فرائض میں دورۂ حدیث کے اسباق پڑھاتے ہیں۔ ۲۲ کتب کے مصنف ہیں۔

(۶) ۱۹۴۸ء میں گکھڑ، ضلع گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے۔ مولانا سرفراز خان صفدر کے سب سے بڑے صاحبزادے اور صوفی عبد الحمید سواتی کے شاگرد اور بھتیجے ہیں۔

(۷) ۱۹۴۵ء میں کوئٹہ میں پیدا ہوئے۔ عبد الحمید سواتی کے نامور تلامذہ میں سے تھے۔ صوبائی اسمبلی کے ممبر اور ڈپٹی سپیکر بھی رہے۔ ۱۹۷۳ء میں مرزائیوں کے خلاف منظم تحریک چلائی۔ ۱۹۷۴ء میں کوئٹہ میں شہید ہوئے۔ مولانا زاہد الراشدی نے ان پر 'رجل رشید' نامی کتاب لکھی۔

(۸) عبد الحمید سواتی کے مایہ ناز شاگردوں میں سے ایک ہیں۔ ہفت روزہ 'ضرب مومن' کراچی کے کالم نگار، قرآن کریم کے مفسر اور کئی کتب کے مصنف ہیں۔ جامعہ بنوریہ کراچی اور جامعہ الرشید کراچی میں درس وتدریس کے فرائض دیتے رہے۔

صرف میر منظوم، الطاف القدس فی معرفۃ لطائف النفس، رسالہ دانشمندی، الفوز الکبیر اور عقیدہ پر شروحات وتراجم اور تصحیح مقدمات وحواشی مرتب کیے۔ آپ نے مولانا عبید اللہ سندھی کے علوم وافکار کو عوام کے سامنے پیش کیا، اور ان تمام وساوس کا تدارک کیا، جو ان کی شخصیت کو متاثر کر رہے تھے۔ اسی طرح آپ کو اکابرین سے ایک خاص لگاؤ رہا، جو ان کی تصنیف "الاکابر" سے واضح ہوتا ہے۔ صوفی عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی زندگی کو اسلام کی اشاعت کے لیے وقف کر دیا تھا، اس کا مظاہرہ آپ کی تصنیف نماز مسنون خورد اور نماز مسنون کلاں کی ضخیم اور علمی ابحاث سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ آپ کے خطبات جمعہ کو بھی ایک خاص ترتیب سے محفوظ کیا گیا۔ یہ خطبات "خطبات سواتی" کے نام سے منظر عام پر آچکے ہیں۔ صوفی عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ نہ صرف ایک مفسر، بلکہ ایک محدث بھی تھے۔ اس کا اندازہ آپ کے علم حدیث میں مختلف کتب کی شروحات لکھنے سے عیاں ہیں۔ آپ نے اپنے تصنیفی دور کا آغاز ۱۹۵۹ء میں حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب" الفقہ الاکبر" عربی کا" البیان الازھر" کے نام سے اردو ترجمہ سے کیا اور آپ کی زندگی میں آخری طبع شدہ تصنیف ۲۰۰۷ء میں "الاکابر" کے نام سے شائع ہوئی۔

دروس الحدیث کا تعارف

دروس الحدیث دراصل وہ عوامی دروس ہیں، جو مولانا عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ جامع مسجد نور میں نماز فجر کے بعد ہفتہ کے دو دِن یعنی بدھ اور جمعرات کو ارشاد فرمایا کرتے تھے۔ سو دروس الحدیث صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے افادات پر مشتمل ہے۔ اس کی چار جلدیں ہیں۔ تازہ ترین ساتواں ایڈیشن مارچ ۲۰۱۵ء میں طبع ہوا۔ دروس الحدیث کو صفحۂ قرطاس پر منتقل کرنے کا کام حاجی لعل دین نے انجام دیا، جبکہ ان دروس کو 'انجمن محبان اشاعتِ قرآن' کے زیر اہتمام 'مکتبہ دروس القرآن' فاروق گنج گوجرانوالہ نے شائع کیا۔ یہ کتاب گوجرانوالہ، لاہور، ملتان، کراچی، کوئٹہ، ایبٹ آباد اور راولپنڈی میں تمام اہم کتب خانوں پر دستیاب ہے۔

صوفی صاحب نے دروس الحدیث کے لیے سب سے پہلے امام حسن صاغانی کی کتاب مشارق الانوار کی کتاب کو منتخب کیا۔ پھر صحیح بخاری، اس کے بعد صحیح مسلم، پھر سنن ابن ماجہ اس کے بعد جامع ترمذی، پھر سنن نسائی اور اس کے بعد امام منذری رحمۃ اللہ علیہ کی کتاب الترغیب والترہیب کا درس دیا۔ اس کے بعد مؤطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بروایت یحیٰی اندلسی (جس کی شرح حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کی مصفی فارسی ومسویٰ عربی کی ہے)، اور پھر اس کے بعد مسند احمد بن حنبل کا درس شروع کیا۔ جب مسند احمد جلد اول کا درس اوّل تقریباً مکمل ہو گیا، تو عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے احباب نے حدیث کے دروس بھی (قرآن کریم کے درس کی طرح) ریکارڈ کرنا شروع کر دیئے۔ ان میں سے بھی بہت سی کیسٹیں ضائع ہو گئیں۔ بہر کیف دستیاب ریکارڈنگ کا فائدہ یہ ہوا کہ صوفی صاحب کے یہ دروس محفوظ ہو گئے۔ اگر اس سے

قبل کے دروس بھی ریکارڈ کر لئے جاتے، تو یقیناً اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوتا۔ کیوں کہ مسند کے شروع کے دروس میں حضرات خلفائے راشدین رضی اللہ عنہم اور عشرہ مبشرہ سے مروی احادیث تھیں۔ بہر حال صوفی صاحب کے جو دروس محفوظ ہو چکے تھے، انہیں عوام الناس کے فائدہ کے لیے جماعتی احباب نے ان کی اشاعت کا پروگرام بنایا۔ اس طرح ان دروس کو مطبوع کروایا گیا۔[1]

دروس الحدیث جس میں مسند احمد کی تقریباً ایک ہزار سے زائد منتخب احادیث کے دروس چار جلدوں شائع ہوئے ہیں، جو تقریباً سولہ سو صفحات پر مشتمل ہیں۔ ان کا انداز بیان بھی مولانا سواتی کی دوسری تالیف یعنی "تفسیر معالم العرفان فی دروس القرآن" کی طرح ہے۔

عمومی اسلوب نگارش

اس کتاب میں مدرج احادیث کا بنیادی فہرست موضوعات میں ذکر کیا گیا ہے، جس سے استفادہ آسان ہو گیا ہے۔ ہر جلد کے آغاز میں فہرستِ احادیث ہے۔ اور ہر موضوع کے تحت حدیث تحریر ہے۔ اگر یوں کہا جائے کہ اس میں فقہی انداز غالب ہے، تو درست ہو گا۔ چنانچہ فہرست میں اسے مسائل کا جواب بنا کر بات کی گئی ہے، مثلاً ریشمی لباس کی ممانعت، غنودگی میں نماز پڑھنے کی ممانعت اور اسی طرح دیگر مختلف عنوانات جن سے فقہی انداز خوب جھلک رہا ہے۔ اس کتاب کے شروع میں امام احمد اور مسند احمد کے حوالے سے قیمتی معلومات بھی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند فیاض خان سواتی نے درج کی ہیں۔

اسلوب کے بارے میں آپ لکھتے ہیں:

> "صرف اس خیال سے قدرے اطمینان ہوتا ہے کہ ان دروس کے فہم میں بھی عوام گنجلک محسوس نہ کریں گے، بالکل رواں دواں آسان اور عام فہم زبان میں ہیں اور ان میں احادیث کا مفہوم و مطلب واضح کیا گیا ہے۔ زیادہ دقیق اور گہری عمیق بحثیں ان میں نہیں ہیں اور اس کے علاوہ سند پر بھی کلام نہیں کیا گیا کہ یہ صرف اہل علم اور طلباء کرام کے لیے مفید ہو سکتا ہے، عوام الناس اس سے فائدہ نہیں اٹھا سکتے۔ زیادہ اختلافی مسائل سے بھی تعرض نہیں کیا گیا۔۔ لفظی معنی کو بھی زیادہ دخیل نہیں کیا گیا بلکہ حضور علیہ السلام کے مبارک ارشادات کو سہل ترین الفاظ اور قابل فہم عبارت میں واضح کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بعض

---

(۱) سواتی، عبد الحمید، دروس الحدیث، مکتبہ دروس القرآن، فاروق گنج، گوجرانوالہ، ۱۹۹۰ء، ۱/۱۰

مقامات پر ضروری مسائل کی وضاحت کر دی گئی ہے تاکہ قارئین کرام اس سے فائدہ اٹھاسکیں اور اپنی پیش آمدہ مشکلات اور ان کے حل کو سمجھ سکیں"۔[۱]

دروس الحدیث کی ترتیب کے بارے میں فیاض خان سواتی لکھتے ہیں:

"اور یہ دروس مسند احمد کی احادیث کی ترتیب سے نہیں ہیں بلکہ منتخب احادیث سے ہیں، ہر حدیث کے ساتھ جلد نمبر اور صفحہ نمبر کا حوالہ بھی لگا دیا گیا ہے"۔[۲]

دروس الحدیث کا اسلوب و منہج

صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے زندگی کے اندر نہ صرف سیاسی اور مذہبی تاثر تھا، بلکہ ان کی شخصیت سے ایسے پہلو بھی منسلک رہے، جس سے ان کی خدمات کا اعتراف کیا جانے لگا۔آپ نہ صرف ایک سیاستدان اور عالم تھے،بلکہ ایک خطیب، مدرس،فقیہہ، مفسر، محدث اور صوفی اور ادیب بھی تھے ۔
آپ کی تصنیف "دروس الحدیث" کے پس منظر مقاصد خود انہی کی کتاب سے اخذ کرکے ذیل کی سطور میں پیش کئے جا رہے ہیں:

۱) ان دروس کا سب سے بڑا مقصد عوام الناس کو اللہ کی کتاب قرآن کریم اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات سے واقفیت بہم پہنچانا ہے۔

۲) ان دروس کی غرض و غایت اور مقصد عام مسلمانوں کی اصلاح ہے ۔

۳) دروس الحدیث کے ذریعہ لوگوں کو اعتقادات اور عبادات سے متعلقہ ضروری مسائل کا علم مہیا کرنا ہے۔

۴) دروس عوام کے لئے تربیت ،ذہنی نشوونما اور بالیدگی حاصل کرنے کا بہترین طریق ہے۔

مولانا عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے اسلوب و منہج میں درج ذیل نکات بڑے واضح نظر آتے ہیں۔

فقیہانہ اسلوب

صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ فقہی کتابوں میں درج جزئیات کی لفظی پابندی کے بجائے فقہی اصولوں کی رعایت کا زیادہ اہتمام کرتے تھے،مثلاًان کی رائے یہ تھی کہ روزے کی حالت میں انجکشن لگوایا جائے ،

---

[۱] دروس الحدیث، ۱/۱۰

[۲] أیضاً، ۱/۱۷

تو روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔اس پر انہوں نے مفصل مقالہ (بحالت صوم انجکشن کا حکم) بھی لکھا۔اسی طرح فقہی کتابوں میں نقد اور ادھار کی قیمت میں فرق کو اس شرط کے ساتھ جائز بتایا گیا ہے کہ اگر معاملہ طے کرتے وقت فریقین کے مابین ایک متعین قیمت طے پا جائے ، جس میں کمی بیشی کا امکان نہ رہے تو نقد کے مقابلے میں ادھار قیمت میں اضافہ کرنا درست ہے۔معاصر اسلامی بینکنگ میں اسی بنیاد پر 'مرابحہ' کے عنوان سے چیزوں کو ادھار فروخت کر کے نقد کے مقابلے میں زیادہ قیمت لینے کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔صوفی صاحب ؒ کی رائے یہ تھی کہ فقہاء نے جس تناظر میں اس معاملے کو جائز قرار دیا ہے ،وہ مختلف ہے ۔جبکہ معاصر تناظر میں یہ طریقہ سودی کاروبار کو جواز فراہم کرنے کیلئے ایک حیلے کے طور پر استعمال ہورہا ہے،اس لئے محض فقہی کتابوں میں مذکورہ جواز بنانے کے بجائے موجودہ معاشی عرف کو ملحوظ خاطر رکھنا ضروری ہے [1]۔

آپ ؒ فرمایا کرتے تھے :

> "شرعی قواعد کے تحت جہاں تک وسعت ہو، مفتی کو اپنے فتویٰ میں خلق خدا کے لئے ترفق اور نرمی سے کام لینا چاہیے"۔ [2]

اصلاحی اسلوب

صوفی عبد الحمید سواتی ؒ میں مسلمانوں کی سچی ہمدردی اور خیر خواہی پائی جاتی تھی ،جس کا وہ دروس الحدیث میں جابجا اظہار کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ وہ مسلمانوں کو ہدایت کرتے نظر آتے ہیں کہ وہ اپنے سیاسی، معاشی ، معاشرتی ، تجارتی اور دیگر جملہ امور میں غیر مسلم اقوام کی بجائے قرآن ، حدیث کو اپنا رہنما بنائیں ۔ مثلاً مسلمانوں کی اجتماعی زندگی کے مسئلے کے بارے میں ایک حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> مسلمانوں نے ساڑھے چھ سو سال تک اجتماعیت کی زندگی گزاری، اس میں خلافت راشدہ اور اس کے بعد امویوں اور عباسیوں کا دور آتا ہے۔اس کے بعد مسلمانوں میں اجتماعی زندگی کے اعتبار سے زوال آنا شروع ہو گیا۔ چنانچہ علماء نے یہی فیصلہ کیا کہ اگر حکومتی سطح پر مسلمانوں کا اجتماعی نظام قائم نہ ہو سکے ، تو پھر اہل ایمان انفرادی طور پر کسی کو اپنا امیر منتخب کر کے اجتماعی احکام اس کے تحت پورے کریں ۔ پھر اس کے بعد کافروں کے غلبہ کے باوجود

---

(۱) مفسر قرآن نمبر، ص:۴۳۳

(۲) ایضاً، ص:۵۹۳

مسلمان اپنا امیر منتخب کرکے اس کے تحت اپنے اجتماعی فرائض انجام دیتے رہے۔ پھر انگریزوں کا منحوس دور آیا، تو انہوں نے مسلمانوں کی اجتماعیت کو بالکل ہی ختم کر دیا۔ حتیٰ کہ بہت سے مسلمان ممالک ہی ختم کر دیئے(۱)۔

دروس الحدیث کی خصوصیات

دروس الحدیث کی درج ذیل خصوصیات قابل ذکر ہیں:

لغوی معانی کا بیان

مولانا صوفی عبد الحمید سواتی رحمہ اللہ کو جہاں دیگر عقلی و نقلی علوم میں مقام حاصل تھا، وہیں انہیں لغت کے میدان میں بھی کمال حاصل تھا۔ دروس الحدیث کا مطالعہ کرتے ہوئے اس بات کا اعتراف کئے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ سو عبد الحمید سواتی رحمہ اللہ احادیث مبارکہ کی لغوی تحقیق بڑے احسن انداز سے کرتے ہیں۔ پورے حدیث کے کام میں اس طرز کی جھلک نمایاں ہے۔

کچھ امثلہ ملاحظہ ہوں:

"خدائے رحمان 'عرش' پر مستوی ہے۔ 'عرش' کا معنی تخت ہے، مگر اللہ تعالیٰ کے عرش پر مستوی ہونے کو ہم انسان کے کرسی، صوفہ یا پلنگ پر بیٹھنے پر قیاس نہیں کر سکتے"۔ (۲)

ایک جگہ 'غلو' کے معانی بیان کرتے ہیں: "غلو کا معنی حد سے بڑھنا ہوتا ہے"۔ (۳)

عقیقہ سے متعلق ایک حدیث کی تشریح کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"ایک اور روایت (۴) میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے "لفظ عقیقہ" کو پسند نہیں فرمایا کیونکہ یہ لفظ عقوق کے مادہ سے ہے جس کا معنی نافرمانی ہوتا ہے"۔(۵)

جبکہ اسی طرح قرب قیامت کی علامات کے لئے مسند احمد کی حدیث بیان کی، جس میں خود نبی کریم ﷺ کے الفاظ میں 'ہرج' کے معانی موجود ہیں:

---

(۱) دروس الحدیث، ۲/۱۳۱

(۲) أیضاً، ۱/۲۲

(۳) أیضاً، ۱/۱۹۲

(۴) ابو داوٗد، سنن ابو داوٗد، کتاب الضحایا، باب فی العقیقہ، حدیث نمبر: ۲۸۴۲

(۵) دروس الحدیث، ۱/۱۱۳

"لوگوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہرج کیا چیز ہے۔ آپ نے فرمایا قتل عام ہوں گے۔ گویا ہرج سے مراد قتل کرنا ہے"۔[۱]

قرآنی آیات سے استدلال

مولانا صوفی عبد الحمید سواتی ؒ کی دروس الحدیث میں آیات سے استدلال کا اسلوب بھی واضح طور پر نظر آتا ہے۔ وہ ایک مسئلہ میں کئی آیات کو پیش کرتے ہیں۔ جیسے خاندان اور قبائل پر بحث کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

﴿يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِندَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ﴾ [۲]

ترجمہ: اور تمہارے خاندان اور قبائل بنائے، تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچان سکو، مگر یاد رکھو! اللہ تعالیٰ کے ہاں برتری اسی کو حاصل ہوگی، جو تم میں سے زیادہ متقی ہوگا۔

اسی طرح ایک جگہ حدیث کی تشریح میں محبوب چیز کے صدقہ کے بارے میں قرآن کریم سے استدلال کرتے ہوئے لکھتے ہیں: ﴿لَن تَنَالُواْ الْبِرَّ حَتَّى تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَ﴾ [۳] ترجمہ: یعنی تم اعلیٰ درجے کی نیکی کو ہرگز نہیں پاسکتے، جب تک تم اپنی محبوب چیز کو خرچ نہ کرو۔

اسی طرح قصر نماز کا مسئلہ حدیث پاک سے بیان کرتے ہوئے قرآن سے یوں دلیل دیتے دکھائی دیتے ہیں:

دوران سفر نماز میں یہ رعایت خود اللہ تعالیٰ نے دی ہے: ﴿ وَإِذَا ضَرَبْتُمْ فِي الأَرْضِ فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ أَن تَقْصُرُواْ مِنَ الصَّلاَةِ﴾ [۴]

ترجمہ: اور جب تم کسی سفر پر نکلو تو تم پر اس میں کوئی گناہ نہیں کہ تم اپنی نمازوں میں کمی کرلو۔[۵]

اسی طرح دیگر مواقع پر بھی عبد الحمید سواتی ؒ ہمیں احادیث کی تشریح میں قرآنی آیات پیش کرتے اور ان سے استدلال کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

---

(۱) دروس الحدیث، ۱/۱۶۷

(۲) عبد الحمید سواتی، خطبات سواتی، ادارہ نشر واشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم، گوجرانوالہ،۱۹۹۸ء، ۳/۱۷-۱۸(سورۃ الحجرات: ۴۹/۱۳)

(۳) دروس الحدیث،۱/۱۹(سورۃ آل عمران:۳/۹۲)

(۴) سورۃ النساء:۴/۱۰۱

(۵) دروس الحدیث، ۱/۴۳

اشعار سے استدلال

صوفی عبد الحمید سواتی رحمہ اللہ کی دروس الحدیث کی ایک نمایاں خصوصیت یہ بھی ہے کہ انہوں نے اپنی شاہکار تصنیف "دروس الحدیث" میں بہت سے اشعار بھی تحریر کیے، جو کہ عربی اور فارسی زبانوں میں ہیں۔ مثلاً:

ایک جگہ لکھتے ہیں:

"جنگ کے موقع پر پڑھے جانے والے اشعار کو رجز کہتے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم پر حضرت عامر بن اکوع رضی اللہ عنہ نے یہ اشعار پڑھے :((وَاللهِ لَوْلاَ اللهُ مَا اهْتَدَيْنَا، وَلاَ تَصَدَّقْنَا وَلاَ صَلَّيْنَا))

ترجمہ: اللہ کی قسم اگر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہمیں ہدایت نہ ہوتی، تو نہ ہم صدقہ و خیرات کر سکتے اور نہ نماز ادا کر پاتے"۔ [۱]

ایک اور مقام پر لکھتے ہیں:

شیخ سعدی شیرازی نے کہاہے: "خر اگرچہ بے تمیز است - چوں بار می برد عزیز است"

ترجمہ: گدھا بلاشبہ بد تمیز جانور ہے، مگر جب بوجھ اٹھاتا ہے تو بڑا پیارا لگتا ہے۔

بعض جانوروں کا گوشت کھانا مقصود نہیں ہوتا، بلکہ ان سے دوسری خدمت لینا مقصود ہوتا ہے۔ گدھا بھی انہی جانوروں میں سے ہے [۲]۔

امثال سے استدلال

دروس الحدیث کی ایک منفرد خوبی یہ بھی ہے کہ علمی مسائل کا حل مثالوں کے ذریعے پیش کیا گیا ہے، جس سے اس کتاب کی افادیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ دروس الحدیث میں اس کی کئی مثالیں موجود ہیں۔

مرض شکم سے مرنے والے کے اجر کے بارے میں عبد الحمید سواتی رحمہ اللہ یوں تشریح کرتے ہیں:

" مثلاً زچگی کے دوران فوت ہوجانے والی عورت اسی مد میں آتی ہے جو کسی حادثے کا شکار ہوجائے، مکان یا درخت کے نیچے آجائے کسی اونچے مینار یا پہاڑ سے

---

(۱) دروس الحدیث، ۱/ ۲۱۳

(۲) أیضاً ،۴/ ۲۲۳

گر پڑے، کسی سڑک کے حادثہ میں جاں بحق ہوجائے، پانی میں ڈوب کر مرجائے، آگ میں جل کر فوت ہوجائے، تو ایسے لوگوں کی موت، شہادت ہوتی ہے"۔(۱)

مسند احمد میں مروی ایک حدیث، جس میں الہامی مثال هَذَا مَثَلُ أُمَّةٍ تَكُونُ مِنْ بَعْدِكُمْ يَقْهَرُ سُفَهَاؤُهَا أَحْلَامَهَا(۲) ترجمہ: یہ مثال تمہارے بعد آنے والی امت کی ہے جس کے بیوقوف لوگ عقلمندوں کو دبا کر رکھیں گے۔ کی مزید تشریح یوں کی:

"آج کے زمانہ میں مشاہدہ کر لیں کہ حضور علیہ السلام کی یہ پیشنگوئی کس طرح پوری ہورہی ہے۔ تاریخ عالم گواہ ہے کہ ہر دور میں "جس کی لاٹھی اس کی بھینس" والا معاملہ ہی رہا ہے۔ ہر بد اخلاق اور بے دین طاقتور نے صاحبِ عقل و خرد لوگوں کو دبا کر رکھا ہے بلکہ انہیں کچل ڈالنے سے بھی دریغ نہیں کیا"۔ (۳)

حرم پاک میں قتل کی سزا کی مثال یوں بیان کرتے ہیں:

"اس کی مثال ایسی ہے کہ گھر میں یا بازار میں کسی گناہ کا ارتکاب کرنے کے بجائے مسجد میں گناہ کرنا زیادہ قابل سزا ہے۔ اسی طرح باقی خطہ ارضی کے علاوہ اللہ کے حرم پاک میں کوئی غلط کام کرنا، کسی ممنوع کام کو کر گزرنا زیادہ سخت سزا کا مستحق بنتا ہے۔ اس کو یوں سمجھ لیجئے کہ اگر کوئی عام آدمی گناہ کرتا ہے تو اس کو عام سزا دی جائے گی اور اگر کوئی صاحبِ علم وہ جرم کرتا ہے تو اس کو ڈبل سزا دی جائے گی"۔(۴)

تعارف صحابہ وتابعین

صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے دروس میں ہمیں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے تعارف کے بارے میں معلومات ملتی ہیں۔ یعنی یہ کہا جاسکتا ہے کہ عوام الناس کے ذہنی معیار کے مطابق رجال کا علم ان کی منتقل کرنے کا فریضہ بھی عبدالحمید

---

(۱) دروس الحدیث ، ۱/۲۵۹

(۲) ابن حنبل، احمد بن محمد بن حنبل، مسند الإمام احمد، شعیب الأرنؤوط وآخرون، اشراف: د عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی، ناشر: مؤسسة الرسالة، ط: اول، ۲۰۰۱م، حدیث نمبر: ۶۵۸۸، ۱۱/۱۵۹

(۳) دروس الحدیث، ۱/۹۹

(۴) ایضاً، ۱/۱۳۷

سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے سر انجام دیا ہے۔ حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کے تعارف میں کہتے ہیں:

"حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ بڑی فضیلت والے صحابی ہیں جنہیں سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا۔ آپ کی ساری زندگی جہاد میں صرف ہوگئی آپ نے قسطنطنیہ کی جنگ کے دوران وفات پائی اور آپ کی قبر بھی وہیں قسطنطنیہ کے قلعہ کی دیوار کے ساتھ ہی ہے جو آج بھی موجود ہے اور لوگ اس کی زیارت کے لیے جاتے ہیں"۔[۱]

اسی طرح دیگر صحابہ رضی اللہ عنہم مثلاً حضرت ام اسلمہ رضی اللہ عنہا [۲] مجمع ابن جاریہ رضی اللہ عنہ [۳] اور سہل بن سعد رضی اللہ عنہ [۴] وغیرہ کا بھی ذکر ہے۔

منہج محدثین کا بیان

دروس الحدیث میں صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ بسا اوقات منہج حدیث بھی بیان کرتے ہیں۔

ایک جگہ غنودگی میں نماز پڑھنے کی ممانعت کی حدیث کے بیان کے بعد لکھتے ہیں:

"محدثین کرام فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس وقت لاگو ہوگا جب رات ابھی دراز ہو اور وہ دوبارہ اٹھ کر طلوع فجر سے پہلے نماز مکمل کر سکے اور اگر وقت کم ہو تو ایسے شخص کو مجلس بدل کر یا تازہ وضو کر کے نماز جاری رکھنی چاہئے، اس طرح اس کی غنودگی بھی دور ہوجائے گی اور نماز کی برکات سے بھی محروم نہیں رہے گا"۔[۵]

مسجد میں کھانے کے متعلق لکھتے ہیں:

"محدثین کرام فرماتے ہیں کہ مسجد میں کھانا کھانا درست نہیں ہے۔ اس کی اجازت اس صورت میں ہے کہ مسجد آلودہ نہ ہو۔ اس لیے اگر مسجد میں کسی وجہ

---

(۱) دروس الحدیث، ۱/۱۱۲

(۲) ایضاً، ۱/۱۸۳

(۳) ایضاً، ۴/۲۱

(۴) ایضاً، ۱/۲۲۱

(۵) ایضاً، ۱/۲۹

سے کھانا ضروری ہو، تو نیچے دستر خوان وغیرہ بچھا لیا جائے تاکہ کھانے کے ریزے مسجد میں نہ گرنے پائیں"۔[۱]

احادیث میں ظاہری تضاد کی تفہیم

عصرِ حاضر میں جہاں ایک طرف تو اللہ اور رسول ﷺ کے احکامات کو لوگوں تک پہنچانا اور ان احکامات پر عمل پیرا ہونے کی ترغیب دینا بجائے خود ایک مشکل مرحلہ بن کر رہ گیا ہے، وہیں اگر قرآن وسنت سے ماخوذ ان تعلیمات میں بظاہر کوئی تضاد نظر سے بھی گزر جائے، تو اسلام دشمن عناصر رائی کا پہاڑ بنانے سے ہر گز نہیں چُوکتے۔ صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے دروس الحدیث میں اس بات کا خاص اہتمام کیا ہے کہ ایسی احادیث کا ممکنہ حد تک حل پیش کر دیا جائے۔ مثلاً مسند احمد میں گھروں میں تصویروں کی موجودگی کی بابت ابو طلحہ انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث[۲] کی تفہیم یوں بیان کرتے ہیں:

"راوی زید بن خالد رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ بیمار ہوگئے اور ہم ان کی بیمار پرسی کے لیے گئے، جب ہم آپ کے دروازے پر پہنچے تو وہاں پردہ لٹک رہا تھا۔ جس پر کچھ تصویریں نظر آئیں۔ حالانکہ یہی حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کے راوی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا کہ جس گھر میں تصویر ہو، وہاں رحمت کے فرشتے داخل نہیں ہوتے۔ پھر جب اس چیز کی وضاحت حضرت ابو طلحہ رضی اللہ عنہ سے پوچھی گئی تو انہوں نے کہا کہ حضور ﷺ نے فرمایا تھا کہ اگر کوئی چھوٹی تصویر ہو جو عام نظر میں نہیں آتی، تو اس کا کوئی حرج نہیں ہے۔"[۳]

ریشمی کپڑے زیب تن کرنے کے بارے میں صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ مسند سے حدیث[۴] بیان کرنے کے بعد اس کی تشریح یوں بیان کرتے ہیں:

"بعض چیزوں کا استعمال مسلمانوں کے لیے تو ممنوع ہے مگر ان سے فائدہ اٹھانا جائز ہے۔ اور بعض چیزوں کا استعمال اور فائدہ اٹھانا دونوں ناجائز ہیں جیسے فوٹوگرافی،

---

(۱) ایضاً، ۲/۳۴۴-۳۴۵

(۲) مسند احمد، حدیث نمبر:۱۶۳۶۹، ۲۶/۲۹۰

(۳) دروس الحدیث، ۱/۱۸۷

(۴) مسند احمد، حدیث نمبر:۱۳۲۴۸، ۲۰/۴۵۳

مردار اور اس کی چربی اور شراب وغیرہ۔ایسی چیزوں کا نہ استعمال جائز ہے اور نہ ان کی تجارت۔سونے کی انگوٹھی مرد کے لیے پہننا جائز نہیں مگر اس کو فروخت کر کے اس سے فائدہ اٹھایا جاسکتا ہے۔ریشمی کپڑے کا بھی یہی حکم ہے"۔(۱)

اسی طرح مسند احمد میں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی بدشگونی اور فال والی روایت(۲) میں مذکور 'فال' کی تعبیر عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ یوں بتاتے ہیں:

"ہمارے ہاں فال سے وہ فال مراد لی جاتی ہے جس کے ذریعے نجومی لوگ اٹکل پچو باتیں بتاتے ہیں بعض لوگ نقش سلیمانی، دیوان حافظ یا ہیر رانجھے وغیرہ کی کتاب سے یا مثنوی سے فال نکالتے ہیں۔بعض اس کام کے لیے قرآن مجید کو استعمال کرتے ہیں۔اس قسم کا عقیدہ درست نہیں ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فال کی تعریف میں فرمایا کہ وہ اچھا کلمہ ہے جو کسی کی زبان سے سن کر آدمی کا دل خوش ہوجائے"۔(۳)

روزہ کی حالت میں بوسہ لینے کی حدیث(۴) میں اجازت اور عدم اجازت کے درمیان تطبیق آپ یوں بیان کرتے ہیں:

"بات یہ ہے کہ بوڑھے آدمی کو اس لیے اجازت دی کہ وہ اپنے جذبات پر بوجہ کبرسنی قابو رکھتا ہے۔چونکہ نوجوان آدمی اپنے جذبات پر قابو نہیں پا سکتا اس لیے میں نے اس کو بوسہ لینے سے منع کر دیا ہے"۔(۵)

مسند احمد میں کھڑے ہو کر پینے کی ممانعت میں مروی حدیث(۶) کی تشریح میں کہتے ہیں:

---

(۱) دروس الحدیث، ۱/۲۶

(۲) مسند احمد ،حدیث نمبر: ۱۳۹۱۹، ۲۱/۳۷۰

(۳) دروس الحدیث، ۱/۶۰

(۴) مسند احمد، حدیث نمبر:۶۷۳۸، ۱۱/۳۵۱

(۵) دروس الحدیث،۱/۱۱۴

(۶) مسند احمد،۱۳/۲۱۶

"گویا جب کوئی آدمی کھڑے ہو کر پیتا ہے تو شیطان اس کا ہم مشرب بن جاتا ہے"۔ پھر اس حدیث میں کھڑے ہو کر پینے کا جواز کے متعلق آپ نے یوں بتایا: "یاد رہے کہ جائز ضرورت کے تحت کھڑے ہو کر پینا بھی جائز اور حضور ﷺ سے ثابت ہے۔ اگر لٹکتے ہوئے مشکیزہ کے ساتھ منہ لگا کر پینا پڑے، تو ظاہر ہے کھڑے ہو کر پینا پڑے گا یا کسی جگہ بیٹھنے کی گنجائش ہی نہ ہو ،یا آدمی معذور ہے کہ بیٹھ کر نہیں پی سکتا ،تو ایسی صورت میں بھی کھڑے ہو کر پی سکتا ہے ۔تا ہم عام حالات میں خورد و نوش بیٹھ کر ہی کرنا چاہیے"۔ [۱]

فقہی مذاہب واختلاف کا ذکر

عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے احادیث کی تشریح کرتے ہوئے فقہی مذاہب اور ائمہ کے مابین اختلافات بھی ذکر کئے ہیں، اور بسا اوقات ترجیحی رائے بھی درج کر دی ہے۔ مثلاً مصافحہ کے احکام پر مشتمل حدیث کی تشریح کرتے ہوئے صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ فقہاء کی رائے بھی پیش کرتے ہیں:

"فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ ایک ہاتھ ملانے سے مصافحہ تو ادا ہو جاتا ہے،البتہ اگر دونوں ہاتھ ملالئے جائیں تو مصافحہ مکمل ہو جاتا ہے ،تا ہم ایسا کرنا ضروری نہیں ہے صرف محبت کی زیادتی کا ثبوت ہے اور زیادہ بہتر کام ہے"۔ [۲]

غیر مسلموں کو سلام کرنے کے طریقہ کے تحت وارد حدیث کے ضمن میں فقہاء کی رائے پیش کرتے ہوئے صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں:

"فقہاء کرام فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے فرمان کے مطابق غیر مسلموں کے ساتھ سلام میں پہل نہیں کرنی چاہیئے۔ہاں اگر کہیں کفار کا غلبہ ہو اور سلام نہ کرنے سے نقصان کا خطرہ ہو تو وہاں پہل بھی کر سکتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے سلام یا آداب عرض کے الفاظ بھی استعمال کئے جا سکتے ہیں جیسا کہ ہندوستان میں کہا جاتا ہے"۔ [۳]

---

(۱) دروس الحدیث،۳/۱۷۳

(۲) ایضاً،۱/۳۰

(۳) ایضاً،۱/۴۷

گمشدہ اونٹ کے مسئلہ میں محدثین اور فقہاء کا مسلک بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"محدثین اور فقہائے کرام فرماتے ہیں کہ اس زمانے میں تواونٹ کے چوری ہوجانے کا بھی خطرہ نہیں ہوتا تھا، مگر بعد میں جب لوگ اونٹ جیسے بڑے جانور کو بھی ہضم کرنے لگے تو صحابہ رضی اللہ عنہم نے حکم دیا کہ اگر کوئی بھٹکا ہوا اونٹ مل جائے تو اسے حفاظت میں لے کر ضائع ہونے سے بچالیا جائے۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ایسا واقعہ پیش آیا تھا تو انہوں نے گمشدہ اونٹ کو بیت المال میں محفوظ کر لینے کا حکم دیا تھا۔چنانچہ اس کو فروخت کر کے رقم بیت المال میں جمع کر لی گئی تاکہ جب کبھی اونٹ کا مالک مل جائے تو رقم اس کو ادا کر دی جائے"۔[۱]

مسند احمد میں زانی کے لئے رجم کی سزا کے سلسلہ میں وارد حدیث[۲] کی شرح میں صحیح مسلم[۳] کی روایت بیان کرنے کے بعد لکھتے ہیں:

"رجم کا قانون یہ ہے کہ اگر کوئی شخص خود جرم کا اقرار کرتا ہے تو پھر رجم کرنے پر چیختا چلاتا ہے اور بھاگنے کی کوشش کرتا ہے تو اس کو چھوڑ دینا چاہیے کیونکہ اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے اپنے اقرار سے رجوع کر لیا ہے۔ہاں جس شخص کو چار گواہوں کی بنا پر رجم کی سزا دی گئی ہو اس کو چھوڑنے کا حکم نہیں ہے"۔[۴]

اصلاح عوام بذریعہ عملی احکام

پہلے ذکر کیا جاچکاہے کہ دروس الحدیث سے عبدالحمید رحمۃ اللہ علیہ کا مقصد عوام کی اصلاح تھی۔ لہذا اس میں ایسے مسائل کا بیان بھی ہے، جو مختلف صورتوں میں عوام کی پریشانی کا باعث ہیں، نیز اسی طرح عام فہم مسائل کا بھی ذکر ہے۔

---

(۱) دروس الحدیث،۱/۱۲۱

(۲) مسند احمد، حدیث نمبر:۱۵۶،۱/۲۹۶

(۳) صحیح مسلم، کتاب الحدود، باب حد الزنی حدیث نمبر:۱۶۹۰،۳/۱۳۱۶

(۴) دروس الحدیث، ۱/۲۱۱-۲۱۲

مثلاً صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ دوران نماز امام سے سبقت کرنے کی ممانعت کے حوالے سے کہتے ہیں:

''حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ لوگوں کے سامنے بیان کیا کرتے تھے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لوگو! إنی لکم امام، میں دوران نماز تمہارا امام ہوں تم میری اقتداء میں نماز پڑھتے ہو۔ فلا تسبقونی بالرکوع ولا بالسجود ولا بالقیام، (پس رکوع سجود اور قیام میں مجھ سے سبقت نہ کیا کرو، بلکہ امام کے پیچھے پیچھے رہو اور نماز کا ہر رکن امام کے ادا کرنے کے بعد ادا کرو)۔''[۱]

اسی طرح گمشدہ جانور کا مسئلہ ایک ایسا مسئلہ ہے، جن سے عوام کا واسطہ پڑتا رہتا ہے:

"ایسے جانور کے متعلق شرعی قانون یہ ہے کہ اس کی تشہیر کرو تاکہ مالک خود آکر لے جائے۔ اگر مال زیادہ قیمتی ہے تو سال بھر تک اس کی بازیابی کا اعلان کرتے رہنا چاہیئے اگر پھر بھی مالک نہیں آتا تو اگر وہ خود مسکین ہے تو اس مال کو استعمال کر سکتا ہے اور اگر صاحبِ نصاب ہے تو اس کا صدقہ کر دے اگر مال کا مالک بعد میں بھی آجائے تو وہ واپس کرنا پڑیگا۔ اسی لیے گری پڑی چیز کو اٹھانے کا حکم نہیں ہے اگر اٹھائے گا تو اس پر شرعی ذمہ داری عائد ہوگی"۔ [۲]

روز مرہ کے مسائل پر احادیث کی تشریح

یوں تو عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کی تصنیف ''دروس الحدیث'' میں عوام کے فہم کے لئے احادیث کی شرح ہی بیان کی گئی ہیں، لیکن سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے اختیار کردہ اسلوب کا ایک خاصہ یہ بھی ہے، کہ انہوں نے احادیث کی تشریح کرتے ہوئے انہیں عوام کے لئے ممکنہ حد تک قابل عمل بنایا۔

مثلاً عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ قربانی کے ضمن میں لکھتے ہیں:

"اپنے ہاتھ سے قربانی کرنا بلاشبہ افضل ہے۔ ہاں اگر کوئی عذر ہو مثلاً صاحبِ قربانی بہت کمزور ہے اور خود چھری نہیں چلاسکتا تو کسی دوسرے شخص کو اجازت دے کر

---

(۱) ایضاً، ۶۴/۱

(۲) دروس الحدیث، ۱۷۹/۱

ذبح کراسکتا ہے، ہاں اگر ممکن ہو تو ذبح کرتے وقت خود موقع پر موجود رہے،اگر نہ بھی حاضر ہو تو کچھ مضائقہ نہیں، صرف اجازت دینا ہی کافی ہے"۔(۱)

امامت کے استحقاق کے بارے میں لکھتے ہیں:

" جب کوئی مسلمان دوسرے مسلمان کے پاس جاتا ہے یا کوئی امام دوسرے امام کی عملداری میں جاتا ہے تو مہمان کو میزبان کی اجازت کے بغیر نماز پڑھانے کی اجازت نہیں ہے ۔حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ جب کوئی آدمی کسی دوسرے کے گھر میں جائے تو اس کی اجازت کے بغیر اس کی نشست پر نہ بیٹھے"۔(۲)

ایک مسلمان کے مطلوبہ خصائل کے متعلق تفصیل بتاتے ہوئے کہتے ہیں۔

"مسلمان کو ہمیشہ با عزت ہونا چاہیے اور بخیل نہیں ہونا چاہیئے۔ بخل بہت بری بیماری ہے ۔بخیل آدمی اپنی ذات پر بھی خرچ نہیں کرتا، بلکہ ہمیشہ جمع ہی کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ اسے موت آجاتی ہے۔ اور اس کا جمع شدہ اثاثہ اس کے وارثوں کے کام آتا ہے۔ حضور علیہ السلام کا یہ بھی فرمان ہے کہ تیرا مال تو وہ ہے جو تو نے آگے بھیج دیا ،کھا لیا یا پہن لیا اور جو بچ گیا وہ تیرا نہیں ۔بلکہ تیرے وارثوں کا ہے"۔(۳)

مسلک حنفی کی تائید وترجیح

احادیث کی شرح کرتے وقت صوفی عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے حنفی المسلک ہونے کے ناطے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی آراء وفقہ کو باقی مسالک وفقہاء پر ترجیح دی ہے، یاپھر صرف امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے ہی پیش کی ہے۔

آپ قیامت کے دن مؤاخذہ پر مسند میں وارد حدیث کے سلسلہ میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے کو پیش کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

---

(۱) ایضاً ، ۴۶/۱

(۲) ایضاً ، ۴۵/۲

(۳) دروس الحدیث، ۱۷۹/۳

"امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص پیدا ہوتے ہی کسی صحرا میں پہنچ جائے یا کسی بلند پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ جائے جہاں کسی انسان کا گزر نہ ہو، تو ایسا شخص بھی کفر کے مؤاخذہ سے نہیں بچ سکے گا۔"(۱)

نکاح شغار کے ضمن میں امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی رائے بیان کرتے ہیں:

"امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نکاح تو ہوجاتا ہے مگر عدم مہر والی شرط باطل ہوگی اور فریقین کو مہر مثل دینا پڑیگا، یعنی مہر کی اتنی مقدار جو متعلقہ خاندان کی عورتوں کے لیے عام طور پر مقرر کی جاتی ہے"۔(۲)

حالت احرام میں نکاح کے مسئلہ میں لکھتے ہیں:

"امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ احرام کی حالت میں نکاح کرنا بہتر نہیں ہے، تاہم یہ جائز ہے۔ یہ محض احتیاط کے لیے ہے کہ احرام کی حالت میں کسی غلطی کا ارتکاب نہ ہوجائے"۔(۳)

دروس الحدیث کے مطالعہ سے یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ تشریح کے لحاظ سے صرف دیوبندی مکتبۂ فکر سے منسوب لوگوں کے لئے ہے، کیونکہ اس میں عصر حاضر کے دیوبند علماء کے علاوہ شاید ہی کسی دوسرے مکتبہ فکر کے علماء کا نقطۂ نظر پیش کیا گیا ہو۔(۴)

تاریخی معلومات

دروس الحدیث کی ایک اہم ترین اس میں خصوصیت تاریخی مواد کا موجود ہونا ہے۔ جس کو صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی علمی قابلیت کی بدولت سابقہ مستند کتب احادیث اور دیگر کتب سے اخذ کر کے اس میں سمویا ہے۔ غزوات کے واقعات ہوں یا زمانۂ امن کے؛ امتوں کے حالات ہوں یا انبیاء کرام علیہم السلام کے حالات زندگی ہوں، صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے متعلقہ معلومات دیگر کتب سے اخذ کر کے دروس الحدیث میں نقل کیے ہیں۔ غزوات اور جنگی حالات سے متعلق بہترین معلومات بھی صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے پیش کی ہیں۔ مثلاً جلد دوم میں احادیث

---

(۱) ایضاً، ۱/۱۷۶

(۲) ایضاً، ۲/۳۷۷

(۳) ایضاً، ۲/۲۴۷

(۴) دروس الحدیث، ۲/۳۱۴،۳۲۴

کی تشریح کرتے ہوئے جنگ بدر، جنگ تبوک، جنگ احد اور فتح مکہ وغیرہ کے متعلق کافی معلومات مہیا کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے پس منظر اور حالات وواقعات کی بہت خوبصورت منظر کشی کی ہے [1]۔واقعہ صلح حدیبیہ کے متعلق طویل ترین حدیث بیان کی اور لکھا:

"اس حدیث مبارکہ میں صلح حدیبیہ کا واقعہ بیان کیا گیاہے جس کی تفصیل دوسری حدیثوں میں بھی ہے، تاہم اس لمبی حدیث میں کچھ مزید باتیں بھی ہیں جو دوسری روایات میں مذکور نہیں ہیں"۔[2]

بدعات اور رسومات باطلہ پر تنقید

دروس الحدیث میں ایک بات جو جابجا نظر آئے گی، وہ صوفی عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کا بدعات کے حوالے سے تنقید ہے۔ ایک مقام پر کہتے ہیں:

"کسی مسلمان مرد کا غیر محرم عورت کے ساتھ ہاتھ ملانا مکروہِ تحریمی ہے، البتہ (بیعت لیتے وقت) بات چیت کر سکتا ہے"۔[3]

عبدالحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے لوگوں کے اندر فال شگون میں امتیاز کے حوالے سے غلط باتوں کا تدارک بھی کیا۔ آپ لکھتے ہیں:

"حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فال لیتے تھے، مگر شگون نہیں لیتے تھے۔ اور جب آپ کوئی اچھا نام سنتے، تو اس کو پسند فرماتے، گویا فال لینے کو جائز قرار دیا گیا اور شگون کو شرک کہا گیا ہے۔ فال سے مراد ہمارے ہاں کی مروجہ فال نہیں ہے، جو قرآن پاک، دیوان حافظ، پیر وارث شاہ یا حروف ابجد سے لی جاتی ہے، یہ تو بناوٹی چیزیں ہیں اور بدعات میں داخل ہیں، بلکہ بعض فال تو مکروہ ہیں اور بعض شرکیہ ہیں، جائز فال کو امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کی طرف سے منسوب کیا ہے اور ان کے نام پر کتابیں بھی لکھیں ہیں"[4]۔

---

(۱) اَیضاً، ۲/ ۲۳۰

(۲) اَیضاً، ۱/ ۳۱۱

(۳) ایضاً، ۳/ ۲۲۹

(۴) دروس الحدیث، ۲/ ۱۹۷

ایک جگہ مصافحہ اور معانقہ کا مسئلہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"بعض لوگ نماز کے بعد باقاعدگی سے ایک دوسرے سے مصافحہ کرتے ہیں یا سارے کے سارے امام کے ساتھ مصافحہ کرتے ہیں۔ یہ بدعات میں داخل ہے سنت میں اس کا کوئی ثبوت نہیں ملتا..... یہ محض رواج ہے یا اس کو بدعات میں شمار کیا جاسکتا ہے"۔[۱]

نذر کے بارے میں کہتے ہیں:

"نذر ماننے میں خرابی یہ ہے کہ اگر کام پورا ہو گیا تو نذر ماننے والا یہ سمجھے گا کہ اس نذر کی وجہ سے کام ہوا ہے ۔حالانکہ حضور ﷺ کا ارشاد ہے کہ نذر اللہ کی تقدیر میں سے کسی چیز کو ردّ نہیں کرتی اور اگر نظر مان کر کوئی عبادت کر یگا ،تو وہ عبادت اس کام کا معاوضہ بن جائے گی"۔[۲]

معاشرے میں سماجی خرابیوں کا تدارک

عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ نے دروس کے ذریعہ معاشرہ میں رائج برائیوں اور خرابیوں کا تدارک کرنے کی بھی کوشش کی، اور احادیث رسول ﷺ کی عصری تعبیرات کے ذریعہ مسلمانوں کی رہنمائی کی بھرپور مساعی کیں۔

حق مہر کی ادائیگی پر زور دیتے ہوئے آپ نے کہا:

"مطلب یہ ہے کہ جس طرح عورت کا نان ونفقہ مرد کے ذمہ لازم ہے، اسی طرح مہر کی ادائیگی بھی ضروری ہے۔ حضور ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ جو قرض لے کر واپس کرنے کی نیت نہیں رکھتا، وہ چور ہے۔ اس شخص نے دھوکہ دے کر عورت کو اپنے لیے حلال قرار دیا ہے، تو یہ شخص جب اللہ تعالیٰ کے سامنے پیش ہو گا۔ توزانی شمار ہو گا"[۳]۔

عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ اہل سنت والجماعت کے عقائد کے داعی تھے اور مغرب کے افکار کی پر زور مذمت کرتے تھے۔ حتیٰ کہ مغرب کے فیشن کے حوالے سے آپ کہتے ہیں:

---

(۱) ایضاً، ۱/۳۱

(۲) ایضاً، ۳/۱۷۱

(۳) دروس الحدیث، ۱/۳۲۰

" بعض لوگ سر کے اگلے حصے کے بالوں کو رہنے دیتے ہیں، یہ فرانسیسی یا انگریزی فیشن کی کٹنگ کہلاتی ہے جو درست نہیں، صحیح طریقہ یہ ہے کہ یا تو سارا سر منڈوایا جائے یا سارے بال چھوڑ دیئے جائیں، جہاں تک بال رکھنے کا تعلق ہے، تو زیادہ سے زیادہ کانوں کی لو تک ہونے چاہئیں"۔[۱]

مسجد کے آداب کے بارے میں لکھتے ہیں:

"بازاری آوازیں نکالنا مسجد کے آداب کے خلاف ہے۔ کس قدر افسوس کا مقام ہے کہ آج یہ ساری خرافات مساجد میں ہو رہی ہیں، بلند آواز سے باتیں کی جاتی ہیں، لوگ خیال نہیں کرتے۔اب سپیکر کا فتنہ علیحدہ کھڑا ہو چکا ہے، ہر وقت بے وقت اس کو کھول کر لوگوں کا سکون خراب کیا جاتا ہے اور عبادت و ریاضت میں خلل اندازی کی جاتی ہے، یہ سب بد نظمی کی علامات ہیں جن سے حضور علیہ السلام نے منع فرمایا ہے"۔[۲]

باطل فرق کے عقائد کا رد

عبدالحمید سواتی رحمہ اللہ کے دروس الحدیث میں باطل فرقوں کے عقائد کا رد بھی پایا جاتا ہے۔ہاں یہ فرق ضرور ہے کہ عوام الناس کی ذہنی سطح کو ملحوظ رکھا گیا ہے۔ مسند احمد میں حضرت مجمع بن جاریہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:((يَقْتُلُ ابْنُ مَرْيَمَ الدَّجَّالَ بِبَابِ لُدٍّ أَوْ إِلَى جَانِبِ لُدٍّ))[۳] مسلمانوں کے بنیادی عقائد میں یہ بات شامل ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کو زندہ آسمان پر اٹھالیا گیا،اور یہودیوں کی ناپاک سازش ناکام بنا دی ۔ قیامت کے قریب آپ حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے نائب اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے امتی کی حیثیت سے زمین پر واپس بھیجے جائیں گے۔ احادیث میں موجود لُد[۴] کا معانی مرزا غلام احمد قادیانی 'لدھیانہ'[۵] کرتا ہے۔

---

[۱] ایضاً، ۲/۲۸۳

[۲] ایضاً، ۲/۲۰

[۳] مسند احمد، حدیث:۱۵۴۶۹، ۲۴/۲۱۲

[۴] مقبوضہ فلسطین میں تل ابیب سے پینتیس چھتیس میل کے فاصلے پر لُد کے مقام پر اسرائیل کا ہوائی اڈہ ہے

[۵] بھارت کے شمال مغرب میں واقع ایک شہر ہے

اس کا رد کرتے ہوئے عبد الحمید سواتی ؒ لکھتے ہیں:

" اس کا یہ دعویٰ قطعی غلط ہے مسیح سے مراد مرزا قادیانی نہیں، بلکہ مسیح ابن مریم کے دروازے کے پاس قتل کریں گے"۔ (۱)

اسی طرح 'اہل قرآن' کی توصیف میں مسند احمد بن حنبل کی حدیث (۲) بیان کرنے کے بعد فرقہ اہل قرآن کے بارے میں لوگوں کی غلط فہمی دور کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"یاد رہے کہ اہل قرآن سے مراد موجودہ دور والا فرقہ اہل قرآن نہیں ہے یہ تو حقیقت میں منکرین قرآن ہیں ۔یہ پرویزی، چکڑالوی وغیرہ گمراہ فرقے ہیں جو اس حدیث کے ہر گز مصداق نہیں ہیں، اہل اللہ کہلانے کے مستحق اللہ کے وہ خاص بندے ہیں جو قرآن پر یقین رکھنے کے ساتھ ساتھ اس پر عمل پیرا بھی ہوتے ہیں"۔ (۳)

جامع علوم شریعت وعلوم طب

آپ نے جہاں ان علوم پر دسترس حاصل کی، جو روحانی امراض سے شفایاب ہونے کے لیے مؤثر ہیں۔ وہیں ان علوم کی طرف بھی التفات کیا، جو جسمانی امراض میں بھی اثر انگیز ہیں۔اس سلسلے میں انہوں نے حیدر آباد کے نظامیہ طبیہ کالج سے حکمت کی تعلیم حاصل کی۔ جس کی جھلک دروس الحدیث میں بھی نظر آتی ہے۔

ایک مقام پر عبد الحمید سواتی ؒ مسواک سے متعلقہ حدیث بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"دانتوں کے نیچے پیپ پیدا ہو کر دانتوں کی بیماری پائیوریا وغیرہ کا باعث بنتی ہے۔ یہی پیپ معدے میں جا کر نظامِ ہضم کو خراب کر دیتی ہے۔ مسواک کرنے سے دانتوں کی بیماریاں پیدا نہیں ہوتیں، گویا یہ دانتوں کی بیماریوں کا شافی علاج بھی ہے اور عبادت کی مقبولیت کا ذریعہ بھی"۔ (۴)

---

(۱) دروس الحدیث، ۴/ ۲۱

(۲) مسند احمد، ۳/ ۱۲۷

(۳) دروس الحدیث، ۳/ ۱۰۱

(۴) دروس الحدیث، ۱/ ۳۸

زیتون کے فوائد کے متعلق بتاتے ہیں:

"زیتون کے درخت کی لکڑی، پتے، چھلکا، پھل، تیل، غرضیکہ اس کی ہر چیز قابل استعمال ہے ۔یہ لمبی عمر پانے والا درخت ہےاس کا پھل خوراک کے طور پر بھی مفید ہے اور اگر اس کی مالش کی جائے تو پٹھوں کی خرابی یا بلغمی بیماریوں (فالج وغیرہ) میں نہایت سود مند ہوتا ۔"[۱]

سرمہ کے متعلق دیکھئے:

" ... آنکھوں کی میل کچیل کو صاف کرتا ہے اور آنکھوں کو راحت پہنچاتا ہے۔اثمد اصفہانی سرمی ہے جس میں سیاہی کم ہوتی ہے اور یہ سرخی مائل ہوتا ہے"۔[۲]

سنت کے مطابق مشروب پینے کے طبی فوائد بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"کوئی بھی مشروب پیتے وقت ایک ہی سانس میں غٹا غٹ نہیں پی لینا چاہیئےبلکہ دو یا تین سانس لے کر پینا چاہیئے کہ ایسا کرنا مستحب ہے ، ٹھہر ٹھہر کر پینے سے سیرابی بھی زیادہ ہوتی ہے اور انسان بیماری سے بھی بچ جاتا ہے۔ اگر پورا مشروب ایک ہی دفعہ انڈھیل دیا جائے، تو کباد کی بیماری لگ جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ "۔[۳]

دروس الحدیث کے مؤاخذات

یقیناً صوفی عبدالحمید سواتی رحمہ اللہ کے افادات پر مشتمل تصنیف "دروس الحدیث" عوام الناس کے ساتھ ساتھ طلباء اور علمائے کرام کے لئے بھی یکساں طور پر مفید ہے۔ تاہم تصنیف مذکورہ کا تنقیدی جائزہ یہ بتاتا ہے کہ تقاضائے بشری کے تحت کچھ خامیاں بھی رہ گئی ہیں۔ البتہ بجاطور پر یہ کہا جاسکتا ہے کہ ان خامیوں کا تعلق زیادہ تر طبع شدہ مواد سے ہے۔ بہر حال ذیل کی سطور میں ان خامیوں کا مختصراً جائزہ پیش خدمت ہے۔

---

(۱) ایضاً، ۱/۲۳۰

(۲) ایضاً، ۱/۲۴۱

(۳) ایضاً، ۳/۱۱۰

غیر واضح ترتیبِ احادیث

دروس الحدیث کو ترتیب دیتے وقت کون سی ترتیب ملحوظ خاطر رکھی گئی ہے؟ اس کا جواب ہمیں مولانا سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزند فیاض خان کی زبانی یہ ملتا ہے: "اور یہ دروس مسند احمد کی احادیث کے ترتیب سے نہیں ہیں بلکہ منتخب احادیث سے ہیں، ہر حدیث کے ساتھ جلد نمبر اور صفحہ نمبر کا حوالہ بھی لگا دیا گیا ہے"۔[۱]

یہ ایک قابل ذکر خامی ہے، کیونکہ اس سے قاری کا ربط ٹوٹ جاتا ہے۔ اگر یہ دروس عبد الحمید سواتی رحمۃ اللہ علیہ کے زبانی دروس کے لحاظ سے بھی ترتیب دیئے گئے ہیں، تو بھی انہیں موضوع کے حساب سے ترتیب دیا جاسکتا ہے۔[۲]

حوالہ جات کی عدم موجودگی

کتاب دروس الحدیث میں احادیث کے ترجمہ کے بعد تشریح کرتے ہوئے احادیث و آثار و اقوال کا بیشتر اوقات حوالہ نہیں دیا گیا ہے۔ یقیناً زبانی درس دیتے وقت، جبکہ سامعین کی اکثریت عوام الناس پر مشتمل ہو تو شاید اس کی ضرورت زیادہ نہ ہوتی ہو، لیکن تحریری شکل میں مواد پیش کرتے وقت حوالہ کا اہتمام کرنا زیادہ اہم گردانا جاتا ہے۔

احادیث پر حکم کی عدم موجودگی

مسند احمد بن حنبل میں ضعیف احادیث بھی موجود ہیں۔ تاہم دروس الحدیث میں شاید ہی کسی حدیث پر حسن، ضعیف، موضوع، وغیرہ کا حکم لگایا گیا ہو۔ بسا اوقات تو مسند احمد کی حدیث کا حوالہ بھی نہیں دیا گیا، یا سہواً رہ گیا ہے۔[۳]

مبہم الفاظ کا استعمال

دروس الحدیث میں اردو زبان میں پیش کئے گئے متن میں بعض جگہوں پر کچھ مبہم الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے، جو قاری کی روانی کو متاثر کرتے ہیں۔[۴]

---

(۱) دروس الحدیث، ۱/۱۷

(۲) مثلاً مصافحہ کے حوالہ سے ایک حدیث جلد نمبر ۱، صفحہ نمبر ۳۰ پر ملتی ہے، تو اسی موضوع پر دوسری حدیث جلد ۳، صفحہ ۲۲۹ پر ملتی ہے۔ اسی طرح دجال کے متعلق ایک حدیث ج:۲، ص:۲۳ پر ملتی ہے، تو دوسری جلد: ۲، ص:۲۳۱ پر

(۳) ایضاً، ۲/۱۱۵، ۸۱

(۴) ایضاً ، ۲/۷۷ ۳

غیر ضروری تکرار

دروس الحدیث کی بعض عبارتوں اور واقعات میں تکرار ہے۔ اصولی طور پر یہ تکرار فصاحت وبلاغت کے منافی ہے۔[1]

۞ ۞ ۞

[1] مثلاً بدبودار چیز کھا کر مسجد میں آنے کی ممانعت سے متعلق دروس الحدیث کی جلد: ۲، صفحہ: ۳۸۲ پر لکھا ہے، یہی مسئلہ جلد: ۳، صفحہ: ۱۴۹ پر لکھا ہے۔ حدّ رجم کے بارے میں جلد: ۱، صفحہ: ۲۱۱ پر لکھا ہے، یہی مسئلہ جلد: ۴، صفحہ: ۲۴۲ پر بھی موجود ہے۔ اس طرح کے دیگر واقعات اور بھی کئی مقامات پر مکرر تحریر کیے گئے ہیں۔

سیرت نویسی کے اثرات و فوائد

Impacts and Benefits of Sīrat Writing

شاہین کوثر *

ڈاکٹر محمد ریاض وردگ **

ABSTRACT

Allah Almighty has sent a chain of messengers for the betterment of humanity in different eras of history. The personality of Prophet Muhammad (S.A.W) includes all the qualities of the previous Prophets thus it is the best source of guidance for mankind. The person from to any walk of life can attain light from his sīrat.

The teachings of Prophet Muhammad (S.A.W) eliminated all evil like racism, violence, injustice, cunning, hypocrisy and discrimination in human beings. The Prophet (S.A.W) always focused on establishment and maintenance of peaceful, civilized and loving society. Thus knowledge, peace and prosperity enhanced in the Muslim society and Islam made progress day by day.

The writers and historians have compiled books on sīrat (S.A.W) with efficient labour and devotion to preserve every aspect of life of Prophet Muhammad (S.A.W). The life of our Holly Prophet (S.A.W) is noble and for all mankind. Undoubtedly sīrat writing has promoted peace, unity, brotherhood, justice, passion, tolerance among the Muslims and positive relations with other nations. The author feels that the Muslim ummah needs to follow the right, positive and constructive path of Islam by obeying the teachings of Prophet Muhammad (S.A.W).

Life of the Holy Prophet (S.A.W) has always been labelled as "the best example" so it is significant to bring his characteristics to the light. Through this paper, it has been proved that the sīrat writing has left a great impact on the religious knowledge, moral, social and philosophical aspects of Muslim ummah and human society.

Keywords: *Sīrat Writting: Impacts and Benefits: Muslim Ummah: Positive Relation with Nations: Improvement of Human Values*

---

* پی ایچ ڈی سکالر، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ

** سابق صدر شعبہ علوم اسلامیہ و مطالعۂ مذاہب، ہزارہ یونیورسٹی، مانسہرہ

اللہ تعالیٰ نے انسان کو اس کائنات کا نائب و خلیفہ بنا کر بھیجا ہے۔ اس کی ہدایت اور رہنمائی کا بھی بہترین بندوبست کیا۔ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام اپنے اپنے ادوار اور زمانے میں اللہ کے حکم کے مطابق انسانیت کی رہبری کا فریضہ سرانجام دیتے رہے، خیر و شر، نیکی و بدی، ظلم و عدل میں فرق سکھاتے رہے۔ آپ ﷺ تمام انبیاء کے آخر میں تشریف لائے کیونکہ انسانیت کو ایسی کامل، اکمل اور بہترین ہستی کی ضرورت تھی جس کے نیک اخلاق میں انسانیت کے لیے بہترین رہنمائی موجود ہو، جو اچھی بات زبان سے کہے تو اس کا عملی نمونہ بن کر دکھائے، جس کے اقوال و افعال کی پیروی کرنا انسانیت کے لیے باعث فخر ہو۔

انسانی زندگی کا کوئی شعبہ ایسا نہیں جس کے متعلق آپ ﷺ کی سیرت پاک سے رہنمائی نہ ملتی ہو۔ حکمران، سیاست دان، جج، قاضی، معیشت دان، قانون دان، مقنن، مفکر، مفسر، معلم، سپہ سالار، قائد، غازی، مجاہد، طبیب، خطیب، مزدور اور فاقہ کش کے لیے آپ ﷺ کی زندگی رہنمائی کا خزینہ ہے، اسی لیے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ پر دین مکمل کر دیا اور اپنی نعمت تمام کر دی۔ آپ ﷺ کی زندگی کے حالات و واقعات، اقوال و ارشادات، حسن عمل اور حسن کردار کے ایک ایک حرف کو محفوظ کرنے کے لیے محدثین اور سیرت نگاروں نے اپنی زندگی کا طویل عرصہ صرف کر دیا۔

سیرت نویسی کے فن نے امت مسلمہ پر بہت اچھے اثرات مرتب کیے اور یہ حقیقت واضح ہو گئی کہ آپ ﷺ کی سیرت قرآن کی عملی تفسیر ہے۔ جس طرح قرآن انسانیت کے لیے ہدایت اور رہنمائی کا ذریعہ ہے اسی طرح آپ ﷺ کی سیرت ہدایت و رہنمائی کا بہترین خزانہ ہے۔

آپ ﷺ کی سیرت پاک پر جتنا لکھا جاتا رہے گا اتنا ہی امت مسلمہ کی رہنمائی ہوتی رہے گی۔ آپس میں اتحاد و اتفاق، اخوت و محبت، امن و سلامتی، خیر خواہی و خیر سگالی کے جذبات کو فروغ ملے گا۔ سیرت نگاروں نے آپ ﷺ کی حیات پاک کے ہر پہلو کو سامنے لانے کی کوشش کی ہے۔ جس کے اچھے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ سیرت نویسی کا کام کسی دور میں رکنے والا نہیں۔

سیرت کا لغوی مفہوم

عربی لغت میں اسم "سار" لفظ سیرت سے ہی اخذ کیا گیا ہے "سار" سورہ کہف کے مطابق طریقہ، حالت اور کیفیت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ [۱] دراصل سیرت کا لفظ عربی میں سیرۃ یعنی گول ۃ کے ساتھ، اُردو اور فارسی میں لمبی ت کے ساتھ لکھا جاتا ہے یہ لفظ عربی زبان کے مادے سیرت سے بنا ہے اس کے لفظی معنی ہیں پھرنا، راستہ اپنانا،

---

(۱) افریقی، محمد بن مکرم، ابن منظور، لسان العرب، بیروت دار الطباعت والنشر ۱۹۵۵، ص:۲۳

رویہ یاسمت اختیار کرنا [۱]

اُردو لغت کے مطابق

سیرت کے معنی طریقہ اور راستہ کے ہیں۔ بعد میں یہ لفظ عام لوگوں کے حالات کے لیے استعمال کیا جانے لگا پھر آنحضرت ﷺ کے حالات اور افکار کے مجموعے پر اس لفظ کا اطلاق ہوا۔ [۲]

سیرت، طبیعت، خصلت، آداب اور صفات کو بھی کہہ سکتے ہیں۔ [۳]

فیروز اللغات کے مطابق سیرت مونث لفظ ہے جس کے معنی عادت، گن اور صفات یا ہنر کے ہیں۔ [۴]

چال ڈھال، حالت اور کیفیت کو بھی سیرت کہتے ہیں۔ [۵]

انگریزی لغت کے مطابق

Manners کو سیرت کہتے ہیں۔ [۶] یعنی عادات، خاصیت، نیکی، اخلاق، سوانح عمری اور طرز زندگی کو سیرت کہتے ہیں۔ [۷] آکسفورڈ ڈکشنری کے مطابق:

"General characteristics and feeling of mankind, specified element of character"[8].

ترجمہ: انسانوں کے عمومی کردار، احساسات اور مخصوص مزاج کو سیرت کہتے ہیں۔

"The qualities characteristics of a person or things"[9].

ترجمہ: اشخاص اور چیزوں کی خصوصیات اور اوصاف کو سیرت کہتے ہیں۔

دائرہ معارف اسلامیہ کے مطابق لفظ سیرت "سار، یسیر" سے نکلا ہے، یعنی حالت و کردار وغیرہ۔ [۱۰]

---

(۱) الزبیدی، محمد بن عبد الرزاق الحسینی تاج العروس من جواہر القاموس، دار الھدایہ بیروت ۱۹۵۴ص: ۳۹۰

(۲) ابن سیدہ، المحکم والمحیط الاعظم، مصطفیٰ البابی الحلبی، مصر ۱۹۵۸ص: ۳۱۲

(۳) جدید اردو لغت، مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد، ۲۰۰۰، ص: ۴۴۵

(۴) فیروز الدین، الحاج، فیروز اللغات، فیروز سنز، اردو بازار، لاہور ۱۹۶۲، ص: ۷۵۳

(۵) عربی اردو لغت، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۸۳، ص: ۳۳۸

(۶) انگریزی لغت، سنگ میل پبلی کیشنز، لاہور ۱۹۶۸، ص: ۸۶۵

(۷) حارث سرہندی، علمی اردو لغت، ۱۹۷۹، علمی کتب خانہ لاہور، ۱۹۷۹ء، ص: ۶۶۵

(8) Cecil Wylld, Henry, The Universal English Dictionary, Karachi, 1972 P: 781

(9) English Dictionary Oriental Book Society, Lahore 1979 P: 713

(۱۰) اردو دائرہ معارف الاسلامیہ، انسائیکلوپیڈیا، لاہور ۱۹۶۹، ۱۱/ ۵۰۵

عربی لغت کے مطابق

"اَلسِّیْرَۃُ" عربی میں اس حالت کو بھی کہتے ہیں جس پر انسان زندگی بسر کرتا ہے۔ مثلاً "فُلَانٌ حَسَنُ السِّیْرَۃِ" فلاں کی سیرت اچھی ہے "فُلَان قَبِیْحُ السِّیْرَۃِ" اس کی سیرت بری ہے۔(۱) عرف عام میں سیرت کا لفظ تفسیر، سیرت سازی، پختگی سیرت، حسن سیرت اور بد سیرت وغیرہ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ قرآن مجید میں لفظ سیرۃ صرف ایک جگہ آیا ہے یعنی: ﴿سَنُعِیْدُھَا سِیْرَتَھَا الْاُوْلٰی﴾ (۲) ترجمہ: ہم اسے پہلی حالت پر لوٹا دیں گے۔ اس آیت میں موسیٰ علیہ السلام کے عصا (لاٹھی) کا سانپ بن جانے کے بعد دوبارہ اصلی حالت میں آجانے کی طرف اشارہ ہے۔

امام راغب اصفہانی مفردات القرآن میں لکھتے ہیں: (

"اَلسَّیْرُ "کے معنی زمین پر چلنے کے ہیں، چلنے والے آدمی کو سَیَّارٌ کہا جاتا ہے ایک ساتھ چلنے والوں کی جماعت کو سَیَّارَۃٌ کہتے ہیں۔(۳) قرآن پاک میں ارشاد ہے:

﴿اَفَلَمْ یَسِیْرُوْافِی الْاَرْضِ﴾ (۴) ترجمہ: کیا ان لوگوں نے ملک میں سیر و سیات نہیں کی۔

دوسری جگہ ارشاد ہے: ﴿وَھُوَالَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ﴾ (۵)

ترجمہ: وہی تو ہے جو تم کو جنگل اور دریا میں چلنے پھرنے اور سیر کرانے کی توفیق دیتا ہے۔

لفظ سیرت واحد اور جمع کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے اور۔ مثلاً سیر الصحابیات، سیرت حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا، سیرت خدیجہ رضی اللہ عنہا ۔ کتب فقہ میں السیر جنگ و قتال سے متعلق احکام کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے۔(۶)

حضرت شاہ عبد العزیز محدث دہلوی (۷) لکھتے ہیں:

"آنچہ متعلق بوجوہ پیغمبری و حی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم آل عظام است و از ابتدائے تولد آنجناب

---

(۱) فیروزآبادی، مجد الدین، محمد بن یعقوب، القاموس المحیط، دار الفکر بیروت، ۱۳۹۸ھ ۱۹۷۸، ص: ۳۹۰

(۲) سورۃ طٰہٰ: ۲۰/ ۲۱

(۳) اصفہانی، حسین بن محمد، مفردات القرآن، مطبع اسلامی اکادمی، لاہور ۱۹۸۷، ۱/ ۳۰

(۴) سورۃ یوسف: ۱۲/ ۱۰۹

(۵) سورۃ یونس: ۱۰/ ۲۲

(۶) ابن حجر عسقلانی، فتح الباری، المعرفت بیروت لبنان، س، ن، ص: ۱۴

(۷) شاہ عبد العزیز، شاہ ولی اللہ محدث دہلوی متوفی ۱۲۳۹ھ کے بیٹے اور مدرسہ رحیمیہ سے منسلک تھے۔ ہندوستان میں علم حدیث کی ترقی واشاعت میں بہت خدمات انجام دی اور ہندوستان کے مختلف مقامات میں احادیث کی تعلیم کے لیے مراکز قائم کیے۔

ووفات سیرت گویند"۔ (۱)

ترجمہ: جو کچھ ہمارے پیغمبر ﷺ، حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم، آل عظام مبارک وجود کے ساتھ متعلق ہو اور حضور ﷺ کی پیدائش سے وفات تک کے واقعات پر مشتمل ہو، اسے سیرت کہتے ہیں۔

سیرت کا اصطلاحی مفہوم

باطنی خوبیاں جب انسان کے ظاہری چال ڈھال سے احسن انداز سے ظاہر ہوں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ فلاں شخص نیک سیرت کا مالک ہے۔ شریعت کی اصطلاح میں یہ لفظ عام شخصیات کے ساتھ استعمال نہیں ہوتا۔ جب لفظ سیرت بولا جائے تو ذہن صرف ایک شخصیت کی طرف رخ اختیار کر لیتا ہے وہ شخصیت سید المرسلین، خاتم النبیین ﷺ کی ہے۔ اب اگر کتب سیرت وغیرہ کا ذکر کیا جائے اور نبی اکرم ﷺ، پیغمبر اور مصطفی کے الفاظ استعمال ہوں تب بھی اس سے مراد حضور ﷺ کی ذات مبارکہ ہی لی جاتی ہے۔

سیرت نبی ﷺ کے لیے ابتداء میں مغازی، یعنی غزوات کا لفظ استعمال ہوتا تھا۔ فن سیرت کا آغاز اسلام میں مغازی سے ہوا۔ ابتدا میں مغازی سے مراد غزوات و سرایا سے متعلق تفصیلات ہوتی تھیں۔

علامہ ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں: غزوہ کے اصل معنی قصد وارادہ کے ہیں۔ (۲)

محدثین و مورخین عام طور پر اپنی کتاب کا نام "کتاب المغازی" یا "مغازی رسول ﷺ "مغزی کی جمع کے ساتھ رکھتے ہیں۔ (۳) سیرت طیبہ پر لکھنے کا آغاز مغازی سے ہوا۔ سیرت پر سب سے پہلی کتاب جو سامنے آئی ہے وہ ابن

ہشام کی سیرت النبویۃ ہے۔ (۴)

نبی اکرم ﷺ کی زندگی اخلاق وعادات، رہن سہن، گفتگو، چال ڈھال، نشست وبرخاست کا انداز سب سیرت کے زمرے میں شمار ہوتا ہے۔

قرآن پاک میں ارشاد ہے: ﴿لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِيْ رَسُوْلِ اللهِ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ﴾ (۱)

---

(۱) دہلوی، شاہ عبد العزیز، محدث، حجۃ البالغہ، اسلامی اکیڈمی لاہور، س، ن، ص: ۱۴

(۲) ابن حجر، عسقلانی، فتح القدیر، ۷ / ۲۷۹

(۳) اظہر مبارک پوری، مولانا، تدوین سیرت مغازی، دار الندوہ، اردو بازار، لاہور ۲۰۰۵ء، ۳ / ۱۵

(۴) عزیز الرحمٰن، ششماہی سیرت عالمی مطالعہ سیرت کی وسعت بر صغیر پاک وہند میں، شمارہ ۱۸ ستمبر ۲۰۰۰، ناشر اکیڈمی پبلی کیشنز ڈان پرنٹنگ پریس کراچی، ص: ۴۳

ترجمہ: اور تمہارے لیے رسول ﷺ کی ہستی میں بہترین نمونہ ہے۔

کتب سیرت کے مطابق آپ ﷺ کی مغازی کا مخصوص معنی طریقہ اور روش کے ہوگئے۔(۲) مغازی کو سیر اسی لیے کہتے ہیں اور السیر سے مراد غازیوں، مددگاروں اور کافروں سے مسلمان حاکم وقت کا سلوک، معاملات اور تعلقات وغیرہ ہیں۔ عام طور پر سیرت کا اطلاق غزوات اوران سے متعلق امور پر بھی ہوتا ہے۔(۳) آپ ﷺ کے شمائل واخلاق، اور عادات سے متعلق امور کو بھی سیرت کہتے ہیں۔(۴)

اولین سیرت نگاروں نے سیرت پر جو کتابیں لکھیں، ان میں غزوات زیادہ ذکر کیے گئے۔ بعد ازاں یہ فن غزوات کے ساتھ نہیں رہا، بلکہ آنحضرت ﷺ کی زندگی کے دوسرے پہلوؤں میں بھی تفصیل سے لکھا جانے لگا۔ مثال کے طور پر "ابن سعد" کی "الطبقات الکبری" میں آنحضرت ﷺ کے دوسرے احوال بھی لکھے گئے ہیں۔(۵) خلاصہ کلام یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ کی حیات پاک کے جس جس پہلو اور جس جس گوشے کا ذکر کیا جائے، آپ ﷺ کے بچپن کا تذکرہ ہو یا جوانی کا، گھر کے حالات ہوں یا خاندان کے، غزوات و مغازی کا ذکر ہو یا آپ ﷺ کی مشکلات کا، اخلاق وعادات کا ذکر ہو یا معمولات کا یہ سب سیرت کے ہی احوال ہیں۔

سیرت نویسی کے اثرات

نبی اکرم ﷺ کی سیرت پوری انسانیت کے لیے خصوصا امت مسلمہ کے لیے مشعل راہ ہے۔ آپ ﷺ نے دنیا کو ایسا بہترین ضابطہ اور روشن لائحہ عمل دیا جس پر عمل کرکے یہ جہاں بھی مثل جنت اور اخروی جہاں بھی کامیاب۔ آپ ﷺ نے ایسا دستور عمل دیا جس کا اصل اصول یہ ہے کہ ہر شخص دوسرے کے لیے محترم ہو، دوسرے کا نگہبان اور محافظ ہو، کوئی برتر نہ ہو، کوئی کمتر نہ ہو، کوئی ادنیٰ نہ ہو، کوئی اعلیٰ نہ ہو، جہاں ہر انسان دوسرے انسان کے لیے بے غرض ہو، دوسروں کے ساتھ مل کر بنی نوع انسان کی فلاح کا کام کرسکے جہاں انسانی شرف فضیلت کا معیار حسن عمل ہو۔ آپ ﷺ کی سیرت نے انسانیت کو امن کا، صلح جوئی کا، خیر خواہی اور خیر سگالی کا اور مصالحت کا پیغام دیا ہے۔ انسانوں کو آپس میں پیار و محبت سے رہنے کے لیے اخوت، محبت، انسانی مروت، عدل گستری،

---

(۱) سورۃ الاحزاب:۳۳/ ۲۰

(۲) اردو دائرہ معارف الاسلامیہ، انسائیکلوپیڈیا،۱۱/ ۲۵۱

(۳) الطبری، ابو محمد بن جعفر جریر، علامہ تاریخ طبری، دارالاشاعت اردو بازار، لاہور ۱۹۰۳ء، ص:۲۱۳

(۴) اردو دائرہ معارف الاسلامیہ، انسائیکلوپیڈیا، ۱۱/ ۲۵۱

(۵) ندیم الواجدی، از نقوش رسول نمبر، ادارہ فروغ اردو، لاہور ۱۹۷۸ء، ۱/ ۵

درگذر، صلح جوئی اور تحمل اور برداشت کا درس دیا۔ انسانوں کو آپس میں جوڑنے کے لیے اور خدائے واحد سے متعارف کروانے کے لیے آپ ﷺ نے جاں گزار مصائب اور تکالیف برداشت کیں اور انسانیت کو خدائے پاک کے آستانہ واحد پر لانے کے لیے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿لَقَدْجَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ﴾ (۱)

ترجمہ: بے شک تمہارے پاس ایک ایسے رسول تشریف لائے ہیں جو تم میں سے ہیں، جن پر تمہارا مشقت میں پڑنا سخت گراں گزرتا ہے، جو ایمانداروں کے ساتھ بڑے ہی شفیق اور انتہائی مہربان ہیں۔

انسانیت کا عروج وشان، وقار وبلندی اور اخروی نجات آپ ﷺ ہی کی سیرت پاک پر چلنے سے ملے گی۔ معرفت نفس اور معرفت رب کا راستہ آپ ﷺ کی سیرت کے بدولت ہوگا۔ آپ ﷺ نے انسانیت کو نجاسات مادیہ سے پاک کرکے انسانیت کے اعلیٰ وارفع مقاصد سے آشنا کیا۔ نفرتوں اور کدورتوں کی آگ کو بھسم کرکے عناد اور دشمنی رکھنے والوں کو شیر وشکر کردیا۔ آپ ﷺ کی سیرت ایسا بحر بیکراں ہے جس کی کوئی حد نہیں۔ چودہ سو سال سے ہر دور میں ہر زمانے میں سیرت نویسی کا کام ہوتا رہا ہے۔ علماء سکالر، محققین، مصنفین اپنی اپنی بساط کے مطابق سیرت کے مختلف پہلوؤں پر تحقیق کرتے رہے، ہنوز یہ سلسلہ جاری ہے اور قیامت تک جاری رہے گا۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ وَالَّذِيْنَ مَعَه اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ﴾ (۲)

ترجمہ: محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کافروں کے مقابلے میں سخت اور آپس میں نرم دل ہیں۔

اس میں شک نہیں کہ سیرت نویسی بے شمار فیوض وبرکات کی حامل ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے مختلف پہلوؤں اور گوشوں کو عیاں کرکے انسانیت کو ایک مثبت راہ پر ڈالا جاسکتا ہے۔ اگر ہم تاریخی تسلسل کو دیکھیں تو سارے نشیب وفراز، عروج وزوال، سیاسی، معاشرتی اور تہذیبی محکومی کے باوجود جس چیز نے دنیا کو باقی رکھا، اس کی اصل کو محفوظ رکھا، اسے بار بار تجدید واحیاء کی نعمتوں سے مالامال کیا وہ نبی اکرم ﷺ کی ذات ہے۔ موجودہ دور میں انسانیت بھیانک مسائل کا شکار ہے۔ دہشتگردی، انتہاپسندی نے انسانیت خصوصاً مسلمانوں کا جینا حرام کردیا ہے، ایسی صورت میں سیرت نویسی کا کام جاری رکھ کر ہتھیاروں اور دہشت گردی کا خاتمہ کیا جاسکتا ہے۔ لہٰذا سیرت نویسی بے

---

(۱) سورۃ التوبہ: ۱۲۹/۹

(۲) سورۃ الفتح: ۴۸/۴۸

شمار فیوض وبرکات کی حامل ہے۔ سسکتی، کراہتی اور دکھی انسانیت کے زخموں کا مرہم ہے۔ صبر و استقامت، تحمل وبرداشت عفو درگزر کا درس کامل ہے۔ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی سیرت کے مندرجہ ذیل اثرات ہیں۔

علمی اثرات

اللہ تعالیٰ نے علم وتعلیم کے پھیلانے کے لیے آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی ذات کا انتخاب کیا آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ پر جو پہلی وحی بھیجی گئی اس کے آغاز سے ہی پڑھنے کا حکم دیا گیا ارشاد ربانی ہے:

﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ اِقْرَاْوَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ اَلَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ﴾ [۱]

ترجمہ: اپنے پروردگار کے نام سے پڑھ جس نے پیدا کیا جس نے انسان کو لوتھڑے سے پیدا کیا پڑھ اور تیرا پروردگار بڑا اکریم ہے جس نے قلم کے ذریعے علم سکھایا۔ انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔

یعنی اللہ کی طرف سے آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کو جو پیغام بھیجا گیا وہ یہ تھا کہ پڑھو اور پھر ذمہ داری لگائی کہ دوسروں کو بھی پڑھاؤ۔ ارشاد ربانی ہے:

﴿هُوَالَّذِیْ اَرْسَلَ رَسُوْلَه بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَه عَلَی الدِّیْنِ کُلِه وَکَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا﴾ [۲]

ترجمہ: اللہ وہی ہے جس نے اپنے رسول کو ہدایت اور سچا دین دے کر بھیجا تاکہ اسے سب ادیان پر غالب کر دے اور اس بات کا اللہ بطور گواہ کافی ہے۔

آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نے علمی دنیا میں انقلاب برپا کیا جس کی وجہ سے تعلیم ہر فرد کے لیے لازمی مفت اور عام ہو گئی اس کا دروازہ ہر خاص اور عام کے لیے کھل گیا۔ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی تعلیمات نے کائنات پر غور وفکر، تدبر وتعقل کی دعوت دی اور انسانی عقل وفکر کو کائنات کے سربستہ رازوں سے پردہ اٹھانے کا ذریعہ قرار دیا۔ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مبعوث ہوئے تو مکہ میں صرف سترہ آدمی لکھنا پڑھنا جانتے تھے۔ تئیس سال بعد جب آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اس دنیا سے تشریف لے گے تو کوئی گھر ایسا نہیں تھا جہاں علم کے چراغ روشن نہ ہوئے ہوں۔ آپ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ کی ساری حیات پاک علم کی شمع روشن کرنے میں گزر

---

(۱) سورۃ العلق: ۹۶/۱-۴

(۲) سورۃ الفتح: ۴۸/۲۹

گئی جب حج کے موقع پر سارے مسلمان اکھٹے ہوئے تو آپ ﷺ نے سوال کیا۔ کیا میں نے اللہ کا پیغام پہنچا دیا ہے ؟تو سب نے کہاہاں اس پر آپ ﷺ نے آسمان کی طرف انگلی اٹھائی اور عرض کیا اے اللہ گواہ رہنا۔ (۱)

آپ ﷺ کی علمی جدوجہد اور تحریک کا یہ نتیجہ نکلا کے تمام دنیا میں درسگائیں قائم ہوئیں اور ان درسگاہوں کے ذریعے علم کے ہر شعبے میں تحقیق ہوئی اور طالبان علم کی تعداد میں اضافہ ہوا۔ آپ ﷺ کی قائم کردہ صفہ کی درسگاہ نے دنیا کو نئے علوم دیئے، ان میں تفسیر، حدیث، علم رجال، علمِ فقہ، فلسفہ اور تاریخ وغیرہ شامل ہیں۔

آپ ﷺ نے غیر ملکی زبانیں سیکھنے کا بھی حکم فرمایا۔ زید بن انصاری دربار رسالت کے میر منشی تھے۔ انہوں نے آپ ﷺ کے حکم سے عبرانی، رومی اور دیگر زبانیں سیکھیں تاکہ دوسرے ملکوں کے بادشاہوں کی جانب سے جو خطوط موصول ہوں ان کے جواب دیئے جاسکیں۔ (۲)

حضور ﷺ نے مختلف فنون کے سیکھنے کا بھی حکم دیا۔ آپ ﷺ کے دور میں قرآن وحدیث ،فقہ، ریاضی، طب، غیر ملکی زبانوں کے ساتھ ساتھ تیراکی، گھڑسواری، شتر دوڑ، نشانہ بازی وغیرہ جیسے فنون سیکھنے پر زور دیا گیا۔

علامہ قرطبی لکھتے ہیں:

"اللہ تعالٰی نے انسان سے بڑھ کر کوئی چیز خوبصورت پیدا نہیں کی اللہ تعالٰی نے انسان کو پیدا کر کے ان عظیم صفات سے متصف فرمایا اسے عالم قادر، صاحب ارادہ، معلم اور صاحب بصیرت بنایا"۔ (۳)

علم کے دیگر شعبوں پر سیرت نویسی کے اثرات

آنحضور ﷺ کی سیرت نویسی کی بدولت صرف تعلیم ہی عام نہ ہوئی، بلکہ صفہ کی درس گاہ سے جو علم کا چشمہ نکلا، وہ پوری دنیا میں پھیل گیا۔ غیر مسلم بھی اس سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہے۔ دسویں صدی عیسوی میں اندلس میں عربوں کے قیام کی بدولت کم سے کم یورپ کے ایک گوشہ میں علم وادب کا چرچہ باقی رہا۔ اس زمانہ میں اسلامی مشرق اور اندلس کے سوا کوئی مقام ایسا نہ تھا، جہاں علم حاصل نہ کیا جاسکتا ہو۔ حتی کہ تقریباً چھ صدیوں تک یورپ کی تعلیم کا دارومدار عربوں کی ترجمہ شدہ کتابوں پر رہا۔ یورپ کی درس گاہوں پر عربی علوم کا اس قدر تسلط تھا کہ

---

(۱) ابن ہشام، السیرۃ النبویہ، شیخ بشیر اینڈ سنز اردو بازار، لاہور ۱۹۹۰ء، ۲/ ۲۷۰

(۲) خالد رشید، نبی اکرم ﷺ کا طریق تربیت، فہد پبلشرز اردو بازار، لاہور، ۱۹۹۷ء، ص:۲۱۷

(۳) القرطبی، محمد بن احمد، جامع احکام القرآن، مطبع مصر، ۱۳۴۷ھ، ۲/ ۲۹۰

فلسفہ میں بھی جس پر عربوں نے زیادہ توجہ نہیں دی تھی، انہی کی تصانیف پر دارومدار تھا۔ اس امر کا اعتراف یورپی مصنفین نے کیا ہے۔ ایک یورپی مصنف لکھتا ہے۔ اس امر کا اعتراف کرنا چاہیے کہ طبعیات ہو یا علم نجوم، ریاضی ہو یا علم کیمیا، غرض تمام علوم جو دسویں عیسویں صدی تک یورپ میں پھیلے عرب علماء نے حاصل کیے۔ مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے اسی طرح جدید مغربی تہذیب کے تمام علمی کارنامے اور سائنسی کمالات نبی اکرم ﷺ کی دی ہوئی تعلیمات کا اثر ہیں۔ بلکہ یورپ کے علمی کارنامے آپ ﷺ کی رحمت کا کرشمہ ہیں۔[۱]

سیرت نویسی کے سماجی اثرات

آپ ﷺ کی سیرت کے سماجی اثرات بھی بے شمار ہیں۔ آپ ﷺ کے اقوال و ارشادات اور عملی سیرت کی وجہ سے انسانیت کو غلامی سے نجات ملی۔ نسلی، لسانی اور طبقاتی امتیازات کا خاتمہ ہوا۔ آپ ﷺ نے تمام انسانیت کو انسان ہونے کے اعتبار سے برابر حقوق دیے اور تمام بنی آدم کو ایک ہی اصل کی شاخیں قرار دیا۔

آپ ﷺ نے حجۃ الوداع کے موقع پر فرمایا:

((اَيُّهَاالنَّاسُ اِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَّاِنَّ اَبَاكُمْ وَاحِدٌ كُلُّكُمْ لِاٰدَمَ وَاٰدَمُ مِنْ تُرَابٍ وَاِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَاللهِ اَتْقٰكُمْ لَيْسَ لِعَرَبِيِّهٖ فَضْلٌ عَلٰى عَجَمِيِّهٖ وَلَا لِاَحْمَرَ عَلٰى اَسْوَدَ وَلَا لِاَسْوَدَ عَلٰى اَحْمَرَ اِلَّا بِالتَّقْوٰى))[۲]

ترجمہ: اے لوگو بے شک تمہارا رب ایک ہے اور تمہارا باپ ایک ہے تم سب آدم علیہ السلام کی اولاد ہو اور آدم مٹی سے پیدا ہوئے۔ تم میں سے اللہ کے ہاں زیادہ عزت والا وہ ہے جو تم میں زیادہ پرہیز گار ہے کسی عربی کو عجمی پر کسی گورے کو کالے پر اور کسی کالے کو گورے پر سوائے تقویٰ کے کوئی فضیلت حاصل نہیں۔

انسانی مساوات پر اس سے زیادہ واضح بیان انسانیت کی پوری تاریخ میں نہیں ملتا۔ ہم نسل انسانی کی مساوات پر صرف آپ ﷺ کے ارشادات ہی نہیں پاتے، بلکہ آپ ﷺ کی عملی زندگی میں اس کی ہزاروں مثالیں دیکھتے ہیں۔ آپ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر جو خطبہ دیا، اس میں فرمایا: اللہ نے تمہارے جاہلیت کے غرور اور خاندانی افتخار کو ختم کر دیا ہے تم سب آدم کی اولاد ہو آدم مٹی سے پیدا ہوئے۔[۳] اسی تعلیم کا نتیجہ تھا کہ بلال حبشی رضی اللہ عنہ، صہیب رومی رضی اللہ عنہ اور سلیمان فارسی رضی اللہ عنہ صحابہ رضی اللہ عنہم میں ممتاز مقام رکھتے تھے۔ کسی شخص کو اس لیے افضل نہیں سمجھا جاتا تھا

---

(۱) موریشین، مسلمانوں کے تہذیبی کارنامے مترجم، غلام رسول، لاہور ۱۹۷۹ء، ص: ۱۹۰

(۲) البخاری، محمد بن اسماعیل، صحیح بخاری، علم و عرفان پبلشر لاہور، ۱۹۸۰ء، ۲ / ۴۱۷

(۳) صحیح بخاری، ص: ۴۱۸

کہ فلاں خاندان یا قبیلے یا علاقے کا ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت نویسی کے اثرات کی بدولت دنیا حقوق سے آشنا ہوئی اور اس بات کا احساس پختہ ہوا کہ تمام انسان "عالمگیر برادری" کے افراد ہیں اور بحیثیت انسان بھائی بھائی ہیں۔ لہٰذا نسل انسانی کی وحدت، مساوات اور برابری کا یہ سنہری اصول اسوہ رسول ﷺ سے ہی ملا ہے اور اس سنہری اصول نے تمام انسانی معاشروں پر گہرے اثرات مرتب کیے ہیں۔

فکری اثرات

نبی اکرم ﷺ کی سیرت فرد واحد کی سیرت نہیں بلکہ تاریخ عالم کی مثالی شخصیت کی سیرت ہے۔ آدم علیہ السلام سے خاتم النبیین تک ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء کرام کی سیرتوں کا نچوڑ ہے۔ دوجہانوں کے سردار اور رحمت اللعالمین کی سیرت ہے۔ایک انسان کی نہیں بلکہ عالم انسانیت کے محسن کی سیرت ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت کا ہی اثر ہے کہ مشرق و مغرب میں آپ ﷺ کے ماننے والے موجود ہیں۔ امت مسلمہ کو آپ ﷺ ہی کی وجہ سے وسط امت اور خیر امت کہا گیا ہے۔ امت مسلمہ کے علمائے کرام آپ ﷺ کا پیغام جگہ جگہ پہنچاتے ہیں۔ توحید کا درس دیتے ہیں اور شرک کی نفی کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کے اسوہ حسنہ اور سنت کی پیروی کی تلقین کرتے ہیں۔ آپ ﷺ کے پیروکار اور فرمانبردار مکروہات، منکرات اور فواحش سے منع کرتے رہے ہیں اور کرتے رہیں گے۔ بلاشبہ اسی وجہ سے آپ ﷺ کی سیرت پر چلنے والوں نے دنیا کی تاریخ بدل ڈالی۔ جاہل تو تھے، لیکن آپ ﷺ کی شخصیت کے انوار سے اکتساب کرتے ہوئے ظلمت کدہ کائنات میں ہدایت کے چراغ روشن کر گئے۔ اجڈ اور بے بہرہ تھے پاکیزہ، تہذیب و تمدن کے بانی بن گئے۔ جہانگیری اور جہاں بانی کا اچھوتا تصور دنیا کے سامنے رکھ دیا۔ آپ ﷺ کی پاکیزہ سیرت کی اشاعت کا اثر یہ ہوا کہ دنیا کے دیگر مذاہب کے لوگوں نے اسلام کے دیرپا اثرات قبول کیے۔ یہ آپ ﷺ ہی کی ذات کا احسان ہے کہ ہندوستان میں تعلیم توحید کے اثر سے "برہمو سماج" کی تحریک چلی جس میں توحید کا پرچار کیا گیا۔[۱] تفکر فی الخلق کے سبب انسان میں تسخیر کائنات کا جذبہ پیدا ہوا۔ جدید علوم وفنون بھی اسلامی تعلیمات کی بازگشت ہے۔ شرف انسانیت، مساوات حریت فکر کی اسلامی تعلیمات نے عیسائی رہنما مارٹن لوتھر [۲] کو متاثر کیا۔ اس نے اصلاح کلیسا کی تحریک چلائی اور پوپ کی پیشوائی بلکہ خدائی کو چیلنج کیا۔[۳] مختصر یہ کہ سیرت نویسی کے عالمی دنیا پر

---

(۱) حشمت علی، مولانا، تقابل ادیان، العلم پبلی کیشنز پشاور ۱۹۸۲ء، ص: ۱۱۵

(۲) مشہور برطانوی ڈاکٹر مارٹن لوتھر لنگز یونیورسٹی میں انگریزی کے پروفیسر تھے

(۳) تقابل ادیان، ص: ۱۵۵

بے شمار مثبت اثرات مرتب ہوئے اور دنیا اس حقیقت سے آشنا ہوئی کہ عافیت، سکون، خوشحالی اور امن و آمان رحمت للعالمین صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کی رحمت کے سائے تلے ہے۔

سیرت نویسی کے فوائد

نبی اکرم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے تئیس سال کے عرصے میں جو فکرانگیز اور پر تاثیر انقلاب برپا کیا، اس کا ایک حیرت انگیز کارنامہ انسان کو اس حقیقت کا احساس دلانا تھا کہ وہ اس زمین پر اللہ کا نائب اور خلیفہ ہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے انسانیت کو باہمی احترام، بھائی چارے، اخوت اور مساوات کا درس دیا۔ رنگوں کا اختلاف ختم کر دیا، زبانوں کا فرق مٹادیا، نسلی تفاخر کا خاتمہ کر دیا۔ سیرتوں کو صورتوں پر ترجیح دی۔ انسانیت کو دنگا اور فساد، کشت و خون، بے چینی اور افرا تفری سے نکال کر امن و سلامتی، باہم عزت و احترام، خیر خواہی اور خیر سگالی کی راہ پر ڈال دیا۔ جہاں سیرت نویسی کے بے شمار اثرات ہیں، وہاں فوائد بھی ہیں۔ سیرت نویسی کے فوائد درج ذیل ہیں۔

امن کا پیغام

امن ایک بہت بڑی نعمت ہے۔ دور جدید میں اس کی اہمیت اور بھی زیادہ ہے کیونکہ دنیا کا ہر انسان امن چاہتا ہے اس کے لیے جس طرح روٹی، کپڑا اور مکان ضروری ہے اسی طرح امن و سلامتی بھی ضروری ہے۔ امن و سکون کے بغیر زندگی بد مزہ اور بے کار ہے۔ امن افراد و اقوام کو ذہنی سکون اور خوشحالی سے مالامال کرتا ہے۔ ہمارا دین اسلام امن و سلامتی کا پیغام ہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم کا اسوہ حسنہ انسانیت کو امن و سلامتی کا درس دیتا ہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جنگ وجدل، قتل و خون، انتہا پسندی اور عدم برداشت کو امن میں بدل دیا۔ "ایام العرب" کا ایک سلسلہ تھا جو خون کی طرح سارے عرب میں پھیلا ہوا تھا۔[۱] عربوں کے دور جاہلیت میں جذبہ انتقام کی حد یہ تھی کہ وہ عرب جو شراب پر جان دیتے تھے، انتقام سے قبل شراب پینا حرام جانتے تھے۔[۲] آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے انسانیت کو دوسروں کی زندگی، جان ومال اور عزت و ناموس کی حفاظت کرنے کی تلقین کی۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے اس شخص کو بہترین شخص قرار دیا جو دوسروں کو فائدہ اور نفع پہنچانے والا ہو۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم رنگ و نسل، ذات و برادری اور قوم قبیلہ کی تخصیص کیے بغیر پوری انسانیت کے لیے رحمت و بھلائی کا درس دیتے رہے۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے ظلم و ستم کے عادی ان وحشی لوگوں کو انسان بنا کر ان کے اندر رحم و کرم اور حلم و تواضع کی روح پیدا کر دی۔ ان میں محبت کے جذبات پیدا کیے، یہ لوگ جاہل اور وحشی تھے، مگر تھوڑے ہی عرصے میں ان کو حکمرانوں کے اعلیٰ مراتب تک پہنچا دیا۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے صرف غور و فکر کرنے کا فرمان

---

(۱) زین العابدین میرا ٹھی، پیغمبر اسلام کا پیغام امن اور سلامتی، نقوش رسول نمبر ۱۹۹۸ء، ۳ / ۴۶۰

(۲) محمود شکری، آلوسی، بلوغ الارب فی احوال العرب، ترجمہ ڈاکٹر احسن مرکزی اردو بازار، لاہور ۱۹۴۷ء، ۳ / ۱۵۲

ہی نہیں دیا بلکہ یہ کہا کہ اس دنیا میں رہو، اسے برتو اور یہ بھی بتایا کہ دنیا میں رہنے کے زریں اصول کیا ہیں، اور یہاں رہ کر ہمیں عزت اور امن کس طرح مل سکتا ہے؟[۱] آپ ﷺ کی سیرت پاک کا ایک پہلو داعی امن ہے۔ سیرت نویسی نویسی کے ذریعے آپ ﷺ کی شخصیت کا یہ پہلو دنیا پر عیاں ہوا۔ آپ ﷺ نے اخلاق کریمانہ سے تائید غیبی کے ساتھ لوگوں کو اخوت و محبت کی لڑی میں پرو دیا۔ جو معاشرہ انتشار وافتراق کا شکار تھا اس میں توحید الٰہی کے رشتہ سے لوگوں کو ایک دوسرے کے ساتھ منسلک کر دیا۔ مدینہ پہنچنے پر آپ ﷺ نے بہترین حکمت عملی سے بہترین سیاسی رہنمائی سرانجام دی۔ ریاست مدینہ کے استحکام کی بہترین مثال یہ ہے کہ ان تمام رسموں کو ختم کرنے کا اعلان کیا جو امن واخوت کو درہم برہم کرنے اور معاشرے میں تباہی پھیلانے کا سبب تھیں۔[۲]

اتحاد واتفاق کی روح

نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات اور آپ ﷺ کی سیرت نویسی کا اہم فائدہ یہ ہوا کہ مسلمان روئے زمین پر پھیل گئے۔ اسلام دنیا کا دوسرا بڑا مذہب بن گیا۔ مسلمان رنگ ونسل زبان، خاندان اور علاقے کے اختلاف کے باوجود متحد امت بن گئے۔ آپ ﷺ کے زمانے میں امت مسلمہ کا اتحاد ایک عظیم نعمت ثابت ہوا اور مسلمان دنیا پر چھا گئے۔ اس میں شک نہیں کہ چودھویں صدی میں زوال کے سائے گہرے ہوئے مگر پندرہویں صدی جملہ قرائن سے امید افزا صدی ہے۔ اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ مسلمان اپنے روحانی رشتوں کو اتحاد کی اساس قرار دیں اور اس رشتہ کے تابع رہ کر سیرت مصطفی کی پیروی میں لگ جائیں اور ایک دوسرے کے لیے ہدایت کا چراغ بن کر گردو پیش کے ماحول کو روشن کر دیں۔[۳] امت مسلمہ کو اس وقت جس باہمی قوت کی ضرورت ہے وہ آپس کا اتحاد واتفاق ہے یہ درس سیرت طیبہ ﷺ سے ہی مل سکتا ہے۔ آپ ﷺ نے جب مدینہ کی اسلامی ریاست کو تشکیل دیا تو ”ان اباکم واحد“ کے اصول پر ترتیب دیا۔ امت مسلمہ آپ ﷺ کی سیرت سے وابستہ رہے گی تو اپنا مقام اور وقار حاصل کر سکے گی۔ سیرت سے وابستہ رہ کر امت مسلمہ کا کوئی فرد اکیلا اور اجنبی نہیں رہ سکتا بلکہ عالمگیر برادری کا حصہ بن جائے گا۔

بقول اقبال:

فرد قائم ربط ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں ۔۔۔ موج ہے دریا میں اور بیرون دریا کچھ نہیں۔[۴]

---

(۱) پنڈت گوپال کرشن، اڈیٹر مہابھارت سماچار بمبئی مقالہ مہابرش محمد ۱۹۶۶ء، ص: ۱۶۵

(۲) حافظ ثانی، ڈاکٹر، نبی اکرم ﷺ کی رواداری، فضلی سنز کراچی، ۱۹۸۱ء، ص: ۷۰

(۳) محمد عبداللہ، عصر حاضر کے نام سیرت نبی ﷺ کا پیغام، ماہنامہ فکر و نظر لاہور اگست ۱۹۸۱ء، ص:۷

(۴) علامہ اقبال، کلیات اقبال، شیخ بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور ۱۹۷۶ء، ص: ۵۷۰

اسلام کی اشاعت

سیرت نویسی کی وجہ سے اسلام نہ صرف امریکہ میں بلکہ پورے عالم میں تیز رفتاری سے بڑھنے والا دین بنتا جارہاہے۔ امریکہ کے ایک ادارے "مڈل ایسٹ میڈیا اینڈ ریسرچ انسٹی ٹیوٹ" کی رپورٹ کے مطابق اا ستمبر ۲۰۰۱ء کے بعد صرف تین مہینوں میں تینتالیس ہزار امریکی شہریوں نے اسلام قبول کرلیا۔ [۱]

کونسل فار امریکن اسلامک ریلیشنز (CAIR) کے عرب افیئرز کے ڈائریکٹر البیومی نے لندن کے ایک روزنامہ "الحیاۃ"۔ کو دیئے اپنے ایک انٹرویو میں بتایا کہ "غیر مسلم امریکن اب اسلام کے بارے میں جاننے کے لیے بے چین ہیں"۔ [۲] دنیا کا کوئی کونہ ایسا نہیں ہے کہ جہاں اس کا پیغام سرایت نہ کررہاہو۔ اسلام پر فاشزم کا لیبل لگانے کی کوشش بھی باطل کی تمام تر کوششوں کی طرح سعی نامشکور ثابت ہوگی۔ جیسے ابو جہل کے منفی پروپیگنڈے کا الٹا اثر ہوا کہ لوگ بڑے شوق سے پیغمبر اسلام ﷺ، ان کی تعلیمات، قرآن مجید کو جاننے کی کوشش کرتے تو متاثر ہوکر بہ رضاورغبت اسلام قبول کرلیتے۔ [۳]

اسلام آج بھی نہ صرف امریکہ میں بلکہ پورے عالم میں تیز رفتاری کے ساتھ بڑھنے والا دین بنتا جارہاہے۔

> The second largest religion in the world after Christianity, Islam is also the fastest growing religion. In the United States, for example more than 1,200 mosques have been built in the past 12 years.[4]

ترجمہ: اسلام دنیا میں عیسائیت کے بعد دوسرا بڑا مذہب ہے۔ یہ امریکہ میں بھی سب سے تیزی سے پھیلنے والا مذہب ہے۔ مثال کے طور پر پچھلے بارہ سال میں بارہ سوسے زیادہ مساجد تعمیر کی گئیں۔

مشہور ومعروف امریکی میگزین میں ہیلری کلنٹن اسلام کے حوالے اس طرح رقم طراز ہے کہ:

> “Islam is the fastest growing religion in America, a guide and pillar of stability for many of our people”[5]

ترجمہ: اسلام امریکہ میں تیزی سے پھیلنے والا مذہب ہے۔ یہ ہمارے بہت سے لوگوں کے لیے استحکام اور رہنمائی کا ستون ہے۔

---

(1) American Middle East Media and Research Institute Report 2001. P 318

(۲) شکیل رشید، یورپ اور امریکہ میں اسلام تیزی سے پھیلنے والا مذہب بن گیا، حیدرآباد دکن، روزنامہ مصنف، ۲۹ ستمبر ۲۰۰۶ء

(۳) یورپ اور امریکہ میں اسلام تیزی سے پھیلنے والا مذہب، ص: ۳۲۰

(4) Encyclopedia of Religion and Ethics New York 1988 p: 16

(5) Hillary Roadman Clinton/Los Angeles Press 1994, P: 6.

نبی اکرم ﷺ کی سیرت نویسی کا فائدہ یہ ہوا کہ آپ ﷺ کے تئیس سالہ حیرت انگیز انقلاب اور اس کے ہمہ گیر اثرات نے ان لوگوں کو بھی انگشت بدنداں کر دیا۔ جو آنحضرت ﷺ کی ذات اور آپ ﷺ کے مشن کے سخت مخالف رہے۔ یہ آپ ﷺ کی تعلیم و تربیت کا حیرت انگیز کرشمہ تھا کہ تئیس سال کی مختصر مدت میں صحرائے عرب کے جو وحشی علم و معرفت اور تہذیب و تمدن سے بالکل کورے تھے وہ پوری دنیا میں علم و حکمت اور تہذیب و شائستگی کے چراغ روشن کرتے ہیں جو لوگ کل تک ایک دوسرے کے خون سے اپنی پیاس بجھا رہے تھے وہ آپس میں بھائی بھائی بن جاتے ہیں۔[1]

رواداری کا فروغ

سید المرسلین، رحمت اللعالمین، خاتم النبیین ﷺ کی پوری حیات مقدسہ اور سیرت طیبہ عفوو درگزر، رحمت و رافت اور مثالی مذہبی رواداری سے عبارت ہے۔ آپ ﷺ انسانیت کے محسن اعظم، رحمت مجسم ہیں، آپ ﷺ نے غیر مسلم اقوام اور اقلیتوں کے لیے مراعات اور آزادی پر مبنی ہدایات دیں اور عملی اقدامات تاریخ انسانی کے اس تاریک دور میں ادا فرمائے کہ جب لوگ مذہبی رواداری سے ناآشنا تھے۔[2] آپ ﷺ کی سیرت کا اثر یہ ہوا کہ جزیرہ عرب میں علم کے پیاسوں اور عمل کے شیدائیوں کی ایک ایسی جماعت تیار ہوئی جس نے دیکھتے ہی دیکھتے سارے عالم میں ایک انقلاب بپا کر دیا۔[3] مخالفین اسلام دین اسلام کے خلاف یہ پراپیگنڈہ کرتے رہے کہ یہ دین تلوار کے زور سے پھیلا لیکن حقیقت میں دین اسلام نبی اکرم ﷺ کی اس خوبصورت حکمت عملی کی وجہ سے پھیلا جو رواداری، عدل وانصاف اور غیر مسلموں کے ساتھ اچھے روابط پر مبنی تھی۔

انگریز مورخ A.S. Tritton اپنی کتاب میں لکھتا ہے:

"The picture of the Muslim soldier advancing with a sword in one hand and the Quran in the other is quite false."[4]

ترجمہ: مسلمان سپاہی کی یہ تصویر کہ ایک ہاتھ میں قرآن اور دوسرے میں تلوار لیے بڑھ رہا ہے بالکل غلط ہے۔

مسلمان کی تلوار اور کافر کی شمشیر میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ کافر کی جنگ کا مقصد فرد، گروہ یا قوم کی ہوس ملک گیری، جذبہ برتری یا معاشی غلبے کے جذبے کی تسکین ہوتا ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے وہ ہر ممکن

---

(۱) عثمانی، تقی، حضور ﷺ کا انداز تعلیمات وتربیت اور اس کے انقلابی اثرات، کراچی ماہنامہ البلاغ، مئی ۲۰۰۳ء، ص: ۱۵

(۲) نبی اکرم ﷺ کی رواداری، فضلی سنز، کراچی ۱۹۹۱ء، ص: ۷۱

(۳) محمد اسماعیل، سید، رسول عربی ﷺ اور عصر جدید لاہور احمد پبلی کیشنز، ۲۰۰۳ء، ص: ۱۷۳

(4) A.S. Triiton/Islam, London 1951 p.21.

ظلم، دہشت گردی اور سفاکی سے کام لیتا ہے اور کامیاب ہو جانے کی صورت میں مفتوحین کی جان و مال اور عزت و آبرو، ہر چیز کو غارت کر دیتا ہے۔[۱]

اس میں شک نہیں کہ نبی اکرم ﷺ کی سیرت کا یہ اثر ہوا کہ مسلمانوں نے اسپین پر تقریباً آٹھ سو سال حکومت کی لیکن مذہب کے معاملے میں کسی کے ساتھ سختی اور جبر سے کام نہیں لیا لیکن جب عیسایوں نے اسپین پر قبضہ کیا تو مسلمانوں کو باہر نکال دیا گیا اور مسلمانوں کو اسپین میں اذان تک دینے کی اجازت نہ تھی۔ یہ حقیقت اپنی جگہ ہے کہ مسلمان پورے عرب پر چودہ سو سال سے حکمران ہیں اور نبی اکرم ﷺ کی سیرت کے اثر سے کسی مسلمان نے تلوار نہیں اٹھائی۔

ڈاکٹر ذاکر نائیک کے مطابق ہندوستان پر بھی مسلمانوں نے ایک ہزار سال تک حکومت کی۔ آج ہندوستان کی آبادی کا ۸۰ فیصد سے زائد حصہ غیر مسلموں پر مشتمل ہے۔ ہندوستان میں غیر مسلموں کی اتنی بڑی اکثریت خود اپنی زبان سے گواہی دے رہی ہے کہ برصغیر میں اسلام طاقت کے زور سے ہرگز نہیں پھیلا۔[۲] نامور مورخ و محقق پروفیسر ٹی ڈبلیو آرنلڈ اپنی تصنیف "دعوت اسلام" میں تحریر کرتے ہیں کہ پہلی صدی ہجری کے مسلمان فاتحین نے عیسائیوں سے جس رواداری کا مظاہرہ کیا اور جس کا سلسلہ ان کے بعد آنے والی نسلوں نے بھی جاری رکھا ان کو دیکھتے ہوئے ہم وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ جن عیسائی قبائل نے اسلام قبول کیا، انہوں نے برضا و رغبت ایسا کیا۔[۳]

عدل و مساوات

دین اسلام عدل و مساوات کا علمبردار ہے۔ کیونکہ عدل ایمان کی جان اور عمل کی روح ہے۔

قوموں کے استحکام کا دارومدار عدل پر ہے۔ جو معاشرہ عدل و انصاف کی روح سے محروم ہو جائے وہ زیادہ دیر قائم نہیں رہ سکتا۔ اسی لیے قرآن پاک نے عدل و انصاف کا حکم دیا ہے۔

﴿وَاِذَا حَكَمْتُمْ بَيْنَ النَّاسِ اَنْ تَحْكُمُوْا بِالْعَدْلِ﴾[۴]

ترجمہ: اور لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو تو انصاف سے فیصلہ کرو۔

---

(۱) ہاشمی، حسن دین، اسلامیات، کراچی رشید اینڈ سنز ۱۹۹۶ء، ص: ۶۳

(۲) نائیک، ذاکر، مترجم سید امتیاز، مذاہب عالم میں تصور خدا لاہور، دارالندوہ، ۲۰۰۵ء، ص:۷۷

(3) T.W. Arnold, Preaching of Islam, London 1913 p: 51

(۴) سورۃ النساء، ۴/ ۵۸

اسلام رنگ و نسل، ذات و برادری اور خاندان و قبیلہ کی وجہ سے کسی کو برتر اور کسی کو کمتر نہیں سمجھتا، بلکہ بنی آدم ہونے کے ناطے سب کے ساتھ یکساں سلوک کا خواہاں ہے۔ کسی امیر کو اجازت نہیں دیتا کہ وہ غریب کے ساتھ ظلم کرے اور نہ کسی کو یہ اجازت دیتا ہے کہ وہ اپنے آپ کو بڑا خیال کرے اور دوسروں پر ترجیح دے۔ آپ ﷺ نے ایسا معاشرہ قائم کیا جہاں مظلوم کی دادرسی ہوتی تھی۔ جہاں حق دار کو حق دیا جاتا تھا۔ جہاں ظالم کے خلاف آواز بلند کرنا افضل جہاد کہلاتا تھا۔ جہاں باتیں ہوتیں تو انصاف کی ہوتی تھیں اور جہاں فیصلے ہوتے تو عدل کے ہوتے تھے۔ آپ ﷺ نے عدل کی فضیلت بیان کرتے ہوئے فرمایا

((سَبْعَةٌ يُظِلُّهُمْ اللَّهُ فِي ظِلِّهِ يَوْمَ لا ظِلَّ إِلا ظِلُّهُ : الإِمَامُ الْعَادِلُ)) (۱)

ترجمہ: قیامت کے دن جب خدا کے علاوہ کوئی سایہ نہیں ہوگا۔ اللہ سات اشخاص کو اپنے سایہ رحمت میں رکھے گا۔ ان میں ایک امام عادل ہوگا۔

آپ ﷺ کی سیرت کو سامنے رکھتے ہوئے خلفائے راشدین نے بھی اپنے اپنے دور میں عدل وانصاف کے اعلیٰ معیار کو مدِ نظر رکھا، حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے اپنی حکومت کا بنیادی مقصد بیان کرتے ہوئے فرمایا:

" والضعيف فيكم قوي عندي حتى أريح عليه حقه إن شاء الله، والقوى فيكم ضعيف حتى آخذ الحق منه إن شاء الله" (۲)

ترجمہ: تمہارے کمزور میرے نزدیک اُس وقت تک طاقت ور ہیں، جب تک میں ان کا غصب شدہ حق واپس نہ دلادوں اور تمہارے زبردست لوگ میرے نزدیک اُس وقت تک کمزور ہیں جب تک میں ان سے ان پر واجب شدہ حق نہ لے لوں

سیرت نویسی کے فیض کا اثر یہ ہوا کہ بعد کے معاشروں میں عدل وانصاف کی روح قائم ہوئی، آج بھی جہاں جہاں عدل وانصاف ہے وہ آپ ﷺ کی سیرت اور آپ ﷺ کی تعلیمات کی وجہ سے ہے۔

خلاصہ بحث

بحیثیت مسلمان ہمیں نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات اور سیرت اور کارناموں کو سامنے رکھنا چاہیے، اس لئے کہ ہماری کامیابی کا راز آپ ﷺ کی تعلیمات اور سیرت پر عمل کرنے ہی میں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی حیات پاک کے ذریعے زندگی بسر کرنے کا جو طریقہ انسانیت کو بتایا ہے، وہ قابل عمل، قابل مثال اور تابندہ ہے آپ ﷺ

(۱) صحیح بخاری، کتاب العدل، حدیث: ۲۳۰۰

(۲) ابن سعد، طبقات ابن سعد، ترجمہ مولانا راغب اصفہانی، نفیس اکیڈمی کراچی س،ن، ص:۳۸٦

نے ہر شعبہ حیات کے لیے جامع، مکمل اور روشن ہدایات چھوڑی ہیں۔ آپ ﷺ کی سیرت پڑھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ ﷺ کی سیرت ہر مزاج، ہر طبیعت، ہر گروہ اور ہر طبقے کے لیے نمونہ عمل ہے۔ عبادت ہو یا معاشرت، معیشت ہو یا ثقافت، سیاست ہو یا تمدن آپ ﷺ کی سیرت پاک سے واضح رہنمائی مل سکتی ہے۔ آپ ﷺ کی سیرت ساوات، عدل، درگزر، رواداری، برداشت، تحمل، صبر اور خدمت خلق کا درس دیتی ہے۔

اگر ہم اسلام کی نشت ثانیہ اور امت مسلمہ کی بقاء کے لیے نبی اکرم ﷺ کی سیرت سے وابستہ ہو جائیں، تو ہم دنیا کی طاقت ور مضبوط اور باصلاحیت قوم بن سکتے ہیں۔ سیرت طیبہ میں ہمارے تمام مسائل کا حل اور تمام معاملات کو حل کرنے کا ایک بہترین نمونہ موجود ہے۔ نبی اکرم ﷺ کی سیرت، آپ ﷺ کے پیغام کو فراموش کرکے امت مسلمہ نے بڑے نقصان اٹھائے ہیں۔ آج دنیا میں پچاس سے زیادہ اسلامی ریاستیں موجود ہیں لیکن قرآن وسنت کی تعلیمات اور آپ ﷺ کی سیرت پر عمل پیرانہ ہونے کی وجہ سے شیطانی تثلیث کے سامنے بے بس ہیں۔

آج ضرورت اس امر کی ہے کہ ہر مسلمان حقیقی معنوں میں سیرت مصطفی ﷺ کی پیروی میں لگ جائے اور آپ ﷺ کے پیش کردہ نظام کو عملی زندگی میں نافذ کرے۔ آپ ﷺ کے پاکیزہ اخلاق کو اپنائے اور رہنمائی کا ایسا نمونہ بننے کی کوشش کرے کہ وہ جہاں بھی جائے اس کے اعلیٰ اخلاق اور پاکیزہ عمل سے اس کے گرد وپیش کا ماحول روشن ہو جائے۔ اس کے لباس، اس کی خوراک، اس کی رہن سہن، بودوباش، چال ڈھال اور معاملات میں سیرت رسول ﷺ کی پیروی نظر آئے۔

تورات وانجیل کی بشارتیں اوررسولِ اکرم ﷺ

Predictions of Torah & Gospel about Prophet Muhammad (S.A.W)

ڈاکٹرنورحیات خان*

ABSTRACT

People, who believed on Torah & Gospel, believed that a prophet of mercy will descend with clear signs of prophet-hood. He will lead the world and guide them to the righteous path and will disclose the changes in Gospel. They also believed that the Prophet Muhammad (S.A.W) will reveal the prophet-hood of Jesus and confirm that Jesus is a man of Allah with bestowed miracles.

According to this prediction, who can be the last prophet of Allah other than Muhammad (S.A.W)? Even the world knows that the complete code of life after Moses was given only to the last Prophet Muhammad (S.A.W). There is no doubt that the Christians have made changes in this forecast and tried to mix up the correct information with false one, but still the Good news are not fixing to anyone other than Muhammad (S.A.W). The Gospel of Barnabas clarifies that the last prophet will be from Ismā'IL's tribe not in Izhaq's tribe, but the change in this prediction is a clear interruption of Priests in the Bible. The Gospel of Murqus also emphasizes that Jesus was a prophet of Allah and came to prepare the ground for the last Prophet Muhammad (S.A.W).

Prophet-Hood is one of the critical issues which Islam has particularly emphasized and given high prestige and status to such a degree that a person cannot enter in Islam or remain a Muslim without it.

This article provides information regarding good news about the last Prophet of Allah, through Old & New Testaments, justified by Holy Qur'ān. It also explains the status of Jesus Christ among the human beings as a prophet.

Keywords: *Old & New Testaments, interruption, Priests, forecasts, realized, believers.*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علومِ اسلامیہ نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو یجز اسلام آباد

حضرت موسیٰ اور عیسیٰ علیہما السلام کے دور سے لے کر حضرت محمد ﷺ کے مبعوث کیے جانے تک لوگ نبی آخر الزمان کے آنے کے منتظر تھے، اور تورات وانجیل کو الہامی کتابیں ماننے والے ان کی پیشن گوئیوں اور بشارتوں کو سچ مانتے ہی تھے، لیکن نہ ماننے والوں پر بھی ان کے بشارتوں کے اثرات تھے اور ایک آنے والے نبی کے وہ بھی منتظر تھے، جو یحییٰ تھے اور نہ عیسیٰ علیہ السلام ،البتہ ان میں وہ تمام علامات تھیں جن کے بارے میں بتایا جاچکا تھا۔

ان پیشن گوئیوں کی رُو سے ان آنے والے نبی کے خدو خال، مقام و مرتبہ، اخلاق و کردار، اعلیٰ و ارفع خصائل، عزم و ہمت، تعلیم و تربیت، منصبِ نبوت ورسالت کی تکمیل میں اپنے پیش رووں کے ساتھ کمال درجہ توافق اور ان کے ساتھیوں کی کمال درجہ پر خلوص مصاحبت نے ان کو تمام انبیاء سے ممتاز بنادیا تھا۔ اس مختصر مقالے میں ان تمام پیش گوئیوں کا احاطہ ممکن نہیں، تاہم موضوع کے مختلف پہلوؤں کو واضح کرنے کے لیے چند اہم بشارتیں درج کرنے کی ممکن حد تک کوشش کی گئی ہے۔

حضرت محمد ﷺ کے بارے میں تورات کی بشارتیں

بائبل عہد نامہ قدیم میں تحریف کے باوجود نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کی آمد کی بشارتیں موجود ہیں۔ ان میں یہ بتایا گیا ہے کہ جب آپ ﷺ تشریف لائیں گے تو تم اس کی سمع وطاعت اختیار کرنا۔ مثلاً: کتاب استثناء میں مذکور ہے:

" خداوند تیرا خدا تیرے ہی درمیان سے یعنی تیرے ہی بھائیوں سے میری مانند ایک نبی برپا کرے گا، تم اس کی سننا" (۱)

پھر موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالی سے آخری نبی کے مبعوث کیے جانے کی استدعا کی، تو اللہ تعالی نے فرمایا:

" اور خداوند نے مجھے کہا کہ وہ جو کچھ کہتے ہیں سو ٹھیک کہتے ہیں، میں ان کے لئے ان ہی کے بھائیوں میں تیری مانند ایک نبی برپا کروں گا اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے حکم دوں گا وہی وہ ان سے کہے گا اور جو کوئی میری ان باتوں کو جن کو وہ میرا نام لے کر کہے گا نہ سنے تو میں ان کا حساب اس سے لوں گا" (۲)

---

(۱) بائبل، (پاکستان بائبل سوسائٹی، انار کلی لاہور، ۲۰۰۷ء) استثناء:۱۸:۱۵

(۲) ایضاً:۱۸:۱۸تا۱۹، قرآن مجید میں وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوَى إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ يُوحَى، سورۃ النجم:۳-۴ سے اس کی طرف اشارہ ہے۔

یہ پیشگوئی حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کسی اور نبی پر صادق نہیں آتی، یہی وجہ ہے کہ اس کی تطبیق کے بارے میں ایک عرب سکالر (بسّام داود عجک) لکھتاہے:

" اذا كانت هذه الكلمات لا تنطبق على النبى محمدﷺ فانها تبقى غير متحققة ولا فائدة ، فالمسيح نفسه لم يدع ابداً أنه النبى المشار إليه وحتىٰ حواريه كانوا على نفس الرأى"(۱)

ترجمہ: "اگر بشارت کے یہ کلمات نبی حضرت محمد ﷺ پر منطبق نہ ہوں تو یہ غیر محقق اور بے فائدہ رہ جاتے ہیں اور مسیح نے بھی کبھی یہ دعویٰ نہیں کیا تھا کہ جس کی طرف اشارہ کیا گیاہے وہ میں ہوں اور اسی طرح یہی رائے آپ ﷺ کے حواری بھی رکھتے تھے"۔

جبکہ امام ابن قیم اور سید مودودی وغیرہ نے سابقہ بشارت کے جملے "تیرے بھائیوں میں سے" یہ نکتہ نکالا ہے کہ ان سے مراد بنی اسرائیل کے بھائی بنی اسماعیل میں سے اس نبی کو برپا کرنے اور موسیٰ علیہ السلام کی مانند شریعت کا حامل ہونے کی استدعاہے کیونکہ بنی اسرائیل میں جتنے بھی نبی آئے تھے، وہ شریعت موسوی کے پیرو تھے۔ کوئی مستقل شریعت لے کر نہیں آیا تھا۔ جبکہ موسیٰ علیہ السلام سے اللہ تعالی نے یہ وعدہ کیا تھا:

" میں اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا اور جو کچھ میں اسے حکم دوں گا وہ ان سے وہی کہے گا۔"

وہ ایک مستقل شریعت کے حامل ہوں گے جن کے منہ پر اللہ تعالی اپنا کلام جاری فرمائے گا، جو اسے خلق خدا کو سنائے گا۔ اس تصریح کے بعد کیا اس امر میں شک کی کوئی گنجائش رہ جاتی ہے کہ حضرت محمد ﷺ کے سوا اس پیشگوئی کا مصداق کوئی اور ہو سکتا ہو دوسرا یہ کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد مستقل شریعت صرف آپ ﷺ ہی کو دی گئی ہے(۲) جو ایک مکمل ضابطہ حیات، نہایت روشن اور چمکتے ہوئے سورج کی مانند ہے جس کی تائید تورات کی دوسری پشینگوئی سے یوں ہوتی ہے:

"جاء الرب من سيناء ، وأشرق لهم من سعير، وتلألأ من جبل فاران ، و أتىٰ من ربوات القدس وعن يمينه نار شريعة لهم"(۳)

---

(۱) عجک، بسّام داود، دکتور، الحوار الاسلامی المسیحی، دار قتیبۃ، ۱۹۹۸ء۔ ص: ۳۵۰

(۲) ابن قیم الجوزیہ، شمس الدین أبو عبداللہ محمد بن أبی بکر، ھدیۃ الحیاری فی أجوبۃ الیھود والنصاریٰ، دار العلم الشامیۃ، جدہ السعودیۃ، ط:۱۹۹۶ء ص: ۱۲۰

(۲) مودودی، ابوالاعلیٰ، (سید)، سیرت سرور عالم، ادارہ ترجمان القرآن: لاہور، ۱۹۹۹ء، ۱/۶۷۹

(۳) بائبل دار الکتاب المقدس، الشرق الاوسط، سفر التثنیۃ: ۳۳: ۱ تا ۲

ترجمہ: "وہ قدوس سوئے سینا سے آیا اور طرف ساعیر سے اس کے لئے روشنی لے آیا اور کوہ فاران کی طرف آچمکا اور قدس کی چوٹیوں کی طرف سے آیا اور آپ ﷺ کے دائیں ہاتھ میں ان کے لئے شریعت بیضاء تھا"۔

چونکہ یہ پیشن گوئی نہ صرف شریعت محمدی کی مکمل تائید کرتی ہے، بلکہ فتح مکہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد کو بھی بیان کرتی ہے۔ لہٰذا اس میں بعض الفاظ داخل کر کے جبکہ بعض کو نکال کر مدعا کو مخاطب کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے، جیسا کہ دارالکتاب المقدس شرق اوسط کی مذکورہ عربی عبارت میں قدوسیوں (صحابہ کرام) رضی اللہ عنہم اوران کی تعداد کا ذکر نہیں جبکہ انٹرنیشنل بائبل سوسائٹی اردو ورژن کی عبارت میں لفظ "لاتعداد" کا ذکر آیا ہے، ملاحظ ہو:

"خداوند سینا سے آیا، اور سعیر سے ان پر ظاہر ہوا اور کوہ فاران سے جلوہ گر ہوا، وہ جنوب سے اپنی پہاڑی ڈھلانوں میں سے لاتعداد قدسوں کے ساتھ آیا"۔[۱]

اور پاکستان بائبل سوسائٹی لاہور کی اشاعت میں یہ تعداد لاکھوں میں بتائی گئی ہے۔ عبارت ملاحظ ہو:

" خداوند سینا سے آیا اور شعیر سے ان پر آشکارا ہوا اور لاکھوں قدسیوں میں سے آیا"[۲]

تاہم اس تعداد کو ایک پادری[۳] نے اپنی کتاب میں انجیل کے ایک پرانے نسخہ سے یوں نقل کیا ہے:

"وجاء الرب من سيناء، وأشرق لهم من ساعير، و تلألأ قدماً من جبل فاران، وجاء معه عشرة آلاف قديس، ومن يده اليمنىٰ برزت نار شريعة لهم " [۴]

ترجمہ: "خداوند سینا سے آیا اور سعیر سے ان پر آشکارا ہوا، اور جبل فاران کی طرف سے آچمکا اور "دس ہزار" قدوسیوں کے ساتھ آیا اور آپ (ﷺ) کے دائیں ہاتھ میں ان کے لئے شریعت بیضاء تھی"۔

یہ پشینگوئی فتح مکہ میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعداد کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ سیرت نگارانِ رسول ﷺ کے بیان کردہ تاریخ کے بھی موافقت کرتی ہے۔

مفسر قرآن اور سیرت و تاریخ نگار امام محمد بن جریر طبری لکھتے ہیں:

---

(۱) استثناء:۳۳: ۱تا۲

(۲) استثناء:۳۳: ۱تا۲ (International Bible Society 1820 Jet Stream Drive, USA-2005)

(۳) جس کا نام دافید بنجامین کلدانی ہے اور ویٹکن سے اس نے فلسفہ اور لاہوت میں تخصص کیا اور رومی کیتھولک کلدانی فرقے کا پادری بنا اور ۱۸۹۵ء میں ویٹیکن کی طرف بلاد فارس کے لئے پادری مقرر ہوا، ۱۹۰۰ء میں مزید سٹڈی کے لئے اپنے منصب سے استعفاد دے کر، "محمد کتاب مقدس میں" لکھ کر اپنے اسلام کا اعلان کیا اور عبد الاحد داوٗد نام رکھا۔ (الحوار الاسلامی المسیحی، ص:۳۴۹)

(۴) عبد الاحد داود (سابق قسیس)، محمد فی الکتاب القدس: فھمی سما، دار الضیاء للنشر والتوزیع، قطر، ط:۲، ۱۹۸۵ء، ص:۳۲۔ ان منقولات کو "ھدایۃ الحیاری" میں بھی ملاحظہ کیا جاسکتا ہے، حاشیہ: ۴

"جب فتح مکہ کے لئے حضور ﷺ روانہ ہوئے، تو دس ہزار کا لشکر جرار ہمراہ تھا"[1]

اسی طرح ابن ہشام لکھتے ہیں:

"رسول اللہ ﷺ ۱۰ رمضان المبارک ۸ھ میں دس ہزار قدوسیوں کے ساتھ مکہ روانہ ہوئے"[2]

ان تصریحات سے اندازہ ہوتا ہے کہ بائبل کی مذکورہ بشارتوں میں واضح تحریف ہوچکی ہے کیونکہ غزل الغزلات جو سلیمان علیہ السلام کی طرف منسوب ہے، میں بھی قدوسیوں (صحابہ کرام) رضی اللہ عنہم کی دس ہزار کی تعداد کا ذکر ہے، جو سیرتِ نبوی تاریخ کے عین مطابق ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو:

"میرا محبوب سرخ وسفید ہے وہ دس ہزار میں ممتاز ہے"[3]

تورات کے اس بیان میں نہ صرف یہ کہ فتح مکہ کے وقت دس ہزار لشکر کی تعداد کا تعین ہے، بلکہ آپ ﷺ کے شمائل کا بھی واضح بیان ہے، کہ سردارِ دوجہاں ﷺ سرخ وسفید یعنی گندمی رنگ لیے ہوئے تھے، جس کا واضح تذکرہ کتبِ احادیث اور سیرت وشمائلِ نبوی میں موجود ہے جو محتاجِ بیان نہیں ہے۔

بشارتوں کا نتیجہ

تورات کی ان پیشن گوئیوں سے درج ذیل باتیں سامنے آتی ہیں:

۱. ایک بات یہ معلوم ہوئی کہ بائبل میں جو پیشن گوئیاں کی گئیں ہیں، یہ اگر کسی نبی پر صادق آتی ہی،ں تو وہ نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ ہی کی ذاتِ بابرکات ہے۔

۲. دوسرا یہ معلوم ہوا کہ انبیاء بنی اسرائیل کا جبل فاران سے کوئی تعلق نہیں رہاہے اور نہ ان میں سے کوئی اس علاقے میں رہ چکاہے، سوائے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی والدہ ہاجرہ کے جو عرب کی تاریخ میں مذکور ہے ،اور بائبل (سفر التکوین) اس کی تصدیق بھی کرتی ہے۔ عبارت ملاحظہ ہو:

"فمضت (هاجرة) وتاهت فی برية بئر السبع ونادىٰ ملاك الله هاجر من السماء وقال لها: مالكِ یاهاجر؟ لاتخافی ؛لأن الله قد سمع لصوت الغلام حيث هو، قومی

---

[1] محمد بن جریر طبری، تاریخ طبری، مترجم: الفیصل، ناشران وتاجرانِ کتب، اردو بازار لاہور، ۲۰۰۴ء، ۲/ ۳۲۲، پیر محمد کرم شاہ االازھری: ضیاء النبی، ضیاء القرآن پبلی کیشنز: لاہور، کراچی، ۱۴۱۸ھ، ۴/ ۵۳۰

[2] ابن ہشام، السیرہ النبویہ، تحقیق: مصطفی السقا وغیرہ، مطبعہ مصطفی البابی الحلبی، ۱۹۳۶ء، ص: ۳/ ۶۳، چیمہ، غلام رسول: پروفیسر، مذاہب عالم کا تقابلی مطالعہ، علمی کتب خانہ: لاہور، ۱۹۹۲ء، ص: ۶۱۶، ۶۱۵

[3] (بائبل) غزل الغزلات، باب، ۵، آیات ۱۰ تا ۱۶

واحملی الغلام، وشدی یدكِ به ؛لأن الله قد جعله أمة عظیمة وكان الله مع الغلام فكبر، وسكن فی البریة و كان ینمو رامی قوس، وسكن فی بریة فاران" (۱)

ترجمہ: ہاجرہ دشتِ بئر سبع میں حیران وپریشان جارہی تھی کہ فرشتوں نے اسے آسمان سے آواز دی اور کہا: ہاجرہ ! آپ کو کیا ہوگیا ہے؟ کوئی خوف نہ کریں کیونکہ اللہ نے بچے کی آواز سنی ہے جہاں وہ ہے۔ کھڑی ہو جا اور بچے کو اٹھالیں اور مضبوطی سے اس کو گود میں پکڑ لیں، کیونکہ اللہ اسے ایک عظیم امت بنائے گا۔ اللہ بچے کے ساتھ تھا اور اسی طرح وہ بڑا اور دشتِ فاران میں نیزا اٹھائے ہوئے پرورش پارہا تھا اور دشتِ فاران میں سکونت پذیر رہا۔

۳۔ یہ معلوم ہوا کہ کوہِ فاران سے اگر تعلق رہا ہے، تو حضرت اسماعیل علیہ السلام کا، جن کی نسل سے آخری پیغمبر حضرت محمد ﷺ پیدا ہوئے ہیں۔ جس کا تذکرہ بائبل کتابِ پیدائش میں آتا ہے کہ اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں ایک نام قیدار کا آتا ہے، جو عدنان ہے، جس سے عرب کا شجرِ نسب جا ملتا ہے اور پھر اس سے نبی ﷺ کے خاندان کا تعلق جڑتا ہے اور دشت فاران ان کا مسکن رہا ہے۔ اور یہیں سے بائبل کی وہ پیشین گوئی صحیح بیٹھتی ہے کہ وہ نبی دشت فاران میں ظاہر ہوا، اور دس ہزار قدوسیوں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مکہ میں داخل ہوا اور شریعت بیضاء ساتھ لے کر فاران کی چوٹیوں سے آیا(۲)۔

اس بات کی مزید تائید (بائبل) کتاب حقوق کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے:

" وہ قدوس کوہ فاران سے آیا اس کا جلال آسمان پر چھا گیا اور زمین اس کی حمد سے معمور ہوگئی اور اس کے ہاتھ سے کرنیں نکلتی تھیں" (۳)

جبکہ برناباس کی انجیل میں لکھا ہے کہ وہ نبی اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہوگا اور ساتھ ساتھ یہ بھی بتادیا ہے کہ آخری رسول ﷺ کا بنی اسحاق میں آنے کی پیش گوئی بائبل میں ربیوں کی صریح تحریف ہے۔ برناباس لکھتا ہے:

"شاگردوں نے کہا: اے استاد، موسیٰ کی کتاب میں یوں لکھا ہے کہ یہ وعدہ اضحاق میں کیا گیا تھا" یسوع نے کراہ کر جواب دیا: ایسا ہی لکھا ہے، مگر موسی نے نہیں لکھا، نہ یسوع نے لکھا ہے بلکہ ہمارے ربیوں نے، جو خدا سے نہیں ڈرتے۔ تب خدا نے ابرہام سے فرمایا: اپنا بیٹا، اپنا پہلوٹھا

---

(۱) سفر التکوین، (کتاب پیدائش)، الاصحاح: باب ۲۵، آیات ۱۴ اور اسکے بعد مزید تفصیلات کے لئے دیکھیے: محمد فی الکتاب المقدس، اور الحوار الاسلامی المسیحی، ص:۳۵۱

(۲) الحوار الاسلامی المسیحی، ص:۳۵۱

(۳) حقوق:۳تا۵، پاکستان بائبل سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۲۰۰۷ء

،اسماعیل لے اور پہاڑ پر آکر اس کی قربانی دے، سو اسحاق پہلوٹھا کیوں کر ہوا کہ جب اسحاق پیدا ہوا تو اسماعیل سات سال کا تھا "[۱]

بہر حال عربی ترجمہ میں "المعزی" اور اردو میں "مددگار" فارقلیط کی تبدیل شدہ (تحریف شدہ) شکل ہے، جس کا تذکرہ امام ابن القیم اور رحمت اللہ کیرانوی الہندی نے اپنی تصانیف میں کیا ہے[۲]۔ علاوہ ازیں فارقلیط کا لفظ اس وقت کی اناجیل میں پایا جاتا تھا، لیکن حضرت محمد ﷺ پر ایمان لانے سے لوگوں کو روکنے کے لئے (یہ مسئلہ) مشتبہ بنادیا گیا ہے۔

امام ابو نعیم اصفہانی دلائل النبوۃ میں لکھتے ہیں:

"عاصم بن عمرو بنی قریظہ کے ایک بوڑھے شخص سے روایت کرتے ہیں کہ ایک بار اس نے مجھ سے پوچھا کیا تم جانتے ہو ثعلبہ بن سعنہ، اسید بن سعنہ اور اسد بن عبید اسلام لانے کا سبب کیا تھا؟ میں نے کہا نہیں۔ کہنے لگا: شام کا ایک یہودی ابن الہیبان ظہور اسلام سے چند سال قبل ہمارے پاس (مدینہ منورہ) آیا۔ وہ یہاں رہنے لگا، ہم نے اس سے کسی کو بہتر پانچ نمازیں پڑھنے والا نہیں دیکھا۔ جب قحط پڑتا تو ہم اسے دعا کرنے کو کہتا، وہ جواب دیتا کہ پہلے ہر شخص ایک صاع کھجور اور ایک مد جو صدقہ کرے۔ جب ہم صدقہ دیدیتے، تو وہ ہمارے ساتھ میدان میں نکلتا، اور دعا مانگ کر اٹھتا بھی نہ تھا کہ بادل اندھیرا کر دیتے۔۔ جب اس کی موت قریب آئی، تو کہنے لگا اے گروہِ یہود! تم جانتے ہو کہ میں شام جیسا امیر و کبیر ملک چھوڑ کر یہاں افلاس زدہ علاقہ میں کیوں آبسا؟ ہم نے کہا اللہ ہی بہتر جانتا ہے۔ کہنے لگا: میں یہاں اس لئے آیا تھا تاکہ اس نبی کا انتظار کروں، جس کا ظہور قریب ہے۔ اس شہر کی طرف وہ ہجرت کرے گا۔ میری آرزو تھی کہ اس کا دیدار کروں (مگر لگتا ہے کہ میری زندگی مزید وفا نہیں کرے گی)۔ اب تمہیں وہ دور ملنے والا ہے، اے یہود! اس رسول پر ایمان لانے میں کوئی قوم تم سے پہل نہ کر جائے۔ اسے اجازت ہوگی کہ اپنے مخالفین کا خون بہادے۔ بچوں اور عورتوں کو گرفتار کرلے، اس لئے ایمان لانے میں دیر نہ کرنا۔ جب نبی کریم ﷺ مدینہ میں تشریف لائے اور بنی قریظہ کا محاصرہ ہوا، تو ان نوجوانوں نے چیخ کر کہا اے بنو قریظہ! یہ وہی رسول ہے جس کے متعلق ابن الہیبان نے پیشن

---

[۱] انجیل برناباس، طبع پنجم، مترجم آسی ضیائی، اسلامک پبلی کیشنز: لاہور، ۱۹۸۷ء، باب ۴۴، ص: ۸۰

[۲] ھدایۃ الحیاریٰ، ص: ۱۲۷ و بعدہ۔ اِظھار الحق، رحمت اللہ الکیرانوی، تحقیق: عمر الدسوقی، طبعہ دولۃ قطر، س ن ندارد، ۲ / ۴۲۱

گوئی کی تھی، یہود کہنے لگے یہ وہ نہیں ہے، تو نوجوانوں نے کہا کہ بخدا یہ وہی رسول ہے۔ چنانچہ یہ اپنے قلعے سے اتر کر آپ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور اسلام لے آئے۔ اور یوں اپنے خون، مال اور اولاد کو خون سے محفوظ کرلیا" (۱)

انجیل کی بشارتیں

انجیل (بائبل عہد نامہ جدید) میں بھی تحریف کے باوجود آنے والے نبی کے بارے میں عیسیٰ علیہ السلام کی پیشن گوئیاں موجود ہیں جو آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کس اور نبی پر صادق نہیں آسکتیں اور یہ بات بھی معلوم تھی کہ دنیا صرف ایک آخری نبی کی منتظر تھی، جس کی خبر حضرت عیسیٰ علیہ السلام دے رہے تھے کہ وہ دنیا کا سردار ہوگا، ابد تک رہے گا، سچائی کی تمام راہیں دکھائے گا اور خود میری نبوت، عبد اللہ ہونے اور سچائی کی گواہی دے گا اور میری لائی ہوئی کتاب میں تحریف کی بھی نشاندہی کرے گا۔

مثلاً: انجیل یوحنا کا بیان ہے:

'میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے۔ میں نے یہ باتیں تمہارے ساتھ رہ کر تم سے کہیں لیکن مددگار...... جسے باپ میرے نام سے بھیجے گا، وہی تمہیں سب باتیں سکھائے گا اور جو کچھ میں نے تم سے کہا ہے، وہ سب تمہیں یاد دلائے گا"(۲)

قرآن مجید میں وہ سب باتیں ان عیسائیوں کو ایک ایک کر کے اسی طرح یاد دلائی گئی ہیں، جس طرح بائبل میں تحریف کے باوجود موجود ہیں، اور یوں نہ صرف قرآن مجید نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشریت اور رسالت بلکہ بشارتوں کی تصدیق کی، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ إِنَّ هَذَا الْقُرْآنَ يَقُصُّ عَلَى بَنِي إِسْرَائِيلَ أَكْثَرَ الَّذِي هُمْ فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ﴾(۳)

ترجمہ: یہ واقعہ ہے کہ یہ قرآن بنی اسرائیل کو اکثر ان باتوں کی حقیقت بتاتا ہے جن میں وہ اختلاف رکھتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ حضرت محمد ﷺ معلمِ انسانیت اور معلمِ اخلاق اور دنیا کے سردار ہیں، جن کی آنے کی پیشنگوئیاں انجیل میں بار بار کی گئی ہیں۔ انجیل یوحنا میں ہے:

---

(۱) ابو نعیم اصفہانی، دلائل النبوۃ، ضیاء القرآن پبلی کیشنز، ۲۰۰۶ء، ص:۹۷

(۲) بائبل، پاکستان بائبل سوسائٹی، انار کلی لاہور، ۲۰۰۷ء، انجیل یوحنا: ۱۶: ۱۴-۱۷، ۱۴: ۲۶،۲۵

(۳) سورۃ النمل: ۲۷/۷۶

" اس کے بعد میں تم سے بہت باتیں نہ کروں گا، کیونکہ دنیا کا سردار آتا ہے، اور مجھ میں اس کا کچھ نہیں.... لیکن جب وہ مددگار آئے گا.... تو وہ میری گواہی دے گا.... لیکن میں تم سے سچ کہتا ہوں کہ میرا جانا تمہارے لئے فائدہ مند ہے، کیونکہ اگر میں نہ جاؤں، تو وہ مددگار تمہارے پاس نہ آئے گا۔"" مجھے تم سے اور بھی بہت سی باتیں کہنا ہے مگر اب تم ان کو برداشت نہیں کرسکتے لیکن جب وہ یعنی روح حق آئیگا تو تم کو تمام سچائی کی راہ دکھائے گا اس لئے کہ وہ اپنی طرف سے نہ کہے گا لیکن جو کچھ سنے گا وہی کہے گا اور تمہیں آئندہ کی خبریں دے گا، وہ میرا جلال ظاہر کرے گا"[۱]

یہ وہی بات ہے جو قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ کے بارے میں ارشاد فرمائی ہے کہ جو کچھ سردارِ دوجہاں اور معلمِ انسانیت ﷺ ارشاد فرماتے ہیں، وحی الٰہی پر مبنی اور یہی حقیقت ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى، اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى ﴾[۲]

ترجمہ: اور نہ وہ اپنی خواہش سے کوئی بات کہتے ہیں۔ یہ تو ایک وحی ہے جو اس پر نازل کی جاتی ہے۔

بشریتِ پیغمبر اور بائبل و قرآن

قرآن کسی بھی انسان کے الوہیت یا ابنیت الٰہ کا قائل نہیں ہے۔ اور اسی طرح حضرت عیسی علیہ السلام کے ابنیت الٰہ یا الوہیت کا بھی قائل نہیں ہے۔ خود حضرت عیسی علیہ السلام اپنے آپ کو ایک نبی کی حیثیت سے پیش فرماتے تھے، جس کی تصدیق اناجیل کی کئی آیات میں کی گئی ہے جو قرآن کے مطابق اور اس کی تصدیق کرتی ہے۔

مثلاً: لوقا کی انجیل میں لکھا ہے:

" مجھے آج کل اور پرسوں اپنی راہ پر چلنا ضروری ہے کیونکہ ممکن نہیں کہ نبی یروشلم سے باہر ہلاک ہو"[۳]

واقعہ صلیب کے بعد، مسیح یسوع علیہ السلام کے شاگردوں نے آپ علیہ السلام کا ذکر اسی انجیل میں ایک نبی اور رسول کی حیثیت سے دوسری جگہ یوں کیا ہے:

" وہ آدمی اپنے کام اور کلام کے باعث خدا کی نظر میں اور سارے لوگوں کے نزدیک بڑی قدرت والا نبی تھا"[۱]

---

(۱) انجیل یوحنا: ۱۴:۳۰، ۱۵:۲۶، ۱۶:۷، ۱۶:۱۲ تا ۱۴

(۲) سورۃ النجم: ۵۳/ ۳-۴

(۳) لوقا: باب ۱۳، آیات: ۳۳

انجیل یوحنا میں حضرت عیسی علیہ السلام کو اللہ تعالی کا ایک بھیجا ہوا نبی ان الفاظ میں بیان کیا گیاہے، تاکہ لوگ اللہ تعالی اور اس کے بھیجے ہوئے رسول دونوں کو پہچان لیں:

"اور ہمیشہ کی زندگی یہ ہے کہ لوگ تجھ خدائے واحد اور برحق کو اور یسوع مسیح کو جسے قوم نے بھیجاہے جانیں"(۲)

انجیل متی میں آپ علیہ السلام کی بشریت اور نبوت کے بارے میں یوں نقل کیا گیاہے:

"یسوع نے کہا: نبی کی بے قدری اس کے اپنے شہر اور رشتہ داروں میں ہوتی ہے اور کہیں نہیں" (۳)

ان ارشادات اور فرمودات سے واضح ہوتاہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام اپنے آپ کو ایک نبی اور رسول کے طور پر پیش فرماتے تھے، جن کے رشتہ دار اور اپنی قوم وقبیلہ تھا اور اللہ تعالی کی طرف سے اس پر وحی آتی تھی جس کی روشنی میں بنی اسرائیل کی راہنمائی کا فریضہ سرانجام فرماتے تھے، اور قرآن مجید پیغمبروں کی یہی ایک مشترکہ خصوصیت قرار دیتاہے۔

ارشادباری تعالیٰ ہے:

﴿قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ قُلْ أَرَأَيْتُمْ إِنْ كَانَ مِنْ عِنْدِ اللَّهِ وَكَفَرْتُمْ بِهِ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ عَلَى مِثْلِهِ فَآمَنَ وَاسْتَكْبَرْتُمْ إِنَّ اللَّهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ﴾(۴)

ترجمہ: ان سے کہو، میں کوئی نرالا رسول تو نہیں ہوں، میں نہیں جانتا کہ کل تمہارے ساتھ کیا ہوناہے اور میرے ساتھ کیا، میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتاہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے اور میں ایک صاف صاف خبردار کر دینے والے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں۔ اے نبی ﷺ ان سے کہو، کبھی تم نے سوچا بھی کہ اگر یہ کلام اللہ ہی کی طرف سے ہوا اور تم نے اس کا انکار کر دیا (تو تمہارا کیا انجام ہو گا)؟ اور اس جیسے ایک کلام پر تو بنی اسرائیل کا ایک گواہ شہادت بھی دے چکاہے۔ وہ ایمان لے آیا اور تم اپنے گھمنڈ میں پڑے رہے۔ ایسے ظالموں کو اللہ ہدایت نہیں دیا کرتا۔

---

(۱) ایضا: آیات: ۱۹-۲۴

(۲) انجیل یوحنا، باب:۱۷، آیات:۳-۱۴۱

(۳) انجیل متیٰ، باب ۱۳، آیت نمبر ۵۷

(۴) سورۃ الاحقاف:۴۶/ ۹-۱۱

اس سلسلے میں صدرالدین اصلاحی رقمطراز ہے:

"حضرت عیسیٰ علیہ السلام خود اپنے آپ کو رسول کہتے ہیں اور جو تعلیم وہ پیش کرتے تھے اس کے بارے میں گواہی دیتے ہیں کہ وہ ان کا ذاتی کلام نہیں ہے بلکہ خدا کا کلام ہے جو خدا نے ان پر نازل فرمایا "[۱]

ایک مسیحی عالم دینیات (ریورنڈ چارلس اینڈرسن اسکاٹ) عیسائیوں کے عقیدہ الوہیتِ عیسیٰ علیہ السلام پر تردید کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

" پہلی تین انجیلوں (متیٰ، مرقس، لوقا) میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس سے یہ گمان کیا جاسکتا ہو کہ ان انجیلوں کے لکھنے والے یسوع کو انسان کے سوا کچھ اور سمجھتے تھے۔ ان کی نگاہ میں وہ ایک انسان تھا، ایسا انسان جو خاص طور پر خدا کی روح سے فیض یاب ہوا تھا اور خدا کے ساتھ ایک ایسا غیر منقطع تعلق رکھتا تھا جس کی وجہ سے اگر اس کو خدا کا بیٹا کہا جائے تو حق بجانب ہے، خود متیٰ اس کا ذکر بڑھئی کے بیٹے کی حیثیت سے کرتا ہے [۲]

انجیل برناباس میں سے نہ صرف یہ کہ ان اناجیل کی تحریف کی نشاندہی ملتی ہے بلکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مقام اور رسالت کا صحیح تصور بھی ملتا ہے ، برناباس لکھتا ہے:

"جب یسوع مسیح سے جو پہاڑ سے یروشلم آتے ہوئے راستے میں ایک کوڑھی شخص نے رحم کی درخواست ان الفاظ میں کہ "خداوند، مجھے صحت دے" یسوع نے ملامت کرتے ہوئے کہا: تو احمق ہے، خدا سے دعا کر جس نے تجھے خلق کیا ہے۔ میں تو بشر ہوں ، کوڑھی نے کہا: میں جانتا ہوں کہ تو بشر ہے، مگر خداوند کا قدوس ہے، پس تو خدا سے دعا کر، اور وہ مجھے صحت دے گا" تب یسوع نے ٹھنڈا سانس بھر کر کہا "خداوند، قادر مطلق خدا، اپنے پاک نبیوں کی محبت کی خاطر اس بیمار کو صحت عطا کر "[۳]

---

(۱) اصلاحی، صدرالدین، عیسائی معتقدات، تعلیم انجیل کی روشنی میں، احمدیہ انجمن اشاعت اسلام لاہور، ۱۹۶۱ء، ص: ۴۴

(۲) متیٰ: ۱۳: ۵۵، سیرت سرور عالم، ص: ۱/ ۶۷۰، انڈرسن نے انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا کے چودھویں ایڈیشن میں یسوع مسیح (Jesus Christ) کے عنوان سے ایک مفصل مقالہ لکھا ہے، دیکھئے: نیو انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، جلد: ۲۲، ۱۹۸۵ء، ص: ۳۶۰-۳۷۷

(۳) انجیل برناباس، باب ۱۱، ص: ۳۴، دیکھئے: مرقس: ۱: ۴۰ تا ۴۵

مرقس کی انجیل بھی آپ علیہ السلام کی نہ صرف یہ کہ نبوت ورسالت کو بلکہ حضرت محمد ﷺ کے رسالت کے لئے راستہ ہموار کرنے کی ذمہ داری بھی بیان کرتی ہے۔

یہ الفاظ توجہ کے لائق ہیں:

" دیکھ میں اپنا پیغمبر تیرے آگے بھیجتا ہوں جو تیری راہ تیار کرے گا" (۱)

ان بیانات کے بعض جملوں سے اختلاف کے باوجود یہ بات بالکل واضح ہو کر سامنے آتی ہے کہ حضرت عیسی علیہ السلام یا للہ تعالی کے بندے اور رسول ہیں، تاہم پیغمبر کو جو خصوصی مقام اللہ تعالی کے ہاں حاصل ہوتا ہے، ان کو بھی اللہ تعالی کے ہاں حاصل تھا، لیکن اس سے یہ سمجھنا کہ وہ اللہ تعالی کے بیٹے یا آپ خود اللہ تعالی ہیں۔ یہ بات خود آپ علیہ السلام ، الہامی تعلیمات اور خاص کر قرآن مجید کی تعلیمات کے سراسر خلاف ہیں۔ قرآن مجید جو سابقہ الہامی کتابوں کا مہیمن ہے اور کارِ انبیاء کا محافظ بھی، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی بشریت، رسالت اور صحیح مقام کو بیان کرتا ہے۔

ارشاد باری تعالی ہے:

﴿قَالَ إِنِّ عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا . وَجَعَلَنِي مُبَارَكًا أَيْنَ مَا كُنْتُ وَأَوْصَانِي بِالصَّلَاةِ وَ الزَّكَاةِ مَا دُمْتُ حَيًّا وَ بَرًّا بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا شَقِيًّا . وَ السَّلَامُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُ وَيَوْمَ أَمُوتُ وَيَوْمَ أُبْعَثُ حَيًّا ذَلِكَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِي فِيهِ يَمْتَرُونَ﴾ (۲)

ترجمہ: بچہ بول اٹھا "میں اللہ کا بندہ ہوں۔ اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا، اور بابرکت کیا جہاں بھی میں رہوں، اور نماز اور زکوۃ کی پابندی کا حکم دیا جب تک میں زندہ رہوں، اور اپنی والدہ کا حق ادا کرنے والا بنایا اور مجھ کو جبار اور شقی نہیں بنایا۔ سلام ہے مجھ پر جبکہ میں پیدا ہوا اور جبکہ میں مروں اور جبکہ زندہ کر کے اٹھایا جاؤں"۔ یہ ہے عیسی ابن مریم اور یہ ہے اس کے بارے میں وہ سچی بات جس میں لوگ شک کر رہے ہیں۔

قرآن مجید بحیثیت نبی آپ ﷺ کی بشریت کی طرف واضح اشارہ کر کے فرماتا ہے کہ یہ نبی امی دوسرے انبیاء سے بالکل مختلف نہیں ہے بلکہ ان کی طرح ایک بشر نبی ہے۔ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

---

(۱) مرقس:۲-۱

(۲) سورۃ مریم:۱۹/ ۳۰-۳۴

﴿قُلْ مَا كُنْتُ بِدْعًا مِنَ الرُّسُلِ وَمَا أَدْرِي مَا يُفْعَلُ بِي وَلَا بِكُمْ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَى إِلَيَّ وَمَا أَنَا إِلَّا نَذِيرٌ مُبِينٌ﴾(۱)

ترجمہ: ان سے کہو "میں کوئی نرالا رسول تو نہیں ہوں، میں نہیں جانتا کہ کل تمہارے ساتھ کیا ہونا ہے اور میرے ساتھ کیا، میں تو صرف اس وحی کی پیروی کرتا ہوں جو میرے پاس بھیجی جاتی ہے اور میں ایک صاف صاف خبر دار کر دینے والے کے سوا اور کچھ نہیں ہوں۔

حضرت عیسی علیہ السلام اور کارِ انبیاء

حضرت عیسیٰ علیہ السلام سابقہ انبیاء اور ان کی کتابوں کی تصدیق کرتے تھے۔ اور یہی کارانبیاء (پیغمبرانہ مشن کی مماثلت) اور نبوت کا طریقہ کار رہا ہے۔

متی کی انجیل اس سلسلے میں کہتی ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا:

"یہ نہ سمجھو کہ میں تورات یا نبیوں کو رد کرنے آیا ہوں، میں رد کرنے نہیں بلکہ پورا کرنے آیا ہوں"(۲)

ہر نبی کے دعوت کا یہ طریقہ رہا ہے کہ وہ خدا کی اطاعت کے ساتھ اطاعت رسول کی بھی دعوت دیتا ہے۔

یوحنا اس سلسلے میں رقمطراز ہے:

" یسوع نے پکار کر کہا: جو کوئی مجھ پر ایمان لاتا ہے وہ نہ صرف مجھ پر بلکہ میرے بھیجنے والے پر بھی ایمان لاتا ہے اور جب وہ مجھ پر نظر ڈالتا ہے تو میرے بھیجنے والے کو دیکھتا ہے "(۳)

دوسری جگہ اسی انجیل میں وارد ہے:

" میں تم سے سچ کہتا ہوں، جو میرے بھیجنے والے کو قبول کرتا ہے وہ مجھے قبول کرتا ہے اور جو مجھے قبول کرتا ہے وہ میرے بھیجنے کو قبول کرتا ہے "(۴)

نبوت اور بشارتیں

پیشینگوئیاں اور بشارتیں نبوت کا حصہ ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بعض انبیاء خصوصاً موسیٰ علیہ السلام اور عیسیٰ علیہ السلام نے بعض آنے والے واقعات اور آنے والے آخری نبی کی آنے کی بشارت اور نوید سنائی ہے۔ محرف ہونے

---

(۱) سورۃ الاحقاف: ۴۶/۹

(۲) متی، باب ۵، آیات: ۱۷

(۳) یوحنا: باب ۱۲، آیات: ۴۴

(۴) یوحنا: ۲۰-۱۳

کے باوجود اکثر بشارتیں اور پیشینگوئیاں حضرت محمد ﷺ اور امتِ محمدیہ کے بعض واقعات کے بارے میں بائبل (عہد نامہ قدیم وجدید) میں مذکور ہیں۔

تورات وانجیل کی بشارتیں اور ان کا مصداق

بائبل میں جو بشارتیں ایک آنے والے نبی کے بارے میں موجود ہیں وہ حضرت محمد ﷺ کے علاوہ کسی اور نبی پر صادق نہیں آتیں اور قرآن مجید بھی اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ وہ (عیسائی حضرات) اس نبی امی کو اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ أُولَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ﴾[۱]

ترجمہ: پس آج یہ رحمت ان لوگوں کا حصہ ہے، جو اِس پیغمبر نبی امّی کی پیروی اختیار کریں، جس کا ذکر انہیں اپنے ہاں تورات اور انجیل میں لکھا ہوا ملتا ہے۔ وہ انہیں نیکی کا حکم دیتا ہے، بدی سے روکتا ہے، ان کے لیے پاک چیزیں حلال اور ناپاک چیزیں حرام کرتا ہے، اور ان پر سے وہ بوجھ اتارتا ہے جو ان پر لدے ہوئے تھے اور وہ بند شیں کھولتا ہے جن میں وہ جکڑے ہوئے تھے۔ لہٰذا جو لوگ اس پر ایمان لائیں اور اس کی حمایت اور نصرت کریں اور اس روشنی کی پیروی اختیار کریں جو اس کے ساتھ نازل کی گئی ہے، وہی فلاح پانے والے ہیں"

بلکہ انجیل برناباس تو آپ ﷺ کا صریح نام لے کر مخاطب کرتی ہے جو عین قرآن کی تصدیق کے مطابق ہے۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَإِذْ قَالَ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ يَا بَنِي إِسْرَائِيلَ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ مُصَدِّقًا لِمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ وَمُبَشِّرًا بِرَسُولٍ يَأْتِي مِنْ بَعْدِي اسْمُهُ أَحْمَدُ فَلَمَّا جَاءَهُمْ بِالْبَيِّنَاتِ قَالُوا هَذَا سِحْرٌ مُبِينٌ﴾[۲]

ترجمہ: یاد کرو عیسیٰ ابن مریم کی وہ بات جو اس نے کہی تھی: اے بنی اسرائیل! میں تمہاری طرف اللہ کا بھیجا ہوا رسول ہوں، تصدیق کرنے والا ہوں اس تورات کی جو مجھ سے پہلے آئی ہوئی موجود ہے اور بشارت دینے والا ہوں ایک رسول کی جو میرے بعد آئے گا جس کا نام احمد ہوگا۔

---

[۱] سورۃ الاعراف:۷/۱۵۷

[۲] سورۃ الصف:۶۱/۶

نبی آخر الزمان ﷺ کی صفات اور اخلاق بیان کرنے کے بعد آپ ﷺ کا نام مبارک لے کر یہی انجیل برناباس لکھتی ہے:

"اور جب میں نے اسے دیکھا تو میری روح تسکین سے بھر گئی، یہ کہہ کر کہ اے محمد (ﷺ)! خدا تیرے ساتھ ہو اور وہ مجھے اس لائق بنائے کہ میں تیری جوتی کا تسمہ کھول سکوں، کیونکہ یہ پاکر میں ایک بڑا نبی اور خدا کا قدوس ہو جاوں گا اور یہ کہہ کر یسوع نے خدا کا شکریہ ادا کیا"[۱]

انجیل برناباس کی بہ نسبت دوسری اناجیل میں زیادہ تحریفیں ہوئی ہیں، لہٰذا نبی اکرم ﷺ کا نام لے کر جو بشارت حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے سنائی تھی، تحریف ہونے کی وجہ سے اس نامِ مبارک کی تعین میں عیسائی علماء کو سخت الجھن پیش آئی ہے۔ یہ بات سابقہ بحث میں اناجیل کے حوالے سے گزر گئی کہ آنے والے نبی کے لئے "مددگار" کا لفظ استعمال کیا گیا تھا جو یونانی لفظ کا ترجمہ ہے، جن کے بارے میں سید مودودی لکھتے ہیں:

"عیسائیوں کو اصرار ہے کہ وہ (لفظ) Para Cletus تھا جس کے معنی متعین کرنے میں ان حضرات کو سخت زحمت پیش آئی ہے اور کئی ایک معنی اس کے بیان کئے ہیں، تاہم ان میں سے کوئی بھی معنیٰ ہمارے مقصد کے لئے صحیح و موزوں نہیں ہو سکتا"[۲]

مصنف مذکور مزید لکھتے ہیں:

"دلچسپ بات یہ ہے کہ یونانی زبان ہی میں ایک دوسرا لفظ Periclytos موجود ہے جس کے معنی ہیں "تعریف کیا ہوا" یہ لفظ بالکل محمد کا ہم معنی ہے اور تلفظ میں اس کے اور Para Cletus کے درمیان بڑی مشابہت پائی جاتی ہے۔ کیا بعید ہے کہ جو مسیحی حضرات اپنی مذہبی کتابوں میں اپنی مرضی اور پسند کے مطابق بے تکلف ردوبدل کر لینے کے خوگر رہے ہیں انہوں نے یوحنا کے نقل کردہ پیشین گوئی کے لفظ کو اپنے عقیدے کے خلاف پڑتا دیکھ کر اس کے املاء میں یہ ذرا سا تغیر کر دیا ہو"[۳]

اور قرآن مجید بھی اس بات کی نشان دہی کرتا ہے کہ وہ اس نبی امی کو اپنے پاس تورات اور انجیل

---

(۱) انجیل برناباس، باب ۴۴، ص:۸۰

(۲) سیرت سرور عالم، ص:۱/۶۸۴

(۳) ایضاً۔

میں لکھا ہوا پاتے ہیں[۱]

جس کی مکمل تائید انجیل برناباس کے اس بیان سے بھی ہوتی ہے جس میں لکھا ہے:

"سردار کاہن نے پوچھا: وہ مسیح کس نام سے پکارا جائیگا اور کیا نشانیاں اس کی آمد کو ظاہر کریں گی؟ یسوع نے جواب دیا: اس مسیح کا نام "قابل تعریف" ہے کیونکہ جب خدا نے اس کی روح پیدا کی تھی اس وقت اس کا یہ نام خود رکھا تھا اور وہاں اسے ایک ملکوتی نشانی سے رکھا گیا تھا۔ خدا نے کہا: اے محمد ﷺ! انتظار کر۔۔۔ سو اس کا مبارک نام محمد (ﷺ) ہے"[۲]

یہ پیشن گوئی قرآن مجید کے عین مطابق ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللَّهِ وَالَّذِينَ مَعَهُ أَشِدَّاءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ تَرَاهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَبْتَغُونَ فَضْلًا مِنَ اللَّهِ وَرِضْوَانًا سِيمَاهُمْ فِي وُجُوهِهِمْ مِنْ أَثَرِ السُّجُودِ ذَلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَمَثَلُهُمْ فِي الْإِنْجِيلِ﴾[۳]

ترجمہ: محمد (ﷺ) اللہ کے رسول ہیں، اور جو لوگ ان کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں رحیم ہیں۔ تم جب دیکھو گے انہیں رکوع و سجود، اور اللہ کے فضل اور اس کی خوشنودی کی طلب میں مشغول پاؤ گے۔ سجود کے اثرات ان کے چہروں پر موجود ہیں جن سے وہ الگ پہچانے جاتے ہیں۔ یہ ان کی صفت توراۃ اور انجیل میں ہے"

چونکہ موجودہ اناجیل ترجمے ہیں اور عیسیٰ علیہ السلام کی زبان فلسطین کی سریانی تھی۔ جس میں بڑی تحریفیں کی گئی ہیں۔

رسالتِ محمدی کی شانِ عالمیت

نبی اکرم ﷺ کے صفاتی نام اور امت محمدیہ کی شان و شوکت تو دوسری اناجیل میں بھی بیان ہوئی ہے، تاہم انجیل برناباس رسالت محمدیہ کی عالمیت کو ان الفاظ میں بیان کرتی ہے:

"بالیقین میں تم سے کہتا ہوں کہ ہر نبی جو آیا ہے وہ صرف ایک قوم کے لئے خدا کی رحمت کا نشان بن کر پیدا ہوا ہے۔۔ مگر خدا کا رسول (ﷺ) جب آئے گا، خدا گویا اس کو اپنے ہاتھ کی مہر

---

(۱) سورۃ الاعراف: ۷/ ۱۵۷

(۲) انجیل برناباس، باب ۹۷

(۳) سورۃ الفتح: ۴۸/ ۸۴

دے دیگا یہاں تک کہ وہ دنیا کی تمام قوموں کو جو اس کی تعلیم پائیں گی، نجات اور رحمت پہنچادے گا۔"(۱)

دوسری جگہ یوں لکھتی ہے:

"میں تو اب دنیامیں خدا کے رسول (ﷺ) کے لئے راہ تیار کرنے آیاہوں جو دنیا کے لئے نجات لائے گا، پر خبردار، دھوکہ نہ کھانا، کیونکہ بہت سے جھوٹے نبی آئیں گے جو میرا کلام لیں گے اور میری انجیل کوناپاک کریں گے۔تب اندریاس نے کہا: استاد! ہمیں کوئی نشانی بتا کہ ہم اسے جان لیں۔ یسوع نے جواب دیا: وہ تمہارے وقت میں نہ آئے گا بلکہ تمہارے چند سال بعد آئے گا، جب میری انجیل کالعدم کردی جائیگی، یہاں تک کہ بمشکل ۳۰ ایماندار رہ جائیں گے، اس وقت خدا دنیا پر رحم فرمائیگا، وہ اپنا رسول (ﷺ) بھیجے گا۔"(۲)

یہ بشارتیں کس قدر قرآن مجید کے ہم رکاب ہیں؟ اس کا اندازہ اس آیتِ کریمہ سے لگائیے، جس میں اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری رسول کو دنیا کے لئے رحمت قرار دیا ہے، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَمَا أَرْسَلْنَاكَ إِلَّا رَحْمَةً لِلْعَالَمِينَ﴾(۳)

ترجمہ: اے محمد (ﷺ) ہم نے جو تم کو بھیجا ہے تو یہ دراصل دنیاوالوں کے حق میں ہماری رحمت ہے۔

اسی طرح نہ صرف یہ کہ قرآن حضرت عیسی علیہ السلام کو ایک رسول اور نبی کے طور پر پیش کرتا ہے، بلکہ صلیب پر جان دینے کی بھی مذمت کرتا ہے، جس پر عیسائی حضرات یقین رکھتے ہیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿ قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ﴾(۴)

ترجمہ: میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی اور نبی بنایا۔

اس بارے میں سید مودودی کہتے ہیں:

"جس شخص کو صلیب پر چڑھایا وہ کوئی اور شخص تھا جس کو نہ معلوم کس وجہ سے ان لوگوں نے عیسیٰ ابن مریم سمجھ لیا"(۱)

---

(۱) انجیل برناباس، باب: ۴۳

(۲) انجیل، برناباس، باب، ۷۲

(۳) سورۃ الانبیاء: ۲۱/۱۰۷

(۴) سورۃ مریم: ۱۹/۳۰

جبکہ انجیل برناباس نہ صرف قرآن مجید کی تائید وتصریح کرتی ہے بلکہ اس ملعون اور مرتکب جرم شخص کی نشاندہی بھی کرتی ہے۔

برناباس لکھتاہے کہ:

"ایک موقع پر شاگردوں کے سامنے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے بتایاکہ میرے ہی شاگردوں میں سے ایک [۲]، مجھے ۳۰ سکوں کے عوض دشمنوں کے ہاتھ بیچ ڈالے گا۔ پھر فرمایا: اس کے بعد مجھے یقین ہے کہ جو مجھے بیچے گا وہی میرے نام سے ماراجائیگا کیونکہ خدا مجھے زمین سے اوپر اٹھائیگا۔ اور اس غدار کی صورت ایسی بدل دے گا کہ ہر شخص یہ سمجھے گا کہ وہ میں ہی ہوں تاہم جب وہ بری موت مرے گا تو ایک مدت تک میری ہی تذلیل ہوتی رہے گی (دنیا کہتی رہے گی کہ یسوع نے صلیب پر جان دے کر لعنتی ٹھہرا۔ نعوذ باللہ من ذٰلک) مگر جب محمد ﷺ خدا کا مقدس رسول آئے گا تو میری وہ بدنامی دور کردے گا اور خدا یہ اس لئے کرے گا کہ میں نے اس مسیح کی صداقت کا اقرار کیاہے۔ وہ مجھے اس کا یہ انعام دے گا کہ لوگ یہ جان لیں گے کہ میں زندہ ہوں اور اس ذلت کی موت سے میرا کوئی واسطہ نہیں ہے"[۳]

قرآن اس کی تصریح کرتاہے:

﴿إِذْ قَالَ اللَّهُ يَا عِيسَى إِنِّي مُتَوَفِّيكَ وَرَافِعُكَ إِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَجَاعِلُ الَّذِينَ اتَّبَعُوكَ فَوْقَ الَّذِينَ كَفَرُوا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ ثُمَّ إِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَأَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ﴾[۴]

ترجمہ: اور جب اللہ نے فرمایا کہ اے عیسیٰ علیہ السلام! اب میں تجھے واپس لے لوں گا اور تجھ کو اپنی طرف اٹھا لونگا اور جنہوں نے تیرا انکار کیاہے ان سے تجھے پاک کردوں گا۔

انجیل برناباس ایک نبی کے بعد دوسرے کے بھیجنے اور ایک کتاب کے بعد دوسری کتاب کے نازل کرنے کی ضرورت کو بیان کرتی ہے جو عین قرآن کی تعلیم کے موافق ہے:

---

(۱) مودودی، ابوالاعلیٰ، ترجمہ قرآن مجید مع حاشیہ، ادارہ ترجمان القرآن: لاہور، ۲۰۰۰ء-ص:۱۸۷

(۲) جو بعد میں یہوداہ اسکریوتی نکلا، دیکھئے: انجیل متیٰ: ۳۶: ۱۴- ۱۶، ۲۷:۳-۹

(۳) انجیل برناباس، باب ۱۱۳

(۴) سورۃ آل عمران: ۴/۵۵

"بے شک میں تم سے کہتاہوں کہ اگر موسیٰ علیہ السلام کی کتاب سے صداقت مسخ نہ کر دی گئی ہوتی تو خدا ہمارے باپ داؤد علیہ السلام کو ایک دوسری کتاب نہ دیتا اور اگر داؤد علیہ السلام کی کتاب میں تحریف نہ کی گئی ہوتی تو خدا مجھے انجیل نہ دیتا کیونکہ خداوند ہمارا خدا بدلنے والا نہیں ہے اور اس نے سب انسانوں کو ایک ہی پیغام دیا ہے۔ لہٰذا جب اللہ کا رسول ﷺ آئے گا تو وہ اس لئے آئے گا کہ ان ساری چیزوں کو صاف کر دے جن سے بے خدا لوگوں نے میری کتاب کو آلودہ کر دیا ہے"[۱]

قرآن اس سلسلے میں کہتا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی کتاب کو عمل سے نکال کر پسِ پشت ڈالا:

﴿نَبَذَ فَرِيقٌ مِنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ كِتَابَ اللَّهِ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ كَأَنَّهُمْ لَا يَعْلَمُونَ﴾[۲]

ترجمہ: جن کو خدا کی کتاب دی گئی تھی ان میں ایک فریق نے اللہ کی کتاب کو پس پشت ڈال دیا گویا وہ جانتا ہی نہیں۔

اور سورۃ النمل میں اس سے بھی واضح انداز میں یوں فرمایا:

﴿اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ يَقُصُّ عَلٰي بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ اَكْثَرَ الَّذِيْ هُمْ فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ. وَاِنَّهٗ لَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ﴾[۳]

"یقیناً یہ قرآن بنی اسرائیل کو اکثر ان باتوں کی حقیقت بتاتا ہے جن میں وہ اختلاف رکھتے ہیں اور یہ ہدایت اور رحمت ہے ایمان لانے والوں کے لئے"

جبکہ سورہ ہود میں تورات کے مسخ ہونے کی طرف ان الفاظ میں اشارہ کیا گیا ہے:

﴿ وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ فِيهِ ﴾[۴]

ترجمہ: ہم اس سے پہلے موسیٰ علیہ السلام کتاب دے چکے ہیں اور اس کے بارے میں بھی اختلاف کیا گیا تھا۔

اللہ تعالیٰ نے اس تحریف کے بیان کے لئے نبی ﷺ کا منصب و مقام اور ذمہ داری ان الفاظ میں بیان کی ہے:

﴿وَمَا اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ وَهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ

---

(۱) انجیل برناباس، باب ۱۲۴، ص:۱۷۵

(۲) سورۃ البقرۃ:۲/۱۰۱

(۳) سورۃ النمل:۲۷/۷۷،۷۶

(۴) سورۃ ھود:۱۱/۱۱۰

یُّؤْمِنُوْنَ﴾(۱)

ترجمہ: ہم نے یہ کتاب تم پر اس لئے نازل کی ہے کہ تم ان اختلافات کی حقیقت ان پر کھول دو جن میں یہ پڑے ہوئے ہیں۔ یہ کتاب راہنمائی اور رحمت بن کر اتری ہے، ان لوگوں کے لئے جو اسے مان لیں۔

سورۃ المائدہ میں اس سے بھی زیادہ واضح الفاظ میں منصب رسول کو یوں بیان فرمایا:

﴿یٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ قَدْ جَاۗءَكُمْ رَسُوْلُنَا يُبَيِّنُ لَكُمْ عَلٰي فَتْرَةٍ مِّنَ الرُّسُلِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا جَاۗءَنَا مِنْۢ بَشِيْرٍ وَّ لَا نَذِيْرٍ فَقَدْ جَاۗءَكُمْ بَشِيْرٌ وَّنَذِيْرٌ وَاللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾(۲)

ترجمہ: اے اہل کتاب! ہمارا یہ رسول (ﷺ) ایسے وقت تمہارے پاس آیا ہے اور دین کی واضح تعلیم تمہیں دے رہا ہے جبکہ رسولوں کی آمد کا سلسلہ ایک مدت سے بند تھا، تاکہ تم یہ نہ کہہ سکو کہ ہمارے پاس کوئی بشارت دینے والا اور ڈرانے والا نہیں آیا۔ سو دیکھو! اب وہ بشارت دینے اور ڈرانے والا آگیا اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے۔

یہی وجہ ہے کہ اہل کتاب کے اس طرز عمل سے امت مسلمہ کو بچنے کی تاکید کی گئی ہے۔

ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿وَلَا تَكُونُوا كَالَّذِينَ تَفَرَّقُوا وَاخْتَلَفُوا مِنْ بَعْدِ مَا جَاءَهُمُ الْبَيِّنَاتُ وَأُولَئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ عَظِيمٌ﴾(۳)

ترجمہ: کہیں تم ان لوگوں کی طرح نہ ہو جانا جو فرقوں میں بٹ گئے اور کھلی کھلی واضح ہدایات پانے کے بعد پھر اختلافات میں مبتلا ہوئے جنہوں نے یہ روش اختیار کی وہ اس روز سخت سزا پائیں گے۔

آج کے نصرانی بھی یہ بات جانتے ہیں کہ تورات و انجیل میں نبی آخر الزمان حضرت محمد ﷺ کے بارے میں بشارتیں اور اشارات موجود ہیں، لیکن تعصب اور عناد کی وجہ سے آپ ﷺ کے اعتراف و اقرار سے گریزاں ہیں۔

ڈاکٹر احمد حجازی السقا (۴) جو اکثر تورۃ و انجیل کے پڑھنے میں مستغرق رہتا تھا۔ پادری نے خیال کیا کہ شاید یہ کوئی نصرانی ہے، مجھے کہنے لگا کہ کیا آپ جانتے ہیں کہ ۱۹۶۷ء کے مسلم یہودی معرکہ کی طرف سفر (کتاب) دانیال میں اشارے موجود ہیں۔ میں نے کہا: میں نے اسے اظہار الحق میں پڑھا ہے، لیکن مجھے اچھے طریقے سے سمجھ نہیں آیا.......

---

(۱) سورۃ النحل:۱۶/۶۴

(۲) سورۃ المائدہ:۵/۱۹

(۳) سورۃ آل عمران:۳/۱۰۵

(۴) ڈاکٹر احمد حجازی السقا نے "البشارۃ ب بنی الاسلام فی التوراۃ والانجیل" کے موضوع پر Ph.D Thesis لکھا

اس نے کہا: میں چاہتا ہوں کہ آپ بھی اس پر مطلع ہو جائیں۔ ہم ریل سے اتر کر شیخ حامد عبد الحمید ابراہیم کے گھر کی طرف جا رہے تھے کہ میں نے اس سے پوچھا: کیا کتاب مقدس مسلمانوں کے نبی محمد ﷺ کو اشارہ نہیں کرتی؟ کہنے لگا: کئی آیات میں، اور پھر کئی ایک آیات کا حوالہ بھی دیا۔ شیخ کے گھر میں جو کچھ اس نے پڑھنا تھا، پڑھ لیا اور پھر جلدی سے نکل گیا۔ کیونکہ اس کو معلوم ہو گیا کہ میں مسلمان ہوں، جب شیخ حامد عبد الحمید اور شیخ محمد بن محمد ابو شھبہ اس دن شام کو ایک موعد کے مطابق ملے، میں نے ان کو یہ قصہ سنایا تو وہ ہنس کر کہنے لگا: ﴿يَعْرِفُوْنَه كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ﴾[1]

کیونکہ آپ (ﷺ) کا ذکر سابقہ انبیاء کے صحف میں موجود تھا جسے اہلِ کتاب اچھی طرح جانتے اور بتاتے تھے، اور قرآن نے اس کی طرف اشارہ کرکے دعویٰ ہے: ﴿وَاِنَّه لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ﴾[2]

حقیقت یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا پیغام یہ تھا کہ میرے بعد خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ تشریف لانے والے ہیں، اگر مجھے اس کی خدمت کا موقعہ ملے تو یہ میرے لئے سعادت کی بات ہے، کیونکہ آپ ﷺ کے ذریعے رب العزت شریعتوں کی تکمیل کرنے والے تھے۔

خلاصہ بحث

آخری پیغمبر کے بارے میں تورات وانجیل کی پیشن گوئیوں کی اس بحث کے پیشِ نظر ہمارے اور عیسائیوں کے درمیان عقیدہ رسالت کے معاملے میں ہم آہنگی اور موافقت مشکل ہے، تاہم اسلام رواداری اور برداشت کا نہ صرف قائل ہے بلکہ عقیدہ کے سلسلے میں کسی قسم کی زبردستی کی اجازت نہیں دیتا۔ جب کہ دوسری طرف حالت یہ ہے کہ عیسائی حضرات کسی قسم کی رواداری اور برداشت کے لئے تیار ہی نہیں۔ ہمارے عقیدے، دین اسلام کے شعائر اور رسولوں کی اہانت وتوہین ان کے آئے روز کا مشغلہ ٹھہرا ہوا ہے، حال ہی میں رسول ﷺ کے نازیبا اور توہین آمیز خاکے مسلسل شائع کرتے رہے ہیں۔ اور قرآن مجید کو جلانے کے لئے بھی بے تاب رہے ہیں، جبکہ حد یہ ہے کہ موردِ الزام اسلام اور مسلمانوں کو ٹھہرایا جاتا ہے، اور ساتھ ہی انتہا پسندی اور دہشت گردی کا الزام بھی مسلمانوں پر لگایا جاتا ہے۔

---

(۱) سورۃ البقرہ:۲/۱۴۶۔ تفصیلات کے لئے دیکھئے: معارف اسلامی، جنوری، ۲۰۱۰ء، شعبہ عربی وعلومِ اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، ص:۳۸۲

(۲) سورۃ الشعراء:۲۶/۱۹۶

لہٰذا بقاے انسانیت، سلامتی اور امن عالم کے لئے بین المذاہب رواداری اور برداشت کا حوصلہ پیدا کرنا وقت کی اشد ضرورت ہے۔ ورنہ انسان اپنے ہاتھوں کے بنائے ہوئے مہلک ترین ہتھیاروں سے تباہی کے دہانے پر پہنچ جائے گا۔

علومِ اسلامیہ کے تحقیقی مقالات ومجلّات میں نقلِ "حرفی" کا استعمال: ایک تجزیاتی مطالعہ

Use of "Transliteration" in Research Theses & Journals of Islamic Studies: An Analytical Study

ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء*

ڈاکٹر سعید الرحمان **

ABSTRACT

Transliteration refers to conversion of a text from one script to another i.e. the method of mapping from one system of writing to another based on phonetic similarity. It generally involves representing the characters of a given script (alphabets, letters, words, etc.) by the corresponding characters of another alphabet or language. It is widely used in academic, scholarly and literary writings such as research thesis, dissertation, research articles or papers, books, encyclopedia, dictionaries, journals and magazines etc. for the correct pronunciation and content representation etc, to the readers by using special symbols or code system. Different examples have been given in the article for the proper pronunciation and understanding of the real meanings of the words from Urdu and Arabic languages used in the text. In Arabic language words create ambiguity and complexity for the common reader who is not fully aware with Arabic language. Transliteration system is very helpful and easy to follow for the researchers in the field of Islamic Studies.

The Transliteration System has been adapted by various research journals of Islamic Studies in Pakistan. Especially the pioneers in this regard are the English Journal "Islamic Studies", Arabic Journal "Al-Dirāsāt Al-Islāmiyah" and Urdu Journal "Fikr-o-Nazar" of Islamic Research Institute. International Islamic University Islamabad has thoroughly introduced along with relevant examples. The paper will serve as a basic orientation to research scholars in Islamic Studies regarding Transliteration. This article presents an introduction to Transliteration and its use in Islamic Research Theses & Journals.

Keywords: *Transliteration, Research Journals, Symbols, Phonetics, Islamic Research.*

---

* ڈین علوم اسلامیہ ودراسات علوم شرقیہ، پشاور یونیورسٹی، پشاور

** اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، عبد الولی خان یونیورسٹی، مردان

ذرائع ابلاغ وترسیل میں آئے روز نت نئی ایجادات اورآلات کے سبب عصرِ حاضر جدید ترین ابلاغی اور مواصلاتی دور کہلاتا ہے جس نے پوری دنیا کو ایک عالمی گاؤں کی حیثیت دی ہے۔عالمی سطح پر مختلف بین اللسانی تعامل وتفاعل (Interaction) کو کافی وسعت ملی ہے لہٰذا باہمی استفادہ اور تفہیم کے لیے ایک زبان کے الفاظ، کلمات اوراصطلاحات کو دوسری زبان بالخصوص عالمی رابطے کی زبان انگریزی میں منتقل کرنے (نقلِ حرفی) کا عمل ایک عرصہ سے جاری ہے اورروزبروزاس کی ضرورت واہمیت مزید بڑھ رہی ہے۔علمی و تحقیقی مقالات، مجلات اوردیگر تحریرات بھی مختلف علوم وفنون کے مطالعے، تجزیے اور جائزے سے تعلق رکھتی ہیں، جن میں دنیا کی کئی زبانوں سے واسطہ پڑتا ہے۔اگر علومِ اسلامیہ وشرقیہ کی بات کی جائے تو اس کا علمی تراث زیادہ تر عربی، فارسی، اردو اوردیگر زبانوں میں پایاجاتاہے، جس کو عالمی سطح پر قابلِ رسائی بنانے کے لیے نقلِ حرفی کا سہارالیناپڑتا ہے، جس کے مبادیات کے بارے میں جانناہر تحقیقِ کار کے لیے ازحد ضروری ہے۔یہی زیرِ مضمون کا مرکزی ہدف ہے۔

نقلِ حرفی کا مفہوم

اردو میں "Transliteration" کے لغوی معنی "نقلِ حرفی" کے کیے جاتے ہیں۔اُردو زبان میں نقلِ حرفی کے حوالے سے معلوماتی مطالعاتی موادوافر مقدار میں دستیاب نہیں۔اس کے معانی اوروضاحت مشہوراُردو لغات جیسے نوراللغات، فیروزاللغات وغیرہ میں بھی نہیں ملتے، لہٰذا انگریزی سے انگریزی،انگریزی سے اُردو اور انٹرنیٹ پر آن لائن لغات اوردیگر مضامین کورجوع کرناپڑتاہے۔

آکسفورڈاور کیمبرج ڈکشنری میں Transliterate اور Transliteration کے معانی ہیں:

"(to) write or print (a letter or word) using the closest corresponding letters of a different alphabet or language [(1)], to write a word or letter in a different alphabet [(2)]"

انگریزی سے اُردو لغت میں Transliterate اور Transliteration کے معانی ہیں:

"ایک زبان کے الفاظ دوسری زبان کے حروف میں لکھنا، حرفی یالفظی نقل، نقلِ الفاظ، نقلِ حرفی کرنا۔"[(۳)]

---

(1) Concise Oxford English Dictionary, Edition: 11th

(2) Cambridge Advanced Learner Dictionary (CALD)

(3) Urdu to English and Urdu Dictionary ,pp: 1000, Feroz Sons Limited, Lahore

اُردولغت (آن لائن) میں نقلِ "حرفی" کی وضاحت یوں کی گئی ہے:

"اسمِ کیفیت، (نَقْل حَرْفی) {نَق + لے + حَر + فی} (عربی) کسی زبان کے الفاظ کا تلفظ امکانی صحت کے ساتھ دوسری زبان کے حروف تہجی کے ذریعے ادا کرنا، کسی ایک زبان کے رسم الخط کو کسی دوسری زبان کے الفاظ یا حروف میں منتقل کرنا، انتقال حروف، تحویل حرفی۔"(۱)

پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی اس کے تعارف میں مختصراً لکھتے ہیں:

"عربی یا اُردو الفاظ کو انگریزی زبان میں منتقل کرنے کے لیے بین الاقوامی سطح پر ایک طریقہ اپنایا گیا ہے، جو ٹرانسلٹریشن (Transliteration) کہلاتا ہے۔" (۲)

ویکی پیڈیا (اُردو) آزاد دائرۃ المعارف میں Transliteration کی درج ذیل تعریف کی گئی ہے:

"نقل حرفی انگریزی (Transliteration) دراصل کسی کلمے یا لفظ کو اس کی ادائیگی یا آواز کے مطابق ایک رسم الخط سے دوسرے رسم الخط میں لکھنے کو کہا جاتا ہے۔ مثلاً اگر کسی بھی زبان کے لفظ کو اردو میں اس کی ادائیگی کے لحاظ سے لکھا جائے جیسے Big Bang کو بگ بینگ تو یہ عمل نقل حرفی کہلائے گا، اس کو تلفظ نویسی بھی کہتے ہیں۔" (۳)

نبیلہ پیرزادہ نے ایک آن لائن جامع تعارفی مضمون "اردو رومن نقل حرفی: ایک ابتدائی تعارف" میں نقلِ حرفی کی وضاحت یوں کی ہے:

"نقلِ حرفی" کسی بھی متن کو ایک تحریری نظام (Writing System) سے باضابطہ انداز میں کسی دوسرے تحریری نظام میں منتقل کرنے کا نام ہے۔ یہ ضرورت عام طور پر اس وقت پیش آتی ہے جب 'ماخذ زبان' (Source Language) ہدف زبان (Target Language) کے مقابلے میں ایک مختلف رسم الخط (Script) میں لکھی جائے۔ جیسا کہ ہر زبان کے حوالے سے ہی مختلف جگہوں، اداروں اور لوگوں کے ناموں وغیرہ کے ضمن میں کرنا ضروری ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر انگریزی عبارت میں 'اسلام آباد' یا عامر، صفدر جیسے مشرقی ناموں کو نقل حرفی کے بعد بالترتیب "Islamabad"، "Amir" اور "Safari" لکھا جائے

(۱) نقل-حرفی-http://urdulughat.info/words/58590 (تاریخِ رسائی: 17 اکتوبر 2016ء، وقتِ رسائی: 07:31 AM)

(۲) اصولِ تحقیق، پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی، ص: ۱۱۵، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور، ۱۹۹۲ء

(۳) نقل-حرفی/https://ur.wikipedia.org/wiki (تاریخِ رسائی: 17 اکتوبر 2016ء، وقتِ رسائی: 07:40 AM)

گا۔ نقل حرفی میں ماخذ زبان کے ہر حرف کو ہدف زبان میں منتقل کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر روسی رسم الخط میں تحریر کیا گیا مصنوعی سیارہ "CTTYTHUK" رومن میں نقل حرفی کے بعد "Sputnik" لکھا جائے گا۔"[۱]

نقلِ حرفی کے متبادل نام

اُردو زبان میں نقلِ حرفی کے مختلف متبادل نام نقلِ حروفی، تحویلِ حرفی، انتقالِ حروف، نقلِ الفاظ، تلفظ نویسی اور کلمہ نویسی سامنے آئے ہیں۔ Transliteration کو بعض اوقات رومنائز کرنا یا خصوصی رومن انداز میں لکھنا (Romanization) بھی کہتے ہیں البتہ یہ اصطلاح اس کے کلّی مفہوم کی ترجمانی نہیں کرتی۔ بہر حال ان تمام متبادل ناموں کے باوجود Transliteration کے لیے مناسب اور مستعمل اصطلاح "نقلِ حرفی" ہی ہے۔

نقلِ حرفی اور نقلِ صوتی میں فرق

نقلِ حرفی کے معنی کبھی نقلِ صوتی بھی کی جاتی ہے تاہم دونوں اصطلاحات ایک دوسرے سے مختلف ہیں لہٰذا نقلِ حرفیاور نقلِ صوتی (Transcription) کے فرق کو پیشِ نظر رکھنا چاہیے۔ نقلِ صوتی میں ماخذ الفاظ (Source Words) کی اصوات یا آوازوں کو حروف کے ذریعے ہدف زبان میں منتقل کیا جاتا ہے[۲]۔ مثلاً اردو لفظ "اصلاحی رسالہ" نقل صوتی میں "Islahee Risala" کے طور پر لکھا جا سکتا ہے جیسا کہ صوتی اعتبار سے یہ درست تلفظ کو پہنچا رہا ہے البتہ درست نقل حرفی کے اعتبار سے اس کو "Iṣlāḥī Risālah" لکھا جائے گا۔

نقلِ حرفی کی مختصر تاریخ

مختلف اداروں، ماہرینِ لسانیات اور دانش وروں نے مختلف اوقات میں نقلِ حرفی کے متعدد طریقے تجویز کیے ہیں ان اداروں میں امریکن لائبریری ایسوسی ایشن (ALA)، انسائیکلوپیڈیا آف اسلام، برٹش لائبریری، لائبریری آف کانگریس (L.C)، شخصیات میں ڈاکٹر انیس خورشید، پلیٹس (Platts)، شریفی (Sharify)، فوربس (Forbes)، ڈاکٹر قریشی (Dr. Qureshi)، ڈاکٹر ماؤڈ (Dr.

---

[۱] http://www.nlpd.gov.pk/uakhbareurdu/august2011/8.html تاریخِ رسائی: 17 اکتوبر 2016ء، وقت: 08:08 AM)

[۲] http://www.nlpd.gov.pk/uakhbareurdu/august2011/8.html (تاریخِ رسائی: 17 اکتوبر 2016ء، وقت: 08:08 AM)

(Moid)،مُلَر(Muller)اوریوسف علی (Yousuf Ali) قابل ذکر ہیں جن میں سے بعض نافذ العمل اور بعض عدم نافذ ہیں۔

اگرچہ تاحال عالمی سطح پر نقلِ حرفی کا کوئی یکساں نظام اختیار نہیں کیا جاسکا ہے اور ہر نظام دوسرے سے کئی حوالوں سے مختلف ہوتا ہے تاہم یہ امر خوش آئند ہے کہ اب اکثر تحقیقی مقالے، قرآن کریم کے آن لائن ویب سائٹس اور انگریزی ودیگر تراجم، دائرۃ المعارف ، قوامیس، لغات، موسوعات اور تحقیقی مجلّات وغیرہ میں باقاعدہ یہ وضاحت دی جاتی ہے کہ ان میں نقلِ حروفی کے لیے کون سی سکیم اپنائی گئی ہے اور اس کا رہنما جدول بھی دیا جاتا ہے جس سے قارئین، محققین اور دیگر متعلقہ افراد کو سہولت رہتی ہے۔

اسلامی تحقیقات بالخصوص علمی وتحقیقی مجلات میں 'نقلِ حرفی' کا اہتمام

علومِ اسلامیہ وشرقیہ کے انگریزی تحقیقی مقالات اوراردواور عربی میں تحریر کردہ مقالات کے بزبانِ انگریزی ملخصات(Abstracts)وغیرہ میں عربی،اُردو، فارسی،پشتو،ہندی،ترکی اوردیگر زبانوں کے کلمات، اصطلاحات اور مستعار وا جنبی الفاظ کی صوتی تاثیر محفوظ کرنے کے لیے "قلِ حروفی" کا اہتمام کیا جاتا ہے جس سے یہ الفاظ کافی حد تک صحیح طور پر قابلِ تلفظ ہو جاتے ہیں، یعنی غیر اہلِ زبان کے لیے بھی ان کی درست ادائیگی ممکن ہو جاتی ہے۔

سندی تحقیقی مقالات کی طرح مختلف جامعات اور دیگر تحقیقی اداروں سے شائع ہونے والے علومِ اسلامیہ کے علمی وتحقیقی مجلات کے انگریزی مضامین ومقالات (Research Papers/ Articles)اور دیگر مضامین کے انگریزی تلخیصات(Abstracts)میں بھی عربی،اُردو، فارسی، پشتو وغیرہ زبانوں کے کلمات کے لیے "نقلِ حرفی" کا اہتمام کیا جاتا ہے۔اس سلسلے میں بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کا ادارۂ تحقیقاتِ اسلامی (Islamic Research Institute) قابلِ ذکر ہے جو اپنے تینوں تحقیقی مجلات اسلامک سٹڈیز(انگریزی)، الدّراسات الاسلامیہ (عربی) اور فکر و نظر (اُردو) کے عموماً آخری اندرونی صفحہ پر عربی،اُردو اور فارسی کلمات(حروف الہجاء)کی انگریزی میں نقلِ حرفی(Transliteration Table)کا جدول دیتے ہیں جس سے مقالہ نگار کو نقلِ حرفی کے قواعد و ضوابط سے شناسائی اور انگریزی میں مقالے کا ملخص تیار کرنے میں رہنمائی ملتی ہے۔ نقلِ حرفی کے اس جدول میں دیگر قواعد کے ساتھ ساتھ زیادہ تر مختلف حروف کے اوپر یا نیچے درج ذیل تین رموز یا علامات کا بکثرت اہتمام کیا جاتا ہے۔

ا)۔ بعض انگریزی حرف / حروف کے اوپر ایک خط (Macron)یعنی (-)لگانا۔

مثلاً:ایمان (Īmān)،اسلام (Islām)،رسول (Rasūl) وغیرہ

۲)۔ بعض انگریزی حروف کے نیچے نقطے (Dots)یعنی(.)لگانا۔

مثلاً: محمد ﷺ (Muḥammad)، طواف(Ṭawāf)وغیرہ

۳)۔ بعض انگریزی حرف/حروف کی خط کشید گی یعنی نیچے خط کھینچنا (Underline)کرنا۔

مثلاً: حدیث (Ḥadī<u>th</u>)، عثمان(‘U<u>th</u>mān) وغیرہ نقلِ حرفی کا مذکورہ جدول حروف تہجی(Letters of the Alphabet) یا حروفِ صحیح (Consonants)،اردو ہائیہ آوازوں(Aspirates) کی دوہری ترسیم (Diagraph)، طویل حرفِ علت(Long Vowel)، دو علتیہ/دو مصوتہ حروف(Diphthong)اوران سب کے رومن نقل حرفی کوڈز(Transliteration Code) اور ہر ایک کی چند مختصر وضاحتی مثالوں(بطور نمونہ) کے ساتھ ذیل میں پیشِ خدمت ہے۔

عربی،اُردو اور فارسی حروف الہجاء کی انگریزی میں نقلِ حرفی

حروف الہجاء	نقلِ حرفی کوڈ	وضاحتی مثالیں
ا	a	الانفال*al-Anfāl*،دار *dār*، ابو*Abū*، احزاب*Aḥzāb*
أ/ء	‘	خلائف*khalā’if*،الاسماءالحسنہ*al-asmā’al-Ḥusnā*
ب	b	البقرۃ*al-Baqarah*،ابواب*abwāb*،کتاب*kitāb*
پ	p	پیر*Pīr*،پاک*Pāk*،پارسی*Pārsī* ، پابندی*pābandī*
ت	t	تابعون*Tābi‘ūn*،التوبۃ*al-Tawbah*،استحسان*Istiḥsān*
ٹ	<u>t</u>	ٹیپو*<u>T</u>īpu*، ٹھوس*<u>Th</u>os*،ٹوپی*<u>T</u>opī*،ماسٹر *Mās<u>t</u>ar*
ث	th	الدرلمنثور*al-Durr al-Manthūr*،الجاثیۃ*al-Jāthiyah*
ج	j	جلال الدین *Jalāl al-Dīn*،اجماع*Ijmā‘*،جرجانی*Jurjānī*
چ	ch	چاریار*Chāryār*، غنچہ*Ghuncha*،باغیچہ*Bāghīcha*
ح	ḥ	الحجر*al-Ḥijr*،الحاکم*al-Ḥākim*،الحلوانی*al-Ḥalwānī*
خ	kh	خلیفۃ*Khalīfah*،البخاری*al-Bukhāri* ، اَخ*Akh*

*Da ʿwah*دعوۃ، *ʿibādah* عبادۃ، *dirāyah*درایۃ	d	د
*ḍakār*ڈکار، *ḏhīlā*ڈھیلا، *ḍākah*ڈاکہ	ḍ	ڈ
Dhimmī ذمّی، *hādhā*ھٰذا، *Adhan*اذان، *Dhikr*ذکر	dh	ذ
*al-Raḥmān*الرحمٰن، *riwāyah*روایۃ، *al-Rāzī*الرازی	r	ر
*pahaṛ*پہاڑ، *laṛke*لڑکے	ṛ	ڑ
zak*ā*hزکوٰۃ، Tarb*ū*zتربوز، muz*āḥ*amatمزاحمت	z	ز
Muzda مژدہ، *z̲āla*ژالہ	z̲	ژ
*Rasm*رسم، *Salām*سلام، *al-Isrā'*الاسراء، *Sanad*سند	s	س
*shahādah*شھادۃ، *Mishkāt*مشکوٰۃ، *Sharī ʿah*شریعۃ	sh	ش
Ṣabr صبر، *Ṣadaqah* صدقۃ، *Ṣ*awmصوم، *Ṣaḥīḥ*صحیح	ṣ	ص
*żarurat*ضرورت (ż) اُردو/فارسی، ḍarar ضرر (ḍ)عربی	ḍ/ż	ض
*Bāṭil*باطل، *al-Ṭabarī* الطبری، *al-Suyūṭī* السیوطی	ṭ	ط
*ẓālim*ظالم، *ẓuhr*ظہر، *ʿAẓīmābādī*عظیم آبادی	ẓ	ظ
*ʿālam*عالم *al-A ʿraf*الاعراف، *ʿUrf*عرف *Sa ʿd*سعد	(ʿ)(1)	ع
*Maghāzī*مغازی، *Ghāshiyah*غاشیۃ، *Gharīb*غریب	gh	غ
*Fāsid*فاسد، *Falsafah*فلسفہ، *Fuqahā'*فقہاء، *Fiqh*فقہ	f	ف
*Qiṣāṣ*قصاص، *al-Qawā ʿid*القواعد، *Qur'ān*قرآن	q	ق
*al-Kalām*الکلام، *Kufr*کفر، *ahl al-Kitāb*اہلِ کتاب	k	ک
*guzarāh*گزارہ، *gulāb*گلاب	g	گ
*Tha ʿlabi*ثعلبی، *ʿilm*علم، *Isrā 'ililyyāt*اسرائیلیات	l	ل
*Muḥāraba*محاربہ، *Mansūkh*منسوخ، *Mafātīh*مفاتیح	m	م
*Tadwīn*تدوین، *Qānūn*قانون، *Sunan* سنن، *Nāsikh*ناسخ	n	ن

(1) Elevated Inverted Comma (یعنی اُوپر بلند علامتِ سکتہ)

و	w/v	عربی (w) داؤد *Dāwūd*، اُردو اور فارسی (v) پرورش *Parvar-ish*
و	wa/-o	عطف: عربی (wa) والسیر *wal-Siyar*، النووی، اردو/فارسی (-o) Fikr –o – Naẕar
ہ	h	ہودؑ *Hūd*، اجتہاد *Ijtihād*، مہدی *Mahdi*، مذہب *Madhhab*
ۃ	ah/at	غیر ملفوظ صورت میں (ah) مثلاً امانۃ *amanāh*، ملفوظ صورت میں (at)
ی	y	قیاس *Qiyās*، غیب *Ghayb*، یوم *Yawm*، یاجوج *Ya᾽jūj*
ال	al-/'l	حروفِ قمری و شمسی سے قبل (al-) مثلاً الطبقات الکبریٰ *al-Tabqāt al-Kubrā*، قابلِ تلفظ صورت میں ('l)

اُردو کی ہائیہ آوازوں (Aspirates) کے اظہار کیلئے دوہری ترسیم (Diagraphs) کی نقلِ حرفی

بھ	bh	بھول *bhūl*، بھوک *bhūk*، بھکاری *bhikārī*
پھ	ph	خط کشیدہ انگریزی حروف (ph)، مثلاً: پھول *phūl*، پھوٹ *phūṭ*
تھ	th	خط کشیدہ انگریزی حروف (th)، مثلاً: تھوک *thūk*، تھانوی *Thānvi*
ٹھ	th	خط کشیدہ انگریزی حروف (th) بشمول "t" دوہرا خط کشیدہ ٹھاٹھ *thāth*
جھ	Jh	خط کشیدہ انگریزی حروف (jh)، مثلاً: جھول *jhūl*، جھوٹ *jhūṭ*
چھ	ch	خط کشیدہ انگریزی حروف (ch)، مثلاً: چھوٹ *chūṭ*، اچھوت *Achūt*
دھ	dh	خط کشیدہ انگریزی حروف (dh)، مثلاً: دھول *dhūl*، دھوپ *dhūp*
ڈھ	dh	خط کشیدہ انگریزی حروف (dh) بشمول "d" دوہرا خط کشیدہ
ڑھ	ṛh	خط کشیدہ حروف (rh) بشمول "r" نیچے نقطہ کے ساتھ (Dotted) گڑھ Gaṛh
کھ	kh	خط کشیدہ انگریزی حروف (kh)، مثلاً: کھاد *khād*، کھوج *khoj*
گھ	gh	خط کشیدہ انگریزی حروف (gh)، مثلاً: گھات *ghāt*، گھاٹ *ghāṭ*

حروفِ علّت(Long/Short Vowels)اوردوعلتیہ حروف(Dipthongs)کی نقلِ حرفی

ـَـا/آ	Ā	مثلاً امام*Imām*،انساب*Ansāb*،رجال*Rijāl*
آ	Ā	جب کسی لفظ کے شروع میں ہو، آثار*āthār*، آلِ عمران*Āl ʻImrān*
ـِـي	Ī	مثلاً التين*al-Tīn*
ـُـو (عربی)	ū	مثلاً سورة الروم*Sūrah al-Rūm*،،نوحؑ*Nūḥ*،موسیٰؑ*Mūsā*
ـُـو (اُردو)	ō	فروٹ *farōṯ*
زبر ـَـ	a	A
زیر ـِـ	i/-i	عربی:i،مثلاً تابعون*Tābiʻūn*،اُردو/فارسی:i-
پیش ـُـ	u	اصول*Usūl*،خُلفاء*Khulafāʼ*،السنة*Al-Sunnah*
ـَـو	aw/au	عربی:aw،اُردو/فارسی:au
یَ/ـَے		عربی:ay،اُردو/فارسی:ai

وّ،یّ مشددہ(Dobouled) کی نقلِ حرفی[1]

ـُـوّ	uww/uvv	عربی:uww،اُردو/فارسی:uvv
ـِـيّ	iyy	Iyy

نقلِ حرفی کے مذکورہ بالا جدول کو متذکرہ مجلات کے علاوہ دیگر جرائد نے بھی اختیار کیا ہے،اوروہ اپنے مقالہ نگاروں یا شرکاءِ مجلّہ(Contributors)کو اس کی پاسداری کی ہدایات دیتے ہیں جن کی تفصیل ذیل میں پیش کی جاتی ہے۔

---

(1) ہر مشدّد حرف کو دودفعہ لکھاجاتاہے جیسے رب Rabb [اصولِ تحقیق، پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی، ص:۱۱۵،جامعہ پشاور،۱۹۹۲ء

۱. سہ ماہی مجلہ اسلامک سٹڈیز ادارہ تحقیقات اسلامی (انگریزی) میں نقلِ حرفی کا مذکورہ بالا جدول مجلہ کے ہر شمارہ کے آخر میں Transliteration Table کے نام سے دیا جاتا ہے اور ساتھ ہی یہ رہنمائی دی جاتی ہے:

"**Loan Words and Foreign Words:** Words in Arabic, Persian, Turkish and Urdu should follow this journal's transliteration scheme and conform to the transliteration system shown in the transliteration table of *Islamic Studies* (1)"

۲. سہ ماہی مجلہ الدرسات الاسلامیہ (عربی) ادارہ تحقیقات اسلامی میں یہ "**طريقة كتابة الكلمات العربية والأوردية والفارسية بالحروف الانجليزية المتبعة في هذه المجلة**" (۲) البتہ اس میں دوہائیہ الفاظ کی وضاحت نہیں دی گئی کیوں کہ اس کا اطلاق زیادہ تر اردو میں ہوتا ہے۔

۳. سہ ماہی مجلہ "فکر و نظر" ادارہ تحقیقات اسلامی کے ایک شمارہ میں مقالہ نگاروں کے لیے تجاویز اور مقالات کی اشاعت کے طریقِ کار کے زیرِ عنوان ذکر شدہ چھ شرائط میں سے درج ذیل شرط کا تعلق "نقلِ حرفی" سے ہے:

"مقالے بالخصوص خلاصے (Abstract) میں شامل غیر انگریزی الفاظ کی نقلِ حرفی کے لیے ادارے کے مجلے Islamic Studies کے جدول اور فونٹ اختیار کیا جائے۔" (۳)

مذکورہ بالا جدول مجلہ کے آخر میں "فکر و نظر میں اردو (وعربی وفارسی) کلمات کی انگریزی میں نقلِ حرفی کا جدول (Transliteration Table)" کے عنوان سے دیا جاتا ہے۔

۴. دعوۃ اکیڈمی، اسلامک ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی، اسلام آباد کے سہ ماہی انگریزی علمی و تحقیقی مجلہ Insight میں نقلِ حرفی کے بارے میں وہی ہدایات اور جدول فراہم کیا جاتا ہے جن کا تذکرہ اوپر مجلہ اسلامک سٹڈیز کے ضمن میں کیا گیا ہے (۴)۔

---

(1) Islamic Studies (Research Journal), Vol: 49, No. 1, pp: Inner end page, Islamic Research Institute, Islamabad, spring 2010.

(۲) (Transliteration System followed in this Journal) یعنی مجلہ میں اختیار کیا گیا نقلِ حرفی کا جدول کے نام سے دیا جاتا ہے۔ مجلہ الدراسات الاسلامیہ، جلد:۴۹، عدد:۴، ص:۲۴۱، مجمع البحوث الاسلامیہ، الجامعۃ الاسلامیۃ العالمیۃ، اسلام آباد، اکتوبر-دسمبر ۲۰۱۴ء

(۳) سہ ماہی فکر و نظر، مشمولہ: فکر و نظر کا تعارف اور مقالہ نگاروں کے لیے تجاویز، تحریر: ادرہ، جلد:۸۲، شمارہ:۲، ص:۳، ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، اکتوبر-دسمبر ۲۰۱۴ء

(4) Quarterly Insight, (Focused on Faith Studies), Vol: 3, No. 2-3, pp: Inner end page, Da'wah Academy, International Islamic University, Islamabad, winter 2010-spring 2011.

۵۔ جامعہ پشاور (خیبر پختونخوا) کے ششماہی علمی و تحقیقی مجلہ پشاوراسلامیکس کے ہر شمارہ کے آغاز میں اندرونی پسِ ورق پر بھی نقل حرفی کا یہی جدول دیاجاتاہے البتہ اس کی ایک نمایاں خوبی یہ ہے کہ اس میں پشتوزبان کے لیے انتقالِ حروف کااضافہ بھی کیاگیاہے۔ مستعاراورا جنبی الفاظ:اگر انگریزی زبان میں مضمون تحریر کرناہو تو اس میں وارد عرب،فارسی، ترکی، پشتواوراردوزبانوں کے الفاظ پشاوراسلامیکس کے ٹرانسلیٹریشن نظام(جوسوائے پشتوکے مجلہ اسلامک سٹڈیز، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی،اسلام آباد کے نظام پر مبنی ہے) کے مطابق لکھے ہوئے ہوں یہی ہدایت ان مضمون نگاروں کے لیے بھی ہے جو اپنے اردویاعربی مضامین میں سے چند الفاظ یا اصطلاحات انگریزی میں تحریر کرناچاہیں۔''[۱]

۶۔ جامعہ پشاور ہی کے ایک اورسالانہ مجلہ ''پیوٹاج دراساتِ شرقیہ[۲]'' کے ہر شمارہ کے آغاز میں نقلِ حرفی کے حوالے سے یہی ہدایات دی جاتی ہیں جو اوپر پشاوراسلامیکس کے ضمن میں ذکر کی گئیں البتہ ہر شمارہ کے آغاز میں نقلِ حرفی کاجدول نہیں دیاجاتا یا شاید شائع کرنے سے سہواًرہ جاتاہے[۳]۔

۷۔ یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بنوں، خیبر پختونخواکے ششماہی تحقیقی مجلے ''برجس''[۴] میں بھی نقلِ حرفی کے حوالے سے وہی ہدایات دی جاتی ہیں،جو اوپر پشاور اسلامیکس اور پیوٹاج دراساتِ شرقیہ کے ضمن میں ذکر کی گئیں اور مجلہ کے آخر میں صرف عربی نقلِ حرفی جدول دیا جاتا ہے[۵]۔

۸۔ پاکستان مجلس تحقیق برائے معاشرتی علوم، ادارہ معارف اسلامی، کراچی کے ششماہی مجلہ تحقیق معارف میں بھی مذکورہ بالاجدول دیا جاتا ہےاور اس حوالے سے درج ذیل ہدایات دی جاتی ہیں:

> ''عربی اوراردوزبان کے کلمات کیلئے انگریزی (نقلِ حرفی) دی گئی ہے۔مقالہ نگاراسے ملحوظ رکھیں۔البتہ اسمِ علم کواس طرح لکھاجائے جس طرح خود مسمی لکھتاہے۔''[۶]

---

(۱) ششماہی پشاوراسلامیکس، مشمولہ: مقالہ نگار خواتین وحضرات کی خدمت میں چند ضروری گزارشات، تحریر: ادرہ، جلد: ۵، شمارہ: ۲، ص: نمبر ندارد، جامعہ پشاور، جولائی-دسمبر ۲۰۱۴ء

(2) PUTAJ (Peshawar University Teachers Association Journal)- Oriental Studies

(۳) سالانہ مجلہ پیوٹاج دراساتِ شرقیہ، جلد: ۱۹، ص: نمبر ندارد، انجمن اساتذۂ جامعہ پشاور (PUTA)، جامعہ پشاور، ۲۰۱۲ء

(4) BURJIS: Bannu University Research Journal of Islamic Studies

(۵) ششماہی برجس، جلد: ۱، ش: ۱، ص: نمبر ندارد، یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بنوں، جنوری-جون ۲۰۱۴ء

(۶) شش ماہی معارف مجلّہ تحقیق، پاکستان مجلس تحقیق برائے معاشرتی علوم، ادارہ معارف اسلامی، کراچی، جولائی تادسمبر ۲۰۱۳، ص: ۴

۹. اسی طرح آکسفورڈیونیورسٹی پریس برطانیہ کے زیراہتمام شائع ہونے والے معروف علمی و تحقیقی مجلے Journal of Islamic Studies میں ٹرانسلٹریشن کا ایک جدول دیا جاتا ہے، جو عربی، فارسی، ترکی اور اُردو کلمات پر مشتمل ہے۔

سطورِ بالا میں علمی و تحقیقی مجلات میں نقلِ حرفی کے حوالے سے رہنمائی کی چند مثالیں ذکر کی گئی ہیں۔ پاکستان میں اس وقت علوم اسلامیہ کے مجال میں ہائیر ایجوکیشن سے منظور شدہ یا ان کے طرز پر ۲۵ سے زائد تحقیقی مجلات نکلتے ہیں، مگر ان میں نقلِ حرفی کے حوالے سے رہنمائی نہیں ملتی۔ اسی طرح علومِ اسلامیہ میں اصولِ تحقیق کے حوالے سے ایک درجن کے قریب اردو کتب تاحال شائع ہوئی ہیں مگر ان میں بھی عموماً اس موضوع کو زیرِ بحث نہیں لایا گیا ہے۔ البتہ پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی نے اپنی کتاب 'اصولِ تحقیق' کے باب یازدہم میں دو صفحات پر مشتمل رہنما جدول دیا ہے اور آخر میں چند مثالیں بھی ذکر کی ہیں[۱]۔ اسی طرح محققین کے لیے تحقیقی اسالیب و موضوعات پر مشتمل جامعہ پشاور کے پشاور کے مختصر کتابچہ رہنمائے تحقیق میں خاکہ اور مقالۂ تحقیق کے رہنما منہج میں بھی اس کا مختصر تذکرہ کیا گیا ہے[۲]۔

اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ میں نقلِ حرفی کے حوالے سے اگرچہ کوئی مضمون شامل نہیں ہے تاہم اس کے ہر جلد کے ابتدائی تعارفی صفحات پر "علامات ورموزواعراب" کے ضمن میں "متبادل حروف" کے عنوان سے اردو و عربی حروف اور ان کا رومن انگریزی متبادل دیا گیا ہے[۳] جو نمونے کے طور پر اس مضمون کے آخر میں منسلک ہے۔

نقد و تبصرہ

پاکستان میں تمام علمی و تحقیقی ادارے اپنے مقالات اور مجلات میں نقلِ حرفی کی روایت کی پاسداری نہیں کرتے بلکہ بہت کم سطح پر اس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ نقلِ حرفی میں عموماً غلطیوں کا بہت امکان ہوتا ہے کیوں کہ بہت کم افراد نقلِ حرفی کے طلاق کے اصول (Rules of Application) اور درست تکنیکی طریقہ کار سے واقف ہوتے ہیں۔ نقلِ حرفی کو آسان اور مقبولِ عام بنانے کے لیے تعلیمی و تحقیقی اداروں میں آگہی سیشنز کے ساتھ ساتھ ایک یکساں نظام کی معیاربندی کی بھی ضرورت ہے، جس میں الفاظ کی صوتی ادائیگی اور درست املاء دونوں کو برقرار

---

(۱) اصولِ تحقیق، پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی، شیخ زاید اسلامک سنٹر، پشاور، ۱۹۹۲ء، ص:۱۱۵-۱۱۶

(۲) رہنمائے تحقیق، پروفسر ڈاکٹر قبلہ ایاز/پروفیسر ڈاکٹر معراج الاسلام ضیاء، اشاعت اکیڈمی، پشاور، ۲۰۰۹ء، ص:۵

(۳) مختصر اردو دائرہ معارفِ اسلامیہ، مشمولہ: علامات ورموزواعراب،، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، بارِ دوم: مارچ ۲۰۰۳ء

رکھا جائے تاکہ ماہرینِ لسانیات کے علاوہ نقلِ حرفی کے اصول سے ناواقف عام افراد کے لیے بھی اس سے استفادہ ممکن اور آسان ہو۔

ذیل میں چند ایک تحقیقی مجلات کے جدولِ نقلِ حرفی پیش ہیں۔ جن میں اسلامک اسٹڈیز، الدراسات الاسلامیہ، فکر ونظر،Insight، ششماہی تحقیقی مجلہ ،پشاوراسلامیکس،یونیورسٹی آف پشاور، برجس،یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، بنوں، ششماہی تحقیقی مجلہ البصیرہ،نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگو نجز،اسلام آباد، جرنل آف اسلامک سٹڈیز، آکسفورڈیونیورسٹی پریس برطانیہ، اُردو دائرہ معارف اسلامیہ میں دیئے گئے ”متبادل حروف“ قابل ذکر ہیں۔

(ا) اسلامک اسٹڈیز،الدراسات الاسلامیہ،فکرونظر،Insight

ا	a	ڈ	ḍ	غ	gh	بھ	bh	***Long Vowels***		
ب	b	ذ	dh	ف	f	پھ	ph	ا		Ā
پ	p	ر	r	ق	q	تھ	th	آ		Ā
ت	t	ڑ	ṛ	ک	k	ٹھ	ṭh	ی	( )	Ī
ٹ	ṯ	ز	z	گ	g	جھ	jh	و	( )	Ū
ث	th	ژ	z̲	ل	l	چھ	ch	و	*Urdu*	Ō
ج	j	س	s	م	m	دھ	dh	ے	*Urdu*	é
چ	ch	ش	sh	ن	n	ڈھ	ḍh	***Short Vowels***		
ح	ḥ	ص	ṣ	ں	ṇ	ڑھ	ṛh	ــَـ		A
خ	kh	ط	ṭ	ھ	h	کھ	kh	ــِـ		I
د	d	ظ	ẓ	ی	y	گھ	gh	ــُـ		u

أ (ء), when it appears at the middle or end of a word, is transliterated as elevated comma (‘) followed by the letter representing the vowel it carries. However, when أ appears at the beginning of a word it will be represented only by the letter representing the vowel it carries.
ع is transliterated as elevated inverted comma (’).
ض as an Arabic letter is transliterated as (ḍ) and as a Persian/

Diphthongs		
ــَـوْ	*Arabic*	Aw
	Urdu	Au
	Turkish	Ev
ــَـ	*Arabic*	Ay
	Urdu	Ai

Turkish/ Urdu letter as (ż). و *as an Arabic letter is transliterated as (w) and as a Persian/ Turkish/ Urdu letter is transliterated as (v).* ۃ *is transliterated as (ah) in pause form and as (at) in construct form.* *Article* ال *is transliterated as (al-) whether followed by a moon or a sun letter, however, in construct form it will be transliterated as (ʻl).* و *as a Persian/Urdu conjunction is transliterated as (-o) whereas an Arabic conjunction* و *is transliterated as (wa).* *Short vowels (◌ِ) in Persian / Urdu Possessive or adjectival form is transliterated as (-i).*	ے	*Turkish*	Ey
	Doubled		
	ُوّ	*Arabic*	Uww
		Persian	Uvv
		Urdu	Uvv
	ِيّ		Iyy

(۲) ششماہی تحقیقی مجلہ، پشاور اسلامیکس، یونیورسٹی آف پشاور

Arabic	Pashto	Urdu	Arabic	Pashto	Urdu	Arabic	Pashto	Urdu
ء '	'	'	ر r	r	r	ک k	ک	K
ا a	a	a	ڑ -	ړ rr	rr	گ-	ګ g	G
ب b	b	b	ز z	z	z	ل l	L	L
پ-	p	p	ژ -	zh	zh	م m	M	M
ت t	t	t	ږ -	g	-	ن n	N	N
ٹ-	tt	tt	س s	s	s	و w	v/u	v/u
ث th	th	th	ش sh	sh	sh	ه h	H	H
ج j	j	j	ښ -	kh	-	ي y	Y	Y
چ -	ch	ch	ص ṣ	ṣ	ṣ	**Vowels**		
ځ -	z	-	ض ḍ	ḍ	ḍ	**Short**	**Long**	**Doubled**
څ -	s	-	ط ṭ	ṭ	ṭ	a	ā Ā	UWW/UVV

ح ḥ	ḥ	ḥ	ظ ẓ	ẓ	ẓ	i u	ī Ī ū Ū	
خ kh	kh	kh	ع‘	‘	‘			
د d	d	d	غ gh	Gh	gh			
ڈ -	ڈ <u>dd</u>	<u>dd</u>	ف f	F	f			
ذ dh	dh	dh	ق q	Q	q			

(۳) ششماہی تحقیقی مجلہ، برجس، یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی بنوں

Table 1: Transliteration Table of Consonants

ب	b	ذ	dh	ط	ṭ	ل	l
ت	t	ر	R	ظ	ẓ	م	m
ث	th	ز	Z	ع	‘	ن	n
ج	j	س	S	غ	gh	ھ	h
ح	ḥ	ش	sh	ف	f	و	w
خ	kh	ص	ṣ	ق	q	ء	’
د	d	ض	ḍ	ک	k	ي	y

Table 1: Transliteration Table of Vowels and Diphtongs

ـَـ a	ـَـ ی ā	ـَـ و aw	ـُـ وّ uww, ū (in final position)
ـِـ i	ـِـ ی ī	ـَـ ی ay	ـِـ يّ iyy, ī (in final position)
ـُـ u	ـُـ و ū		

(۴) تحقیقی مجلہ، البصیرہ، نیشنل یونیورسٹی آف ماڈرن لینگوئجز، اسلام آباد

Urdu				Arabic				Urdu Digraphs	
ا	a	ص	ṣ	ا	A	ف	f	بھ	bh
ب	b	ض	ż	ب	B	ق	q	پھ	ph
پ	p	ط	ṭ	ت	T	ك	k	تھ	th
ت	t	ظ	ẓ	ث	Th	ل	l	ٹھ	th
ٹ	ṯ	ع	‘	ج	J	م	m	جھ	jh
ث	th	غ	Gh	ح	ḥ	ن	n	چھ	ch
ج	J	ف	F	خ	Kh	و	w	دھ	dh
چ	ch	ق	Q	د	D	ه	h	ڈھ	ḍh
ح	ḥ	ک	K	ذ	Dh	ء	’	ڑھ	rh
خ	kh	گ	G	ر	R	ي	y	کھ	kh
د	d	ل	L	ز	Z			گھ	gh
ڈ	ḏ	م	M	س	S				
ذ	dh	ن	N	ش	Sh				
ر	r	ں	N̲	ص	ṣ				
ڑ	ṟ	و	V	ض	ḍ				
ز	z	ہ	H	ط	ṭ				
ژ	ẕ	ء	’	ظ	ẓ				
س	s	ي	Y	ع	‘				
ش	sh	ے	Y	غ	gh				

Short Vowels (AR-UR)		Long Vowels (AR-UR)		Diphthongs			
				Arabic		Urdu	
ـَ	a	ـَى / یٰ	Á	ـَوْ	aw	ـَو	au
ـِ	i	ـَا / آ	Ā	ـَيْ	ay	ـَیٔ/ـَے	ai
ـُ	u	ـِی	Ī	ـَيّ	ayy		
		ـُو	Ū	ـِيّ	iyy		
		ـَوْ	ō (ur)	ـُوّ	uww		
		ـَے	ē (ur)				

- Letter (ء) is not transliterated when at the beginning.
- Article (ال) is transliterated as (al-), and as (’l) in construct form, whether followed by a moon or a sun letter.
- (ـــة) is transliterated as (ah) in pause form and as (at) in construct form.

- (و) as a Urdu conjunction is transliterated as (o).

(۵) جرنل آف اسلامک سٹڈیز، آکسفورڈ یونیورسٹی پریس برطانیہ

Ar = Arabic, Pr = Persian, OT = Ottoman Turkish, Ur = Urdu

Arabic	Pr	OT	Ur	Arabic	Pr	OT	Ur
ء ʼ	ʼ	ʼ	ʼ	ض ḍ	ḍ	ḍ	ḍ
ب b	b	B	b	ط ṭ	ṭ	ṭ	ṭ
پ -	p	P	p	ظ ẓ	ẓ	ẓ	ẓ
ت t	t	T	t	ع ʻ	ʻ	ʻ	ʻ
ٹ -	-	-		غ gh	gh	gh	Gh
ث th	th	Th	th	ف f	f	f	F
ج j	j	C	j	ق q	q	q	Q
چ -	ch	Ch	ch	ک k	k/g	k/g	K
ح ḥ	ḥ	ḥ	ḥ	گ g	g	g	G
خ kh	kh	Kh	kh	ل l	l	l	L
د d	d	D	d	م m	m	m	M
ڈ -	-	-	ḍ	ن n	n	n	N
ذ dh	dh	Dh	dh	ہ h	h	h[1]	h[2]
ر r	r	R	r	و w	v/u	v	v/u
ز z	z	Z	z	ی y	y	y	Y
ڑ -	-	-	ṛ	ۃ- a[1]			-a[2]
ژ -	zh	J	zh	ال al[3]			ق q
س s	s	S	s	1. When not final			
ش sh	sh	Ş	s	2. -at in construct state			
ص ṣ	ṣ	ṣ	ṣ	3. (article) al- or l-			

		Arabic & Persian	Urdu	Ottoman Turkish

Long	a آ و ي	**Ā** **Ā** **ū** **ī**	**ā** **Ā** **ū** **ī**	**ā** **-** **ū** **ī**
Doubled	یّ وّ	iyy (final form ī) uww (final form ū)	īy (final form ī) uv	īy (final form ī) uvv (for Persian)
Diphthongs	و ی	au or aw ai or ay	au ay	ev ey
Short	ـَ ـُ ـِ	a u i	a u i	a or e u or ū/ o or ô i

<u>Urdu Aspirated Sounds</u>

For aspirated sounds not used in Arabic, Persian and Turkish add h after the letter and underline both the letters e.g. جھ <u>jh</u>, گھ <u>gh</u>.

For Ottoman Turkish, modern Turkish orthography may be used.

(۲) اُردو دائرہ معارف اسلامیہ میں دیئے گئے "متبادل حروف"

Ph	پھ	P	پ	bh	بھ	b	ب
ṫh	ٹھ	ṫ	ٹ	th	تھ	t	ت
č	چ	Djh	جھ	dj	ج	<u>th</u>	ث
D	د	<u>Kh</u>	خ	ḥ	ح	čh	چھ
<u>Dh</u>	ذ	ḋh	ڈھ	ḋ	ڈ	dh	دھ
ṛh	ڑھ	ṛ	ڑ	rh	رھ	r	ر
<u>sh</u>, ch	ش	S	س	ž, zh	ژ	z	ز

z̠	ظ	ṭ	ط	ḍ	ض	ṣ	ص
ḳ	ق	F	ف	g̲h̲	غ	’	ع
Gh	گھ	G	گ	kh	کھ	k	ک
Mh	مھ	M	م	lh	لھ	l	ل
H	ہ	W	و	nh	نھ	n	ن
				y	ی	‘	ء

شیخ احمد سرہندی کے تجدیدی کارنامے

Sir Syed Ahmed Khan's Reformative Steps

ڈاکٹر طاہر خان*

ABSTRACT

History itself is an evidence of the fact that whenever Islam faced any danger, it was saved by personalities, who through their spiritual power not only saved it but gave it a new life. Shaykh Ahmad Sirhandi (1564-1624) popularly known as Mujadid Alf Thani (reviver of Islam during the second millennium) was an Indian Islamic scholar from Punjab. He belonged to Naqshbandi Sufi school of thought.

In the times of Shaykh Ahmad Sirhandi, Islam was under great threat. Its future was unpredictable, its spirit was deteriorated and its teachings were misinterpreted. Akbar's policy of 'divine faith' and religious syncretism welcomed the anti-Islamic ideologies; at this hour of turmoil Mujadad Alf-Sani came in front to restore and revive the glory of Islam.

The revival movement of Shaykh Sirhindi crusaded against all evils prevailing in the socio-politico-religious sphere of the community of India. Religiously, his movement became an antithesis of Akbar's Divine Faith and his Philosophy as irreconcilable to Akbar's reconciliation with Hinduism and Christianity. Socially, the Muslim community had become a victim to adulteration with socio-religious practices of Hinduism. The enforcement of Din-e-Elahi badly affected the Muslim fundamentalism and their spirits towards Islam. Politically, Akbar's concept of sovereignty such as Zil-e-Elahi made another attack on Islamic concepts of sovereignty of Allah and the practice of prostration before the emperor demoralized the Islamic concept of the supremacy of God. Spiritually and ideologically, the Muslims were discomfited and scattered.

Shaykh Sirhindi undertook the job of purifying Muslim society off un-Islamic tendencies by sending a number of his disciples in all directions to preach true Islam. He exposed the fallacy of Din-e-Ilahi and came out with full vigour the influence of that satanic creed. He worked hard to restore the original teachings of Islam and emphasized the concept of "Tauheed".

Keywords: *Shaykh Ahmad Sirhandi, Mujadad Alf-Sani, Akbar, Din-e-ellahi, movement.*

---

* سینئیر ٹیچر، ایف جی ہائی سکول، واہ کینٹ

شیخ احمد سرہندی نے اپنی اصلاحی تحریک کا آغاز قیام آگرہ سے شروع کیا، لیکن اس کا باقاعدہ آغازخواجہ محمد باقی باللہ کی بیعت کے بعد۱۵۹۹ء میں ہوا۔اکبر بادشاہ کے عہد کے آخری سالوں میں آپ کا زیادہ تر قیام لاہور اور سرہند میں رہا۔اس وقت آپ نے دور اندیشی سے کام لیتے ہوئے اکبر بادشاہ کے قہر اور جبر کے سامنے خاموش تبلیغ و اصلاح کا کام کیا۔شہنشاہ اکبر کی وفات کے بعد آپ نے اعلانیہ تبلیغ و اصلاح شروع کی۔

خواجہ باقی باللہ کے توسط سے آپ کے مراسم اعیانِ مملکت سے قائم ہوچکے تھے۔آپ نے اپنے ذاتی کردار سے بھی بہت سے افراد کو متاثر کیا۔شیخ احمد سرہندی نے تبلیغ و اصلاح کے مختلف طریقے اور ذرائع استعمال کر کے ٹھوس اور عملی اقدامات کیے۔آپ نے عہد اکبری میں خرابیاں پیدا کرنے والے اسباب کا پتہ چلا کر ان کا تدارک کیا۔بادشاہ اور عوام اتباع شریعت سے فرار چاہتے تھے۔غیر مسلموں کے افکار و خیالات اپنا کر وہ دین اسلام سے دور ہوگئے۔بعض غلط کار صوفیا نے شریعت کو طریقت سے علیحدہ کر دیا اور شریعت کی پابندی عام کیلئے ضروری قرار دی اور خواص کو اس سے مستثنیٰ کر دیا۔

وحدۃ الوجود[۱] کے نازک ترین نظریے کی غلط تشریح سے عوام میں قیامت برپا ہوگئی۔اس کے مطابق کائنات میں اللہ کے علاوہ کوئی وجود نہیں ہے۔لوگوں کیلئے یہ الجھن پیدا ہوگئی کہ جب سب کچھ وہی ذات ہے ،تو پھر کس کی عبادت کی جائے؟ اس طرح ایک ایسا طبقہ پیدا ہوگیا جو عبادت اور جنت و دوزخ کا قائل نہ تھا۔شیخ احمد سرہندی نے اصلاح کیلئے انقلابِ سلطنت کی بجائے نظریاتِ سلطنت کی تبدیلی کو مفید تصور کیا، اس طرح آپ نے بادشاہ وقت کی اصلاح سے پیشتر کارکنان کی اصلاح کی۔

تجدیدی طریقہ کار کی ترتیب

الف: غیر سرکاری سنجیدہ طبقہ کی اصلاح

ب : ارکان دولت کی اصلاح

ج : بادشاہ وقت کی اصلاح

اللہ نے آپ کی عظمت ، جلال اور محبت لوگوں کے دلوں میں ڈال دی جن کو حکومت میں اثر و رسوخ حاصل تھا،آپ نے از خود ان کی تعلیم و تربیت فرمائی اور خیالات و افکار کو درست کیا۔شریعت اسلامی

---

(۱) اس نظریے کا بانی شیخ محی الدین ابن عربی ہے۔اس نظریے کے مطابق اللہ تعالیٰ نے سب اشیاء کو پید اکیا اور وہ خود ان اشیاء کا جوہر اصلی ہے۔(سید قاسم محمود: اسلامی انسائیکلوپیڈیا، ص:٦٩)

اور نبوت محمدی کی صداقت پر ان کا از سر نو اعتقاد بحال کیااور ان ہی لوگوں کے ذریعے حکومت وقت کا صحیح رخ متعین کیا۔ خلق خدا کی ایک جماعت آپ کے ساتھ تھی۔ آپ نے ہر شہر و دیار میں ایک ایک خلیفہ کو بھیج رکھا تھا جو اپنے کام میں بہت ماہر تھے۔[۱] دربارِ اکبری اور جہانگیری کے کئی ممتاز ارکان عبدالرحیم خانِ خاناں[۲]، دراب خان[۳] ، خان اعظم[۴]، خان جہاں حسین قلی خان[۵]، قلیج خان[۶]، ابوالفضل، فیضی اور شیخ فرید بخاری[۷] کو آپ نے اپنا حلقہ بگوش بنا لیا تھا۔

شیخ احمد سرہندی نے حسب ضرورت عدم تشدد کا طریقہ اپنا کر تبلیغ و اصلاح میں سنت محمدی کی یاد تازہ کر دی، جس سے کفر و بدعت کے سیاہ بادل چھٹ گئے۔

نبوت محمدی پر اعتقاد

شیخ احمد سرہندی نے اپنی اصلاح کی بنیاد رسول اللہ ﷺ کی نبوت کے اعتقاد پر رکھی۔ یہ آپ کے اصلاحی کاموں کی بنیاد اور تجدیدی کاموں کا اصل سرچشمہ ہے۔ آپ نے تجدیدی اقدام سے ان فتنوں کا تدارک کیا جو عالم اسلام کے اعتقادی ، فکری اور روحانی نظام کیلئے خطرہ بنے ہوئے تھے۔ ایران کی نقطوی

---

(۱) نورالدین جہانگیر، تزکِ جہانگیری ، (مترجم) مولوی احمد علی رام پوری ، سنگ میل پبلیکیشنز، لاہور، ۱۹۸۲ء ،ص: ۲۷۵

(۲) آپ اکبر کے مشہور اتالیق بیرم خان کے خلفِ رشید تھے۔ اکبری دربار میں ان کو خاصا اثر و رسوخ حاصل تھا۔ سلسلہ نقشبندیہ میں بیعت تھے۔ دربار جہانگیری کے بھی اہم رکن تھے۔(پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، سیرت مجد دالف ثانی، ص:۱۳۱)

(۳) یہ خانِ خاناں کا فرزند تھا۔(مولانا سید محمد میاں ،علماء ہند کا شاندار ماضی،ص:۱۶۴)

(۴) آپ اکبر اور جہانگیر کے ممتاز رکن تھے۔ اصلی نام مرزا عزیز تھا۔ یہ اکبر کا رضاعی بھائی تھا۔ مرزا عزیز کو اکبر کی مذہبی بدعتوں سے نفرت تھی۔(شیخ محمد اکرام : رودِ کوثر،ص:۱۴۳)

(۵) یہ بیرم خان کے بھانجے تھے۔ اکبر کے دور میں منصب پنج ہزاری پر فائز تھے۔ عہدِ جہانگیری کے بھی اہم رکن تھے۔ جہانگیر ان کی بات کو سنتا اور مانتا تھا۔(مولانا سید محمد میاں ،علماء ہند کا شاندار ماضی،ص:۱۷۲)

(۶) یہ اکبر کا بہترین جرنیل تھا۔ اس نے سورت کے مضبوط قلعے کو فتح کیا۔ متقی اور کٹر سنی تھا۔(شیخ محمد اکرام ،رودِ کوثر، ص:۱۳۹)

(۷) یہ اکبر کے زمانے میں میر منشی تھے۔ تخت نشینی کی جدوجہد میں جہانگیر کا ساتھ دیا ان کو صاحب السیف و القلم کا خطاب ملا۔(شیخ محمد اکرام ، رودِ کوثر،ص:۱۳۹)

تحریک[1] نے حضرت محمد ﷺ کی نبوت کی بقاء اور دوام کے خلاف بغاوت کی اور اعلان کیاکہ آپ کی نبوت کے ایک ہزار سال پورے ہوگئے ہیں ،لہذا اب عقل کی بنیاد پر مذہبی رہنمائی کا نیا دور شروع ہو گا۔ اس تحریک کا مرکز ایران اور ہندوستان تھا۔اسی تحریک نے مستقبل میں ہندوستان میں دین اکبری کا روپ اپنایا۔اکبر بھی نبوت محمدی کی جگہ لینے کا متمنی تھا۔اس کے دور میں شریعت محمدی کے متوازی نئی شریعت جنم لے رہی تھی ،جس میں دینی بدعات شامل تھیں۔ شیخ احمد سرہندی نے مسلمانوں کے ذہنوں سے یونانی اشراقیت، ایرانی اور مصری اثرات کا خاتمہ کیا۔ شیخ احمد سرہندی نے اپنے مکتوبات میں مریدین ، معتقدین ، منتسبین اور ارکان حکومت کو اتباع نبوی کی تاکید اور ترغیب دلائی ہے۔

ایک خط میں اپنے فرزند کو لکھتے ہیں:

"اے فرزند جو چیز کل کام آنے والی ہے وہ صاحب شریعت حضرت محمد ﷺ کی پیروی ہے۔باقی احوال و کیفیات اور علوم و معارف اور اشارات اگر ان کی پیروی کے ساتھ ہوں تو خیر اور خوب وگرنہ خرابی اور استدراج کے سوا کچھ نہیں"۔[2]

خانِ جہاں کو نصیحت کرتے ہوئے شیخ احمد سرہندی لکھتے ہیں:

"جو نوکری تم کرتے ہو اگر اسکو حضرت محمد ﷺ کی شریعت کو زندہ کرنے کا ذریعہ بناؤ تو تم گویا پیغمبروں کاکام کرو گے"۔[3]

آپ نے ان مکتوبات کے ذریعے واضح کیا کہ صرف عقل، کشف اور غیبی علوم اللہ تعالیٰ کی صحیح معرفت اور حقائق کے ادراک سے قاصر ہیں۔اللہ تعالیٰ کی معرفت صرف وحی کے ذریعے سے ہی ممکن ہے۔جو انبیاء سے حاصل ہوتی ہے۔ عقل حجت نہیں ہے۔حجت صرف انبیاء کی بعثت ہے،جن کے بغیر تزکیہ ممکن نہیں ہے۔کائنات سے متعلق انسان کے ذہن میں جتنے بنیادی سوال پیدا ہوتے ہیں، عقل ان کا جواب

---

(۱) اس تحریک کا بانی محمود پسیخوانی ہے۔ان کا عقیدہ ہے کہ ہر چیز خاک سے پیدا ہوئی ہے اور خاک کیلئے وہ نقطہ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔ محمود پسیخوانی نے قرآن کو اپنے مطالب میں بیان کرنے کیلئے حرفوں اور نقطوں کی مدد لی۔اس لیئے اس فرقہ کو نقطوی یا اہل نقطہ کہتے ہیں۔یہ تحریک دسویں صدی کا فتنہ کبریٰ تھی۔(سید ابوالحسن علی ندوی، تاریخ دعوت و عزیمت، جلد، چہارم ، ص : ٦٦)

(۲) سرہندی، شیخ احمد، مکتوباتِ امام ربانی مجدد الفِ ثانی ، اردو ترجمہ: مولانا محمد سعید احمد نقشبندی ، مدینہ پبلیشنگ،لاہور مکتوب نمبر: ۱۸۴ ،ص:۱/۱۸۵

(۳) ایضاً

دینے سے یکسر عاجز ہے کیونکہ اس کا دائرہ محدود ہے۔عقل کے فیصلوں میں صداقت اور اس کے نتائج میں قطعیت نہیں ہوتی ہے۔یونانی فلسفہ و حکمت کے مقابلے میں آپ نے انقلابی اور جرات مندانہ قدم اٹھاکر عقل و فکر کو وحی کے مقابلے میں بے قدرو قیمت ثابت کیا۔

مشہور عربی مقولہ ہے "**الناس علیٰ دین ملوکھم**"(عوام اپنے بادشاہ کے دین پر ہوتے ہیں)۔بادشاہ اکبر کی دیکھا دیکھی ہندوستان کی رعایا بھی شریعت اسلام سے گریز کرنے لگی۔عوام میں مشرکانہ رسوم اور بدعات پیدا ہوگئیں۔دیوالی کے دنوں میں مسلمان مرد بالخصوص مسلمان عورتیں کفار و مشرکین ہند کی رسموں کو بجا لانے لگے۔ جانوروں کو مشائخ کی نظر کرتے اور ان کو مزارات پر جاکر ذبح کرتے۔بعض پیروں او ر بیبیوں کیلئے روزے رکھے جاتے اور ان روزوں کو حاجت روائی کا وسیلہ سمجھا جاتا۔دولہن دولہا کے گرد سات مرتبہ چکر لگاتی اور عورتوں کی طرح دولہا
چاندی کا طوق پہنتا ۔[۱]

شریعت کی ترویج

شیخ احمد سرہندی کو بدعات سے سخت نفرت تھی۔جو فعل نبی کریم ﷺ سے نسبت نہ رکھتا ،اس کو بدعت میں شمار کرتے تھے۔شیخ احمد سرہندی لکھتے ہیں :

" ہزار سال کے بعد کفرو بدعت کی تاریکیاں مسلط ہوگئیں ہیں۔اسلام و سنت کا زور ٹوٹ رہا ہے"۔[۲]

مشرکانہ عقائد اور بدعتی افعال علماء سوء کی وجہ سے پیدا ہورہے تھے۔علماء سوء نے گمراہی کے دو بڑے دروازے کھول رکھے تھے۔کتاب و سنت میں معنوی تحریف کر کے نئے نئے عقائد کا اختراع کرتے تھے اور پھر اللہ اور رسول ﷺ اور قرآن و حدیث کے مقدس ناموں سے انکی ترویج و اشاعت کرتے تھے۔ابو الفضل نے اکبر کو سب سے پہلے اسی راستے پر ڈالا تھا۔ اوربدعت حسنہ کے نام سے دین اسلام میں نئی نئی ایجادیں کرتے تھے۔شیخ احمد سرہندی نے ان دونوں تباہ کن اصولوں کے خلاف بڑی جرات مندانہ جدو جہد کی۔

---

[۱] محمد مسعود احمد ، ڈاکٹر، سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۱۲۵

[۲] مکتوباتِ امام ربانی ، ، مکتوب نمبر ۹۶ ، ص:۳/۱۷۴

ایک مکتوب میں لکھتے ہیں :

"خدا تم کو نیک ہدایت دے اور صراط مستقیم پر چلائے۔ تمہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ضروریات طریق میں سے ایک اعتقاد صحیح بھی ہے جس کو علماء اہل سنت نے کتاب و سنت اور آثار سلف سے سمجھا ہو ، نیز قرآن وحدیث کو بھی انہی معنوں پر معمول کرنا جو علماء سنت نے سمجھے ہوں ضروریات میں سے ہے"۔ [۱]

بدعت حسنہ کا نظریہ جس کے پردے میں علماء نے اپنی خواہشات نفس کو دین کا حصہ بنا رکھا تھا، شیخ احمد سرہندی نے اس کا انکار کیا۔ آپ نے بدعت کو شیطانی اعمال قرار دیا ہے۔ [۲]

آپ لکھتے ہیں:

"ہر زمانے میں عموماً اور غربت اسلام کے اس دور میں خصوصاً دین کا بقاء و قیام سنتوں کی ترویج اوربدعتوں کی تخریب سے وابستہ ہے۔ بعض اگلوں نے بدعات میں کوئی حسن دیکھا ہوگا ،اسکے بعض افراد کو انہوں نے مستحسن قرار دیا۔ اس فقیر کو ان سے اس مسئلہ میں اتفاق نہیں۔ میں کسی بدعت کو حسنہ نہیں سمجھتا اور سوائے ظلمت و کدورت کے مجھے ان میں کچھ محسوس نہیں ہوتا"۔ [۳]

ایک اور مکتوب میں بدعت سے متعلق لکھتے ہیں۔

"حضور ﷺ کی سنتوں کے نور کو بدعات کے اندھیروں نے چھپا دیا ہے اور ملت کی رونق کو ان نو ایجاد باتوں کی کدورتوں نے برباد کر دیا ہے۔ [۴]

نظریہ قومیت

نظریہ انسان کی زندگی کا محور ہوتا ہے۔ کسی بھی قوم کی اجتماعی زندگی میں نظریے کی حیثیت جسم میں روح کی طرح ہے۔ نظریات قوموں میں مقصدیت کا شعور پیدا کرتے ہیں۔ نظریات کو بنیادی طور پر دو قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔ انسانی نظریات والہامی نظریات:

---

(۱) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر :۲۸۶ ، ص:۳/۳۷۳

(۲) ایضاً، مکتوب نمبر ۲۵۵،ص:۲۷۸

(۳) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتر دوم ، مکتوب نمبر ۲۳ ،ص:۳۹

(۴) ایضاً ، مکتوب نمبر ۲۶۱ ،ص:۳۰۳

انسانی نظریات مسائل کا حل عقل کو بنیاد بنا کر پیش کرتے ہیں، جب کہ الہامی نظریات کی بنیاد وحی الٰہی پر ہے۔ انسانی نظریات الہامی نظریات کے برعکس ناکامی کا شکار ہیں ، صرف الہامی نظریات پر مبنی نظام انسانیت کی رہنمائی اور فلاح کا ضامن ہے۔اسلامی نظریہ حیات نے ہی برصغیر کے مسلمانوں کو ایک علیحدہ قوم بنایا۔جن لوگوں نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھا ،وہ الگ قوم و ملت ہیں اورجو اس کا انکار کرتے ہیں ،وہ دوسری قوم ہیں۔مسلم قوم اسلامی نظریے سے وجود پذیر ہوتی ہے جب کہ مخالف اپنے وجود کیلئے وطن ، نسل اور زبان کو ضروری خیال کرتے ہیں۔برصغیر میں ایسی ہی دو متضاد معاشروں ، مزاجوں اور سوچوں سے دو مختلف قومیں ہندو اور مسلمان بن گئیں۔

اسلام کی اشاعت کو روکنے اور ہندو مذہب کے احیاء کیلئے بھگتی تحریک[۱] کا آغاز ہوا۔مغلیہ دور میں یہ تحریک اپنے شباب پر تھی۔مرہٹہ اور سکھ ہندو قومیت کے مظہر تھے۔اس تحریک کے علمبرداروں نے جارحانہ انداز اپنایا ،جو اکبر کی ہندو نوازی اور سرپرستی کا سبب بنا۔ہندوؤں نے مسلمان قوم کو ملیچھ قرار دیا۔انہوں نے برصغیر میں ہندو حکومت کی بحالی کا خواب شرمندہ تعبیر کرنا چاہا اور بنگال میں کافی حد تک کامیاب بھی ہوگئے۔یہاں تک کہ نہ صرف بنگال میں اشاعتِ اسلام رک گئی، بلکہ بعض مسلمانوں نے ان کا پیش کردہ وشنو مذہب بھی قبول کرلیا اور شمالی بنگال کے غریب اور اَن پڑھ مسلمانوں کے عقائد و اطوار میں ہندوانہ طریقے داخل ہوگئے۔[۲]

یہ لوگ صلح کل اور مذہب کے اتحاد کے حامی تھے۔ان کے نزدیک ہندو مت اور اسلام ایک ہی دریا کی لہریں ہیں۔شیخ احمد سرہندی نے برصغیر میں سب سے پہلے کفر اور اسلام کی سرحدیں واضح کر کے مسلمانوں میں جداگانہ قومیت کا شعور بیدار کیا، آپ نے وحدانیت اور بت پرستی کو ایک ماننے سے انکار کیا ۔آپ نے اسلام اور ہندو مت کو دو مختلف طریقے قرار دیکر ان کے اتحاد کو ناممکن قرار دیا۔آپ نے توحید خالص کا نکھرا تصور پیش کیا۔آپ نے اس بات کی تردید کی کہ خدا کسی اور ذات میں جلوہ گر ہو سکتا ہے۔آپ فرماتے ہیں۔

---

(۱) بھگتی یا پریم وہ مذہب ہے جو شمالی اور جنوبی ہندوستان میں ہندوؤں میں پھیلا۔یہ اپنشد اور بھگوت گیتا کی تعلیمات پر مبنی تھا لیکن زمانہ وسطیٰ میں اس کی مقبولیت اسلامی اثرات کی وجہ سے ہوئی۔راما نند، گورونانک اور سوامی چتینا نے اس تحریک کو فروغ دیا۔(شیخ محمد اکرام : آب کوثر،ادارہ ثقافت اسلامیہ،لاہور، ص:۴٦٦)

(۲) شیخ محمد اکرام ، رودِ کوثر، ادارہ ثقافت اسلامیہ،لاہور ،ص:۴۹۳

"رام اور رحمان کبھی ایک نہیں ہوسکتے خالق اور مخلوق کو ایک سمجھنا بے عقلی ہے"۔ (۱)

شیخ احمد سرہندی کے نقطہ نظر کی تائید ہوئی اور ہندو مسلم اتحاد شرمندہ تعبیر نہ ہوسکا۔ انگریزی عہد میں یہ اختلافات شدت اختیار کر گئے۔ جس کا نتیجہ بعد میں دو ممالک ہندوستان اور پاکستان کی صورت میں نکلا۔

بادشاہ وقت کی اصلاح

شیخ احمد سرہندی نے جابر و ظالم حکمرانوں کے سامنے کلمہ حق بلند کرنے کی عظیم مثال قائم کی۔ جہانگیر بادشاہ نے جب سجدہ کرنے کیلئے آپ کو دربار میں بلایا، تو آپ نے اس حکم پر عمل کرنے سے قطعاً انکار کر دیا اور کہا کہ قرآن کی رو سے سجدہ صرف خالق کیلئے مخصوص ہے۔ یہ جملہ سن کر جہانگیر بادشاہ تلملا کر رہ گیا اور جہانگیر کی وہی حالت ہوئی جو حضرت محمد ﷺ کا فرمان سن کر خسرو پرویز بادشاہ ایران کی ہوئی تھی۔ (۲) جہانگیر نے غصے میں آکر آپ کے قتل کا حکم دیا۔ پھر کچھ سوچ بچار کے بعد قتل کے حکم کو منسوخ کر کے آپ کو گوالیار کے قید خانہ میں قید کر دیا گیا۔ گوالیار سے رہائی کے بعد آپ کو لشکر کے ساتھ رہنے کا حکم ملا۔ اس دوران جہانگیر کو آپکی صحبت میں رہنے کا موقع ملا۔ آپ نے جہانگیر بادشاہ کے باطن کو بدل کر رکھ دیا اور وہ آپ کا غلام بن کر رہ گیا۔ شیخ احمد سرہندی نے جہانگیر بادشاہ کی اصلاح کی اور اس کی زندگی کو اسلامی سانچے میں ڈھالا۔ شیخ فرید کو ایک مکتوب میں لکھتے ہیں:

> "بادشاہ کو دنیا سے وہی نسبت ہے جو دل کو تمام بدن سے ہوتی ہے۔ اگر دل صحیح ہے تو بدن بھی صحیح ہے۔ اگر دل خراب ہوجائے تو بدن بھی خراب ہوجائے گا۔ بہرحال بادشاہ کی اصلاح و فساد سے دنیا کی اصلاح و فساد وابستہ ہے۔ آج دولت اسلام کی ترقی اور بادشاہ اسلام کی تخت نشینی کی خبر سب تک پہنچ گئی ہے۔ اہل اسلام نے بادشاہ کی مدد اور ترویج شریعت اور تقویت ملت کے بارے میں اس کی راہنمائی اور اس راہ میں ہر قسم کے تعاون کو ضروری سمجھا ہے"۔ (۳)

---

(۱) ایضاً

(۲) نعمانی، محمد منظور، تذکرہ مجدد الف ثانی، الفرقان بک ڈپو لکھنؤ، طبع ہشتم، ۱۹۹۸ص: ۲۴۹

(۳) مکتوباتِ امام ربانی، دفتر اول، مکتوب نمبر ۴۷، ص:۶۶

شیخ احمد سرہندی کا جہاد اکبر اور جہانگیر دونوں کے ادوار میں جاری رہا۔آپ کی مساعی کی وجہ سے جہانگیر دربار میں علماء رکھنے پر رضامند ہوا۔لشکرِ شاہی کے ساتھ آپ کم و بیش ساڑھے تین سال تک رہے۔اس عرصہ کے دوران بادشاہ سے مسائل دینیہ پر خصوصی مذاکرے اور گفتگو رہی۔ان صحبتوں سے بادشاہ کو براہ راست آپ کی زندگی کا مطالعہ اور مشاہدہ کرنے کا موقع ملا۔تزکِ جہانگیری میں جہانگیر کے حضرت شیخ احمد سرہندی کے ساتھ خصوصی تعلق سے متعلق معلومات ملتی ہیں۔

ارباب حکومت کی اصلاح

ارباب حکومت سیاسی مفاد کے غلط تصور اور غلط توقعات کی وجہ سے اسلام سے دور ہو کر ہندومت کے زیادہ قریب ہوگئے تھے۔شیخ احمد سرہندی نے ان کو مذہب اسلام سے آشنا کرنے اور ان کا صحیح رخ متعین کرنے کیلئے اپنی پوری حکمت اور قوت کو استعمال کیا۔آپ نے سب سے پہلے ارکان سلطنت سے خصوصی تعلقات قائم کیے۔ان کو اپنا گرویدہ بنایا اور پھر تعلیم اور تربیت کی۔آپ نے ان کے خیالات کو درست کیا اور اسلامی رنگ کا اصلی نصب العین واضح کیا۔

آپ ایک مکتوب میں بادشاہ کی اصلاح میں تمام انسانوں کی فلاح پوشیدہ قرار دیتے ہیں:

"پس بادشاہ کی اصلاح کی کوشش کرنا در حقیقت تمام انسانوں کی اصلاح کرنا ہے۔یہ اصلاح اسی وقت ہو سکتی ہے کہ جب موقع ملے اور گنجائش ہو تو صحیح اسلامی تعلیمات ان کے ذہن میں ڈالی جائیں اور مخالفین کے مذاہب باطلہ کا رد کیاجائے۔اگر یہ دولت آپ نے حاصل کی تو سمجھیے کہ آپ کو انبیاء کی وراثت مل گئی۔ یہ بڑی سعادت ہے کہ آپ کو یہ دولت مفت مل رہی ہے۔آپکو اس کی قدر جاننی چاہیے"۔[۱]

آپ ایک مکتوب میں حکومت وقت کے خاص رکن خان اعظم کو لکھتے ہیں۔

"اس نازک وقت میں جب کہ ہمارا پلہ کمزور ہے اور ہم بازی ہار چکے ہیں آپ کے وجود کو ہم غنیمت سمجھے ہیں سوائے تمھارے ہمیں کوئی مرد میدان نظر نہیں آتا"۔[۲]

---

[۱] مکتوباتِ امام ربانی، دفتر دوم ، مکتوب نمبر ۶۷،ص:۱۳۵

[۲] ایضاء مکتوب نمبر ۶۵،ص:۸۲

آپ کی کوششوں سے بادشاہ کے رجحانات میں نمایاں تبدیلی پیدا ہوئی اور وہ اسلام کی طرف توجہ کرنے لگا۔ آپ نے اپنی خوش تدبیری اور کمال دور اندیشی سے ارکان حکومت کو ظاہر اور باطن سے مکمل مسلمان بنا دیا اور انہی کی مدد سے بادشاہ وقت کی سوچ کو بدل ڈالا۔

فتنہ رفض و تفضیلیت صحابہ

ہمایوں بادشاہ جب ایران سے واپس ہندوستان آیا، تو اس کے ساتھ بہت سے شیعہ حضرات بھی تھے۔ ان لوگوں کو ہمایوں کی حکومت میں خاصا عمل دخل حاصل رہا۔ ہمایوں کی وفات کے بعد اس کا بیٹا اکبر بادشاہ بنا۔ اس کے دور میں بھی دربار میں شیعہ کا غلبہ تھا۔ جہانگیر کا دور تو مکمل طور پر شیعہ کے قبضہ میں رہا۔ درحقیقت جہانگیر کے نام سے نور جہاں کا شیعہ گھرانہ ہندوستان پر حکومت کر رہا تھا۔ نور جہاں کا باپ دیوان کل اور اس کا بھائی آصف خان وکیل مطلق اور نور جہاں جہانگیر کی بیوی ہمراز تھے۔ ان کی بدولت شیعیت کے اثرات عوام میں سرایت کرنے لگے۔ شیخ احمد سرہندی نے ان کی روک تھام کیلئے چار طرح کے اقدامات کیے۔ آپ نے شیعہ علماء سے بالمشافہ مناظرے اور مباحثے کئے۔

مشہد کے بعض شیعہ علماء نے ماوراء النہر کے سنی علماء کے ایک رسالے کے جواب میں رسالہ لکھا ،جس میں خلفاء ثلاثہ کی تکفیر اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی مذمت تھی۔ اس رسالہ کو شیعوں نے ہندوستان بھر میں پھیلا دیا۔ آپ نے اس رسالے کا عام مجلسوں میں رد کیا اور بعد میں ایک مستقل رسالہ ردِ روافض اس کے جواب میں لکھا۔ آپ نے مکتوبات کے ذریعے شیعہ اصولوں کی مدلل انداز میں تردید کی اور کتاب و سنت اور عقل کی روشنی میں ان کی اصلاح فرمائی۔ خلفاء کے ذریعے اس فتنے کو رفع کرنے کی کوشش کی۔[1]

شیخ احمد سرہندی حضرت ابو بکر صدیق اور حضرت عمرِ فاروق کی افضلیت کے متعلق لکھتے ہیں :

> "حضرات شیخین کی افضلیت صحابہ و تابعین کے اجماع سے ثابت ہے۔ جیسا کہ اکابر ائمہ کی ایک جماعت نے اس کو نقل کیا ہے جن میں سے ایک امام شافعی ہیں۔ امام ابو الحسن اشعری نے فرمایا ہے کہ حضرت صدیق و فاروق کی افضلیت باقی تمام امت پر قطعی ہے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ سے تواتر کے ساتھ ثابت ہے کہ آپ نے اپنی خلافت کے زمانے

---

[1] تذکرہ مجدد الف ثانی ،ص: ۱۷۶

میں دارالخلافت کے اندر اپنے ماننے والوں کی کثیر تعداد کے سامنے اعلان کیا کہ ابو بکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ امت میں سے بزرگ ترین ہیں"۔ (۱)

شیخ احمد سرہندی صحابہ رضی اللہ عنہم کی افضلیت کے منکر کو بدعتی اور گمراہ کہتے ہیں۔(۲)

آپ اس شخص کو احمق قرار دیتے ہیں جو سب کو برابر سمجھے (۳)۔

شیخ احمد سرہندی نے اپنے مکتوبات میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے دور کے مشاجرات و محاربات کی صحیح نوعیت پر روشنی ڈالی ہے اور خصائل شیعہ پر بحث کی ہے۔جن لوگوں کے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے نزاعات ہوئے اور جنگ کی نوبت آئی وہ اہل اسلام کی ایک بڑی جماعت ہے اور ان میں بہت سے جلیل القدر صحابی ہیں۔ان میں سے بعض تو وہ ہیں ،جن کو دنیا میں ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کی بشارت دی۔ ان کی تکفیر اور برا بھلا کہنا کوئی معمولی بات نہیں ہے۔دین کا قریباً نصف ایسا ہوگا جو ان کی وساطت سے امت کو پہنچا ہے۔اگر وہ بھی مجروح و مطعون ہو جائیں تو آدھا دین بے اعتبار ہوجائے۔شیخ احمد سرہندی نے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے فضائل بھی بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیے ہیں اور آپ کو گالی دینے والے کو واجب القتل قرار دیا ہے (۴)۔

نظریہ وحدۃ الوجود اور وحدۃ الشہود

تصوف میں نظریہ وحدۃ الوجود اور نظریہ وحدۃ الشہود بنیادی نظریہ کے حامل ہیں۔ آٹھویں صدی ہجری میں یہ عقیدہ ہندوستان آیا۔ قادریہ سلسلہ ، سہر وردی سلسلہ اور چشتیہ میں جزوی اور فروعی اختلافات کے باوجود ان کا روحانی مرکز ایک ہے۔تینوں سلسلے وحدۃ الوجود کے قائل تھے۔

تصور وحدۃ الوجود کا بانی شیخ محی الدین ابن عربی (۵) اور نظریہ شہود کے بانی شیخ احمد سرہندی ہیں۔

---

(۱) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتر دوم، مکتوب نمبر ۱۵،ص:۲۸- مکتوب نمبر ۶۷،ص:۱۳۰

(۲) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر ۲۶۶،ص:۳۳۱

(۳) ایضاً

(۴) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر ۲۵۱،ص:۲۷۲

(۵) آپ ۵۶۰ ہجری میں اندلس میں پیدا ہوئے۔وجہ شہرت نظریہ وحدۃ الوجود ہے۔آپ اچھوتا انداز فکر رکھتے تھے۔ استدلالی اور تصوفی پہلو آپ کی فکر میں دوش بدوش نظر آتے ہیں۔کتاب العظمۃ ، کتاب السبعۃ، التجلیات، مفاتیح الغیب،فصوص الحکم اور دیوان محی الدین آپکی مشہور کتب ہیں۔(محمد لطفی جمعہ : تاریخ فلاسفۃ الاسلام ،ص: ۲۹۱)

شیخ احمد سرہندی کے والد محترم وحدۃ الوجود کے قائل تھے۔آپ بذات خود منزل وجود سے گزر کر منزل شہود تک پہنچے، آپ نے نظریہ شہود کو مکمل باقاعدگی اور ضابطے کے ساتھ پیش کیا۔اس لیے آپ کو اس نظریے کا بانی کہا جاتا ہے۔شیخ احمد سرہندی کے ہاں وحدۃ الوجود سالک کے سیر و سلوک کی ایک منزل ہے۔اس کو نظر آتا ہے کہ وجود حقیقی کے علاوہ کسی چیز کا وجود نہیں ہے۔جو کچھ ہے سب ایک ہی وجود ہے۔اگر اللہ کی توفیق شامل حال ہو اور شریعت کا چراغ راہ نما ہو اور سالک کی ہمت بلند ہو تو وحدۃ الشہود کی منزل سامنے آجاتی ہے۔

شیخ احمد سرہندی کے دور میں گمراہ صوفیوں کا گروہ پیدا ہوگیا تھا۔جنہوں نے دینی رخنے پیدا کرکے مذہبی فتنوں کو جنم دیا۔شیخ احمد سرہندی نے ان کی عملی اصلاح فرمائی۔ان لوگوں کی سب سے بڑی خرابی "اتحاد و حلول" [۱] کا عقیدہ تھا۔اس نظریے کی بنیاد وحدۃ الوجود کے نظریے پر رکھی گئی۔

چنانچہ آپ لکھتے ہیں :

"ممکن کو عین واجب کہنا اور اس کے افعال و صفات کو اس طرح اللہ کے افعال و صفات قرار دینا سخت بے ادبی بلکہ اللہ کے اسماء و صفات میں الحاد ہے"۔[۲]

آپ لوگوں کو صوفیوں کی بے ہودہ باتوں سے منع کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

"خبر دار ہر گز صوفیوں کی ان بے ہودہ باتو ں پر توجہ نہ دو اور غیر خدا کو خدا نہ سمجھو"۔[۳]

شیخ احمد سرہندی نے ان لوگوں کی مراد اور مقصد کو واضح کیا،جووحدۃ الوجود کے نظریے کے قائل ہیں اور انہیں بتایا کہ ان کلمات سے اُن کی مراد یہ ہے کہ عالم میں جو کچھ ہے، سب اسکی قدرت کا ظہور ہے۔اس کا وجود حقیقی ہے ،باقی تمام موجودات کا وجود ظلی ہے جو شیخ احمد سرہندی کے نزدیک قابل

---

(۱) یہ دو الفاظ کا مرکب ہے۔اتحاد کے معنی متحد ہوجانا اور حلول کے معنی ایک چیز کا دوسری چیز میں داخل ہوکر اس طرح مل جانا کہ دونوں میں کوئی فرق نہ رہے۔اتحادو حلول کا مطلب بعض کے نزدیک یہ کہ اللہ تعالیٰ بندے میں داخل ہوجاتا ہے۔اس نظریے کی بنیاد وحدۃ الوجود پر رکھی گئی او ر لوگوں نے یہ کہنا شروع کر دیا کہ سب چیزیں خدا ہیں۔زمیں وآسمان ، درخت اور پتھر وغیرہ۔(مولانا محمد منظور نعمانی : تذکرہ مجدد الف ثانی ،ص:۱۶۱)۔

(۲) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتردوم، مکتوب نمبر۱،ص:۲

(۳) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتراول، مکتوب نمبر۲۷۲،ص:۲۴۷

اعتبار نہیں ہے۔صوفیا کرام میں سے جو لوگ وحدۃ الوجود کے قائل ہیں اور ہمہ اوست کہنے والے ہیں اس سے ان کی مراد ہر گز یہ نہیں ہے کہ اشیاء اللہ کے ساتھ بالکل متحد ہیں اور معاذ اللہ وہ مرتبہ سے اتر کر دائرہ تشبیہ میں آگیا ہے اور جو واجب تھاوہ ممکن بن گیا ہے۔یہ سب کفر و الحاد ہے اور گمراہی و زندقہ ہے بلکہ ہمہ اوست کے معنی ہی یہ ہیں او ر سب نیست ہیں اور صرف وہی وجود ہے۔[۱]

جاہل صوفیا کے باطل عقائد کا رد

بعض صوفیا ہر چیز کو خدا تو نہ کہتے تھے ،لیکن ان کا خیال تھا کہ فقیر جب کامل ہو جاتا ہے تووہ خدا سے متحد ہو جاتا ہے اور اس کی ہستی خدا کی ہستی میں تحلیل ہو جاتی ہے۔شیخ احمد سرہندی نے اس کو رد کیا او ر کفر و زندقہ قرار دیا اور فرمایا کہ اللہ کسی چیز کے ساتھ متحد نہیں ہوتا اور نہ ہی کوئی چیز اس کے ساتھ متحد ہے۔۔[۲]

اس دور کے کچھ صوفیا کی ایک گمراہی یہ بھی تھی کہ انبیاء اور خصوصاً حضرت محمد ﷺ کو اللہ کی ذات کے ساتھ متحد کرتے تھے۔شیخ احمد سرہندی نے ان کے خلاف آواز اٹھائی اور فرمایا کہ حضرت محمد ﷺ محدود و متناہی بندے ہیں جب کہ اللہ کی ذات لا محدود اور لامتناہی ہے"۔[۳]

بہت سے خام صوفیا اور بے سروسامان ملحدوں کا خیال ہے کہ خوا ص صرف معرفت الٰہی کے مکلف ہیں اور کہتے ہیں کہ شریعت پر عمل کرنے سے مقصود حصول معرفت ہے،جب معرفت حاصل ہوگئی تو شریعت کے احکام ساقط ہوگئے اور آیت ﴿وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتَّى يَأْتِيَكَ الْيَقِينُ﴾[۴]کو دلیل کے طور پر پیش کرتے ہیں اور نتیجہ یہ نکالتے ہیں کہ عبادت کی انتہا معرفت کے حصول تک ہے۔اللہ ان لوگوں کو رسوا کرے یہ کس قدر جاہل ہیں۔عبادت کی جس قدر ضرورت عارفوں کو ہے مبتدیوں کو اس کا دسواں حصہ بھی حاجت نہیں ہے۔[۵]

---

(۱) ایضاً ، دفتر دوم، مکتوب نمبر ۴۴،ص:۸۱

(۲) ایضاً، دفتر اول، مکتوب نمبر ۲۶۱،ص:۳۱۴

(۳) ایضاً ، مکتوب نمبر ۹۵ص:۱۱۴

(۴) سورۃ الحجر:۱۵/ ۹۹

(۵) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتر اول، مکتوب نمبر ۲۷۶ ،ص:۳۵۸

صوفیا کی ایک خرابی یہ تھی کہ وہ اپنے اعمال کی بنیاد اپنے مشائخ کے طریق پر رکھتے تھے خواہ وہ شریعت اسلام کے خلاف ہی کیوں نہ ہو۔شیخ احمد سرہندی نے بڑی جرات کے ساتھ ان کے خلاف آواز اٹھائی۔احکام شریعت کے اثبات میں کتاب و سنت کا اعتبار ہے۔قیاس اور اجماع امت بھی مثبت احکام ہیں، ان چار کے بعد کوئی ایسی دلیل نہیں ہے جن سے احکام ثابت ہو سکیں۔اولیا کے الہام سے کسی چیز کی علت یا حرمت ثابت نہیں ہو سکتی اور ارباب باطن کا کشف کسی چیز کو فرض یا سنت ثابت نہیں کر سکتا۔[۱]

بے چینی کا علاج موسیقی میں تلاش کرنے والے صوفیا کے خلاف آپ نے سخت موقف اختیار کیا۔ آپ فرماتے ہیں کہ ان صوفیا میں سے بہت سے ایسے ہیں جنہوں نے اپنی بے چینی کا علاج سماع ، نغمہ اور وجدو تواجد میں ڈھونڈتے ہیں اور اپنے محبوب کو نغموں کے پردوں میں دیکھنا چاہتے ہیں۔اس لیے انہوں نے رقص و رقاص کو اپنا طریقہ بنایا ہوا ہے [۲]

صوفیوں کی گمراہی کی اصل وجہ شریعت کو طریقت سے الگ سمجھنا تھا۔شیخ احمد سرہندی نے شریعت اور طریقت کے رشتے کو مضبوط کیا اور صوفیا کے بڑے فتنے کی سرکوبی کی۔ہر فضیلت حضرت محمد ﷺ کی سنت کی پیروی سے اور ہر کمال آپ کی شریعت کے اتباع سے وابستہ ہے۔[۳]

تصانیف

شیخ احمد سرہندی نے قلم کے ذریعے بھی جہاد کیا۔آپ کی یہ تصانیف آپ کی زندگی میں ہی نہ صرف ہندوستان بلکہ دور دراز ملکوں تک پھیل گئی تھیں ۔ شیخ احمد سرہندی نے اس ڈگر سے ہٹ کر علوم و نکات کو بیان کیا جو آپ کی علمی مہارت اور فطری بلندی کا منہ بولتا ثبوت ہیں۔آپ کی کئی تصانیف ہیں۔ ان میں چند اہم کا تذکرہ درج ذیل ہے:

رسالہ اثبات النبوہ

---

(۱) ایضاً ، دفتر دوم، مکتوب نمبر،۵۵ص:۱۰۸

(۲) ایضاً ، دفتر اول، مکتوب نمبر،۲۶۱ص:۳۰۴

(۳) مکتوباتِ امام ربانی ، دفتر اول، مکتوب نمبر ۱۱۴ ،ص:۱۳۵

یہ آپ کی سب سے قدیم تصانیف میں سے ہے۔جو کہ نامکمل نسخے ہے ۔ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان کی کوششوں سے ۱۹۶۵ء میں اردو ترجمے کے ساتھ یہ شائع ہوا ہے۔بعض نسخوں میں اس کا نام " تحقیق النبوہ " ہے[۱] ۔

رسالہ ردِ روافض

یہ رسالہ رد شیعہ کے نام سے بھی مشہور ہے۔یہ۱۵۹۳ء تا ۱۵۹۴ء کے درمیانی عرصہ میں تحریر کیا گیا۔ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے ۱۹۶۵ء میں "کوائف شیعہ " کے نام سے اردو ترجمہ کے ساتھ رامپور سے شائع کرایا۔یہ رسالہ اصل میں اس رسالے کا جواب ہے ،جو علماء شیعہ نے علماء ماوراء النہر کو اس وقت بھیجا تھا ،جب عبداللہ خان ازبک نے مشہد کا محاصرہ کر رکھا تھا۔یہ رسالہ فارسی زبان میں لکھا گیا ہے۔

رسالہ تہلیلیہ

یہ رسالہ شیخ احمد سرہندی نے۱۵۹۸ تا ۱۵۹۹ء کے درمیان تصنیف فرمایا یہ ۲۲ صفحے کا مختصر رسالہ ہے۔اس کے ساتھ حافظ رشید احمد ارشد کا سلیس بامحاورہ اردو ترجمہ بھی ہے۔ [۲]

معارف لدنیہ

---

(۱) یہ چوالیس صفحات پر مشتمل ہے۔اس کا سائز چھوٹا ہے۔تمہیدی عبارت کے بعد شیخ احمد سرہندی نے دو امور پر بحث کی ہے ایک نبوت دوسرا معجزہ۔ان کے بعد ایک طویل مقالہ لکھا ہے۔جس کا پہلا مسلک بعثت اور نبوت کی حقیقت و ضرورت اور دوسرا حضرت محمد ﷺ کی نبوت کے اثبات میں ہے۔دوسرا مقالہ فلاسفہ کی مذمت میں ہے۔ سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۶۴۔

(۲) سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۴۴، ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے اس کا تاریخی نام " معارف لاالہ الااللہ محمد رسول اللہ " رکھا ہے۔اس رسالہ میں کلمہ طیبہ کے مختلف امور سے متعلق بحث ہے۔شروع میں " لا " کے لفظ سے بحث ہوتی ہے اس کے بعد لفظ" اللہ" کی حقیقت کے متعلق نحوی علماء اور مفسرین کے اقوال کی روشنی میں بحث کی گئی ہے۔حافظ رشید احمد ارشد نے ، اس کا نام " توحید صوفیا " رکھا ہے۔آخری حصہ رسالت سے متعلق ہے جس میں آپ نے حضرت محمد ﷺ کے فضائل ، معجزات ، اخلاق اور اوصاف بیان کیے ہیں۔اس رسالے میں صوفیانہ رنگ گہرا ہے۔یہ عام مسلمانوں کیلئے لکھا گیا ہے۔یہ عربی زبان میں ہے۔

اس رسالے میں زیادہ تر معرفت الٰہی کے مختلف پہلوو ں کا ذکر ہے۔اس میں جہاں شریعت و طریقت کی ہم آہنگی پر زور دیا گیا وہاں نام نہاد صوفیا کی مذمت کی گئی ہے۔یہ کتاب لاہور سے شائع ہو چکی ہے۔[۱]

مبداء و معاد

شیخ احمد سرہندی کے خلیفہ خواجہ محمد صدیق بدخشی نے اسے ۱۰۱۰ء میں مدون کیا تھا۔یہ رسالہ لاہور سے شائع ہو چکا ہے۔اس رسالے کے مختلف مخطوطات ہندوستان اور پاکستان کے علاوہ بیرون ملک کی لائبریریوں کی زینت
ہیں۔[۲]

تعلیقات بر شرح رباعیات خواجہ باقی باللہ

یہ ایک مختصر رسالہ ہے۔اس میں آپ نے خواجہ باقی باللہ کی رباعیات کی اس شرح پر اضافے کیے ہیں جو خواجہ باقی باللہ نے لکھی تھیں۔یہ رباعیات وجود باری تعالیٰ سے متعلق ہیں۔آپ نے ان کی شرح معارف خاصہ اور خواجہ باقی باللہ کی وفات کے بعد حالات کی روشنی میں کی ہے۔

مکاشفاتِ عینیہ

یہ رسالہ شیخ احمد سرہندی کی وفات کے بعد خواجہ محمد ہاشم کشمی نے مرتب کیا تھا۔۱۹۶۵ء میں ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے اسے شائع کرایا تھا۔اس رسالے میں مختلف صوفیانہ مسائل اور مکاشفات کا بیان ہے۔[۳]

رسالہ جذب و سلوک

---

[۱] سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۶۶، شیخ احمد سرہندی نے اس رسالے کا ذکر " مبداء و معاد" میں کیا ہے۔اس کتاب کا ایک مخطوطہ نمبر۔۱۸۸ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن میں ہے۔تاشقند میں مخطوطہ نمبر۔۲۶۱۱ ہے۔مخطوطہ نمبر۔۱۰۶۔ Iپنجاب پبلک لائبریری لاہور میں ہے۔

[۲] ایضاً،ص:۲۶۵، ایک مخطوطہ نمبر۔۲۶۲۱ کتب خانہ تاشقند میں موجود ہے۔ایک مخطوطہ نمبر۔۱۰۶۔ح پنجاب پبلک لائبریری لاہور جبکہ ۲۷۰۰ کتب خانہ برلن میں موجود ہے۔

[۳] سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۶۶، اس کا ایک مخطوطہ نمبر ۲۲۲۵ کتب خانہ تاشقند میں موجود ہے۔

یہ تصوف کے موضوع پر گراں قدر، جامع اور مبسوط کتاب ہے۔اس کتاب کو تصوف کی دنیامیں منفرد مقام حاصل ہے۔اس میں صوفیانہ اخلاق پر سیر حاصل بحث ہے۔آپ نے تصوف اور اسکی حقیقت اور مقامات و احوال پر بڑے شرح و بسط سے لکھا ہے۔[۱]

رسالہ علم حدیث

اس رسالہ کا ذکر بھی مختلف مصنفین نے کیا ہے۔محمد حلیم[۲]اور خواجہ محمد حسین [۳]نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔یہ رسالہ علم حدیث کی اہمیت واضح کرتا ہے۔کتاب مختصر مگر جامع ہے۔

مجموعہ تصوف

اس کتاب میں شیخ احمد سرہندی نے نقشبندیہ نظریہ تصوف کو اپنے تبحر علمی اورکمال روحانی کے ساتھ بیان کیا ہے۔یہ مشہور زمانہ معتبر اورمستند کتاب ہے۔آپ نے اس رسالہ میں تصوف کی حقیقت، مقام صوفیاء، عارفوں اور صوفیوں کی اہمیت اور عرفاء کے اقوال کو عمدگی سے بیان کیا ہے[۴]۔

رسالہ حالات خواجگان نقشبند

یہ رسالہ خواجگان نقشبند سے محبت رکھنے والوں کیلئے مستند ماخذ ہے۔اندازِ تحریر عمدہ اور اسلوب بیان دلکش ہے۔خواجہ محمد ہاشم کشمی نے زبدۃالمقامات میں اس کا ذکر کیاہے۔ اس رسالے کا ذکر محمد ہاشم کشمی[۵]اور محمد حلیم [۶] نے کیا ہے۔

رسالہ در بیان طریقت حضرت خواجگان

یہ کتاب اپنے موضوع، بلند پایہ مضامین اور گراں قدر ارشادات و حالات حضرت خواجگان کے لحاظ سے آپ اپنا جواب ہے۔شیخ احمد سرہندی نے اپنے مکتوبات[۷]میں اس رسالے کا ذکر کیا ہے۔

---

[۱] خواجہ محمد ہاشم کشمی : زبدۃ المقامات، کان پور، ۱۸۸۹ء،ص:۲۴

[۲] مجدد اعظم :ص: ۱۰۸

[۳] قادری نقشبندی،مولانا خواجہ احمد حسین خان، تحریک امام مجددالف ثانی تھانہ ملاکنڈ،جواہر مجددیہ :ص: ۸۲

[۴] سیرت مجددالف ثانی : ص : ۲۶۷

[۵] زبدۃ المقامات : ص :۱۵۱

[۶] مجدد اعظم : ص : ۱۰۹

[۷] مکتوبات امام ربانی : دفتر اول۔مکتوب نمبر: ۵، یہ رسالہ حضرت خواجگان کے بسلسلہ بیان طریقت میں لکھا گیا ہے

رسالہ نصائح

آپ نے اس کتاب میں نصیحت آموز باتیں کی ہیں۔کتاب مختصر مگر جامع ہے اور اپنی زیبائی ، سادگی اور شیرنی بیان کے باعث بہترین کتابوں میں شمار ہوتی ہے۔ شیخ احمد سرہندی نے اپنے مکتوبات میں اس کا ذکر کیا ہے[۱]۔

رسالہ معرفۃ النفس و معرفۃ الرب

آپ نے اس کتاب میں نفس کی اصلاح پر زور دیا ہے کیونکہ نفس کی اصلاح سے ہی رب کی معرفت حاصل ہوتی ہے۔آپ کے انداز بیان میں شگفتگی اور اثر انگیزی ہے۔مشائخ نے اس کتاب سے بھر پور استفادہ کیا ہے۔دنیا تصوف میں اس کو بلند مقام حاصل ہے۔یہ کتاب طالبان معرفت کی آنکھوں کا سرمہ ہے۔ یہ رسالہ نفس اور رب کی معرفت کے بارے میں ہے [۲]۔

آداب المریدین

یہ معمولی حجم کا رسالہ ہے۔ جس میں شریعت اور طریقت اور مریدین کے آداب کا ذکر ہے[۳]۔

مکتوبات

شیخ احمد سرہند ی کی تصانیف میں مکتوبات کو خاص امتیاز حاصل ہے۔یہ مکتوبات تین مجلدات پر مشتمل ہے۔یہ آپ کی زندگی میں مرتب ہو گئے تھے۔

دفتر اوّل: اسے " درالمعرفت " بھی کہتے ہیں۔اس میں ۳۱۳ خطوط شامل ہیں۔انہیں یار محمد بدخشی نے ۱۶۱۶ ء میں مرتب کیا۔یہ مجموعہ سب سے مفصل ہے۔اس میں کئی سالوں کے خطوط جمع کیے گئے ہیں۔

دفتر دوئم: ان کا تاریخی نام " نور الخلائق" ہے یہ ۱۶۱۸ء میں مولانا عبدالحی حصاری نے خواجہ محمد معصوم کے ایماء پر جمع کئے۔اس نے۹۹ خطوط شامل ہیں لیکن بعض خطوط بڑے طویل اور مفصل ہیں۔

---

(۱) ایضاً ،مکتوب نمبر ۱۶

(۲) سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۶۸، اس کا ایک مخطوطہ نمبر ۹۲۴ کتب خانہ آصفیہ حیدر آباد دکن میں ہے

(۳) ان کے علاوہ آپ کی مشہور کتب میں تعلیقات العوارف،الحاشیہ علی شرح العقائد الجلالی،رسالہ تعیین ولا تعیین،رسالہ مقصود الصالحین،رسالہ دربیاں مسلہ وحدۃ الوجود،المقدمہ السنیۃ فی انتصار الفرقۃ السنیۃ شامل ہیں۔

دفتر سوئم: ان کو میر محمد نعمان نے اور بعد میں خواجہ محمد ہاشم کشمی نے " معرفت الحقائق " کے نام سے ۱۶۲۱ء میں مرتب کیا۔اس میں خطوط کی تعداد ۱۲۴ ہے۔[۱] دفتر اول کے بیس مکتوبات خواجہ باقی باللہ کے نام ہیں ۔دو مکتوب شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور ایک خط جہانگیر بادشاہ کے نام بھی ہے۔جہانگیر کے درباری امراء کے نام کافی خطوط ہیں۔

یہ مکتوبات زیادہ تر مسائل شریعت و طریقت اور حقیقت و معرفت پر مشتمل ہیں۔بعض مکتوبات میں مصلحانہ اور مجددانہ انداز میں شریعت اسلام سے ہٹے ہوئے خام صوفیا کی غلط روش اور ان کے ناپسندید ہ افعال پر تنقید کی گئی ہے۔علماء سوء کی وجہ سے اسلام کو جو نقصان پہنچ رہا تھا اس پر اظہار افسوس بھی کیا گیا ہے۔اہل بیت اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی محبت اور احترام کا درس دیا گیا ہے۔مکتوبات کی مقبولیت کی وجہ مضامین کی خوبی ، تنوع اور مصنف کی علمیت اور روحانی فضیلت ہے۔آپ کا طرز تحریر پر تاثیر ہے۔خط لکھتے وقت انشائی خوبیوں کا پورا خیال رکھتے تھے۔ان مکتوبات میں آپ نے علمی اور دینی مسائل کو سلجھانے کیلئے عالمانہ طرز تحریر اختیار کیا ہے۔آپ چند الفاظ میں بڑی معنی خیز بات لکھ جاتے ہیں۔آپ نے ان خطوط میں ارباب تصوف کی مروجہ اصطلاحیں کثرت سے استعمال کی ہیں۔

شیخ احمد سرہندی نے مکتوبات کی تشریح و توضیح اور تاثیر کیلئے دلچسپ شعر یا مصرع بھی درج کر دیتے ہیں۔آپ الفاظ کے انتخاب اور تقابل کا خصوصی خیال رکھتے ہیں۔ان خطوط سے شاہی عتاب سے پیدا شدہ حالات ، آپ کا مقابلے کا ظرف ، صبر، حوصلہ اور تسلیم و رضا کا پتہ چلتا ہے۔آپ نے درباری علماء کو بدعت سے روکنے اور شریعت کی حمایت میں جو خطوط لکھے[۲] ۔

مکتوبات کے تراجم

---

(۱) اس طرح خطوط کی تعداد ۵۳۶ ہو جاتی ہے۔رودِ کوثر ،ص:۳۲۷

(۲) مخطوطات حافظ محمد ہاشم جان مجددی : کراچی کے پاس تین قلمی نسخے ہیں۔ مخطوطہ قریشی احمد حسین قلعہ داری : گجرات، مخطوطہ مولوی مقبول احمد مرحوم : سرہند شریف ،مخطوطہ مولانا غلام مصطفٰے قاسمی: حیدرآباد سندھ ،مخطوطہ انڈیا آفس لائیبریری: لندن ،مخطوطہ کتب خانہ تاشقند: روس۔نمبر: ۲۶۱۵ ،مخطوطہ کتب خانہ برلن: جرمنی ، نمبر: ۴۲۲۶، ۲۶۵۱،مخطوطہ قومی عجائب گھر، کراچی،مخطوطات کتب خانہ آصفیہ، حیدر آباد دکن۔نمبر۔۵۶۴، ۴۸۴ ،مخطوطہ دارالعلوم اسلامیہ: پشاور۔نمبر۔۹۴۰،۹۳۹۔ سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۵۷، ۲۵۸

اردو تراجم: باقی زبانوں کی طرح مکتوبات امام ربانی کا اردو زبان میں بھی تراجم ہوئے ہیں: [1]

انگریزی تراجم: حسین علی الیشیق نے" سعادت ابدی" کے نام سے ایک کتاب ترکی زبان میں لکھی، اس کا نواں ایڈیشن ۱۹۷۲ء میں استنبول سے شائع ہوا۔اس کتاب کے بعض حصوں کا انگریزی ترجمہ (End less Bliss)کے نام سے ۱۹۷۲ء میں استنبول سے شائع ہوا اس میں مکتوبات امام ربانی کے تینوں مجلدات کے بعض مکاتیب کا انگریزی ترجمہ پیش کیا گیا ہے۔

ترکی تراجم: سلیمان سعدالدین نے مکتوبات امام ربانی کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا ،جو ۱۸۶۰ء میں استنبول سے شائع ہوا۔دوسرا ترجمہ حسین علمی نے کیا، جس کا تیسرا ایڈیشن ۱۹۷۲ء میں استنبول سے شائع ہوا۔

مکتوبات کے خلاصے اور ایڈیشن

درلا ثانی۔ جلد اول / دوئم / سوئم ۔مکتوبات امام ربانی ملخصہ مولوی محمد ہدایت علی جے پوری ، مطبوعہ اعظم گڑھ ،۱۹۳۵ءنے شائع کیا ہے۔درلاثانی (تینوں مجلدات) یہ انتخاب مکتوبات کے نام سے علی کتاب خانہ کراچی۱۹۶۳ء نے شائع کیا ہے۔مکتوبات امام ربانی کے کئی ایڈیشن پاک و ہند کے مختلف مقامات سے شائع ہو چکے ہیں[2]۔

مکتوبات کی شروح و حواشی

مولوی ضیا الدین قندھار نے ایک قلمی شرح " ضیاء المقدمات فی توضیح المکتوبات " لکھی[3]۔

---

(۱) الطاف رحمانی (حصہ اول) ،مترجم مولوی محمد حسین مطبوعہ ،لاہور ۱۸۹۶ء ،اس ترجمے میں جلی حروف میں مکتوبات کا متن ہے اور قرآن کی طرح بین السطور اردو ترجمہ ہے۔،مکتوبات امام ربانی مترجم مولوی عبدالرحیم مطبوعہ امرتسر ۱۹۱۱ء،مکتوبات امام ربانی مترجم مولوی عالم دین مطبوعہ لاہور (مکمل) ،مکتوبات امام ربانی مترجم مولوی محمد سعید احمد نقشبندی جلد اول مطبوعہ کراچی ۱۹۷۱ء،مکتوبات امام ربانی ترجمہ و تشریح مولانا عبدالرحیم ۱۹۵۰ء۔

(۲) مکتوبات امام ربانی ، مطبوعہ دہلی ۱۸۷۷ء مع رسالہ رد روافض،مکتوبات امام ربانی مطبوعہ امرتسر ۱۸۹۵ء،مکتوبات امام ربانی مطبوعہ کراچی ۱۹۷۲ء۔انتخاب مکتوبات شیخ احمد سرہندی مرتبہ ڈاکٹر فضل الرحمان مطبوعہ کراچی۔۱۹۶۸ء،فیض البرکات من عین المکتوبات مرتبہ مولانا محمد عبداللہ جان مجددی۔مطبوعہ لاہور۔ سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۶۴

(۳) خواجہ عبداللہ وحدت نے شرح مکتوبات مجدد لکھی،شاہ عبد الرحیم گرھوڑی نے شرح مکتوبات امام ربانی لکھی، مولانا محمد منظور احمد مکان شریفی نے حواشی مکتوبات تحریر کیے،مولوی نصراللہ خان کابلی نے فارسی زبان میں شرح لکھی۔

شیخ احمد سرہندی نے اپنی تحریروں کے ذریعے مردہ دلوں میں نئی شمع جلائی۔لوگوں کے دلوں کو گرمایا ۔شریعت اسلام سے آشنا کیا اور روح کو بالیدگی اور تازگی بخشی۔ شیخ احمد سرہندی نے اپنی کتب میں جو علوم و معارف اور اسرار رموز شرح اور بسط سے بیان کیا ہے وہ آپ کا کمال ہے۔

شیخ احمد سرہندی پر ردو قدح

شیخ احمد سرہندی نے اپنے اور ر بیگانوں کی مخالفت کو بڑی جوانمردی سے برداشت کیا اور کسی بھی موقع پر حلم اور صبر کا دامن نہ چھوڑا۔علمائے حجاز سے کفر کے اکٹھے۱۷ فتوے لگوائے گئے[1]۔ مخالفت اتنی شدید تھی کہ اس کے اثرات کم و بیش ایک صدی تک قائم رہے۔یہ بات اپنی جگہ آشکارا ہے کہ مخالفوں نے آپ پر جتنے الزامات لگائے ،اتنا ہی آپ کا پیغام اور اصلاحی کارنامے چمکے۔ شیخ احمد سرہندی کے مخالفین کو چار طبقات میں تقسیم کیا جاسکتا ہے۔

۱- معترضین : اس میں وحدۃ الوجود کے قائلین شامل ہیں۔۲-حاسدین : اس میں بدعتی اور متعصب منتسبین شامل ہیں۔۳- معاندین: ان میں عقل پرست، دو قومی نظریہ کے مخالف اور شیعہ شامل ہیں۔۴- مخلصین: ان میں معاصرین
علماء ، شیخ تاج الدین سنبھلی، شیخ عبدالحق دہلوی اور خواجہ باقی باللہ کے مریدین شامل ہیں۔

مخالفت کے اسباب

شیخ احمد سرہندی کی شخصیت ہمہ گیر تھی۔آپ کی مخالفت کے محرکات بھی زیادہ تھے۔ ذیل کی سطور میں مجدد الف ثانی کی مخالفت کے درج ذیل اسباب تھے۔

شخصیات کا اختلاف

قیام اکبر آباد کے دوران شیخ احمد سرہندی کی ملاقاتیں اکثر ابو الفضل اور فیضی سے ہوتی تھیں۔ ان ملاقاتوں میں تلخی کی نوبت بھی آئی۔ان دونوں بھائیوں کا کردار مذہبی نقطہ نظر سے بدتر رہا۔غالباً ان دو

---

[1] سیرت مجدد الف ثانی ،ص:۲۷۹

بھائیوں کی بے راہ روی کی مزاحمت کیلئے آپ نے رسالہ " اثبات النبوہ " لکھا۔عقل پرستوں کا یہ شیخ سرہندی سے پہلا براہ راست تصادم تھا۔[1]

شیعہ کے افکار و خیالات کا تجزیہ

شیعہ اثر و نفوز کو مہلک سمجھتے ہوئے شیخ احمد سرہندی نے اس کے خاتمہ کیلئے ابتدائی کوششیں جاری رکھیں۔شیعہ حضرات کو اس سے سخت صدمہ پہنچا اور وہ آپ کے دشمن بن گئے۔شیعہ حضرات اپنے افکار و خیالات کی اشاعت مجالس اور عام محفلوں میں کرنے لگے۔

خلفاء ومریدین کی بدگمانی

شیخ احمد سرہندی نے مکتوبات میں بعض ایسی باتیں تحریر کیں، جن سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کو خواجہ باقی باللہ سے روحانی انکار ہے۔حقیقت اس کے برعکس ہے۔

مرید خاص حسن خان کی بغاوت

شیخ سرہندی کے ایک مرید حسن خان نے بغاوت کی اور بہت سے مکاتیب چوری کر کے لے گیا۔ اس نے ان میں تحریف کی اور نقلیں تیار کر کے مختلف علاقوں میں بھجوادیں۔ اس طرح بہت سے مخلص بھی بدگمان ہو گئے۔حتی کہ شیخ عبدالحق محدث دہلوی اور شیخ احمد سرہندی کے درمیان جو رنجش پیدا ہوئی ،اس میں بھی اس کا ہاتھ ہے۔

قائلین وحدۃ الوجود کی ناراضگی

جب شیخ احمد سرہندی نے وحدۃ الوجود کے مقابلے میں وحدۃالشہود کا تصور پیش کیا تو قائلین وحدۃ الوجود آپ سے ناراض ہوگئے۔انہوں نے شیخ احمد سرہندی کے مشاہدات اور مکاشفات کا رد کیا۔

اہل طریقت اور بدعتی جہلاء کی مخالفت

بعض اہل طریقت شریعت کو طریقت سے الگ سمجھتے تھے۔شیخ احمد سرہندی نے اس نظریے کی سختی سے تردید کی اور طریقت کو عین شریعت قرار دیا۔اس سے اہل طریقت آپ کے سخت مخالف

---

[1] زبدۃ المقامات ،ص:۱۲۲

ہوگئے۔مسلم معاشرے میں مشرکانہ رسوم اور بدعات کا غلبہ تھا۔ان میں بعض بدعات اور رسوم انتہائی شرم ناک تھیں۔ شیخ احمد سرہندی نے ان کی مخالفت کی جس سے بدعتی جہلاء آپ کے خلاف صف آراء ہوگئے۔

حامیان یک قومی نظریہ کی مخالفت

اکبر اور جہانگیر بادشاہ یک قومی نظریہ کے حامی تھے۔شیخ احمد سرہندی نے اس کی پرزور مخالفت کی اور دوقومی نظریہ پیش کیا۔اس سلسلہ میں آپ نے ارکان حکومت کو ہموار کیا۔ ان پر اخلاقی دباؤ ڈالا اور مکتوبات کے ذریعے عوام تک اس نظریے کو پہنچایا۔اس طرح یک قومی نظریہ کے تمام حامی آپ کے سخت مخالف ہوگئے۔

ہندوؤں کی مخالفت

شیخ احمد سرہندی نظریہ کل کے مخالف تھے۔آپ ہندوؤں کے اثر و نفوز کو شاہی دربار میں پسند نہ کرتے تھے۔حرم شاہی میں ان کی عورتیں تھیں جو انکی ہمراز تھیں۔شیخ احمد سرہندی کو ایک ہندو کے ہاتھوں گرفتار کروایا گیا،جس سے ہندوؤں کی خوشنودی مقصود تھی۔

سلسلہ نقشبندیہ کی اشاعت

شیخ احمد سرہندی کا سلسلہ بیعت ان کی زندگی میں ہی ہندوستان کے علاوہ بیرونی ممالک میں پھیل چکا تھا۔سلسلہ نقشبندیہ کی ہمہ گیر اشاعت و مقبولیت سے دوسرے سلاسل کے منتسبین میں حریفانہ کشمکش شروع ہوگئی۔کچھ پیر بھائی اس مقبولیت سے متاثر ہوکر ناراض ہوکر مخالفت پر تل گئے۔بعض لوگ دیکھا دیکھی بغیر کسی وجہ کے مخالف ہوگئے۔ جاہل صوفیاء اور دنیا دار علماء کو اپنی کساد بازاری کے خطرہ نے مخالفت پر تیار کیا ہے اور روافض کو بیگم نور جہاں کی وجہ سے شعیہ مذہب کی اشاعت کی جو امیدیں پیدا ہوگئی تھیں، رک گئیں۔

نتائج و اثرات

برصغیر میں اسلام پر ابتلا کے بڑے بڑے مرحلے آئے،تاہم ان گھٹا ٹوپ اندھیروں میں سرہند سے شیخ احمد سرہندی کی آواز ابھری جس نے شہنشاہیت کے باطل ایوانوں میں زلزلے بپا کردیے۔آپ کا جہاد اکبر اور جہانگیر دونوں کے ادوار میں جاری رہا۔آخر کار خود کو سجدے کرانے والی شہنشاہیت ایک درویش کے قدموں میں سرنگوں ہوگئی ،کیونکہ شیخ احمد سرہندی کا جہاد ذاتی غرض کیلئے نہ تھا۔آپ کو اقتدار کی پیشکش ہوئی لیکن آپ نے پائے حقارت سے اسے ٹھکرا دیا۔اکبر نے اپنی شہنشاہیت کی قوت و جبروت

کی بنیاد پر دین الٰہی کی بنیا د رکھی لیکن آج اسکا کوئی نام لیوا نہیں ہے۔ شیخ احمد سرہندی نے زبان و قلم کے جہاد سے اقتدار کا تختہ نہیں الٹا بلکہ دلوں کی سلطنت کی کایا پلٹ کر رکھ دی۔ شیخ احمد سرہندی کی کامیابی کا پہلا قدم وہ ہے کہ جہانگیر خصوصی مجالس میں آپ سے وعظ و نصیحت سنتا ہے۔ اس کے بعد اگرچہ کسی سیاست یا بادشاہ کی عقیدت مندی کی وجہ سے شیخ احمد سرہندی لشکر میں زیر حراست رہے، لیکن اس سے لشکر میں ترویج شریعت کی روح پیدا ہوگئی۔ اس سے اندازہ لگایاجا سکتا ہے کہ رہائی کے بعد آپ نے جہانگیر بادشاہ کو جو شرائط پیش کیں ان کو بادشاہ نے نہ صرف مانا ،بلکہ ان کا بہت اثر ہوا مثلاً سجدہ تعظیمی موقوف ہوگیا۔ گائے ذبیحہ کی آزادی مل گئی، گائے کا گوشت سر بازار فروخت ہونے لگا۔منہدم مساجد دوبارہ تعمیر کی گئیں۔ محتسب ، مفتی اور قاضی مقرر ہوئے۔کفار پر جزیہ نافذ ہوا۔خلاف شرح قوانین منسوخ کر دیے گئے۔بدعات اور جاہلانہ رسوم مٹا دی گئیں۔جہانگیر بادشاہ اپنی بدکرداری پر شرمندہ ہوا اور شیخ احمد سرہندی سے مغفرت کی دُعا کی التجا کی۔آپ کی متبرک تحریک کے اثرات ہی تھے جو ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی اور ۱۹۳۰ء میں مطالبہ پاکستان اور ۱۹۴۷ء میں قیام پاکستان کی صورت میں نمودار ہوئے۔

❁ ❁ ❁

مسیحیت میں امن کی مختلف جہات

Various Dimensions of Peace in Christianity

ڈاکٹر تنویر قاسم*

ڈاکٹر زاہد لطیف**

ABSTRACT

Undoubtedly, every religion of the world called for peace.Either revealed or non revealed religion, prophet of every religion declared peace and tolerance as pivot point for welfare and betterment of humanity. In the same way, Jesus Christ preached his followers to restrain themselves from atrocity and violence and to create the environment of truthfulness. Moreover he advised his pupils to avoid the behavior of hatred and prejudice and to forgive their brothers even 70 times.But today ,on the contrary of the teaching of the founders of religion ,terroristic and violent behaviour is being established among the followers very rapidly.Personal interests are more attractive than brotherhood for these followers.

The basic purpose of the underdiscussion article is to present a noble example to the community of nation from the preachings of jesus Christ in the light of four gospels.It is the dire need of time to raise the same voice of truth and peace that was raised by the real well wishers of the community so that humanity get the fruits of divine message in its actual and real essence delivered by the consoler of humanity.On the contrary of beautiful message of jesus Christ,history of Christianity and other followers of religions is full of bloodshed,human massacre and violence.what was the reason that Christianity did not adhere the peaceful message of Christ and how the concept of peace was eclipsed what were the main factors that man was degraded in the name religion.In the article authors has main focused directly on the Holy Bible and it collected material concerning the various aspects of life like law ,society living ways and presented its anylisis in the light of valuable researches of some major and prominent scholars of Islam.

Keywords: *Christianity and peace.peace and bible.Dimensions of peace in bible.*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

** اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور

مسیحیت کا نقطہ آغاز ہی امن کی تلاش ہے۔ اخوت ومساوات جس کی بنیاد ہے، ہمدردی اور خدمت جس کی عبادت ہے، باہمی محبت و یگانگت جس کی تعلیمات کا بنیادی نقطہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہود کے ادنی طبقات اور یونان وروما کی کثیر تعداد عیسوی تحریک میں شامل ہو کر روحانی تسکین میں سبقت لے گئی، سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے پیروکاروں اور حواریوں کو یہ تعلیم دی کہ لوگ تمہیں اذیت سے ہمکنار کریں گے تو تم ان پر صبر کرنا یہی تمھارا اجر عظیم ہو گا۔ معاشرے میں عدم تشدد اور راست بازی کے ماحول کو قائم رکھنا خدا کے نزدیک پسندیدہ لوگوں کا شعار ہے اور انہی کے لیے خدا کی بادشاہت ہے، سیدنا عیسیٰ علیہ السلام لوگوں کو توبہ اور محبت کی تلقین فرمایا کرتے تھے اور امن ومحبت کے معاملے میں دوست اور دشمن میں تمیز روا نہیں رکھتے تھے۔ بلکہ تعصب اور نفرت کے رویوں سے بالاتر ہو کر اپنے ستانے والوں کے ساتھ بھی احسان کیا کرتے تھے، سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا فرمان ہے۔ہم اس لیے محبت کرتے ہیں کیوں کہ خدا نے پہلے ہم سے محبت کی۔ اگر کوئی شخص یہ کہتا ہے میں خدا سے محبت کرتا ہوں لیکن اپنے عیسائی بھائیوں اور بہنوں سے نفرت کرتا ہے تو ایسا شخص جھوٹا ہے وہ شخص اپنے بھائی جس کو وہ دیکھ سکتا ہے پھر بھی نفرت کرتا ہے۔ تو ایسا شخص خدا سے محبت نہیں کر سکتا جس کو وہ دیکھ نہیں سکتا۔ اور اس نے ہم کو یہ حکم دیا ہے:

”جو کوئی خدا سے محبت کرتا ہے اسے چاہئے کہ اپنے بھائی سے بھی محبت رکھے۔ “[۱]

انسائیکلوپیڈیا آف ریلیجئن میں مسیحی تصورِ امن کچھ یوں بیان کیا گیا ہے:

> In the history of the church, peace has been on the one hand as calm for the soul and on the other hand as social and political reconciliation and the establishment of a just order. This had led to doctrines is a just war 133. But more general statement speak of individual and communal wellbeing. [2]

ترجمہ: کلیسا کی تاریخ میں امن ایک طرف روحانی سکون کا نام ہے اور دوسری طرف سیاسی‘ معاشرتی‘ ہم آہنگی اور قیام عدل کا نام بھی ہے اور اسی سے انصاف کی جنگ کا تصور بھی نکلا لیکن اس کا عمومی مفہوم انفرادی اور اجتماعی بھلائی کا ہے۔

اناجیل میں تعلیمات امن

عالم عیسائیت عہد نامہ جدید کی اناجیل کو تعلیمات کا بنیادی ذریعہ جانتا ہے۔ اناجیل کی امن کے بارے میں درج ذیل تعلیمات ہیں۔ مقدس کتب میں امن کے مفہوم کا تعلق دنیا و آخرت دونوں سے ہے۔

---

(۱) کتاب مقدس، انجیل یوحنا، ۲۱:۴، بائبل سوسائٹی انار کلی، لاہور

(2) The Encyclopedia of Religion.Pub.Thomas gale.USA.2005 vol IIpg...8883

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا ہے:

”امن ہی میں تمہارے درمیان چھوڑے جارہا ہوں اور امن ہی تمہیں دیتا ہوں سو تم اپنے آپ کو خوف و ابتلاء میں مت ڈالو۔“(۱)

نمک کی مثال دیتے ہوئے انہوں نے فرمایا:

”اس نے کہا نمک ایک بہترین چیز ہے لیکن اگر نمک اپنے ذائقہ کو ضائع کردے تو تم اس کو پھر دوبارہ نمک نہیں بنا سکتے۔ اسی وجہ سے تم اچھائی کا مجسم بنو۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ امن سے رہو۔ (۲)

امن کی خدا کے ہاں سب سے زیادہ عظمت اور کرہ ارض میں بسنے والے خندہ رو انسانوں کے ہاں سب سے زیادہ قدر و منزلت ہے۔ ”کیوں کہ خدا پریشانی نہیں بلکہ امن لاتا ہے“۔ (۳)

امن کی عموماً تین سطح پر ضرورت ہوا کرتی ہے

۱۔ انفرادی سطح پر اپنی ذات میں پُر امن ہونے کی ضرورت۔

۲۔ دوسرے لوگوں کے ساتھ امن و امان کی ضرورت۔

۳۔ اقوام کے مابین امن و سلامتی کی ضرورت۔

انفرادی سطح، معاشرتی سطح اور بین الاقوامی سطح پر تجدیدِ امن کی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

انفرادی امن

قلبی اطمینان ہی انفرادی امن ہے اور جب معاشرہ میں ایسے افراد جو انفرادی امن کے یعنی طمانیت قلبی کے حامل ہوں وہی ایک پرامن معاشرہ کہلاتا ہے۔ جس کا مطلب خدا کی چاہت اور خدا کا تقرب ہے۔ لفظ Surrender (تسلیم) اس کی وضاحت کیلئے زیادہ موزوں ہے کہ ہمیں اس کا مطیع و فرمانبردار بن جانا چاہئے یعنی اپنی ذات کو مکمل طور پر اس کے حوالے کر دینا چاہئے۔ جیسا کہ افسیوں کے نام خط میں یوں مذکور ہے:

”اور اسی کوشش میں رہو کہ روح کی یگانگی صلح کے بند سے بندھی رہے۔ ایک ہی بدن ہے اور ایک ہی روح۔ چنانچہ تمہیں جو بلائے گئے تھے اپنے بلائے جانے سے امید بھی ایک ہی ہے۔

---

(۱) کتاب مقدس، یوحنا، ۱۴:۲۷

(۲) مرقس، ۹:۵۰

(۳) کرنتھیوں، ۱۴:۳۳

ایک ہی خداوند ہے۔ ایک ہی ایمان۔ ایک ہی بپتسمہ۔ اور سب کا خدا اور باپ ایک ہی ہے۔ جو اسکے اوپر اور سب کے درمیان اور سب کے اندر ہے۔"[۱]

صلح پسندی

آپ کا ارشاد ہے کہ:

"مبارک ہیں وہ لوگ جو صلح کراتے ہیں وہ تو خدا کے بیٹے کہلائیں گے۔"[۲]

قلب وذہن کی طہارت اور تزکیہ

اناجیل ہمیں سیدنا عیسی علیہ السلام کے بارے میں معلومات فراہم کرتی ہیں کہ انہوں نے انسان کے قلب و ذہن کے تزکیے کی اہمیت پر بہت زور دیا ہے۔ سیدنا عیسیٰ فرماتے ہیں:

"کسی عورت کی جانب شہوت زدہ نظر سے دیکھنا ہی زناکاری کے مترادف ہے۔"[۳]

ہمارے نادیدہ خیالات، احساسات قلوب واذہان ترغیب دیتے ہیں۔ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے چنانچہ ہمارے اعمال خدا کو اس وقت دھوکہ دے سکتے ہیں جب وہ ہماری اصل نیتوں کے برعکس وقوع پذیر ہو رہے ہوتے ہیں۔ دراصل ہماری شخصیت گری اور فطرت ثانیہ میں ہمارے افکار اور احساسات کا کردار بنیادی اور حتمی ہوتا ہے۔ لیکن روح ہمیں محبت، خوشی، سلامتی، صبر، مہربانی، نیکی، ایمانداری، پرہیز گاری، ہمدردی اور طور پر قابو پانا سکھاتی ہے۔[۴]

دوسرے لوگوں کے ساتھ تعلقِ امن

درحقیقت انسانی تعلقات بہت ساری وجوہات اور پریشانیوں کے باعث متاثر ہو جاتا ہے اس ضمن میں افراد کے مابین داخلی لحاظ سے تعلقات امن کی تجدید بھی بڑی اہم وضروری ہے۔ گھروں میں امن وسکون کی ضرورت ہے۔

- شوہر اور بیوی کے مابین خوشگوار ازدواجی تعلقات کی ضرورت ہے۔ مالک اور ملازمین کے مابین خوشگوار تعلقات کی ضرورت ہے۔
- اساتذہ اور طلبہ کے درمیان خوشگوار تعلقات کی ضرورت ہے۔

---

(۱) کتاب مقدس، افسیوں، ۳:۴-۶

(۲) کتاب مقدس، متی، ۵:۹

(۳) کتاب مقدس، متی، ۵:۲۸

(۴) کتاب مقدس، گلتیوں، ۵:۲۲

- امیر و غریب کے درمیان قربت کی ضرورت ہے۔

اسی طرح مہاجرین و مقامی افراد کے درمیان اور مختلف نسل انسانی کے مابین اچھے تعلقات بھی اہمیت کے حامل ہیں۔ لہٰذا امن معاشرتی سطح پر موجود تمام طبقات کے لئے ضروری ہے۔

معاشرے کے اندر عدم اطمینان اور بدامنی و بے سکونی کی اصل وجہ ہمارا گناہ کی طرف میلان ہے۔ انسان کا دل تکبر، کینہ و حسد اور خود غرضی جیسے سفلی جذبات و احساسات سے معمور ہے۔ جب ہم دوسروں کے احساسات کو ٹھیس پہنچاتے ہیں تو گویا ہم دشمنی اور فساد کے شجر کا بیج بو دیتے ہیں۔ تاہم اگر ہم اپنی انانیت کی قربانی دوسروں کی خاطر دیں تو کوئی خاطر خواہ تبدیلی آسکتی ہے اور ہماری حالت بدل سکتی ہے۔ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے مؤخر الذکر رویہ اپنانے کی بے حد ترغیب دی ہے۔ یقیناً اہل زمین کے ساتھ مہربانی کرنے والوں پر خدا عرش بریں پر مہربان ہو گا۔

مل جل کر سلامتی سے رہو

"تو اب اے بھائیو اور بہنو! میں خدا حافظ کہتا ہوں۔ کامل ہونے کی کوشش کرو۔ میں نے جن باتوں کو کرنے کے لئے لکھا ہے اس پر عمل کرنے کی کوشش کرو۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر اور سلامتی سے رہو تو بے لوث محبت والا خدا اور اسکی سلامتی تم پر رہے گی"۔ (۱)

تلقین امن

"تم ایک دوسرے کے ساتھ امن سے رہو روح کے ذریعے امن سے رہو۔ تم سب مل کر اس اتحاد کو بچائے رکھو جو سلامتی سے حاصل ہوا ہے"۔ (۲)

عیسائی تفہیمات و تعلیمات کے مطابق معاشرہ کے افراد کے مابین امن و شانتی کو رواج دینے کیلئے اصلاح کی از حد ضرورت ہے لیکن یہ صرف اسی صورت میں ممکن ہے جب ہم سب سے پہلے اپنی انفرادی اصلاح کریں اور خدا کے ساتھ تعلق میں پختگی لائیں اور اس کیلئے وہ منہج اختیار کریں جس کا خدا نے اپنے نبی سیدنا عیسی علیہ السلام کے ذریعے حکم دیا ہے تب یہ اصلاح بھی قابل قبول و عمل بن سکے گی۔ عہد نامہ جدید میں پال اس بات کی تعلیم دیتا ہے کہ جناب مسیح علیہ السلام نے ادنیٰ موت کے وسیلے سے پوری دنیا پر محیط امن قائم کر کے دکھا دیا۔ جس میں ایک مکمل ہمہ گیریت پائی جاتی ہے۔ بے چارگی کے عالم میں سیدنا مسیح علیہ السلام کی وفات کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ اس بات کی

---

(۱) کتاب مقدس، کرنتھیوں، ۱۱:۱۳

(۲) کتاب مقدس، افسیوں، ۴:۳

غمازی کرتی ہے کہ اس میں خدا سے عمودی تعلق پایا جاتا ہے جبکہ بنی نوع انسان کے ساتھ اصلاح کا آفاقی پہلو بھی موجود ہے۔ لہذا پال کے مطابق جناب مسیح علیہ السلام کے ہاں نہ تو یونانی و یہودی کی تخصیص ہے اور نہ ہی غلام و آقا کا فرق۔ اسی طرح مرد وزن میں کوئی تفاوت نہیں کہ تم سب کے سب ہی مسیحی ہو۔

امن عالم کے قیام کے لیے ربانی امن کا فروغ

اناجیل بڑی شدومد کے ساتھ اس بات کو بڑی صراحت کے ساتھ بیان کرتی ہیں کہ امن کا بانی صرف خدا ہے اور کائنات میں اس وقت تک پائیدار امن قائم نہیں ہو سکتا جب تلک ربانی امن کو اس دنیا میں فروغ نہیں دیا جائے گا۔ جب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام یروشلم میں واقع اپنی جائے پیدائش بیت اللحم میں ہویدا ہوئے تب فرشتوں نے ان الفاظ کے ساتھ زمزمہ پردازی کی تھی کہ ہر اوجِ عظمت صرف خدائے برتر ہی کے لائق ہے اور امنِ ارضی ان لوگوں کیلئے ہے جس سے وہ راضی ہو جائے۔[1]

نظم وضبط کا خدا ہے نہ کہ انتشار وبدنظمی کا انجیل کا پیغام یہی ہے کہ وہ نظم وضبط کا خدا ہے نہ کہ انتشار وبدنظمی کا جس نے دنیا کی بدنظمی اور بے ضابطگی میں ایک ضابطے کی کارروائی کی تاکہ اس دنیا کو اس کی اصل اور درست حالت میں لایا جاسکے۔ چنانچہ اس مقصد کیلئے ہی تو اس نے جناب مسیح علیہ السلام کو مبعوث فرمایا جنہوں نے خدائے برتر واعلیٰ کی بھرپور تائید ورضا کے ساتھ اپنا مشن پورا کر دکھایا۔ ایک جم غفیر انہیں خوش آمدید کہہ رہا تھا جیسا کہ انجیل میں ہے: وہ پکار رہے تھے: خداوند کے نام پر آنے والے بادشاہ کے لئے خوش آمدید۔ آسمان میں امن وامان ہو اور خدا کے لئے جلال وعظمت ہو۔[2]

آمد مسیح امن کی ضمانت

انجیل اس بات کی دعویدار ہے کہ سیدنا مسیح علیہ السلام ہی امن کی ضمانت ہیں جیسا کہ انجیل میں ہے:

> ”کیوں کہ مسیح کی وجہ سے ہم امن میں ہیں مسیح نے ہم دونوں کو ایک کر دیا۔ یہودی اور غیر یہودی دونوں کو اس طرح علیحدہ کر دیا تھا جیسے ان کے درمیان ایک دیوار ہو وہ ایک دوسرے کے دشمن تھے لیکن مسیح نے اس دشمنی کو اپنا جسم دیکر دور کیا۔ یہودی شریعت میں کئی احکام ہیں لیکن مسیح نے اس شریعت کو ختم کیا مسیح کا مقصد یہ تھا کہ دونوں گروہوں کے لو گوں کو ایک نئے انسان ان میں بنائیں ایسا کر کے مسیح نے امن قائم کئے۔ مسیح نے آکر تم غیر

---

(۱) کتاب مقدس، متی، ۲، ۱: ۲؛ لوقا ۱۱: ۲۔ ۱۴

(۲) کتاب مقدس، لوقا ۱۹:۳۸

یہودی لوگوں کو امن کی تعلیم دی جو خدا سے بہت دور تھے اور اس نے یہودیوں کو بھی جو خدا کے نزدیک تھے امن کی تعلیم دی۔"(۱)

رسولوں کے اعمال میں یہود کے لیے خوش خبری دی گئی ہے جو امن سے مشروط ہے:

"خدا نے یہودیوں سے کہا ہے اور انہیں خوشخبری دی ہے کہ امن وامان یسوع مسیح سے ہی آتا ہے۔ یسوع ہی سب لوگوں کا خداوند ہے۔"(۲)

امن کے متعلق سیدنا مسیح علیہ السلام کے مزید ارشادات

"جہاں تک تم سے ممکن ہو سکے سب کے ساتھ امن سے رہو۔"(۳)

کرنتھیوں کے نام پولوس رسول اپنے پہلے خط میں سیدنا مسیح علیہ السلام کو پوری دنیا کے لیے امن کی آشا قرار دیتا ہے:

"میرا مطلب ہے خدا نے مسیح میں ہو کر دنیا اور اپنے درمیان امن قائم کر لیا۔ خدا نے لوگوں کو مسیح میں انکے گناہ کے لئے قصور وار نہیں ٹھہرایا اور اس نے امن کے اس پیغام کو ہمیں لوگوں کو سنانے کے لئے دیا۔"(۴)

اگر دورِ حاضر میں کرہ ارض پر نگاہ ڈالیں تو بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ یہ دنیا پھر سے بدنظمی اور انتشار کا بری طرح شکار ہو چکی ہے۔ لوگوں نے اس کو خستہ حالی کا مجموعہ بنانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ اگرچہ خدائے نظم و ضبط نے یہ دنیا بنا کر اسے لاوارث نہیں چھوڑ دیا اور نہ ہی وہ اپنی وسیع کرسی اختیار سے دستبردار ہو چکا ہے کہ محض انسانیت کی تباہی کا تماشا دیکھتا رہے۔ عہد نامہ قدیم کے پیغمبروں کا گمان حقیقی یہی ہے کہ اسرائیل پر آنے والا عذاب الٰہی دراصل ان کے اپنے کئے اور خدا کی نافرمانیوں اور اس کے انبیاء کے جھٹلانے کا انجام تھا۔ اور اگر وہ دوسرے بادشاہ کو شکست نہیں دے سکتا تو وہ اپنے سفیر کو بھیج کر اس سے امن معاہدہ کی گزارش کرے گا۔(۵)

---

(۱) کتاب مقدس، افسیوں ۱۷،۱۵،۱۴:۲

(۲) کتاب مقدس، اعمال، ۳۶:۱۰

(۳) کتاب مقدس، رومیوں، ۱۸:۱۲

(۴) کتاب مقدس، ا۔کرنتھیوں ۱۹:۵

(۵) کتاب مقدس، لوقا، ۳۲:۱۴

مسیحی امن فارمولہ

مسیحیت میں امن مشروط ہے ،امن کی تعلیمات بلا قید نہیں ہیں امن انہی کے لیے ہے جو باایمان (مسیحی)ہوں اور امن کے خواستگار ہوں اور ایسے لوگ جو ایمان سے عاری (غیر مسیحی)ہوں اور مسیحی معاشرہ سے جدائی کے طلب گار ہوں ان کے لیے امن کا فارمولا درج ذیل ہے:

"اگر ویسے مرد جو باایمان نہ ہو اور جدا ہونا چاہے تو اسے ہو جانے دو۔ ان حالات میں کوئی بھائی یا بہن پابند نہیں۔ خدا نے ہم کو پر امن زندگی کے لئے بلایا ہے۔"(۱)

عہد نامہ قدیم میں جس طرح دشمنوں کو نیست و نابود کرنے اور قتل و غارت گری کے واضح احکام موجود ہیں اس طرح کے احکام عہد نامہ جدید میں نہیں ملتے۔ عہد نامہ جدید میں امن کا پیغام نمایاں ہے ' معاشرتی انصاف کی جگہ جگہ تلقین کی گئی ہے۔ درج ذیل نصوص ملاحظہ کریں:

"اور اپنے پیروں میں امن کی خوش خبری کی نعلین پہن لو جو تمہیں طاقت سے کھڑے رہنے میں مدد دے گی"۔ (۲)

"تم سب امن اور سلامتی کی زندگی میں رہ کر اس کا اعزاز سمجھو اور اپنے کام کی طرف توجہ دو اور اپنی کمائی اپنے ہاتھ سے کما ہم تمہیں سب کرنے کے لئے پہلے ہی کہہ چکے ہیں"۔ (۳)

"اور ان کے کام کے سبب سے محبت کے ساتھ ان کی بڑی عزت کرو۔ اور ایک دوسرے کے ساتھ امن سے رہو"۔ (۴)

"تم میرے سچے فرزند کی مانند ہو کیوں کہ تم ایمان رکھتے ہو۔ فضل و کرم، امن وامان اور سلامتی خدا باپ اور ہمارے خداوند یسوع مسیح کی طرف سے تم پر نازل ہوتا رہے"۔ (۵)

"اس کو بہت زیادہ مئے نہیں پینا چاہئے اور وہ لوگوں سے لڑنے والا نہیں ہونا چاہئے اسکو نرم مزاج اور پر امن ہونا چاہئے وہ ایسا نہیں ہو جو پیسہ سے پیار کرتا ہو"۔ (۱)

---

(۱) کتاب مقدس، اکرنتھیوں ۱۵:۷

(۲) کتاب مقدس ،افسیوں، ۶:۱۵

(۳) کتاب مقدس ، تھسلنیکیوں،۱۱:۴

(۴) کتاب مقدس ، تھسلنیکیوں،۱۳:۵

(۵) کتاب مقدس ، تیمتھیس، ۱:۲

”جب ہمیں سزا دی گئی تو ہم لوگوں نے خوشی نہیں منائی بلکہ سزا پانا تو درد سے بھرا ہوا تھا۔ لیکن سزا پانے کے بعد ہم لوگوں نے سزا سے سبق سیکھا۔ ہم لوگ امن و امان میں ہیں کیوں کہ ہم لوگوں نے سیدھی زندگی گزارنی شروع کر دی ہے“۔[۲]

”لیکن جو حکمت اوپر سے آتی ہے پہلے یہ پاک ہے پھر پر امن۔ نرم اور وسیع ذہن آسانی سے قبول کرنے والی نئی سچائی یہ رحم سے بھرپور نیک عمل کرنے اور دوسروں کے ساتھ ایماندار اور غیر جانب دار رہتی ہے۔ جو لوگ امن کے لئے پر امن طریقے سے کام کرتے ہیں وہ راستبازی کے ذریعہ اچھی چیزوں کو پاتے ہیں“۔[۳]

تشکیل امن

تشکیلِ امن کے دائرے میں آزادی، تحفظ و بقاء، فلاح و بہبود، عظمت و رفعت اور سیاسی استحکام وغیرہ سب شامل ہے۔ اسی طرح جو کوئی بھی ان چیزوں کی تشکیل کیلئے کوشاں ہو گا اسے بجا طور پر تشکیل امن کا علمبردار کہا جائے گا۔ انجیل متی عیسائیت کے بنیادی اصول وضوابط کے تناظر میں سیدنا عیسی علیہ السلام کے پہاڑی وعظ کے حوالے سے یہ روایت کرتی ہے کہ امن کی تشکیل کیلئے کوشاں لوگ قابل ستائش ہیں اور انہیں اس کے بدلے میں خدا کے بیٹوں کے لقب سے پکارا جائے گا۔[۴]

چنانچہ امن کی نگہداشت میں کمی نہیں ہونی چاہئے اور اس سلسلے میں ہونے والی ہر کوتاہی اور غفلت کی تلافی کرنی چاہئے۔ امن کی تشکیل کا کام گویا ایک ایسی جنت ہے جس میں کوئی حور نہیں۔ البتہ فساد میں حصہ دار کیلئے بہت کچھ ہے۔ تاہم ایک دوسرے پر برہم ہونے اور دنگا فساد کرنے سے پر امن ہونا بہت ہی اچھا ہے اور ہمیں اس بات کو رواج دینا چاہئے کہ جب ہم گھر میں بھی داخل ہوں تو سب سے پہلے اہل خانہ کو پیغام امن دیں۔

امن صرف خدا کیساتھ پختہ تعلق کی بنیاد پر ہی استوار ہو سکتا ہے۔ کیونکہ تحفظ اور امان صرف خدا کی ذات ہی دے سکتی ہے جو امن کی اصل بنیاد ہے۔ خدا کے ساتھ یہ تعلق کی پختگی صرف خدا خوفی کے ساتھ ممکن ہے جس کا تقاضا یہ ہے کہ ہم ہمیشہ سچ بولیں، اپنے اخلاقی معاملات درست کریں اور اخلاق حسنہ کی ترویج کریں۔ ایک دھوکے باز

---

(۱) کتاب مقدس، تیمتھِیس ۳:۳

(۲) کتاب مقدس، عبرانیوں، ۱۲:۱۱

(۳) کتاب مقدس، یعقوب، ۱۸، ۱۷:۳

(۴) کتاب مقدس، متی، ۵:۹

اور چرب زبان جھوٹا شخص کبھی بھی حقیقی امن کو نہیں پا سکتا اور نہ ہی کوئی ایسا انسان اس گوہر نایاب کو حاصل کر سکتا ہے جسے خدا پر یقین ہی نہ ہو۔

اپنے ہمسایوں سے محبت

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے پیروکاروں کو معرکہء حیات میں پیش آنے والے مختلف نوعیت کے حالات کا

سامنا کرنے کا مکمل اور کوئی تفصیلی ضابطہ نہیں دیا۔ اس معاملے میں ان کی تعلیمات یہودی تعلیمات سے یکسر مختلف ہیں۔

متی کے مطابق اس ضمن میں ان کی تعلیمات یہ ہیں:

"اپنے والدین کی عزت کرو اور تمہیں اپنے ہمسائے سے محبت کرنی چاہئے"۔ [۱]

اسی طرح ایک اور جگہ فرمایا:

"تم اپنے ہمسائے سے اسی طرح محبت کرو جس طرح اپنے آپ سے محبت کرتے ہو"۔ [۲]

لوقا کی انجیل میں بھی اسی بات پر ان الفاظ میں زور دے کر کہا گیا ہے:

"لیکن آدمی نے بتانا چاہا کہ وہ اس کا سوال پوچھنے میں سیدھا ہے اسلئے وہ یسوع سے پوچھا کہ میرا پڑوسی کون ہے؟ تب یسوع نے کہا، ایک آدمی یروشلم سے یریحو کے راستہ میں جارہا تھا کہ چند ڈاکوں نے اسے گھیر لیا۔ وہ اس کے کپڑے پھاڑ ڈالے اور اسکو بہت زیادہ پیٹا بھی اس کی یہ حالت ہوئی کہ وہ نیم مردہ ہوگیا وہ ڈاکو اسکو وہاں چھوڑ دیئے اور چلے گئے۔ [۳]

---

[۱] کتاب مقدس، متی،۱۹:۱۹

[۲] کتاب مقدس، متی،۲۲:۳۹

[۳] ایسا ہوا کہ ایک یہودی کاہن اس راہ سے گزر رہا تھا وہ کاہن اس آدمی کو دیکھ نے کے باوجود اسکی کسی بھی قسم کی مدد کئے بغیر اپنے سفر پر آگے روانہ ہوا۔ تب لاوی اسی راہ پر سے گزرتے ہوئے اس کے قریب آیا۔ وہ بھی اس زخمی آدمی کی کچھ بغیر مدد کئے اپنے سفر پر آگے بڑھ گیا۔ پھر ایسا ہوا کہ ایک سامری جو اس راستے پر سفر کرتے ہوئے اس جگہ پر آیا وہ راہ پر پڑے ہوئے زخمی آدمی کو دیکھتے ہوئے بہت دکھی ہوا۔ سامری نے اس کے قریب جا کر اس کے زخموں پر زیتون کا تیل اور مئے لگا کر کپڑے سے باندھ دیا۔ وہ سامری چونکہ ایک گدھے پر سواری کرتے ہوئے بذریعے سفر وہاں پہنچا تھا۔ اس نے زخمی آدمی کو اپنے گدھے پر بٹھائے ہوئے اس کو ایک سرائے میں لے گیا اور اس کا علاج کیا۔ دوسرے دن اس سامری نے دو چاندی کے سکے لئے اور اسکو سرائے والے کو دیکر کہا

سیدنا عیسیٰ علیہ السلام دشمنوں کے ساتھ حسنِ سلوک اور ان کے حق میں بھلا کرنے، انہیں قرض دینے کی تاکید فرماتے ہیں بے شک وہ قرض قرض خواہوں کو واپس نہ لوٹا پائیں۔ یقیناً انھیں اس کا اجر و ثواب ملے گا کیوں کہ خدا گنہگاروں اور ناشکر گزاروں کے حق میں بھی وہی حسنِ سلوک چاہتا ہے جو اپنے نیک بندوں سے کیونکہ تمام مخلوق اللہ کا کنبہ ہے۔ گویا اہم بات ہمارا ہمسایہ ہونا ہے نہ کہ اس کی قومیت یا مذہب زیادہ اہم ہے۔ دوسرا کردار اس کہانی میں ایک پادری کا تھا جو اس یہودی کے پاس سے حقارت سے گزر گیا۔ تیسرا کردار ایک مربی کا ہے، جس نے ایک آدمی کو یوں پڑا دیکھا اور گزر گیا۔ چوتھا کردار ایک سامری کا ہے۔ یہی سامری جو کہ یہودی مذہب کے نزدیک ملحد تھا، اسی نے انسانی ہمدردی اور بھائی چارے کا پرچار کرتے ہوئے اس مرتے ہوئے یہودی کی مدد اور مداوا کرنے کی کوشش کی۔ وہ سامری اس زخمی اور خستہ حال یہودی کے پاس گیا اور اس کی مرہم پٹی وغیرہ کی پھر اس یہودی کو اپنے گھوڑے پر سوار کیا اور ایک سرائے میں لے جا کر اس کی مزید معاونت اور مدد کی۔ اس واقعہ میں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے یہ پیغام دیا ہے کہ ہمسایہ محض وہ شخص نہیں ہوتا جو آپ کے برابر میں رہتا ہے یا جس کا تعلق آپ کے قبیلے اور ملک سے ہوتا ہے بلکہ ہمسایہ تو ہر وہ شخص ہوتا ہے جو آپ کے ساتھ بغیر مذہبی، نسلی اور اخلاقی تعلق کے بھی وابستہ ہو چکا ہے۔ (۱)

صاحب تفسیر الکتاب لکھتے ہیں:

> ”سامری نے سارے انسانوں کا احترام کرنا سیکھا تھا اس لیے اس پر ترس کھاتا ہے جس طرح وہ چاہتا ہے کہ ایسی حالت میں مجھ پر ترس کھایا جائے اس سامری کا ترس کوئی بے عمل ترس نہ تھا۔ اس نے صرف اپنا دل ہی نہیں بڑھایا بلکہ اس بے کس زخمی آدمی کی مدد کے لیے اپنا ہاتھ بھی بڑھایا“ دیکھئے کہ یہ سامری کیسا ہمدرد ہے۔ وہ زخمی آدمی کے پاس آیا۔ کاہن اور لاوی اس سے دور دور رہے تھے۔ اس وقت کوئی ڈاکٹر کوئی جراح نہیں مل سکتا تھا اس لیے اس سامری نے خود یہ کام کیا۔“(۲)

کہ اس زخمی آدمی کی دیکھ بھال کرنا اگر کچھ مزید اخراجات ہوں تو پھر جب میں دوبارہ آؤں گا تو تجھ کو ادا کرونگا۔ یسوع نے اسکو پوچھا کہ ان تینوں آدمیوں میں سے کس نے ڈاکو کے ہاتھ میں پڑے آدمی کا پڑوسی ہونا ثابت کیا ہے؟۔“کتاب مقدس، لوقا، ۲۹:۱۰۔۳۶

(۱) میھتیو، ہینری کا منٹری، تفسیر الکتاب، چرچ فاونڈیشن سیمینار، لاہور، ۲۰۰۵ء، ۳/۷ ۵۳

(۱) کتاب مقدس، لوقا، ۲۹:۱۰۔۳۶

جس دور میں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے اپنے ہمسایوں کے ساتھ محبت کرنے کا درس دیا، تب یہودی مذہبی اکابرین کے نزدیک ہمسایہ صرف خونی رشتے کے ذریعے وابستہ شخص تسلیم کیا جاتا تھا۔ اپنے ہمسائے سے محبت کرنا کا مطلب یہ ہے کہ اس کی آڑے وقت میں امداد کی جائے اور اس کی ضروریات پوری کی جائیں اور اس کی کوتاہیوں پر درگزر کیا جائے۔ اس کا دکھ درد بانٹا جائے۔ اس کا بوجھ ہلکا کیا جائے۔ یہ محض خیالات یا جوشیلی باتیں نہیں ہیں بلکہ یہ (خدمت) ایک ایسا انداز اور رویہ ہے کہ جو اپنے اندر بہت اثر رکھتا ہے۔ انجیل مقدس واضح طور پر بیان کرتی ہے کہ روح کا پھل مہر و محبت، لطف و عنایت، موافقت و مؤدت، امن اور آشتی ہی ہے، جبکہ نفرت، غصہ، کینہ و حسد، اداسی و پریشانی، قتل و غارت، فساد وغیرہ یہ سب جسم کے کارنامے ہیں۔

دشمنوں سے محبت

ایک عیسائی کا اپنے دشمن کے ساتھ کیسا برتاؤ ہونا چاہئے؟ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کی شخصیت میں عقل و دانش کے تمام جواہرات پوشیدہ ہیں۔ جتنا زیادہ مطالعہ آ پ علیہ السلام کی ذات کا کیا جائے گا اتنا ہی زیادہ پختہ نتیجہ یہ نکلے گا کہ انہوں نے اپنے دشمنوں سے محبت کرنے کا جو سبق دیا ہے وہ دراصل بنیادی تعلیم ہے نہ کہ فروعی معاملہ۔ گرجے کی تعلیمات اور اس کی تفہیم میں اس بات کا ایک اپنا الگ سے وجود پایا جاتا ہے۔ دراصل یہ بنی نوع انسان کی اپنی بقاء کے لئے بھی بنیاد ہے۔ چنانچہ جب تک ہم حقیقی طور پر اپنے دشمنوں کے ساتھ محبت کرنا نہیں سیکھ لیتے تب تک کرۂ ارض فساد کا منظر پیش کرتی رہے گی۔

لوقا کی انجیل میں ہے:

> ”اگر تم اپنے محبت رکھنے والوں ہی سے محبت رکھو تو تمہارا کیا احسان ہے؟ کیونکہ گنہگار بھی اپنے محبت رکھنے والوں سے محبت رکھتے ہیں۔ اور اگر تم ان ہی کا بھلا کرو جو تمہارا بھلا کریں تو تمہارا کیا احسان ہے؟ کیونکہ گنہگار بھی ایسا ہی کرتے ہیں اور اگر تم ان ہی کو قرض دو جن سے وصول ہونے کی امید رکھتے ہو تو تمہارا کیا احسان ہے؟ گنہگار بھی گنہگاروں کو قرض دیتے ہیں تاکہ پورا وصول کر لیں۔ مگر تم اپنے دشمنوں سے محبت رکھو اور بھلا کرو اور بغیر ناامید ہوئے قرض دو تو تمہارا اجر بڑا ہوگا اور تم خدا تعالیٰ کے بیٹے ٹھہرو گے کیونکہ وہ ناشکروں اور بدوں پر بھی مہربان ہے جیسا تمہارا باپ رحیم ہے تم بھی رحم دل ہو۔“ (۱)

---

(۱) ایضا: ۶:۳۲۔۳۶

آپ ﷺ کے پہاڑی وعظ میں بنیادی اور سماجی ضابطہ موجود تھا۔ جس میں سے چند بہت ہی مشہور اقوال درج ذیل ہیں:

"لیکن میں تم سے جو کہتا ہوں کہ تم کسی پر غصّہ نہ کرو ہر ایک تمہارا بھائی ہے اگر تم دوسروں پر غصہ کروگے تو تمہارا فیصلہ ہوگا اور اگر تم کسی کو برا کہوگے تو تم سے یہودیوں کی عدالت میں چارہ جوئی ہوگی۔ اگر تم کسی کو نادان یا اُجڈ کے نام سے پکاروگے تو دوزخ کی آگ کے مستحق ہوگے... "زنا نہ کرو" اور یہ بھی کہا "کسی کو ہلاک نہ کرو۔ اگر تم زنا نہیں کرتے ہو لیکن کسی کو ہلاک کرتے ہو، تب تم خدا کی شریعت کو توڑنے والے ٹھہرے۔"[۱]

رحمتِ عمومی کی غیر معمولی قدر بطور ثبوت رحمت خداوندی کے ہونی چاہیے۔ ان عام خدا کی عنایات کو بلا تخصیص اچھے بُرے میں تقسیم کیا جانا چاہیے۔ خدا کی نعمتیں شریر لوگوں کیلئے بھی سخاوت ہوا کرتی ہیں جو ہم سے نفرت کرتے ہیں۔ ان کو محض خدا کے بچوں کی حیثیت سے قبول کیا جائے گا اگر ان کی اچھائیوں کو خصوصی طور پر دیکھا جائے۔ اگرچہ عوام اپنے دوستوں سے بھی محبت کیا کرتی ہے۔ طبیعت ان کی طرف مائل ہوتی ہے اور ان کے ساتھ اچھا برتاؤ کرتے ہیں یہ ایک انسانیت کا عام پہلو ہے، تاہم ہمیں ضرور اپنے دشمنوں سے محبت کرنی چاہیئے کہ ہم ان سے بازی لے جائیں۔

مسیح علیہ السلام نے پطرس سے کہا تھا:

"تلوار میان میں واپس رکھ دو، جو کوئی بھی تلوار اٹھائے گا وہ تلوار ہی کے ذریعے نابود کر دیا جائے گا"۔[۲]

اس طرح ایک اور اہم میدانی خطبے میں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام یہ ارشاد بھی فرماتے ہیں:

"میں تمہیں جو کہتا ہوں اسے خوب اچھی طرح ذہن نشین کر لو! کہ تم اپنے دشمنوں سے پیار کرو، جس نے تمہارے ساتھ زیادتی کی ہے تم اس کے ساتھ اچھا سلوک کرو اور جو تمہیں گزند پہنچاتا ہے تم اس کیلئے دعا کرو"۔[۳]

ہمیں سیدنا عیسیٰ علیہ السلام یہ بتاتے ہیں کہ ہم دوسروں سے اس انداز میں محبت کریں جس طرح خدا ہم سے غیر مشروط محبت کرتا ہے۔ ہم گناہ گار ہوتے ہیں خدا تب بھی ہم سے محبت ہی کرتا ہے۔ خدا ہم سے محبت کرتا ہے

---

[۱] کتاب مقدس، یعقوب،۱۱:۲

[۲] کتاب مقدس، متی،۵۲:۲۶

[۳] کتاب مقدس، متی،۴۴:۵

اس چیز سے بے نیاز ہو کر جو ہم نے کیا ہے اور جو ہم آئندہ کریں گے۔ چنانچہ خدا کی محبت تو ہمارے ساتھ غیر مشروط ہی ہوتی ہے اسی طرح خدا ہم سے اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم بھی دوسروں کے ساتھ اسی طرح بے نیاز محبت کریں۔

اس حکم نامے میں سیدنا مسیح علیہ السلام نے یہ وضاحت فرمادی ہے کہ محبت حقیقی کرنے والا بغیر کسی امید کے محبت کیا کرتا ہے۔ ہم طبعی طور پر سچے پیار کو جانتے ہیں اگر ہم اس پاسکیں تو، ہم اسے خدا سے حاصل کر سکتے ہیں، اپنے والدین سے اور اپنے انتہائی قریبی دوست سے بھی۔ اگرچہ یہ مسلسل نہیں ہوتا مگر ہمیں اس کا تجربہ ضرور ہو جاتا ہے اور ہمیں اس بات کی چنداں حاجت نہیں رہ جاتی کہ ہم سچے اور حقیقی پیار اور جھوٹے پیار میں فرق بتائیں جو محبت ہی کے نام پر کیا جاتا ہے مگر بغیر کسی روحانی و مسیحائی محرک کے بغیر، محض ایک خالی محبت کا نام۔ عملی محبت ہی جواب ہے جو کہ مسیحؑ چاہتے ہیں کہ ہم اپنے دشمنوں کے ساتھ کریں۔ یہی ایک اصول ہے جس کے ذریعے ہم ربانی محبت اور پیغام کو اپنے دشمنوں کے ساتھ اچھے برتاؤ کے ساتھ عام کر سکتے ہیں۔

جب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے پہاڑی پر اپنا وعظ کیا تو انہوں نے اپنے پیروکاروں سے خود مختار زندگی گزارنے کیلئے ایک واضح اصول اپنانے کا کہا۔ دوسرے الفاظ میں یہ کہ مسیحی عقیدے کی رُو سے محبت کیلئے کوئی معادلے کی شرط نہیں۔ اپنے دشمنوں سے محبت کرو، یہ حکم بلا شرط محبت کے ساتھ اس آفاقی پیغام کی بڑی واضح تشریح کر دیتا ہے۔ دوسروں کو بچانے کیلئے کسی آدمی کو مارنا اس سے مستثنیٰ ہے کہ ایسا پیار آفاقی نہیں ہو سکتا حالانکہ عام تاثر یہی ہے کہ دفاعی جنگ کی انجیل میں کوئی بنیاد نہیں۔

عفو و در گزر

انجیل اسی بات پر بہت زور دیتی ہے کہ دوسرے انسانوں کی کوتاہیوں سے در گزر کیا جائے۔ اگرچہ معافی کوئی آسان بات نہیں ہے کیونکہ کسی کی زیادتی کو محض ایک لفظ معافی سے تو نہیں بھلایا جا سکتا چنانچہ دوسروں کو معاف کر دینا بڑا ہی بلند ہمت کام ہے۔ تاہم ہمیں ضرور منتقم اور کینہ پروری کی بجائے عفو و در گزر سے ایسے معاملات کو حل کرنا سیکھنا ہو گا۔

لہٰذا انجیل کی مندرجہ ذیل تعلیمات اسی سلسلے میں ہیں کہ ہمیں کس طرح ایک دوسرے کے ساتھ رواداری اور در گزر کے ذریعے نہ صرف کام لینا ہو گا بلکہ ہمیں دوسروں کے قرضے بھی معاف کرنے ہونگے۔

انجیل کی درج ذیل آیات ملاحظہ ہوں: ”میں تم سننے والوں سے کہتا ہوں کہ اپنے دشمنوں سے محبت رکھو۔ جو تم سے عداوت رکھیں ان کا بھلا کرو“[1]

”اور جس طرح ہم نے اپنے قرض داروں کو معاف کیا ہے تو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر.... اور ہمارے گناہ معاف کر کیونکہ ہم بھی اپنے قرض دار کو معاف کرتے ہیں اور ہمیں آزمائش میں نہ لا“۔[2]

”اگر تم دوسرے لوگوں کی کوتاہیاں معاف کر دوگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تمہاری غلطیاں معاف فرما دے گا لیکن اگر تم لوگوں کی غلطیاں معاف نہیں کروگے تو تمہارا آسمانی باپ بھی تمہاری خطائیں معاف نہیں کرے گا“۔[3]

”تب پطرس اوپر آیا اور اپنے آقا سے کہا! اگر میرا بھائی میرے خلاف برائی کرے تو میں کتنی مرتبہ اسے معاف کروں؟ کیا اسے سات دفعہ معاف کر دوں؟ تب مسیحؑ نے اسے جواب دیا، بلکہ تو اسے ستر بار معاف کر دے میں تمہیں سات دفعہ نہیں بلکہ ۷۰ دفعہ معاف کرنے کا حکم دیتا ہوں“۔[4]

”پس جو کچھ تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں وہی تم بھی ان کے ساتھ کرو کیونکہ توریت اور نبیوں کی تعلیم یہی ہے“۔[5]

”اور ہمیں معاف کر دے، اس کے بدلے میں کہ ہم نے اپنے قرض مند کو معاف کر دیا“۔[6]

”اگر تیرا بھائی تیرا گناہ کرے تو جا اور خلوت میں بات چیت کر کے اسے سمجھا۔ اگر وہ تیری سنے تو تُو نے اپنے بھائی کو پا لیا۔ اور اگر نہ سُنے تو ایک دو آدمیوں کو اپنے ساتھ لے جا تا کہ ہر ایک بات دو تین گواہوں کی زبان سے ثابت ہو جائے۔ اگر وہ ان کی سننے سے بھی انکار کرے تو کلیسیا سے

---

(۱) کتاب مقدس، متی ۴:۱۶۔۱۵

(۲) کتاب مقدس، لوقا، ۳۵:۶

(۳) لوقا ۴:۱۱

(۴) کتاب مقدس، متی ۴۳:۵

(۵) کتاب مقدس، افسیوں ۳۲:۴

(۶) کتاب مقدس، متی ۱۲:۷

کہہ اور اگر کلیسیا کی سننے سے بھی انکار کر تو تو اسے غیر قوم والے اور محصول لینے والے کے برابر جان "۔[۱]

اکثر ایسا ہوتا ہے کہ لوگ دوسروں کو گزند اس لئے پہنچاتے ہیں کہ وہ اس بات سے پوری طرح آگاہ نہیں ہوتے کہ وہ کیا کر رہے ہیں۔ ہمیں ضرور دوسروں کو ان کی ضروریات کیلئے قرض دینا چاہئے اور معاف کر دینا چاہئے۔ ہمیں ہمیشہ اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ہم برائی کو اچھائی کے ذریعے ختم کریں اور دوسروں کے ساتھ پر امن رہیں۔

بلا مزاحمت، بلا تشدد

عیسائیت پر عمل کرنے والے کا یہ پختہ عقیدہ ہے کہ انجیل جناب عیسیٰ علیہ السلام کی سیرت اور خدمتِ انسانیت کا پرتو ہے کہ آپ کی ساری زندگی تشدد اور مزاحمت سے پاک تھی۔ عیسائیت کی پہلی صدی عدم تشدد کی واضح مثال اور ثبوت ہے جس کی بنیاد دراصل سیدنا عیسی علیہ السلام کی تشدد سے پاک ان تعلیمات پر پختہ عمل درآمد تھا۔

"میں تمھیں تمہارے دشمنوں کے ساتھ محبت کا سلوک کرنے کی تلقین کرتا ہوں اور ان کے لئے دعا کرنے کا کہتا ہوں جو تمھیں کوئی تکلیف دیتا ہے۔[۲]

انجیل متقاضی ہے اس بات کی کہ ہر عیسائی کو امن کی تشکیل دینے والا ہونا چاہئے۔ اسے دنیا میں امن کے دیرپا قیام کی کوششوں سے بخوبی آگاہ اور متعلق ہونا چاہئے اور اس کی تشکیل کے لئے ہمہ وقت تیار رہنا چاہئے۔ سیدنا مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کے مطابق ایسا رویہ اختیار کر کے ہی کوئی مسیحی کہلا سکتا ہے۔

امن پسندی

مسیحیوں میں "امن پسند" تحریک ابتداء ہی سے بہت مقبول رہی ہے۔ یہ ایک عیسائی کو جنگ میں شرکت سے روکتی ہے۔ ابتدائی دور کے رومن حکمرانوں کے ہاں عیسائی سپاہیوں کے شواہد بالکل نہیں ملتے۔ چرچ، عیسائیوں کو جنگ و جدل سے روکتا ہے اور اس قسم کی سرگرمیوں سے دور رہنے کی تلقین کرتا ہے۔ ابتدائی عیسائی ادب میں بھی اس قسم کی سرگرمیوں کے بارے میں کوئی تحریر نہیں ملتی۔ مسیحی تعلیمات جیسے "دشمن سے محبت کریں" کسی کو قتل نہ کریں"؟ اور "اگر کوئی ایک طمانچہ مارے تو اپنا دوسرا گال اسے پیش کر دیں" اس تحریک کے ابتدائی حوالے ہیں۔

---

(۱) کتاب مقدس، لوقا ۱۱:۴

(۲) کتاب مقدس، متی ۱۸:۲۱

ایک بڑی مثال یہ ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام نے اپنی گرفتاری کے وقت اپنے ساتھی پطرس اور باقی حواریوں سے اپنے دفاع کے لیے مدد نہیں مانگی۔

دوسری صدی کی دستاویزات جو اسکندریہ کے چرچ سے لی گئی ہیں،(A postalic Tradition) کے نام سے موسوم ہیں۔ امن پسند تحریک کی وکالت کے لیے بہت مشہور ہیں جن میں حکم ملتا ہے کہ جس شخص کے ہاتھ میں تلوار ہے اسے چاہیے کہ وہ پھینک دے اور جو آرمی کا پیشہ اختیار کرتا ہے وہ خدا سے دور ہو جاتا ہے۔ اس کا خدا سے کوئی تعلق نہیں رہتا۔

چوتھی صدی تک اس طرح کی تعلیمات عیسائیوں میں غالب رہی ہیں۔ ”کہ میں سپاہی نہیں بنوں گا۔ میں گناہ کا ارتکاب نہیں کرنا چاہتا کیونکہ میں ایک عیسائی ہوں۔“۔ مسیحی تاریخ میں ”سینٹ مارٹین“ کو عیسائیت قبول کرنے کے بعد آرمی چھوڑنے پر قتل کر دیا گیا۔ اس قسم کی بہت سی مثالیں عصر حاضر میں بھی ملتی ہیں۔ [۱]

خدمت انسانیت

انجیل مقدس کا ایک بڑا حصہ اس بات پر زیادہ زور دیتا ہے کہ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے کیا عمل کر کے دکھایا۔ ان کے معجزات مسیحائی، ان کا دوسروں کی مدد کیلئے بھاگ دوڑ کرنا، غریبوں کی دلجوئی کرنا، عاجزی وانکساری کی طرف ان کی رہنمائی، خلوص ومسکنت سے لبریز اور کسی حیلے اور ستائش سے بے نیاز ان کی خدمتِ انسانیت مشعل راہ ہے۔

مندرجہ ذیل انجیل کی آیات میں خدمتِ انسانیت پر بہت زیادہ تاکید آئی ہے:

”بلاشبہ انسان دوسروں کی خدمت کیلئے بھیجا گیا تھا نہ کہ اس لئے کہ دوسرے اس کی خدمت کریں، تم میں سے عظیم وہ ہے جو تمہاری خدمت کرتے ہیں، جو خود کو بلند کرنے کی کوشش کرے گا وہ پست کر دیا جائے گا اور جو اپنے آپ کو پست رکھے گا اسے بلند کر دیا جائے گا۔ خداوند کے سامنے اپنے آپکو عاجز بنو پھر وہ تمہیں سر بلند کرے گا۔ [۲]

---

(۱) کتاب مقدس، متی ۵:۴۴

(۲) Jacques E L, Voilence: Reflections from christan perspective, P. 9

"سب سے بہترین تم غریب لوگ ہو، خدائی سلطنت تمہاری ہے، سب سے بہترین تم بھوکے لوگ ہو، تمہیں ضرور کھلایا جائے گا، سب سے بہترین تم رونے والے لوگ ہو تمہیں ضرور ہنسایا جائے گا"۔[۱]

" تمہارا خدا ہم سب کا معلم ہے، اس نے اور میں نے تمہارے پاؤں دھوئے ہیں تو تمہیں بھی چاہیئے کہ تم دوسروں کے پاؤں دھو دو سو میں تمہیں اپنی مثال دے چکا ہوں۔ تمہیں چاہئے کہ تم بھی اب وہی کرو جو میں نے تمہیں کر دکھایا ہے"۔[۲]

جناب مسیح علیہ السلام نے اپنا بیشتر وقت نادار لوگوں کی مدد کرنے میں گزارا۔ انہوں نے ان کی مسیحائی کی جو بے چارے بیمار تھے اور اکثر گناہ گاروں اور بھتہ خوروں کے ساتھ بیٹھ کر بھی کھانا کھایا ہے جس کو اپنے معاشرے میں بہت برا سمجھا جاتا تھا۔

سیدنا مسیح علیہ السلام کی تعلیمات کی پیروی کرنے کیلئے ضروری ہے کہ عین ان کے نقش قدم پر چلا جائے۔ غریبوں کی امداد کی جائے، محبت والے کام کئے جائیں، مصیبت زدہ اور روتی ہوئی انسانیت کی حمایت کی جائے۔ کسی غریب کو بھی حقارت کی نگاہ سے نہ دیکھیں۔ کسی جاہل سے نفرت نہ کریں، کسی معذور اور بے چارے انسان سے پر خلوص دوستی کریں اور ہر ممکن طریقے سے عملاً اس کی مدد کریں۔

قانون کا احترام

" جب سیدنا عیسیٰ علیہ السلام سے یہ پوچھا گیا کہ آیا یہ قانونی طریقہ ہے کہ ہم قیصر روم کو ٹیکس ادا کریں؟ سیدنا عیسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: جو کچھ قیصر کا حصہ ہے وہ قیصر کو دیا جائے اور جو خدا کا ہے وہ خدا کو دیا جائے"۔[۳]

ایک مملکت کا اپنے شہریوں پر یقینی استحقاق ہو سکتا ہے۔ یہاں قیصر کا مطلب ہے مملکت اور حکومت جو قوانین بناتی ہے اور شہریوں کا فرض ہے کہ وہ ان قوانین کا احترام کریں۔ ٹیکس ادا کرنا اسکی ایک مثال ہے۔ ایک حکومت اپنے شہریوں کو مختلف سہولیات مہیا کرتی ہے چنانچہ شہریوں کو چاہیئے کہ وہ اس کے بدلے میں ٹیکس ادا کریں۔

---

(۱) کتاب مقدس، یعقوب ۱۰:۴

(۲) کتاب مقدس، لوقا، ۲۱، ۶:۲۰

(۳) کتاب مقدس، یوحنا، ۱۳:۱۴

البتہ بعض اوقات حالات کی مناسبت سے کچھ حدود و قیود ہو سکتی ہیں جن میں رہ کر ایک حکومت اپنے شہریوں سے مطالبہ کر سکتی ہے۔ اسی طرح خدا کو دو دراصل اس بات کی وضاحت ہے کہ حکومت کی اطاعت کس حد تک کرنا ہو گی۔ اسی طرح کچھ معاملات ایسے ہوتے ہیں جن کا تعلق صرف خدا سے ہوتا ہے۔ جبکہ ہر طرف حقیقی بادشاہت صرف اس کی ہے۔ سب سے اعلیٰ وفاداری صرف خدا کے ساتھ کی جائے یہی عیسائیت کا درس ہے۔

حضرت مسیح علیہ السلام کی سادہ پر امن اور فطری تعلیمات بلاشک وشبہ اسی وقت تک محفوظ رہیں جب تک سینٹ پال نے مسیحیت قبول نہ کر لی۔ ان سادہ تعلیمات میں اس قدر غایت درج تفصیل وضاحت نہ تھی کہ جس کی روشنی میں زندگی کے اہم مسائل سلجھائے جاسکتے۔ سینٹ پال کی جاہلی خرافات اور لغویات کی آمیزش نے مسیحیت کے سچے پیغام کی وہ خوفناک تشریح کی جس سے بالآخر مسیحیت چند بے جان مراسم اور بے کیف عقائد کا نام ہی رہ گئی۔

مولانا ابوالحسن علی ندوی ؒ نے " انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال" کے اثر میں لکھا ہے:

" چھٹی صدی میں مسیحیت کے احوال مشہور زمانہ عیسائی مورخ اور مترجم قرآن سیل لکھتا ہے کہ مسیحیوں نے بزرگوں اور مسیح کے مجسموں کی پرستش میں اس حد تک غلو کیا کہ رومن کیتھولک عیسائی بھی ایسا نہ کر پائے تھے۔ اسی غلو کا نتیجہ یہ ہوا کہ پھر نفس مذہب اور حکومتی مباحث ایسے ابھرے کہ بے نتیجہ اختلافات کی شورش نے پوری قوم کو الجھا کر اس طرح رکھ دیا کہ جس کا انجام بڑے خونریز جنگی معرکوں کی شکل میں سامنے آیا۔ وجود مسیح کی تشریح سمجھنے لگا مخالفین مذہب کو سزائیں اس حد تک دی گئیں کہ جس کے تصور سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں۔" متضاد مذہب کے پیروکار قیرس (cyrus) کی نیابت مصر کے دس سال کی تاریخ وحشیانہ سزاؤں اور لرزہ خیز مظالم کی داستانوں سے لبریز ہیں"[1]

مسیحیت کی آواز امن نام نہاد مذہب کے ٹھیکے داروں اور ملاؤں نے تصور مذہب کی بھیانک تشریح کرتے ہوئے امن وامان کا قتل عام کر ڈالا، جو مسیحیت کبھی تصور فلاح کی نامور داعی تھی پانچویں صدی تک پہنچتے پہنچتے پیغام خدا کی خوفناک تصویر پیش کرنے لگی۔

رابرٹ بریفالٹ ایک مشہور مسیحی مصنف لکھتا ہے:

---

[1] کتاب مقدس، متی، ۱۷:۲۲

”پانچویں صدی سے لے کر دسویں صدی تک یورپ پر گہری تاریکی چھائی رہی جو کہ تدریجا زیادہ گہری اور بھیانک ہوتی چلی جارہی تھی۔ اس دور کی وحشت وبربریت زمانہ قدیم کی وحشت وبربریت سے کئی درجہ زیادہ بڑھی ہوئی تھی کیوں کہ اس کی مثال ایک بڑے تمدن کی لاش کی تھی جس کے نشانات مٹ رہے تھے۔ جس پر زوال کی مہر لگ چکی تھی۔ وہ ممالک جہاں پر تمدن برگ وبار لایا تھااور گزشتہ زمانہ میں اپنی ترقی کو پہنچ چکا تھا جیسے اٹلی، فرانس، مگر اب وہاں طوائف الملوکی اور ویرانی کا دور دورہ تھا“۔ (۱)

امن کا یہ قتل اور تعلیمات کی کھلی تحریف عیسائیت کے لیے ایک بدنما داغ بن گئی۔ افسوس کہ اسی عیسائیت نے آج مسلمانوں کے ناک میں دم کرر کھاہے۔

پرامن تعلیمات اور مسیحیت کی خونچکاں تاریخ

مسیحیت کی کتب مقدسہ کی روشنی میں امن کی مختلف جہات کے جائزہ کے بعد ایک خوفناک جہت مسیحیت کا تعامل و تفاعل ہے جو مسیحیت کی خوبصورت پر امن تعلیمات کے عموما بر عکس رہاہے مسیحیت کا ایک قاری جب مسیحیت کی خون آشام تاریخ کا مطالعہ کرتا ہے تو یہ خوفناک تضاد اسے اس سوچ پر مجبور کرتا ہے کہ ایک عظیم شاکر و صابر، صبر و تحمل کے پیکر، عفوو درگزر کے مدرس نبی کی عمدہ تعلیمات کا رنگ اسکے پیروکاروں پر اسقدر متناقض و متضاد کیوں نظر آتا ہے۔

اس کے کئی عوامل واسباب پر محققانہ نظر دوڑانے کی ضرورت ہے:

سب سے پہلا سبب توہوائے نفسانی وشیطانی کی تکمیل کی خواہش ہے جو بالعموم ہر پیغمبر کے خیر القرن سے دوری کے باعث امتوں میں واقع ہوتی رہی۔ جوں جوں انسانوں میں نبوت کی کرنوں کی روشنی ختم ہوتی گئی۔ خواہشات عود کرتی آیئں۔ مگر یہاں حیران کن امر ہے کہ عیسیٰ علیہ السلام کی پاکیزہ تعلیمات کو تو بہت جلد ہی سینٹ پال کی دیمک زدہ سوچ نے تباہی کے دہانے لگادیا۔ مختصر وقت میں ہی اس شخص نے اپنی چرب زبان اور خود کار انکشافات کے زریعے مسیحیت میں جگہ پالی اور دعویٰ کیا کہ وہی مسیحیت کا اصلی مصلح اور حقیقی مسیحیت کا علمبر دار ہے۔ مذہب کی غلط تاویلات اور تشریحات نے مسیحی عوام کو ایسا اندھا کیا کہ وہ سینٹ پال کے خود ساختہ عقیدہ کفارہ سے خود کو نجات یافتہ سمجھنے لگے۔ مسیح کی صلیب پر کسمپرسی کی موت کے باطل نظریہ کا سہارا لیکر سینٹ پال نے شریعت سے گلو خلاصی اور

(۱) ندوی، ابوالحسن علی، انسانی دنیا پر مسلمانوں کے عروج وزوال کا اثر۔ مجلس نشریات اسلام کراچی، ص ۴۲، ۴۳

اپنی دکانداری چمکانے کی آسان راہ نکال لی۔ من مانی تشریحات کے زریعے عوام کے استحصال نے مسیح کے پیش کردہ امن کے تصور کو گہنا دیا۔ چہ جائیکہ لوگوں کو تعلیمات مسیح کا مطالعہ کرنے اور اسکی تفہیم کی دعوت دی جاتی اسکے برعکس پیشوایان مذہب خود کو مسیح کا حقیقی نائب قرار دیکر یسوع مسیح کے نام کے طفیل ہی لوگوں کو بخشش کی گارنٹیاں دیتے رہے یہاں تک کہ لوگوں میں یہ عقیدہ اس قدر پختہ ہو گیا کہ پوپ کے پیش کردہ عقیدہ و نظریہ اور حکم کے برعکس چلنا گناہ کبیرہ کا مرتکب ہونا ہے۔ اور پھر پیشوایان مذہب کیطرف سے جبر واستبداد اور ظلم واستحصال کی وہ لہر اٹھی کہ الامان والحفیظ۔ اسی نقطہ نظر سے ہر جور و جبر کا ہر راہ اسطرح کھل گیا کہ جس سے خود مسیحیت بھی چلا اٹھی بھلا وہاں کوئی اور کیونکر محفوظ رہ سکتا تھا۔

ایک دوسرا بڑا اور بنیادی سبب تحریف شدہ تورات کے احکام تھے جو بنی اسرائیل کو اپنے ماسوا اقوام و مذہب کے متبعین کے ساتھ سلوک کرنے کے ضمن میں انہیں دیے گئے تھے جس کا پہلا شکار عیسائی ہوئے۔ خمیس موسیٰ کی روشنی میں یہود نے ایک ایک کر کے انہیں فنا کے گھاٹ اتار دیا۔ یہود کے ہاتھوں پسے ہوئے ان مسیحیوں میں اس ردعمل کا اظہار فطری تھا۔ کہ وہ بھی موقعہ ملنے پر ان سے خونریز ٹکراؤ کرتے اور ان سے خدا کے نام پر گن گن کر بدلے لیتے۔

اینڈریو کیرنگٹن ہچکاک کے مطابق یہود اس پر ایمان رکھتے ہیں کہ احبار ساتویں صدی قبل مسیح علیہ السلام میں ہیکل سلیمانی میں مدفون ملی۔ اس میں امت موسیٰ کے لیے قوانین مرتب کیے گیے ہیں اس میں موسیٰ علیہ السلام یہ کہتے پائے گئے ہیں۔ خدا جنگجو ہے اور داود سے منسوب ہے خدا میرے ہاتھوں کو جنگ کرنے کا درس دیتا ہے۔ یہووا وعدہ کرتا ہے کہ وہ تمام تر اقوام برباد کر دی جائیں جن سے یہود بر سرپیکار ہوں وہ کہتا ہے حومی، کنعانی، حطی قوموں کو ایک ایک کر کے برباد کر دو وہ کہتا ہے زمینیں بنی اسرائیل فتح کریں گے۔[1]

امن حقیقی کو تباہ کرنے والی نام نہاد عیسایئت اور اس کے برعکس مسلم فاتحین کا پرامن شاندار عظیم رویے پر تذکرہ ایک مسیحی مصنف ہچکاک کی زبانی کچھ یوں ہے:

تیرہویں صدی کے اواخر تک عیسائی یورپ کا مسلم فاتحین کے خلاف غم و غصہ ٹھنڈا پڑ چکا تھا۔ اسلام سے ٹکرا کر پوپ کی ناقابل تسخیر عظمت و روحانیت کا پردہ چاک ہو چکا تھا۔ اسلامی تہذیب، تمدن، شرافت نجابت و اخلاق نے عیسائیؑ صلیب برداروں کی بربریت و خود پسندی کو بھی کند کر کے رکھ دیا تھا۔ انہیں اس کردار کے مقابلے میں اپنی

(1) Brefault, Robert .The Making of Humanity .P 164

زات ہیچ نظر آئی۔ لیکن وہ نفرت جو دو ٹکرانے والی قوتوں کے مابین لابدی ہوتی ہے دیوار بن کر کھڑی ہو گئی۔ اور یہ لوگ اسلام کی سچائی اور حق پرستی کی داد نہ دے سکے وہ ایشیا کے ساحلوں سے نئی زندگی کا نیا شعور لے کر پلٹے انہیں اپنی عیسائی فکر میں ہی کیڑے دکھائی دینے لگے پادریوں کی نئی عدالتیں قایم ہوئیں اور عیسائی عوام کے فاسد خیالات کا جائزہ لیکر ناقص کو زندہ جلانے اور عذاب دیگر مارنے کا سلسلہ شروع ہوا۔عیسائیت کے مستحکم ایوان میں یہ ایک دھماکہ تھا۔کیونکہ صدیوں سے عیسائیت کے پیروکار اپنی آنکھوں پر پٹی باندھ کر پوپ کے گرد طواف کر رہے تھے۔پوپ کے عوام پاپائیت، شہنشاہیت اور فیوڈل ازم کی نئی تثلیث میں پھنسے ہوئے تھے اور ان میں حقوق کے لیے آواز بلند کرنے کی سکت نہ تھی۔ صلیبی جنگوں نے انہیں اسلام کی کشادہ دلی اور دل پزیر ہواؤں سے آشنا کیا تو وہ ہوش میں آگئے۔عیسائی مبلغ افریقہ کے آدم خوروں کو یہ درس دینے لگے کہ اگر تمہارے ایک گال پر کوئی طمانچہ مارے تو دوسرا آگے کر دو یہ سمجھے بغیر کہ عیسیٰ کا یہ قول صرف غیر سفید اقوام کے لئے ہی قابل عمل کیوں ہے۔یونانیوں اور مسلم مفکروں کے افکار سے عیسائیت لرزہ بر اندام ہو گئی۔اور ایسا نظر آنے لگا کہ پاپائیت نے اسکے خلاف سدباب نہ کیا تو اسکا اپنا وجود حرف غلط کی طرح مٹ جائے گا۔[1]

قصہ مختصر یہ تھے وہ مسیحت کے علمبردار جنھوں نے مسیحیت کی صاف ستھری اور سادہ تعلیمات کو چھوڑ کر عصیان ونافرمانی کی راہ اختیار کی اور معصوم انسانئیت کے خون سے اپنے ہاتھ رنگے اور ان مذہب کے نام نہاد ٹھیکداروں نے یورپ کے بادشاہوں کو مذہب کی آڑ میں ظل اللہ اور مامور من اللہ بناڈالا تھا یہ کہتے ہوئے کہ انہیں بادشاہت کا حق خدا نے ودیعت کیا ہے دولت کی ریل پیل دنیا جہاں کی نعمتوں کی فراوانی اور اقتدار کے نشے میں ایسے مگن ہوئے کہ انہیں خدا بھی یاد نہ رہا اور امن کے مبلغین نے عوام کا اسطرح گلا گھونٹ ڈالا کہ اپنے امن کے حقیقی مبلغ نبی کی تعلیمات سے کوسوں دور نکل گئے۔

❁ ❁ ❁

(۱) ہچکاک، اینڈریو کیر نگٹن۔ شیطانی کنیسہ، مترجم طارق اسماعیل ساگر، طاہر سنز پبلشرز۔ اردو بازار۔ لاہور۔ ۲۰۰۸، ص:۱۷۳

اسلامی اور مغربی قانون کی تعبیر و تشریح کے اصول اور مناہج

(ایک تقابلی مطالعہ)

Principles and Methodologies of Interpretation & Explanation of Islamic & Western Law (A Comparative Study)

میمونہ یاسمین *

ABSTRACT

Keeping in view the phenomenal fluctuation in human's state of affairs and its evolutionary process, the interpretation of law is an indispensable part of both divine and man-made laws. The more a law is well explained and objective and not based on personal likes and dislikes, the more it will be comprehensive and useful.

What are the principles of interpretation of Islamic and Western laws? What are their methodologies in this regard? And what is the comparison between Islamic and Western Principles of interpretation of law? The article deals with these three questions.

Answering to these questions, the study explores that the interpretation of Western law based on three methods namely: Logical or sentential interpretation Historical Interpretation, Literal Interpretation and it has five principles of interpretation which are Literal Rules, Context Rules, Golden Rules, Mischief Rules, and Rules of Ejusdem Generis.

Whereas the principles of interpretation of Islamic Law depend upon connotations along with various types. The methodology followed in the interpretation of Islamic Law is different between Hanafi Jurists and dialectical theologians. The pioneer and initial role of Muslim jurists and theologians cannot be deniable.

Keywords: *Interpretation, Jurisprudence, Explanatory, Al-Dalalat, Hukm-e-Sharieh, Authority,*

---

* اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ علوم اسلامیہ، گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین ڈھوک الٰہی بخش، راولپنڈی

تعارف

قانون ان مجموعہ قواعد واصول کا نام ہے۔ جو حکومت کی طرف سے بغرض حفاظتِ حقوق وبقاء امن عام وانتظام سلطنت شائع کیے گئے ہوں اور جن کی پابندی رعایا پر لازم ہو۔[۱]

اسلامی نقطہ نظر سے قانون وہ اُصول ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی اور اپنی وحی کے ذریعے سے اپنے بندوں کو تعلیم کیا ہو تاکہ وہ اس پر عمل کریں۔[۲] تاہم وہ اصول جو رسم ورواج یا انسانی جذبات کی وجہ سے مقرر ہو جاتے ہیں اس تعریف کے احاطے میں نہیں آتے اور نہ ہی طبعی اصول اور انسان کے مقرر کردہ اصول وقوانین اسلامی اصطلاح میں "قانون" کہے جاسکتے ہیں۔ ہالینڈ(Holland) نے "اصولِ قانون"(Jurisprudence) کی تعریف مختصر مگر جامع الفاظ میں کی ہے:

''Jurisprudence is the (Formal) Science of Positive law.''[3]

جب کہ اسلام میں "اصول قانون" کی جگہ اصول الفقہ کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے۔ جو اپنی تعریف کے اعتبار سے بھی بہت وسعت اور جامعیت کی حامل ہے۔

مغربی قانون کے اصول تعبیر وتشریح

الف۔ قانون کی تعبیر وتشریح سے مراد

لفظ(Interpretation) سے مراد تعبیر، توضیح یا تفسیر ہے، تمام معاہدات، وصیت ناموں اور قوانین کی درست تعبیر نیک نیتی اور فہم صحیح پر مبنی ہونی چاہیے۔ اور اس کا مقصد فریق یا فریقین کا منشاء ومفہوم حاصل کرنا ہونا چاہیے۔ اگر کسی فقرہ یا لفظ سے دو مفہوم نکلتے ہوں تو پہلا مفہوم لیا جائے گا۔ سیاق وسباق کے لحاظ سے جو مفہوم قریب تر ہو، وہ لیا جانا چاہیے۔ اگر الفاظ غیر ارادی طور پر چھوٹ گئے ہوں اور مطلب ظاہر ہو رہا ہو تو الفاظ کا اضافہ کر دیا جائے گا۔ کسی ناممکن، غیر قانونی، غیر اخلاقی یا غیر قریبانہ بات یا ایسی بات جو مصلحت عامہ کے خلاف ہو، اس کے کرنے کی

---

(۱) مودودی، ابوالاعلیٰ (م ۱۹۷۹ء)، اسلامی ریاست، (اسلامک پبلی کیشنز، لاہور، ۱۹۷۹ء)، ص: ۴۶، ندوی، سید سلیمان، قانون بالاء، (ماہنامہ، الندوہ، اگست ۱۹۹۰ء)، نمبر ۷، ص: ۲۵/۶

(۲) محمد اسحاق بھٹی، اسلام کا سیاسی نظام، (مجلس دعوت وتحقیق اسلام، کراچی، ۱۹۸۱ء)، ص: ۳۹

(3) Holland T.E, The Elements of Jurisprudence, (Oxford University Press, London), Ed: 3rd, P.8.

نیت کا مفہوم نکالنے کی اجازت کسی صورت میں نہیں دی جائے گی، جبکہ الفاظ سے کسی اور مفہوم کا نکالنا بھی ممکن ہے۔(۱)

قانون کی تعبیر و تشریح، قانون کے معرض وجود میں آنے کے ساتھ ہی وجود میں آگئی تھی۔ کیونکہ ایک اچھا قانون اصطلاحات سے صاف، واضح اور آسانی سے سمجھ میں آنے والا ہوتا ہے۔ قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے قانون ساز کی منشاء و مقصد معلوم کرنے کے لیے اصول وضع کیے جاتے ہیں۔ قانون کی تعبیر و تشریح کے اصول کا تعیّن کیے بغیر قانون کے اصل مقصد کو حاصل نہیں کیا جاسکتا۔

سر جان سالمنڈ تعبیر و تشریح (Interpretation) کی وضاحت اس طرح سے کرتا ہے:

> ''Interpretation or construction, means the process by which the courts seek to ascertain in the meaning of the legislation through the medium of the authoritative forms in which it is expressed''.(2)

> قانون کی تعبیر و تشریح سے مراد یہ ہے کہ عدالتیں خاص طریقے سے قانون سازی کے منشاء کو معتبر طریقے سے سمجھتی ہیں۔

قانون کی تعبیر و تشریح میں ہمیشہ کامل دستاویز سے معنی و مفہوم کا تعین کیا جانا چاہیے نہ کہ اس کے کسی خاص حصہ سے منشاء اخذ کیا جائے اگر دستاویز کا کوئی حصہ تمام مضمون دستاویز سے متضاد ہو تو اس کو نظر انداز کر دینا چاہیے۔ میکس ویل تعبیر و تشریح کے اصل مقصد کو یوں بیان کرتا ہے:

> "The rule of construction is to intend the legislature to have meant what they have actually expressed''.(3)

> ترجمہ: تعبیر و تشریح کا اصول یہ ہے کہ آئین ساز جماعت کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ جو وہ بولتے ہیں۔ اس پر عمل کر کے دکھایا جائے۔

گویا کہ اُصول تعبیر و تشریح کے مطابق مجلس قانون ساز کا بیان اس کی دلیل ہونا چاہیے۔ نیز تعبیر و تشریح میں قانون کے اصولوں کی وضاحت کی جاتی ہے۔ اور قانون کے لفظ یا فقرے کی تشریح کی جاتی ہے تا کہ قانون کے اصل مفہوم اور مقاصد کو سمجھا جاسکے۔

---

(۱) تنزیل الرحمٰن، قانونی لغت (انگریزی۔اردو)، پی۔ایل۔ڈی پبلشرز، لاہور، ۲۰۰۰ء، ص: ۱۳۷

(2) Salmond, Sir John,(Glanville) Jurisprudence, (London, 1946), P.83.

(3) Maxwell (Revised by Roy Wilson & Brian Galpin). Maxwell on the Interpretation of Statutes, (Sweet and Maxwell, Ltd, London, 1962), Ed:11th,P.5

ب۔ مغربی اُصولِ تعبیر و تشریح کا ارتقائی جائزہ

مغرب میں مسیحیت کے پیروکاروں کی اکثریت ہے۔ اس کے دو بڑے فرقوں کیتھولک (Catholic) اور پروٹسٹنٹ (Protestant) کے درمیان شدید اعتقادی و عملی اختلافات تھے اور بالآخر دُنیوی معاملات میں پروٹسٹنٹ تحریک کی کامیابی نے مغرب کے دیگر شعبہ ہائے زندگی کی طرح شعبہء قانون میں عبارتوں کی تعبیر و تشریح کے نظریہ میں بھی بہت تبدیلیاں پیدا کی ہیں۔

کیتھولک عقیدے کے مطابق بائبل کی عبارتوں اور الفاظ کی تعبیر کا حق و اختیار صرف اور صرف پوپ اور اُسقف کو حاصل ہے جو زمین میں مسیح کے نائب اور خلیفہ ہیں۔ دیگر تمام مسیحیوں کا فرض ہے کہ وہ کلیسا کے فیصلوں کے آگے سرِ تسلیم خم کر دیں اور پوپ اور اُسقف کی طرف سے کی گئی بائبل کی تعبیرات کو من و عن مان لیں۔

پروٹسٹنٹ فرقے نے کیتھولک نظریات، اس کے کلی اختیارات اور اس کے جبر و مطلق العنانیت کے خلاف بغاوت کر دی۔ پروٹسٹنٹ مفکرین کا خیال تھا کہ اگر پاپائے روم اور اُسقفوں کو بائبل کی تعبیر کا حق دے دیا جائے تاکہ وہ مسیحیوں کے لیے قوانین مرتب کریں اور ان کے گناہوں کے کفارے کے لیے طریق کار تجویز کریں تو یہ غلامی کی زنجیریں مضبوط کرنے کے مترادف ہو گا۔ انہوں نے پاپائے روم کی اجارہ داری کو مکمل طور پر رد کر دیا۔ پروٹسٹنٹ تحریک کیتھولک نظریات اور صدیوں قدیم روایات کے خلاف آزادی کی تحریک تھی جو بڑی تیزی سے مقبول ہوئی۔ مارٹن لوتھر (م ۱۵۴۶ء) نے یہ نعرہ بلند کیا کہ تمام مسیحی اپنے مذہبی رہنما خود ہیں۔ فکری آزادی کی اس تحریک کے نتیجے میں اور بعض دوسرے عوامل کے باعث مسیحیت کلیسا تک محدود ہو کر رہ گئی۔ پروٹسٹنٹ تحریک نے ہر مسیحی کو یہ حق دے دیا کہ وہ اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق بائبل کی تعبیر کرنے اور اسے سمجھنے میں آزاد ہے۔ اس تعبیر کی بنیاد صرف عقلی استدلال اور تجربہ کو قرار دیا گیا۔ یہ کلیسا کی مطلق العنانیت کے خلاف شدید ردّ عمل کا نتیجہ تھا۔ چرچ کو ریاستی امور سے بے دخل کر دیا گیا۔ دین اور دنیا میں دوری ہو گئی۔ مسیحیت کے احکام اور ریاستی قوانین دونوں الگ الگ راستوں پر چل پڑے۔[۱] یہ مغربی معاشرے کا تاریخی پس منظر ہے۔

ج۔ قانون کی تعبیر و تشریح کا مغربی منہج و طریقہ کار

مغربی مفکرین قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے درج ذیل طریقے و منہج بیان کرتے ہیں:[۲]

---

(۱) ہربرٹ ایڈون، فلسفہ مذہب، مترجم شبیر احمد ڈار، مجلس ترقی ادب، لاہور، ۱۹۶۳ء، ص:۲، ۱۸۰، ۱۷۶، ۱۴۷

(2) Salmond, Ibid, P.83

ا۔ نحوی طریقہ تعبیر(Literal Interpretation)

یہ طریقہ ء تعبیر سب سے زیادہ مستحسن سمجھا جاتا ہے اس میں اس امر پر زور دیا جاتا ہے کہ منشاء قانون، عبارتِ قانون کا پابند رہے اور عبارت کی اس طرح تشریح و توضیح کرنا کہ الفاظ سے جو معانی و مفہوم بر آمد ہو سکیں، وہی بر آمد کیے جائیں۔ اس قسم کی تشریح کے لیے الفاظ، الفاظ کی بناوٹ اور قواعد (Grammar) کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔ بعض دفعہ ایک ہی لفظ جب قانون کے مختلف حصوں میں استعمال کیا گیا ہو تو اس کے مختلف معنی ہو سکتے ہیں۔[1]

قانون کی تعبیر و تشریح کے قاعدہ میں نحوی طریق کار استعمال کر کے فیصلے کی اہمیت اسی طریقہ سے جانچی جاتی ہے۔ اسے قانون کی نصفت کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔

> "The literal rule of statutory interpretation demands that if the meaning of the statutory interpretation is plain, the courts must apply it regardless of the result"[2]
>
> ترجمہ: دراصل قانون کی آئینی تعبیر اس بات کا تقاضا کرتی ہے کہ اگر آئینی تعبیر کا مطلب سادہ ہے تو اس کا اطلاق ضرور کرے اس چیز کی پرواہ کیے بغیر کہ اس کا نتیجہ کیا ہو۔
>
> "Judges are not liberty to add to or take from or modify the letter of the law".[3]
>
> ترجمہ: منصف کو یہ حق نہیں کہ وہ نکات قانون میں سے کچھ نکالے، اضافہ یا تبدیلی کرے۔

نحوی طریقہ تعبیر میں اس امر کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے کہ قانون کی عبارت میں مکمل طور پر ہم آہنگی پائی جائے۔ برطانیہ میں نحوی طریقہ تعبیر کو انیسویں صدی میں کافی پذیرائی حاصل ہوئی اور آج بھی برطانیہ میں جہاں اس کی افادیت کا اعتراف کیا جاتا ہے۔ وہاں اس اصول کو مدِّ نظر رکھا جاتا ہے کہ عدالتوں کا کام قانون کی وضاحت، قانون کے مقاصد کے پیش نظر کرنی چاہیے، اور قانون کی عبارت میں تعبیر و تشریح کرتے وقت اپنی طرف سے کسی قسم کی وضاحت اور تبدیلی نہیں کی جاسکتی، انگلستان میں تعبیر و تشریح کا ایکٹ بھی نافذ ہے۔ جس کی وجہ سے وہاں کے قانون کی تعبیر و تشریح میں بہت کم الجھنیں پائی جاتی ہیں۔

نحوی تعبیر و تشریح کی اہمیت کے پیش نظر مغربی مفکرین اس کو "Golden Rule" یعنی "سنہری اصول" کے نام سے بھی موسوم کرتے ہیں اور یہ خیال کیا جاتا ہے کہ:

---

(1) PTD 662: 187 ITR98۱۹۹۲

(2) AIR- 1982 NOC1, Orissa

(3) Modern Law Review, Vol.28, 1965, P.525; AIR 1979 SC 1487

''It is very useful rule in the construction of a statute to adhere to the ordinary meaning of the words used, and to the grammatical construction, unless that is at variance with the intention of the legislature to be collected from the statute itself or lead to any menifest absurdity or repugnance, in which case the language may be varied of modified so as to avoid such inconvenience, but no further". (1)

ترجمہ: دستور سازی میں یہ ایک مفید اصول ہے کہ مستعمل الفاظ کے سادہ فہم مطلب اور اس کی نحوی تعبیر کے ساتھ اس کو منطبق کیا جائے۔ جب تک کہ یہ قانون ساز کے ارادہ سے تفاوت نہ رکھے۔ یا واضح لغویت یا ناموافقت پر مبنی نہ ہو۔ اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچنے کے لیے زبان میں تبدیلی یا ترمیم کی جاسکتی ہے۔ لیکن اس کا بار بار اعادہ نہ کیا جائے۔

بعض اوقات صرف عبارت قانون کے لغوی معنوں ہی کی حد تک تعبیر کی جاتی ہے اور دلیل یہ دی جاتی ہے کہ تعبیر کنندہ کا کام قانون بنانا نہیں ہے۔ میکس ویل (Maxwell) نے اپنی کتاب میں اس کو اس طرح بیان کیا ہے:

"When once the meaning is plain, it is not the province of a court to scan its wisdom or its policy. Its duty is not to make the law reasonable, but to expound it as it stands, according to the real sense of the words"(2)

ترجمہ: تعبیر و تشریح کے سارے اُصول نحوی طریقہء تعبیر کے پابند اور زیردست ہوتے ہیں۔ بنیادی اُصول تو یہ ہے کہ اگر قانونی عبارت صاف اور سادہ ہے تو قانون محتاج تعبیر نہیں ہوتا۔

۲۔ عقلی یا منطقی طریقہء تعبیر (Logical or sentential interpretation)

جب قانون کی عبارت پیچیدہ، گنجلک اور مبہم ہو تو اسے عقلی دلائل یا منطقی استدلال سے سلجھایا جاتا ہے۔ اور اس کی پیچیدگی اور ابہام کو دور کیا جاتا ہے اور یہ معلوم کرنے کی کوشش کی جاتی ہے کہ قانون وضع کرتے وقت مقننہ کی اصل نیت کیا تھی۔ سالمنڈ کے مطابق:

"Logical interpretation says Salmond, is that which departs from the letter of the law, and seeks elsewhere for

(1) Parke, B, in Becke.v. Smith (1836), Curzon, Ibid, P.257

(2) Maxwell, Ibid, P.5

some other and more satisfactory evidence of the true intention of the Legislature”.(1)

ترجمہ: منطقی تشریح قانون کے الفاظ سے مختلف ہوتی ہے اور مقننہ کے صحیح مقصد وارادہ تک پہنچنے کے لیے کسی دوسری جگہ سے زیادہ تسلی بخش شہادت تلاش کرتی ہے۔

یہ طریقہ کار اس اصول پر مبنی ہے کہ ضرورتیں اور حالات تغیر پذیر ہیں۔ جرائم بھی ہمیشہ متنوع رہتے ہیں۔ ماضی میں بنایا ہوا قانون محتاج تعبیر ہوتا ہے، لہٰذا صرف عبارتِ قانون کو پیش نظر رکھ کر اس کی تعبیر کرنا درست نہیں بلکہ عوامی نمائندوں، قانون ساز اداروں کے اراکین کی آراء، منشاء، رجحان اور وقت کے تقاضوں کو سامنے رکھ کر تعبیر کرنا زیادہ قرینِ انصاف ہو گا۔ بقول سالمنڈ:

“The duty of the judicature is to discover and to act upon the true intention of the legislature, the means or sentential legist. The essence of the law lies in its spirit, not in its letter, for the letter is significant only as being the external manifestation of the intention that underlies it. Nevertheless in all ordinary cases, the courts must be content to accept the litera legis. They must in general take it absolutely for granted that the legislature has said what it meant, and meant what it has said.”(2)

ترجمہ: عدالتوں پر فرض عائد ہوتا ہے کہ وہ مقننہ کی رائے دریافت کر کے اس پر عمل درآمد کرے۔ قانون کی اہمیت اس کی روح میں ہوتی ہے، نہ کہ اس میں استعمال کی گئی زبان کی، کیونکہ زبان نیّت کا ایک ظاہری اظہار ہوتا ہے، تاہم عام صورتوں میں عدالت کو چاہیے کہ وہ الفاظ کے عام معنوں پر انحصار کریں۔ عام طور پر اس پیرائے پر عمل کرنا چاہیے کہ مقننہ کی وہی رائے تھی جو قانون میں استعمال کیے گئے الفاظ سے ظاہر ہے۔

قانون کی عقلی تعبیر کی ضرورت اس وقت مزید بڑھ جاتی ہے جب قانون کا تعلق ماضی سے ہو اور وہ موجودہ دور کے حالات سے ہم آہنگ نہ ہو تو ماضی کے قانون کی روشنی میں معاشی، معاشرتی، تاریخی اور عمرانی محرکات کے تحت تعبیر کی جاتی ہے تو اس وقت یہ "خارجی ذرائع تعبیر" کہلاتے ہیں۔

---

(1) Salmond, Ibid, P.83-84

(2) (i) Salmond, (Glanville), Ibid, P.84-85 (ii) Filzgerald, Ibid P.132-133

۳۔ تاریخی طریقہ تعبیر (Historical Interpretation)

قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے ایک تیسری قسم تاریخی طریقہء تعبیر بھی بیان کی جاتی ہے، جس میں کسی قانون کی تشریح تاریخ کے حوالے سے کی جاتی ہے۔ کیونکہ نحوی اور عقلی طریقہء تعبیر کے اُصول بعض اوقات منشاء قانون کی مکمل طور سے عکاسی نہیں کرتے اور نہ ہی قانون کی عبارت مکمل طور پر واضح ہوتی ہے اور بعض اوقات قانون بنانے والے بھی عجلت، لاپرواہی اور غفلت کی بناء پر عبارتِ قانون میں غیر شعوری طور پر سقم چھوڑ دیتے ہیں اس صورت حال سے نمٹنے کے لیے تعبیر کنندہ، تعبیر کے عقلی اصولوں کے ساتھ ساتھ تاریخی طریقہ تعبیر کے تحت ان واقعات اور حالات کو مدّ نظر رکھتا ہے کہ جن کی بناء پر قانون ساز ادارے قانون بنانے کے لیے مجبور ہو گئے تھے۔

الغرض قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے خواہ کوئی بھی طریقہ اپنایا جائے، صرف ایک ہی مقصد سامنے رہتا ہے کہ قانون بنانے والوں کی نیت اور قانون کی منشاء دریافت کی جائے۔ یہ امر قابل غور ہے کہ عدالت یا تعبیر کنندہ کو تعبیر و تشریح کرتے وقت اپنی ذاتی پسند یا ناپسند کو اس پر اثر انداز نہیں ہونے دینا چاہیے۔

د۔ مغربی اُصول تعبیر و تشریح

موضوعہ قانون کی تعبیر و تشریح کے لیے مغربی قانون دانوں کے اُصول یہ ہیں:

۱۔ لغوی معنی کا اصول (Literal Rule)

اگر قانون میں لغوی معنی سے ابہام پیدا ہوتا ہو تو اس سے گریز کر کے نحوی طریقہء تعبیر میں لچک پیدا کرنی چاہیے۔ کرزن (Curzon) کے مطابق:

> "We can only take the intention of parliament from the words which they have used in the Act."(1)

ہم پارلیمنٹ کی نیت کا اندازہ صرف ان الفاظ سے لگا سکتے ہیں جو قانون میں استعمال کیے جائیں۔

۲۔ اصول سیاق (Context Rule)

قانون کی عبارت کے اندرونی تضاد کو دور کرنے کے لیے اس کے مفہوم کو مجموعی طور پر سمجھا جائے گا۔ الفاظ کو ان کے سیاق میں لیا جائے گا۔ عدالت کا اولین فرض یہ ہے کہ وہ الفاظ کو ان کے سیاق و سباق کے مطابق فطری معنی دے۔(۲)

---

(1) Curzon, Ibid, P.256

(۲) احتشام، محمود، قانون کی تعبیر و تشریح، (منصور بک ہاؤس، لاہور، س۔ن)، ص ۱۴۹

۳۔ سنہری اُصول (Golden Rule)

میکس ویل کے مطابق:

"The golden rule is that the words of statute must prima facie by given their ordinary meaning''.(1)

سنہری اصول یہ ہے کہ خاص قانون کے الفاظ بادی النظر میں اپنے عام معنوں میں لیے جائیں۔

جب کوئی غیر معقول نتیجہ سامنے نہ آئے، عام الفاظ سے ان کے اصطلاحی معانی مراد لیے جائیں گے۔ اگر کسی لفظ کا لغوی طور پر کوئی معنی غیر معقول ہو تو پھر عدالت اس غیر معقول معنی کے مقابلے میں کسی معقول معنی کو ترجیح دے گی تاکہ الفاظ کے مفہوم میں پائی جانے والی غیر معقولیت (Absurdity) دور ہو۔ یہ جج کی صوابدید پر ہے کہ اگر وہ سمجھے کہ الفاظ کے عام معنی مراد لینے سے ایسا غیر معقول معنی سامنے آئے گا جسے مقننہ (مجلس قانون ساز) کا ارادہ و مقصد نہیں کہا جاسکتا تو اس صورت میں جج الفاظ کو وہ معانی دے جو ان سے مراد لیے جاسکتے ہیں۔(۲) اس اصول کے دائرہ کار کا اندازہ جی بی شا (G.B. Shaw) کے مندرجہ ذیل مقولے سے لگایا جاسکتا ہے:

"The golden rule is that there is no golden rule".(3)

سنہری اُصول یہ ہے کہ کوئی سنہری اصول نہیں ہے۔

۴۔ ضرر کا اصول (Mischief Rule)

جب کوئی ایکٹ (Act) قانون کے کسی ضرر کو دور کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو پھر اس ایکٹ کا مفہوم اس طریقے سے سمجھا جائے جس سے ایکٹ کا مقصد و مراد حاصل ہو اور ضرر دور ہو سکے۔(۴)

سر جان سالمنڈ اس اصول کے بارے میں اپنی رائے کا اظہار اس طرح کرتے ہیں:

"A completely different approach to statutory interpretation is enshrined in the "mischief" rule. This takes its origin from Heydon's case, and requires the judges to look as the common law before the Act, and the mischief in the common law which the statute was intended to remedy ; the Act is then to be construed in

---

(1) Maxwell, Ibid, P. 6

(2) L. Loyd , Ibid, P.863

(۳) ڈھلوں، عرفان خالد، علم اصول فقہ ایک تعارف، شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد، ۲۰۰۶ء، ۲/ ۱۳۲

(4) L. Loyd, Ibid, P.863

such a way as to suppress the mischief and advance the remedy”.[1]

قانون کی تعبیر و تشریح کے بارے میں ایک بالکل مختلف بات ضرر کے اصول میں محفوظ ہے۔اس نے اپنا آغاز ہیڈن کے مقدمے سے لیا ہے۔ اور منصفین سے تقاضا کرتا ہے کہ قانون بنانے سے پہلے ایک عام قانون کے طور پر اس کو دیکھا جائے اور اس بُرائی کا مطالعہ کیا جائے۔ جس کو قانون ختم کرنا چاہتا ہے۔ اس کے بعد ایسا قانون بنایا جائے جو کہ بُرائی کو ختم کرنے والا ہو اور اس کا حل منظر عام پر لائے۔

۵۔ ہم نوعیت قاعدہ یا یکساں اصول (Rule of Ejusdem Generis)

یکساں اصول کے مطابق جہاں کسی قانونی عبارت میں مخصوص الفاظ استعمال کیے گئے ہوں، وہاں عام الفاظ کے بھی وہی معنی لیے جاتے ہیں جو کہ مخصوص الفاظ کے لیے جاتے ہیں۔

میکس ویل رقم طراز ہے:

“It is however, the use of a general word following, but not preceding, other less general terms ejusdem generis which affords the most frequent illustration of the rule under consideration”.[2]

جب عام اور خاص الفاظ ایک قانون کی عبارت میں شامل ہوتے ہیں تو اس وقت وہ ایک دوسرے سے اثر پذیر ہوتے ہیں لہٰذا عام الفاظ کی تعبیر محدود ہوتی جاتی ہے اور وہ خصوصی الفاظ کے ہم نوعیت ہو جاتے ہیں ۔عام الفاظ کی اصطلاح کے بارے میں یہ تصور پایا جاتا ہے کہ اگر ایک قانون میں عام الفاظ کے بعد خاص الفاظ شامل ہوں تو عام الفاظ کی تعبیر محدود متصور ہو گی۔

لہٰذا اس قاعدہ کے مطابق جب قانون کی ایک عام دفعہ ایک خصوصی راہنما اصول فراہم کرتی ہے تو خصوصی الفاظ قانون سازی کے مقاصد کی صحیح حیثیت کو واضح کرتے ہیں۔ پروفیسر سالمنڈ ”اُصولِ ہم نوعیت“ کو قانون کی تعبیر و تشریح کے سلسلے میں سب سے اہم اصول گردانتا ہے۔[۳]

ر۔ مغربی قانون کے اصول تعبیر و تشریح کے چند اہم مفروضات:[۴]

ا۔ بادشاہ یا کسی دوسرے مقتدر کو پابند نہیں کیا جائے گا۔

---

(1) (i) Salmond, Ibid, P. 139 (1584) 3co, Rep. at 76) (ii) Curzon, Ibid , P. 257-258

(2) (i) Maxwell, Ibid, P. 326 (ii) Curzon, Ibid, P. 259

(3) Salmond, Ibid, P. 85

(۴) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲ / ۱۲۳۔۱۳۲

۲۔ کسی تعبیر کو ماضی سے موثر (Retrospective) نہیں کیا جائے گا۔

۳۔ مرّوج حقوق (Rights) میں مداخلت نہیں ہو گی۔

۴۔ عدالتی اختیارات ختم نہیں کیے جائیں گے۔

۵۔ دستوری حقوق یا بین الاقوامی قانون سے انحراف نہیں ہو گا۔

لیکن صریح اور واضح الفاظ اور ضروری معانی مندرجہ بالا مفروضات کو ختم کر سکتے ہیں۔

اس اصول تعبیر و تشریح کے تحت اگر کوئی لفظ مختلف مقامات پر استعمال ہو تو ہر جگہ اس لفظ کے ایک ہی معنی لیے جائیں گے۔ الغرض قانون کے طریقوں یا اصولوں سے یہ بات اجاگر ہوتی ہے کہ مغربی قانون تعبیر و تشریح میں(Golden Rule) کو سب سے زیادہ اہمیت دی جاتی ہے۔ اس اصول کی رو سے قانون کی عبارت پر توجہ دی جاتی ہے اور یہ دیکھا جاتا ہے کہ قانون بنانے والوں نے قانون کی عبارت میں کیا چیز شامل کی ہے۔ اگر لغوی معنی درست ہوں تو وہ ترجیحی بنیادوں پر فائز ہوں گئے اور اگر لفظی و لغوی معنی ابہام اور بے ترتیبی کا شکار ہوں تو نحوی طریقہ ء تعبیر کے اُصولوں کو اپنا کر قانون کا منشاء و مقصد معلوم کیا جاتا ہے۔

اسلامی قانون کے اصول تعبیر و تشریح:

الف۔ اسلامی اصطلاح"الدلالات"کی وضاحت

تعبیر و تشریح(Interpretation) کے لیے اسلامی اصطلاح، "الدلالات" مستعمل ہے۔

ادلہ شرعیہ سے حکم شرعی معلوم کرنے کا طریقہ اور منہاج جس کے لیے بعض جدید علمائے اُصول نے "دلالات" کی اصطلاح استعمال کی ہے یعنی تعبیر قانون اور تفسیر منصوص کے قواعد واحکام۔ اصول قانون کا یہ شعبہ بھی جو آج(Principles of Interpretation) کے نام سے جانا جاتا ہے اور قانونی علوم کا ایک بہت اہم اور مشکل حصہ سمجھا جاتا ہے، مسلمان فقہاء ہی کی ایجاد ہے۔ فقہائے اسلام سے قبل نہ تعبیر قانون کے طے شدہ اور منضبط اصول مدّون طور پر موجود تھے اور نہ یہ کوئی الگ شعبہ ء قانون سمجھا جاتا تھا۔[۱]

محمد مصطفےٰ الشلبی نے تعبیر و تشریحِ قانون کے لیے دو لفظ استعمال کیے ہیں: القواعد الغویۃ۔ او الدّلالات[۲]

جبکہ لفظ"الدلالۃ" کے معنی اس طرح بیان کیے گئے ہیں،"**الدلالة: كون الشی بحيث يلزم من العلم بشيء**

---

(۱) غازی، محمود احمد، علم اصول فقہ ایک تعارف، (شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد، ۲۰۰۶ء)، ۲/۱۵

(۲) (i) الشلبی، محمد مصطفےٰ، اصول الفقہ الاسلامی، (دارالنہضۃ العربیۃ، بیروت، ۱۹۸۶ء) ص: ۱/ ۳۶۷ (ii) السرخی، اصول السرخی، ۱/ ۱۲۴، ومابعدھا (iii) الآمدی، م، ن، ۲/ ۳۶، ومابعدھا (iv) البزدوی، اصول فخر الاسلام، ۱/ ۲۸ ومابعدھا

آخر" [۱]

دلالات کے ضمن میں امام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ سب سے پہلے علوم فقہ کو ایک درخت سایہ دار و ثمر دار سے تشبیہ دی ہے، جس کے ثمرات سے دنیا مستفید ہوتی ہے۔ یہ ثمرات وہ احکام شرعیہ ہیں، جن پر عمل پیرا ہو کر دنیا میں صلاح اور آخرت میں فلاح حاصل ہوتی ہے، وہ تنے اور بنیادیں، جن کے اثرات سے ثمرات پیدا ہوتے ہیں وہ ادلہ شرعیہ لعنی کتاب و سنت وغیرہ ہیں، پھر اس درخت سے پھل حاصل کرنے کے متعین اور طے شدہ طریقے ہیں، جن کو دلالات کہا جاتا ہے۔ اگر ان طریقوں کو بروئے کار نہ لایا جائے تو پھر وہ ثمرات جو مقصود و مطلوب ہیں حاصل کرنے والوں اور پھلوں سے مستفید و متمتع ہونے والوں کا وجود بھی ضروری ہے، یعنی مجتہدین و مقلدین جو احکام معلوم کریں اور احکام پر عمل کریں۔ [۲]

اسلامی فقہاء کی رائے کے مطابق شرعی نصوص کی تعبیر میں بعینہ وہی اُصول کام میں لائے جاتے ہیں جو عام عبارتوں کی تعبیر کے لیے مقرر ہیں۔ تعبیر کا مقصد یہ ہے کہ بیان کرنے والے کی مراد خواہ وہ شارع ہو یا احکام کا شارع یا کوئی دوسرا شخص ہو، دریافت کی جائے خواہ اس کے الفاظ سے یا اس کے طرز عمل سے، مثلاً شارع یہ دیکھتا ہے کہ لوگوں میں ایک خاص رسم جاری ہے اور کوئی حکم اس کے امتناع کے متعلق جاری نہیں کرتا تو یہ قیاس کر لیا جاتا ہے کہ وہ رسم اس کی منظور کردہ ہے یا اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم میں سے ایک شخص کوئی حدیث مجہول راوی سے بیان کرتا ہے اور اس کی صحت کی تکذیب نہیں کرتا تو یہ قیاس ہوتا ہے کہ وہ اس حدیث کی اصلیت کو تسلیم کرتا ہے۔ ایک معمولی شخص کے طرز عمل کی تعبیر کرنا صرف اصول مانع تقریر مخالف کو کام میں لانا ہے۔ [۳]

ڈاکٹر محمود احمد غازی تعبیر و تشریح کے حوالے سے بیان کرتے ہوئے تحریر کرتے ہیں:

(vi) ابن عبد الشکور، مسلم الثبوت، الحسینیہ المصریۃ، س۔ن، ۱/۲۵۵، ومابعدھا (vii) النسفی، ابو البرکات عبد اللہ بن عمر (م ۷۱۰ھ)، کشف الاسرار شرح المنار، وحواشیہ، (دار الکتب العلمیۃ بیروت، لبنان، س۔ن)، ص:۱/۱۴، ومابعدھا (viii) الشوکانی، محمد بن علی، (۱۲۵۵ھ)، ارشاد الفحول الی تحقیق الحق من علم الاصول، (دار الکتبی، قاہرہ مصر)، ص:۸۰، ومابعدھا

(۱) الشلبی م۔ن، ۱/۳۶۷

(۲) غازی، محمود احمد، علم اصول فقہ ایک تعارف، ص:۱۵

(۳) عبد الرحیم، اصول فقہ اسلام، مترجم مولوی مسعود علی، منصور بک ہاؤس، لاہور، س۔ن، ص:۱۲۹

"اُصول فقہ کے اس شعبہ کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے:

ا۔ ایک حصہ وہ ہے، جس کا تعلق خاص قرآن مجید اور سنت کی تشریح و تفسیر سے ہے۔ یہ حصہ اکثر و بیشتر عربی زبان کے اسالیب، کلام عرب کے مناہج اور عربوں کے محاورہ اور روزمرہ سے بحث کرتا ہے۔

۲۔ دوسرے حصہ میں نصوص کی تعبیر و تشریح کے وہ اصول ہیں جو عالمگیر ہیں اور دنیا کے ہر قانون اور عبارت و دستاویز کی تشریح و تفسیر میں کام آسکتے ہیں۔"[۱]

ب۔ اسلامی اصول تعبیر و تشریح کی تدوین وارتقاء

نبی اکرم ﷺ کے عہد مبارک میں فقہ یا اُصول فقہ کی تدوین کی ضرورت نہیں تھی۔ صاحب شریعت خود موجود تھے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو احکام بذریعہ پیغمبر وحی نازل ہوئے۔ آپ ﷺ انھیں لوگوں تک پہنچا دیتے۔ اس کے علاوہ آپ ﷺ نے خود بھی احکام دیئے۔ آپ ﷺ کو قانون ساز ہونے کی حیثیت خود اللہ تعالیٰ نے دی۔ نبی اکرم ﷺ کی رحلت کے بعد عہد اہل عرب صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں بھی تعبیر و تشریح کے اصول و قواعد مرتب کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے قرآن و سنت کی نصوص کی تعبیرات کیں، ان سے احکام اخذ کیے اور مسائل کا حل دریافت کیا۔ اس کام میں انہوں نے اصول و قواعد کو ملحوظ خاطر رکھا۔ لیکن یہ اصول و قواعد باقاعدہ مرتب و مدّون نہیں تھے۔ چند مشہور فقہاء صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں حضرت ابو بکر صدیق، حضرت عمر، حضرت علی، حضرت ابن عباس، حضرت ابن عمر اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہم وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔

عہد صحابہ رضی اللہ عنہم کے بعد تابعین اور پھر تبع تابعین کا دور آیا۔ انہوں نے قرآن و سنت کے احکام کو اپنے علاقوں میں ان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم سے سیکھا جو وہاں موجود تھے یا جو سفر کر کے وہاں پہنچے تھے۔

تابعین اور تبع تابعین کے زمانوں میں نصوص کی تعبیر اور اخذِ احکام کے لیے اصول و قواعد پیش نظر رہے۔ فقہاء کی تعبیر اور مسائل کا استنباط، قانون سازی کا ایک اہم ذریعہ تھا۔ امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۵ھ) کے بارے میں بیان کیا جاتا ہے کہ انہوں نے فقہ کے ان اصولوں کو جو ان کے زمانہ تک قائم ہو چکے تھے، ایک مجموعہ کی شکل میں مرتب کیا تھا۔ اسی طرح امام حماد بن ابی سفیان رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۲۰ھ) کے پاس بھی اصول و قواعد کا ایک مجموعہ تھا[۲]۔

---

(۱) غازی، محمود احمد، علم اصول فقہ ایک تعارف، ص:۱۹

(۲) عبدالرحیم، ص:۷۵

امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۵۰ھ) کی نگرانی میں چالیس فقہاء پر مشتمل ایک مجلسِ فقہی قائم تھی جو اجتہاد و استنباط احکام اور تدوین فقہ کا کام کرتی تھی۔ یہ کام اصول و قواعد کے تحت جاری تھا۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے استحسان کا اصول وضع کیا، امام مالک رحمۃ اللہ علیہ (م ۱۷۹ھ) نے تعامل اہلِ مدینہ، مصلحت عامہ اور استدلال کے اصول دیئے۔ امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ (م۱۸۲ھ) قاضی القضاۃ یعنی چیف جسٹس تھے۔ انہوں نے نصوص کی تعبیر میں بہت کام کیا۔ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ (م۱۸۹ھ) نے فقہ کے اصول و قواعد کی تدوین کا کام بھی کیا۔ لیکن ان سب کا یہ کام کتابی شکل میں بعد میں محفوظ نہ رہ سکا۔ اس لحاظ سے امام الشافعی رحمۃ اللہ علیہ (م ۲۰۴ھ) پہلے شخص ہیں جن کے مرتب کردہ اصول و قواعد کتابی شکل میں ہم تک پہنچے۔ انہوں نے اصول فقہ پر ایک کتاب لکھی جس نے ”الرسالۃ“ کے نام سے تمام عالم میں شہرت پائی۔ اس کتاب میں انہوں نے قرآن و سنت کی نصوص، ناسخ و منسوخ، خبر واحد، اجماع، استحسان، قیاس اور اجتہاد وغیرہ پر سیر حاصل بحث کی ہے۔

ج۔ تعبیر و تشریح کے لیے لازمی امور

۱۔ تعبیر کنندہ (مفسر) کے لیے ضروری علوم کا لازمی حصول

شرعی نصوص کی تفسیر و تشریح کرنے والے کے لیے درج ذیل علوم کا جاننا ضروری ہے:[۱]

علم لغت، علم نحو، علم صرف، علم اشتقاق، علم معانی، علم بیان، علم بدیع، علم حدیث، علم قرأت، علم اصول دین، علم اصول فقہ، علم اسباب نزول، علم ناسخ و منسوخ، علم فقہ، وھبی علم یہ وہ ضروری علوم ہیں جن میں مہارت شرعی نصوص کی تعبیر و تفسیر کے لیے اہلیت اور جن میں عدم مہارت اس کام کے لیے عدم اہلیت تصور ہوتی ہے۔ کوئی بھی کام کے کرنے کے لیے اس شخص میں مطلوبہ قابلیت و اہلیت کا پایا جانا ضروری ہوتا ہے[۲]۔

۲۔ تعبیر بغیر علم کی ممانعت

قرآن و سنّت کی نصوص کی تعبیر و تفسیر کرنا ایسی رائے سے جائز نہیں ہے جو بغیر علم اور بلا دلیل ہو یا جو ذاتی ہو یا مخصوص طبقہ کی رائے کے مطابق ہو۔ ایسے لوگوں کے بارے میں قرآن و سنت میں سخت وعید آئی ہے جو شرعی احکام کی تعبیر اپنی خواہشات کے تحت کرتے ہیں اور پھر یہ تعبیر اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کرکے عوام میں سند قبولیت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔[۳]

---

(۱) السیوطی، جلال الدین عبد الرحمن، الاتقان فی علوم القرآن، شرکۃ مکتبہ ومطبعہ مصطفی البابی الحلبی مصر، ۲/ ۳۱۵

(۲) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲ / ۱۱۶

(۳) ایضاً، ۲ / ۱۱۶۔۱۱۷

۳۔ رائے کے استعمال میں احتیاط

نصوص شرعیہ کی تعبیر میں علم و دلیل کی اساس پر رائے کا استعمال جائز ہے لیکن کام کی اہمیت کے پیش نظر رائے کے استعمال میں انتہائی احتیاط چاہیے۔ کلام الٰہی اور سنت نبوی کے الفاظ کی تعبیر اور انہیں معنی و مفہوم دینا بڑی ذمہ داری کا کام ہے جس میں صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور سلف صالحین نے بہت احتیاط برتی ہے۔ اس کام کی اہمیت اور ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے وہ حتی الامکان یہ کوشش کرتے تھے کہ قرآن و سنت کے الفاظ کی تعبیر میں رائے سے اجتناب کریں۔

حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے:

> ”جب میں مراد الٰہی کے خلاف قرآن کے کسی حرف کی تفسیر کروں تو کون سا آسمان مجھ پر سایہ فگن ہو گا اور کون سی زمین مجھے اٹھائے گی، میں کہاں جاؤں گا اور کیا کروں گا“۔[۱]

۴۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تعبیرات کی پابندی

شرعی نصوص کی تعبیر میں صحابہ کرم رضی اللہ عنہم اس سلسلے کی پہلی کڑی ہیں جن کی وساطت سے قرآن و سنت کے احکام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم تک پہنچے ہیں۔ نصوص شرعیہ کی تعبیر و تفسیر کا صحیح طریقہ یہی ہے کہ اس کا آغاز صحابہ رضی اللہ عنہم سے کیا جائے۔ وہ ہم سے زیادہ قرآن و سنت کے معانی و مفاہیم کو جانتے تھے۔ جلال الدین السیوطی رحمۃ اللہ علیہ (م ۹۱۱ھ) نے لکھا ہے:

> "جس شخص نے بھی صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین کے مذاہب (فکر) اور تفسیر سے عدّول (گریز) کر کے ان کے خلاف راستہ پر قدم رکھا۔ وہ اس فعل میں غلطی پر ہے بلکہ بدعتی ہے، کیونکہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور تابعین قرآن شریف کی تفسیر اور اس کے معنی کے ویسے ہی اعلیٰ درجہ کو جاننے والے تھے جیسے کہ وہ اس حق کو بخوبی جانتے تھے جس کے ساتھ خدائے پاک نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو مبعوث فرمایا تھا۔"[۲]

د۔ دلالت کے طریقے و منہج

عبد الرحیم کے مطابق مخصوص معنی ادا کرنے کے لیے الفاظ کی چار قسمیں ہو سکتی ہیں:

۱۔ بلحاظ اپنے صرفی و نحوی استعمال، مثلاً ایک لفظ مشترک ہے یا خاص یا عام

---

(۱) الذہبی، محمد حسین، التفسیر والمفسرون، دار الکتب الحدیثیۃ، ۱۳۹۶ھ ۱/ ۲۱۰

(۲) الاتقان، ۲/ ۴۳۸

۲۔ بلحاظ اپنے حقیقی استعمال کے، مثلاً وہ حقیقی معنوں میں استعمال ہوا ہے یا مجازی معنوں میں، صریح ہے یا کنایہ، لغوی طریقہ سے استعمال ہوا ہے یا اصطلاحی یا رسمی طور سے۔

۳۔ اس لحاظ سے کہ ان کے معنی کسی حد تک صاف کیے گئے ہیں اور کسی حد تک مبہم اور مشتبہ چھوڑ دیئے گئے ہیں، یعنی جو کلام وہ الفاظ بناتے ہیں، وہ ظاہر یا نص یا مفسر ہے یا نہیں۔

۴۔ بلحاظ ان مختلف چار طریقوں کے، جن سے ان کے معانی کا پتہ چلتا ہے۔[۱]

مثلاً۔ دلالۃ بالعبارۃ، دلالۃ بالاشارہ، دلالۃ بالدلالۃ، دلالۃ بالاقتضاء۔[۲]

اپنے معنی پر دلالت کے اعتبار سے لفظ کی مندرجہ ذیل دو اقسام ہیں:

۱۔ واضح الدلالت الفاظ، یعنی وہ الفاظ، جن کے معانی ومفاہیم واضح ہوں۔ مثلاً

(۱) ظاہر (۲) نص (۳) مفسّر (۴) محکم

۲۔ غامض الدلالت الفاظ، یعنی وہ الفاظ، جن کے معانی ومفاہیم پہلی قسم کے الفاظ کی طرح واضح نہ ہوں۔[۳]

مثلاً (۱) خفی (۲) مشکل (۳) مجمل (۴) تشابہ

شرعی دلائل میں تعارض (Contradiction) سے مراد یہ ہے کہ کسی خاص مسئلہ میں ایک شرعی دلیل جس حکم کی متقاضی ہو، کوئی دوسری شرعی دلیل اس کے خلاف دوسرے حکم کا تقاضا کرتی ہو۔ تو اس وقت ترجیح کا اُصول اپنایا جاتا ہے اور اس تعارض کو رفع کرنے اور متعارض دلائل میں سے کسی ایک کی ترجیح کے لیے اصول مرتب کیے گئے ہیں۔

ر۔ احکام پر الفاظ کی دلالت کے مختلف طریقے

شرعی نصوص میں وارد الفاظ اپنے معانی ومفاہیم کے لحاظ سے مختلف طریقوں سے دلالت کرتے ہیں اور علمائے اُصول کے ہاں اس کے لیے درج ذیل دو بڑے طریقے اختیار کیے جاتے ہیں:[۱]

---

(۱) عبد الرحیم، ص ۱۴۹، الشلبی، م۔ن، ص ۳۶۸-۳۶۹، صدر الشریعہ، عبد اللہ بن مسعود، التوضیح مع حاشیۃ التلویح للتفتازانی، ور محمد اصح المطابع وکارخانہ تجارت کتب، آرام باغ کراچی، ۱/ ۲۹

(۲) وھبہ الزحیلی، اصول الفقہ الاسلامی، مکتبہ رشیدیہ، کوئٹہ، پشاور، س۔ن، ۱/ ۲۰۲

(۳) زیدان، عبد الکریم، الوجیز فی اصول الفقہ، اردو ترجمہ جامع اصول، مترجم ڈاکٹر احمد حسن، مطبع مجتبائی پاکستان، لاہور ۱۹۸۶ء)، ص:۳۳۸، مزید تفصیل کے لیے دیکھئے، صدر الشریعہ، م۔ن، ۱/ ۲۳

(الف) حنفی طریقہ (ب) متکلمین کا طریقہ

الف۔ احناف کے نزدیک دلالت کے طریقے (۲)

احناف کی علم الاصول کی کتب میں دلالت کے درج ذیل چار طریقے بیان کیے جاتے ہیں

(۱)عبارۃ النّص (۲)اشارۃ النّص (۳) دلالۃ النّص (۴)اقتضاء النّص

مالکی، شافعی اور حنبلی علمائے اصول نے اپنے معنی پر لفظ کی دلالت کے ان چار طریقوں کے علاوہ پانچویں دلالت کا اضافہ کیا ہے، جس کا نام مفہوم مخالف ہے۔ (۳)

ب۔ دلالت کے مختلف طریقے اور متکلمین کا منہج

متکلمین کے نزدیک حکم پر لفظ کی دلالت کی دو بنیادی اقسام ہیں

(۱) منطوق: "جن پر لفظ مقام بیان میں دلالت کرے"۔ (۴)

(۲) مفہوم: وہ چیز جو لفظ سے معلوم ہو لیکن محل بیان میں نہ ہو یعنی ایسی چیز کا حکم ہو جو ذکر نہیں کی گئی یا غیر مذکور چیز کی کوئی حالت بیان کی گئی ہو۔

اسلامی اور مغربی اصول تعبیر و تشریح کا ایک تقابلی جائزہ

جب سے قانون وجود میں آیا۔ اس کی تعبیر و تشریح کی ضرورت درپیش رہی ہے اور اس مقصد کے لیے رفتہ رفتہ تعبیر قانون کے اصول وضع کیے گئے۔ لیکن ان سب اُصولوں کا مقصد ایک ہی تھا۔ لیکن مغربی اور اسلامی اُصول تعبیر و تشریح میں واضح فرق پایا جاتا ہے۔ جو کہ درج ذیل نکات کے تقابلی جائزہ سے اُجاگر ہوتا ہے۔

ا۔ قطعی تعبیر

اسلام کے بعض قطعی اصول تعبیر و تشریح کو تبدیل نہیں کیا جاسکتا جیسے نص قرآنی کی نبوی تعبیر یا اجماع صحابہ رضی اللہ عنہم سے تعبیر قطعی ہے۔ اسلامی قانون میں تعبیر و تشریح کا دائرہ قرآن و سنت کی صرف انہی نصوص تک محدود

---

(۱) مصطفٰی سعید، ڈاکٹر، قواعد اُصولیہ میں فقہاء کا اختلاف اور فقہی مسائل پر اس کا اثر، مترجم حافظ حبیب الرحمن، شریعہ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۲ء، ص:۱۳۶

(۲) ایضاً، ص:۱۳۶

(۳) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲/۳۰۰

(۴) الزحیلی، اصول الفقہ الاسلامی، ۱/۳۶۰

ہے جو ظنی الثبوت ہیں۔ جبکہ مغربی اصول تعبیر میں تبدیلی تو دور کی بات ہے، اس کی بقاء کا انحصار بھی صرف پارلیمنٹ پر ہے جو چاہے تو اپنی مرضی سے اسے ختم بھی کر سکتی ہے۔

۲۔ حقیقی قانون ساز

اسلامی قانون، قرآن و سنت کی نصوص کی تعبیر و تشریح کا حق نہ تو کسی خاص مذہبی رہنما کو سونپتا ہے اور نہ اس حق کو عام کرتا ہے کہ ہر مسلمان نصوص شرعیہ کی تعبیر اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق کرے بلکہ وہ اس کام کے لیے متعلقہ شخص سے مطلوبہ قابلیت کا تقاضا کرتا ہے، جب کہ مغربی قانون جج کو قانون کے الفاظ کی تعبیر کا حق دیتا ہے ۔کیتھولک عقیدے میں صرف پوپ اور اُسقف کو بائبل کی تعبیر کا حق ہے۔ پروٹسٹنٹ فرقے میں ہر مسیحی کو یہ حق ہے کہ وہ اپنے ضمیر کی آواز کے مطابق بائبل کے الفاظ کی تعبیر کرے۔[۱] پروفیسر گرے تعبیر و تشریح کی تعریف ہی اس انداز سے کرتا ہے کہ جس سے جج کی بطور تعبیر کنندہ حیثیت واضح ہو جاتی ہے۔ وہ کہتا ہے:

> It is " The process by which a judge constructs from the words of a statute book a meaning which he either believes to be that of the legislature, or which he proposes to attribute to it".[2]
>
> وہ طریقہ کار جس سے ایک جج قانون کی کتاب سے کسی لفظ کا مطلب اخذ کرتا ہے جو اس کے خیال میں قانون کے مطابق ہے یا ملتا جلتا ہے۔

مغربی قانون تعبیر و تشریح کے برعکس اسلام میں حاکمیت اعلیٰ چونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات گرامی ہے۔ لہٰذا اصلی قانون ساز صرف اور صرف وہی ہے اور اسلامی ریاست کی مقننہ کی حیثیت صرف قانون کی تعبیر اور تشریح و توضیح کرنے کی ہے، نہ کہ قانون سازی کی۔

۳۔ مفسّر کے لیے ضروری اُمور کا جاننا

قانون اسلامی کی رو سے تفسیر کنندہ کے لیے یہ لازم قرار دیا گیا ہے کہ وہ راسخ العقیدہ ہو اور واجبات دین پر کاملاً عمل کرنے والا ہو۔ جبکہ مغربی قانون میں تعبیر و تشریح کے لیے تعبیر کنندہ پر ایسی کوئی بھی شرط عائد نہیں کی گئی۔ نہ مذہباً اور نہ ہی اخلاقاً۔

---

(۱) الزحیلی، اصول الفقہ الاسلامی، ۲/۱۲۳

(2) Maxwell (Revised by Roy Wilson & Brian Galpin). Maxwell on the Interpretation of Statutes, (Sweet and Maxwell, Ltd, London, 1962), Ed: 11th, P.5.

۴۔ مذہبی عقائد کی پاسداری

اسلامی قانون میں کوئی تعبیر و تشریح قرآن و سنت کے قطعی احکام اور دین کے بنیادی عقائد و ایمانیات کے خلاف نہیں ہو سکتی۔ جب کہ مغربی قانون میں بائبل کی تعلیمات اور مسیحی عقائد کو ایسا کوئی تحفظ حاصل نہیں ہے۔ (۱)

۵۔ تعبیر کا سر چشمہ وحیٔ الٰہی

اسلامی اصولِ تفسیر و تشریح کا مقصد اول صرف قرآن اور سنت کے نصوص کی تعبیر کرنا ہے۔ جب کہ مغربی اصول تعبیر کا مقصد پارلیمنٹ کے بنائے ہوئے قانون کی تعبیر کرنا ہے۔ انھیں وحیٔ الٰہی سے کوئی سروکار نہیں ہے۔ نیز اسلامی قانون میں تعبیر و تشریح کا معیار اور کسوٹی قرآن و سنت ہے جس کا منبع و مآخذ وحیٔ الٰہی ہے۔ جب کہ مغربی قانون میں تعبیر و تشریح کا معیار ملکی دستور ہے۔ جو صرف انسانی کوششوں کا نتیجہ ہے اور اس میں غلطی کا امکان رہتا ہے۔

۶۔ تعبیر و تفسیر کی مذہبی اہمیت

اسلامی قانون میں نصوص کی تعبیر کرتے وقت ذاتی رائے کے استعمال میں حد درجہ احتیاط کا تصور پایا جاتا ہے شرعی نصوص کی تعبیر و تفسیر دینی اعتبار سے نہایت اہم اور نازک کام ہے جب کہ مغربی قانون میں عبارتوں کی تعبیر و تشریح کو مذہبی تقدس و اہمیت حاصل نہیں ہے۔ (۲)

۷۔ تعبیر نص کے لیے مقاصد الشریعۃ کا جاننا

اسلامی قانون میں شارع کا مقصد قانون سازی بالکل واضح ہے۔ مغربی قانون میں پارلیمنٹ کے قانون سازی کے ارادہ کو ایک مفروضہ اور افسانہ قرار دیا گیا ہے قانون کی عبارتوں کے معنی تو دریافت کیے جاسکتے ہیں۔ مگر یہ معلوم نہیں کیا جاسکتا کہ کسی قانون کو بناتے وقت پارلیمنٹ کا کیا ارادہ تھا اور عبارت کے الفاظ سے انہوں نے کون سا معنی مراد لیا تھا۔ (۳)

تعبیر نص کے لیے قانون سازی اور شرعی احکام دینے سے قبل شارع کے مقاصد کا جاننا لازم ہے۔ علامہ ابو اسحاق الشاطبی رحمۃ اللہ علیہ (م ۷۹۰ھ) نے شریعت کے درج ذیل تین عمومی مقاصد بیان کیے ہیں:

(۱) ضروریات کا تحفظ (۲) حاجیات کی فراہمی (۳) تحسینیات کی فراہمی

---

(۱) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲/۱۲۴

(۲) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲/۱۲۴

(۳) ڈھلوں علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲/۱۲۴

اس طرح نصوص کی تعبیر و تفسیر مقاصد شریعت اور ان اصول و قواعد کے مطابق ہوتی ہے جو دین اسلام میں ثابت شدہ ہیں اور جن پر ایمان و اعتقاد لازم و ملزوم ہے۔

۸۔ سیاسی مقتدر اعلیٰ کی حیثیت

اسلامی قانون میں ریاست کا کوئی سیاسی مقتدر اعلیٰ مثلاً بادشاہ، پارلیمنٹ، صدر یا وزیر اعظم یا جو کوئی بھی ہو، کسی قانون اور اس کی تعبیر سے ماوراء نہیں ہے۔ جب کہ مغربی قانون میں بادشاہ اور دوسرے سیاسی مقتدر اعلیٰ کو قانون کی کوئی تعبیر پابند نہیں بنا سکتی۔[۱]

۹۔ نصوص شرعیہ کی تعبیر کا حقدار

اسلامی قانون میں شرعی نصوص کی تعبیر کا حق صرف مسلمان کو ہے۔ اس میں یہ تسلیم نہیں کیا جاسکتا کہ جو شخص مسلمان نہیں ہے وہ قرآن و سنت کی نصوص کی تعبیر و تفسیر میں اس کے اصول و مقاصد کو برقرار رکھے گا جب کہ مغربی قانون میں اس اساسی شرط کا لحاظ نہیں رکھا گیا۔[۲]

۱۰۔ تاویل سے مدد لینا

اگر کسی لفظ کا ظاہری مفہوم اللہ تعالیٰ اور رسول اکرم ﷺ کے شایان شان نہ ہو تو اسکی تاویل کی جاتی ہے۔[۳]

۱۱۔ تعبیر و تفسیر کے لیے واضح نص کا ہونا

دین اسلام کی تعبیری نص قرآن حکیم کی صورت میں موجود ہے۔ قرآن کریم کی نصوص قطعی اور یقینی ہیں کیونکہ یہ ایک یقینی امر ہے کہ قرآن پاک نبی اکرم ﷺ سے لے کر ہم تک ویسے ہی پہنچا ہے جیسا کہ نازل ہوا تھا اور اس کے کسی حرف اور لفظ میں بھی کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا۔ جبکہ مغربی قانون کی کوئی اصل نص نہیں ہے۔ وہ پارلیمنٹ کے موضوعہ قانون کی تعبیر پر عمل کرتے ہیں۔

۱۲۔ تعبیر نص بذریعہ اجتہاد

اسلامی ریاست میں مقننہ کی قانون سازی اس حد تک تسلیم کی جاسکتی ہے کہ کسی نئے پیش آمدہ مسئلہ کے بارے میں قرآن، سنت اور اجماع سے راہنمائی حاصل نہ ہو تو وہاں ان کی روشنی میں قیاس اور اجتہاد کے ذریعے اس

---

(1) Curzon, Ibid, P.225

(۲) ڈھلوں، علم اصول فقہ ایک تعارف، ۲/۱۲۴

(۳) ایضاً، ۲/۱۲۹

مسئلے کے متعلق ایک نئے قانون کو سامنے لایا جاتا ہے۔ پھر اسلامی ریاست کی مقننہ پر یہ بھی لازم ہوتا ہے کہ اس کے فیصلے اور اس کی تعبیر و تشریحات و توضیحات صرف منشائے ایزدی کے عین مطابق ہو۔

۱۳۔ غیر یقینی تعبیر

بعض اوقات مغربی قانون کی تعبیر و تشریح غیر یقینی (Uncertainty) کا شکار بھی نظر آتی ہے۔ جب کہ اسلامی تعبیر و تفسیر واضح ہوتی ہے۔ ایک مغربی مفکر لکھتا ہے:

> ‘‘Uncertainty may arise when the literal meaning of an Act apparently contemplates circumstances which the court finds difficult to relate with certainty to the facts of a case. Poor drafting, the complexity of the subject matter, may be responsible”.(1)

اس وقت بے یقینی کی کیفیت پیدا ہو سکتی ہے اگر کسی عمل کے اصطلاحی معنی عدالت کے نزدیک کیس کے حقائق سے یقینی مطابقت نہ رکھتے ہوں تو اس سلسلے میں مواد کی پیچیدگی کی ذمہ دار (وجہ) ہو سکتی ہے۔

تعبیر و تفسیر کے اسالیب و مناہج

مغربی قانون کے مطابق اصول تعبیر و تشریح کے درج ذیل اسلوب ہیں:

۱۔ نحوی طریقہ تعبیر ۲۔ منطقی طریقہء تعبیر ۳۔ تاریخی طریقہء تعبیر

جبکہ فقہ ء اسلامی کے تحت اصول تعبیر و تفسیر کے دو اسلوب (مناہج) ہیں:

۱۔ اسلوب احناف ۲۔ اسلوب متکلمین

۱۔ اسلوب احناف:

احناف کے ہاں نص (یعنی کسی عبارت بالخصوص قرآن مجید کی آیت یا حدیث نبوی کی عبارت) کے معانی و مطالب کی وضاحت و تفسیر اور اس سے احکام مستنبط کرنے کے لیے ”بیان کی اصطلاح“ استعمال کی ہے۔ اور بیان کی درج ذیل پانچ اقسام بتائی ہیں: (۲)

۱۔ بیان تقریر، ۲۔ بیان تفسیر، ۳۔ بیان تغییر، ۴۔ بیان تبدیل، ۵۔ بیان ضرورت

---

(1) Curzon, Ibid, P.255.

(۲) غازی، اصول فقہ، ایک تعارف، ۲ / ۱۹

۲۔اسلوب متکلمین

ان کے ہاں تعبیر و تفسیر کے دو طریقے استعمال کیے جاتے ہیں

(۱) دلالت منطوق (۲) دلالت مفہوم

خلاصہ بحث

خلاصہ کلام یہ کہ قانون کی تعبیر و تشریح سے مراد یہ ہے کہ قانون کی تشریح کرکے اس کے ابہام و پیچیدگی کو دور کیا جائے۔ مغربی قانون کے مطابق اس کے لیے تین طریقے نحوی، منطقی اور تاریخی استعمال کیے جاتے ہیں اور پھر ان تین طریقوں سے مختلف اصول تعبیر مرتب کرکے قانون کے ابہام اور قانون ساز (پارلیمنٹ) کے ارادہ و منشاء کو جانا جاتا ہے۔

یہ اسلامی فقہ میں اصول فقہ کا ایک نہایت اہم موضوع ہے اور اس کو "الدلالات" یعنی تعبیر و تفسیر کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ تعبیر و تفسیر کے ان اصولوں کے لیے قدیم علمائے اصول نے "وجوہ نظم" کا اور جدید علمائے اصول نے "الدلالات" کا عنوان اختیار کیا ہے۔ یہ وہی چیز ہے جس کو انگریز قانون کی اصطلاح میں "پرنسپلز آف انٹر پریٹیشن" (Principles of Interpretation) کہتے ہیں ان اصولوں میں عام اور خاص، امر و نہی، الفاظ و عبارت کے معانی کے لحاظ سے ان کی قسمیں (مثلاً ظاہر، نص، مفسر، محکم، خفی، مشکل، مجمل متشابہ، حقیقت، مجاز ،صریح، کنایہ وغیرہ) شامل ہیں۔[۱]

ڈاکٹر محمود احمد غازی "الدلالات" یعنی اُصول تعبیر و تفسیر کے حوالے سے مسلم فقہاء کو ان الفاظ میں خراج تحسین دیتے ہیں:

> "یہ موضوع اصول فقہ کی دراصل جان اور بنیاد ہے تعبیر قانون کے یہ اصول پہلی بار مسلمان فقہاء نے دنیا کو دیئے۔ فقہ اسلامی سے قبل رومن لاء میں تعبیر قانون کے نہایت ابتدائی تصورات ملتے ہیں جن کو نہ کوئی مکمل اور مربوط ضابطہ قرار دیا جاسکتا ہے اور نہ ہی رومن قانون دانوں نے ان کو ترقی دے کر ایسے اصول تیار کیے جیسے علمائے اصول نے اسلام کی ابتدائی تین چار صدیوں میں کر دیئے تھے۔ رومن قانون دانوں کو اس کام کا آغاز کرنے میں کم و بیش بارہ سو سال کا عرصہ لگا۔"[۲]

---

(۱) غازی، اصول فقہ، ایک تعارف، ۱ / ۵۲

(۲) غازی، علم اصول فقہ، ایک تعارف، ۲/ ۳۵

اسلام میں قانون سازی کا اختیار اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور مقننہ کا کام قانون کی تعبیر اور تشریح و توضیح اور کسی نئے آنے والے مسئلہ کا حل قرآن، سنت اور اجماع سے بذریعہ قیاس معلوم کرنا ہے۔

مغربی قانون میں قانون کی تشریح کا حق بھی حکمران طبقے کو حاصل ہوتا ہے اور اگر کہیں عدلیہ کے ذریعے قانون کی تشریح ہوتی ہے، تو اس پر بھی کوئی بالائی قانون قدغن کے طور پر موجود نہیں ہوتا۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے کہ قانون کی تشریح آئین اور دستور کے ضابطے کی حدود کے اندر کی جاتی ہے جو بجائے خود انسانی ذہن کا تراشیدہ ہوتا ہے۔ گویا قانون کی تشریع اور تشریح دونوں انسانی صوابدید پر مبنی ہوتی ہیں۔ اس کے برعکس اسلامی قانون کی بنیادی تشریع بھی نبی آخر الزمان ﷺ کی وساطت سے وحی الٰہی کی روشنی میں کر دی گئی ہے۔ لہٰذا یہاں بھی انسانی سوچ یا اس کے محدود مفادات کی اثر انگیزی کا کوئی دخل باقی نہیں رہا جہاں تک جدید تعبیرات و تشریحاتِ قانون کا تعلق ہے جو تغیر زمانہ کے ساتھ ساتھ مسلم فقہاء، علماء اور مجتہدین کرتے ہیں ان کی تشریحی حدود بھی قرآن و سنت کے ذریعے متعین کر دی گئی ہیں۔ اس لئے اسلامی قانون کے ضمن میں انسانوں کو تشریح اور تعبیر کا حق تو حاصل ہے لیکن غیر مشروط اور لامحدود نہیں، اس پر پھر قرآن و سنت یا ان کے نظائر و مماثلات کی شرائط موجود ہیں، جن کی تفصیلات بھی کتب فقہ میں شرح و بسط کے ساتھ مذکور ہیں۔ تشریح و تعبیر قانون کا یہی اصول عہد صحابہ رضی اللہ عنہم سے آج تک اسلامی تاریخ میں رواج پذیر ہے۔ تشریح و تعبیر قانون کا طریق کار کبھی اجتہاد بیانی کی صورت میں نافذ ہوتا ہے اور کبھی اجتہاد قیاسی کی صورت میں۔ کبھی اس کے استصلاحی ضابطے استحسان، مصالح، استصحاب اور استدلال کی صورت میں نافذ ہوتے ہیں اور کبھی عرف و عادت اور ضرورت شرعی وغیرہ کی صورت میں۔ کبھی اس کی تشریح و تعبیر تقیید المطلق، تخصیص العام، استثناء و رخصت، تخیر و تغیر وغیرہ کی صورت میں ہوتی ہے اور کبھی ترجیح و تلفیق کی صورت میں۔ الغرض یہ تمام تشریعی ضابطے قرآن و سنت کی اس الہامی ہدایت کے تابع ہیں جس کی حیثیت ملکی آئین اور دستور پر بھی فائق ہے۔ اس لیے ملک کے عام قانون سے لے کر ریاست کے دستور اور آئین تک تشکیل اور تشریح قانون کے تمام مرحلے ربانی ہدایت کے بالواسطہ یا بلاواسطہ تابع ہوتے ہیں اگر کسی شخص یا طبقے کی تشریحی تحقیق اور توضیحی رائے وحی الٰہی کے احکام کے منافی ہو تو اسے بغیر تامل کے رد کر دیا جاتا ہے۔ اس لحاظ سے جو سقم مغربی قانون کے ضابطہ تشریح میں پایا جاتا ہے۔ وہ اسلامی قانون کے ضابطہ تشریح میں موجود نہیں۔[1]

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے بعد ابو بکر احمد بن علی الجصاص رحمۃ اللہ علیہ (م ۳۷۰ھ)، قاضی عبد الجبار رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۱۵ھ)

---

(۱) القادری، محمد طاہر، اسلامی اور مغربی تصور قانون کا تقابلی جائزہ، سہ ماہی منہاج، ش: ۴، ج: ۱، اکتوبر ۱۹۸۳ء، ص: ۱۲۴

ان کے شاگرد ابو الحسن البصری رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۳۶ھ)، فخر الاسلام علی بن محمد البزدوی رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۸۳ھ)، شمس الائمہ السرخسی رحمۃ اللہ علیہ (م ۴۹۰ھ)، امام الغزالی رحمۃ اللہ علیہ (م ۵۰۵ھ)، اور سیف الدین الآمدی رحمۃ اللہ علیہ (م ۶۳۱ھ) دلالت کے علم کے حوالے سے بہت نمایاں رہے ہیں۔ معاصر فقہاء میں عبد الکریم زیدان نے "الوجیز فی اصول الفقہ" میں تشریح و تعبیر کے اصولوں کا احاطہ کیا ہے اور ان پر وضاحت کے ساتھ گفتگو کی ہے۔[1]

❁ ❁ ❁

(۱) فاروقی، محمد یوسف، فقہ اسلامی میں تعبیر و تشریح کے اُصول، شریعہ اکیڈمی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد، ۲۰۰۱ء، ص:۸

الحكم الشرعي لإيقاف علاج المريض الميئوس من برئه

Islamic legal orders for stoppage of remedy of a despaired patient

د. منظور أحمد الأزهري *

ABSTRACT

A patient sometimes arrives to Intensive Care Unit (ICU) of a hospital after a serious illness, to be treated with artificial ventilation. The doctors have to decide to treat him on ventilator that may last for a long period. When the state of a patient becomes out of range for physicians they declare the ultimate stoppage of the treatment & order to take the patient home. This decision is actually taken by a panel of doctors, comprising of two associate professors & one registrar, at least, according to the SOPs. At this stage, the decision of physicians astonishes the relatives because they feel embarrassment to take the patient to home while they wish his recovery or the ultimate fate. On the other hand expensive remedy of such a patient may bring the relatives to borrowing of millions in some cases. The management of the hospital also requires to empty the beds for new comers, specially the seriously injured ones who may survive if treated immediately and properly.

No doubt that respect of a human being in his illness is required ethically, but if there is no benefit of curing him instantly, people should accept the situation willingly as a matter of fate and pray to Allah for a peaceful future. The final word of the honest doctors should be acceptable for him & his family. We can briefly conclude the Islamic legal orders for such decisions that remedy itself is a permissible act for a person according to his free will. So he may take remedy or not in the opinion of majority of the jurists. In "Shafee" school of thought it is commendable. Legal order for the relatives of the patient is that, it is the right of the patient or his family to continue or stop remedy at any stage in the best interest of the patient, his family and the whole society. Third legal order in the above mentioned case is that physicians are absolutely free to take medical decisions as it is their specialty & jurisdiction. But they should be aware of importance of the dignity of man & his rights along with fear of Allah almighty in all resolutions related to the life of people and benefit of their society.

Keywords: *Treatment, Ventilation, Legal orders, Medical Decisions, Jurisdiction.*

---

* أستاذ الشريعة المشارك، معهد الدراسات الدينية والبحوث، جامعة هائ تك،تاكسيلا،باكستان

إن الإنسان من أحب خلق الله تعالى إليه جل شأنه و قد كرمه بكرامات عظيمة حيا وميتا وخلق الموت والحياة له بمقادير عليا لا يعلمها إلا هو، ومن هنا لا دخل لبشر عموما في موت وحياة الإنسان، ولكن التطور العلمي أدى إلى تقديم بعض التسهيلات الطبية للمرضى الذين لا يرجى برؤهم حسب رأي الاطباء ، ومنها الإنعاش القلبي والرئوي لمريض قد يكون جذع دماغه مات أو مرضى السرطان أو الوليد الخديج أو الحامل أو الجنين المصابين بمرض لا يرجى برؤه، فهل يوقف علاجهم حتى يأتي أمر الله تعالى؟ و في ذلك من حرج وتكاليف باهظة وإهدار حقوق المرضى الآخرين المحتاجين لسريع العلاج.

إنّ هذه المسألة من المسائل الطبية الفقهية المعاصرة التي ما زالت موضع اهتمام الباحثين و مثار الجدل بين فقهاء الأمصار والأقطار، ومن الأمور المستجدة التي تحتاج إلى بيان الحكم الشرعي لها.ولا يخفى أن الحفاظ على حرمة الحياة البشرية مقصد شرعي عظيم ويدعو الشرع الكريم إلى صون النفس البشرية إلى أبعد مدى ما يكون بإمكان البشر من خلال الرعاية الطبية والحماية النفسية للمريض، ومن قواعد الطب الأولى أن يبذل الطبيب أعلى درجات الرعاية الطبية للمريض مهما كانت حالته على أمل الشفاء ، وبه يحلف حين أداء اليمين الطبي منذ أزمنة الطبيب اليوناني أبقراط ،فعلى ذلك يبدو من الواجب الأخلاقي لزوم استمرار العلاج بقدر مستطاع لكل ذي قدرة وإمكانية دون حرج إذ الشفاء والمرض والحياة والموت بيد الله تبارك وتعالى، يحكم ما يشاء ويفعل ما يريد، وعلى البشر بذل أقصى جهده لإنقاذ الحياة؛ لأن من أحيا نفسا فقد أحيا الناس جميعا، وقد يحكم الأطباء بقرب موت الإنسان بناء على علمهم وخبرتهم في الطب، ويخبرون عن عدم جدوى العلاج المزيد، وينصحون برفع أجهزة الإنعاش عن المريض، ونقله من المستشفى، الأمر الذي يجعل الحليم حيران لعدة أسباب، منها:

١. وقوع أهل المريض فى الحرج وهم يأملون شفاء ذويهم أو استمرار العلاج حتى يأتي قدرالله تعالى.
٢. التكاليف الباهظة في المستشفيات الخاصة بالذات والتي قد تؤدي أهل المريض إلى الإستدانة الهائلة.
٣. إحتياج إدارة المستشفى إلى تخلية المكان للمرضى الجدد اللذين قد يكونون أحوج إلى العلاج السريع لإنقاذ حياتهم بتعويض الفشل العارض فى بعض الأعضاء، أو إرجاع النشاط الزائل إليها، أودفع المضرة اللاحقة أو تزويد الجسد بالمساعدات الطبية المؤقتة العاجلة لإعادة نظامه إلى مساره المعتاد.

لقد دعت هذه الأوضاع المختصين في الطب والشريعة لإدلاء الإهتمام بالمسألة والخوض فيها بالجدية للخروج بقرارات صائبة في مثل هذه المواقف الحرجة، ويبدو من الإطلاع على بعض البحوث والمناقشات حول الموضوع أن معظمها منصبة على حالات المتوفين دماغيا مع أن نسبتها ضئيلة (١٥-١٠%تقريبا) من جميع الحالات التي تقتضي إتخاذ القرار لإيقاف علاج المرضى الذين لا يرجى برؤهم

حسب رأي الأطباء؛ لأن موت الدماغ هو الموت الحقيقي في ضوء الطب الحديث على أنّ علماء الإسلام يرون ضرورة توقف جميع أجهزة الجسد البشري للتحقق من حياته أو موته والحكم عليه بذلك، لأنّ الغيبوبة الدماغية قد تطول مع أنّ الجسم حيّ و قد وجدت بعض الحالات أنّ الناس جهزوا تدفين إنسان فقام من السرير معلنا حياته من جديد.

وقد أجابت هيئة كبار العلماء بالمملكة السعودية على سؤال وزارة الصحة عن نزع أجهزة الإنعاش عن المريض الذي لا يرجى برؤه بما يلي:

"لا يجوز شرعا عَد الإنسان ميتا إلا إذا توقفت جميع أجهزته عن العمل بما في ذلك القلب والرئتان والدماغ، وقرر الأطباء المسلمون العدول أن هذا التوقف نهائي لا رجعة فيه، أما إذا توقف أحد أجهزة البدن أو بعضها وبقي البعض الآخر يعمل سواء أكان التوقف هو جذع الدماغ أو غيره، فإن الإنسان يُعد معه حيا، وربما جاز عده محتضرا، ولا يمكن أن يعد ميتا، ما دام فيه عضو يعمل، وعليه فلا يجوز أخذ شيء من أعضاء الإنسان الذي توقف دماغه عن العمل، ولم تتوقف جميع أجهزته الأخرى كالقلب والرئتين، إلا ما يجوز أخذه من الإنسان الحي بشروطه، والله أعلم ".[١]

و يظهر من هذه الفتوى أنّها ركزت على تحديد حالة الموت والحياة للجسد ومنع التصرف فيه حتّى التحقق من موته أو حياته ولم تتعرض إيقاف العلاج من عدمه للمريض الميئوس من برئه.

و أصدر مجمع الفقه الاسلامي المنبثق من منظمة المؤتمر الاسلامي قرارا حول هذا الموضوع في دورته المنعقدة بعمان–الأردن– سنة ١٩٨٦م بما يلي:"يعتبر الشخص ميتا وتترتب عليه جميع الأحكام المقررة شرعا للوفاة إذا تبينت فيه إحدى العلامتين التاليتين:

١. إذا توقف قلبه وتنفسه توقفا تاما وحكم الأطباء أن هذا التوقف لا رجعة عنه.
٢. إذا تعطلت جميع وظائف دماغه تعطلا نهائيا وحَكَم الأطباء الإختصاصيون الخبراء بأن هذا التعطل لا رجعة فيه وأخذ دماغه في التحلل. وفي هذه الحالة يجوز رفع أجهزة الإنعاش المركبة على الشخص وإن كان بعض الأعضاء لا يزال يعمل آليا بفعل الأجهزة المركبة."[٢]

قد اعتبر هذا القرار الإنسان ميتا بوجود إحدى العلامتين المذكورين والحقيقة أنّ الموت اسم لمفارقة الروح الجسد تماما ومازال موضوع إيقاف العلاج يحتاج إلى النظر ، و صدر قرار جامع من المجمع الفقهي

---

(١) فتوى اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والإفتاء بالمملكة العربية السعودية، المنشورة آليابرقم ٦٦١٩، ١٩٨٣م

(٢) قرار مجمع الفقه الإسلامي التابع لمنظمة المؤتمر الإسلامي،دورة عمان ١٩٨٦م،قرارات المجمع، ط.دارالقلم، دمشق،١٩٩٨ص:٣٦

برابطة العالم الإسلامي في دورته العاشرة بمكة المكرمة بهذا الصدد حيث جاء فيه:

"المريض الذي ركبت على جسمه أجهزة الإنعاش يجوز رفعها إذا تعطلت جميع وظائف دماغه تعطلا نهائيا، وقررت لجنة من ثلاثة أطباء إختصاصيين خبراء أن التعطل لا رجعة فيه وإن كان القلب والتنفس لا يزالان يعملان آليا بفعل الأجهزة المركبة، لكن لا يحكم بموته شرعا إلا إذا توقف التنفس والقلب توقفا تاما بعد رفع هذه الأجهزة".[(١)]

وحدة الأمّة:

ومن المعلوم أن الأجهزة الإسعافية تقوم بمساندة الأعضاء لا تشغيلها من عدمه ولا يعني رفع أجهزة الإنعاش فقط إيقافا للعلاج مطلقا كما يبدو في ظاهر الأمر، بل هناك حالات عديدة أخرى تدخل في موضوع إيقاف العلاج لمن لا يرجى برؤه كما يلي:

١. موت جذع الدماغ
٢. الوليد الخديج الذي ولد قبل إكمال ستة أشهر
٣. الحامل والجنين(الذي أكمل١٢٠ يوما) المصابان بمرض لا يرجى برؤهما منه
٤. الجنون الدائم
٥. مرض الموت (كالسرطان المنتشر في الجسد أو سرطان الدم أو مريض الايدز...الخ)
٦. المحكوم بالإعدام الذي ابتلي بمرض لا يرجى برؤه منه

ويمكننا تقسيم الموضوع الذي نحن بصدده إلى التالي:

١. علاج من لايرجى برؤه من مرض عضال
٢. إنعاش من لا يرجى برؤه
٣. قتل الرحمة أو الإنتحار
٤. الرعاية الطبية من أخلاقيات مهنة الطب
٥. تمنى الموت ممن لا يرجى برؤه (أو ما يسمى بالحق في الموت)
٦. العقم الذي لا يرجى برؤه
٧. الإستدانة لعلاج من لا يرجى برؤه

أولا: علاج من لا يرجى برؤه:

إن شرع الإسلام أرشدنا إلى احترام البشر ومؤانسته ورعايته إذا مرض بكل ما نستطيع ونملك ، فقد ذكر الفقهاء الكرام وجوب التداوى إذا تيقن دفعه للهلاك، ووجوب عصب الفصد والجرح اليسير

---

(١) قرار المجمع الفقهي برابطة العالم الإسلامي المنشور آليا برقم:٢، الدورة العاشرة، مكة المكرمة ١٩٨٧م

ووجوب حسم يد السارق بعد القطع في رأي الجمهور إلا الشافعية لعدم وجوب التداوى أصلا، وذكروا أيضا وجوب قطع الطرف إذا خيف سريان المرض إلى بقية الجسد، وجواز إلقاء النفس من السفينة المحترقة خروجا من الموت المحقق إلى الموت المحقق،وذلك للحفاظ على النفس البشرية وهو أحد المقاصد الشرعية المعروفة.

ويتبين من النظائر المذكورة أن محاولة حفظ النفس واجبة إلى أقصى الغايات ومن أخلاق ديننا الحنيف إحترام المحتضرين على وجه الخصوص، فالطبيب المسلم يبذل جهده الجهيد لإنقاذ نفس الإنسان، وإذا عجز عن علاجه أعلن ذلك لمصلحة المريض وأهله ومجتمعه ومن هنا ينبغي لكل هؤلاء احترام رأي الطبيب إذ أنه مؤتمن في عمله ومشورته، فإذا قرر طبيبان أو أكثر إيقاف علاج المريض فهو الرأي، ونحن نقبل شهادة اثنين عدلين في جلّ المعاملات حتى قي عقوبة القتل والسرقة وبقية الشهادات في المعاملات المالية والجنائية وغير ذلك.

ونستدل على ما قلنا بما يلي:

أ: ما حدث بعد غزوة أحد من علاج الجرحى، فمنهم من كان يعالج في المسجد النبوي الشريف تحت رعاية اللجنة الطبية الرسمية ولما كان من نزيف بعض الصحابة لا يتوقف أمره النبي ﷺ ليعالج في أهله للحصول على الرعاية الخاصة له وسيأتي تفصيله بعد قليل.

ب: إن التكاليف الباهظة لعلاج العناية المركزة بالمستشفيات قد تؤدي الأهل إلى الإستدانة التي يمكن أن تصل إلى الملايين وهذا ما لا يقرره الشرع بحال ، بل يؤمر المرء بالإنفاق حسب قدرته المالية، وقال تعالى: ﴿لِيُنفِقْ ذُو سَعَةٍ مِّن سَعَتِهِ وَمَن قُدِرَ عَلَيْهِ رِزْقُهُ فَلْيُنفِقْ مِمَّا آتَاهُ اللَّهُ﴾ (١).

ج: إن المستشفيات أماكن العلاج الطارئ المؤقت، وإذا طالت مدة علاج أحد المرضى فالبيت له أفضل لما كان فيه من عناية الأهل والأولاد والأقارب، ورعايتهم وحنانهم حاصلة للمريض لرفع معنويته، أما إذا أعلن الأطباء عدم جدوى العلاج في المستشفى فينبغي أن ينقل المريض إلى البيت ليستمر علاجه فيه ما أمكن، ولتترك أماكن المستشفى فارغة للمرضى الجدد الذين قد يحتاجون إلى علاج سريع.وقد قال النبي ﷺ لسعد بن معاذ حين عودته من غزوة أحد:

((خل يا أبا عمرو الدابة فخلى سعد الفرس فتبعه الناس، فقال: أبا عمرو! إن الجراح في أهل دارك فاشية وليس منهم مجروح إلا يأتي يوم القيامة جرحه كأغزر ما كان، اللون لون الدم والريح ريح المسك، فمن كان مجروحا فليقر في داره، وليداو جرحه ولا يبلغ معي بيتي عزيمة مني، فنادى فيهم سعد:

---

(١) سورةالطلاق،الآية:٧

عزيمة من رسول الله ﷺ ألا يتبع رسول الله ﷺ جريح من بني عبد الأشهل فتخلف كل مجروح فباتوا يوقدون النيران و يداوون الجرحى)).[(١)]

فلايصح إصرار أهل المريض إبقاءه في المستشفى لمدة قد تطول إلى شهور وسنين ولو كانوا يصرفون الأموال الطائلة بلا جدوى وقد منع الله تعالى من الإسراف والتبذير وحذر الناس بقوله جل شأنه: ﴿إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُواْ إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ وَكَانَ الشَّيْطَانُ لِرَبِّهِ كَفُورًا﴾ [(٢)].

د: إن الإنعاش القلبي والرئوي بالأجهزة الأتوماتيكية قد يؤدي إلى كسر أضلاع المريض من شدة حركتها بينما دماغه لا يستجيب لتحريك أعضائه الرئيسية طبيعيا ولو حصل ذلك فذاك ظلم على من لا يقدر على دفعه ولا بيانه لأحد وهو أحوج إلى الدعم الطبي والنفسي والأخلاقي في هذا الحال.

هـ: للمريض أن يقبل تناول الدواء أو ليرفض كما صدر من النبي ﷺ في مرض الموت إذ قال بعض من حوله كما ورد في الحديث الصحيح عن أم المؤمنين عائشة رضي الله عنها قالت: ((**لَدَدْناهُ في مرضِهِ فجعلَ يشيرُ إلينا أنْ لا تَلُدُّوني . فقلنا : كراهية المريض للدَّواء . فلما أفاقَ قال : ألم أنْهَكُمْ أنْ تَلُدُّوني . قلنا : كراهية المريض للدواء . فقال : لا يبقى أحدٌ في البيتِ إلا لُدَّ . وأنا أنظرُ إلى العباسِ فإنه لم يشهدكم)).**[(٣)]

فقد زعموا أن نهيه عن لدِّه –وهو جعل الدواء في فم المريض بغير رضاه – كان كما يكره المريض أخذ الدواء ، وقال الحافظ ابن حجر العسقلاني رحمه الله :

" وإنما أنكر التداوي؛ لأنه كان غير ملائم لدائه؛ لأنهم ظنوا أن به ذات الجنب فداووه بما يلائمها، ولم يكن به ذلك كما هو ظاهر في سياق الخبر كما ترى ، والله أعلم"[(٤)]

والشاهد فيه أنّ المريض أو وليّه مختار في أخذ الدواء أو الامتناع عنه، وكذلك من تولّى أمر علاجه من الأطباء.

ثانيا: حكم إيقاف الإنعاش الطبي:

إذا وصل المريض إلى وحدة العناية المركزة من شدة المرض جعلوا له أجهزة الإنعاش الرؤي

---

(١) الامام الصالحي الشامي، سبل الهدى والرشاد، ط.المجلس الأعلى للشئون الإسلامية، مصر، ١٩٩٥، ص:٣٣٥/٤

(٢) سورةالإسراء،الآية:٢٧

(٣) البخاري ،مُحَمَّد بن اسماعيل ، صحيح البخاري ، باب مرض النبي ووفاته، ح: ٤٤٥٨، دار ابن الكثير، دمشق، بيروت، سنة النشر: ١٤١٤هـ / ١٩٩٣م، ص: ١٦١٩

(٤) ابن حجر العسقلاني،فتح الباري شرح صحيح البخاري،دار الكتب العلمية،بيروت، ١٩٨٥، ٤٩٦/٨

والقلبي نظرا لخطورة الحالة، وقد يجدي هذا الإنعاش في إنقاذ حياة الإنسان وقد لا يجدي إذا تفاقم الأمر، وعجز الأطباء عن فعل أي سعي مزيد، وقد يموت جذع الدماغ نهائيا مع أن التنفس جار والقلب يتحرك بفضل أجهزة الإنعاش، وفي هذه الحالة يقرر الأطباء إيقاف الإنعاش والعلاج الطبي للمريض لظهور عدم جدواهما، والأمر في الحقيقة متروك للجنة الطبية المتكاملة التي تقرر هذا الإجراء وهم أهل الإختصاص وقرارهم مقبول شرعا كبقية الأحكام الإجتهادية حسب الإختصاص، ولا مانع من تنفيذ هذا القرار وقد كان رسول الله ﷺ وكّل أمر تأبير النخل إلى الصحابة الكرام قائلا: "أنتم أعلم بأمور دنياكم كما جاء في حديث رافع بن خديج(١).

مشيرا إلى احترام الإختصاصات المختلفة وتشجيعا لأهل المهنة والحرفة ولنا فيه أسوة حسنة.

ثالثا: حكم قتل الرحمة:

شاعت في الغرب ظاهرة قتل المريض المستعصى المرض إشفاقا عليه ورحمة ليموت مرتاحا، وسنت له السنن، وشرعت له الشرائع، وأقيمت له الجمعيات التعاونية، وقد برأت المحاكم في البلاد الغربية المختلفة من إتهام القتل من قاموا بقتل ذويهم في حالة المرض الذي لا يرجى برؤهم منه، وجرى ذلك في بداية القرن الماضي، وقام المشرع الغربي الآن بوضع القوانين التي تسمح بإختيار طريقة الموت لكل الناس، وتكتب وتوثق الوصية من أجل ذلك، وظهر بتتبع الحالات المذكورة أن هذا الفعل من أساليب القتل وهو نوعان: الإيجابي الإختياري والسلبي اللا إختياري.

أما الأول: فيتم بإعطاء المريض جرعة قوية من الدواء المنوم أو غيره كالمورفين بناء على طلبه أو طلب أهله فيموت في راحة، والثاني: الأمر بإيقاف أجهزة الإنعاش والعلاج من المريض الذي لا يرجى برؤه، ولا يحل قتل النفس ألبتة بإعطاء المريض جرعة قاتلة مهما كانت حالته بل تهدّؤ روعته وتصبر مهجته؛ لأن القتل محرم لقوله تعالى: ﴿**وَلاَ تُلْقُواْ بِأَيْدِيكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ**﴾ (٢) وقوله تعالى: ﴿**وَلاَ تَقْتُلُواْ أَنفُسَكُمْ إِنَّ اللّهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيمًا**﴾ (٣)

(١) قال قدم رسول الله ﷺ المدينة، وهم يأبرون النخل، ((فقال : ما تصنعون ؟ قالوا : كنا نصنعه . قال : لعلكم لو لم تفعلوا كان خيرا ، فتركوه ، فنفضت ، فذكروا ذلك له ، فقال : إنما أنا بشر ، إذا أمرتكم بشيء من دينكم فخذوا به ، وإذا أمرتكم بشيء من رأيي فإنما أنا بشر وفي رواية أنس : أنتم أعلم بأمر دنياكم.)) مسلم،صحيح مسلم،كتاب الفضائل ، داراحياء الكتب العربية ،رقم الحديث (٢٣٦٢)

(٢) سورة البقرة،الآية:١٩٥

(٣) سورة النساء،الآية:٢٩

ونهى النبي ﷺ عن قتل الإنسان نفسه وتوعد المرتكب بوعيد شديد كما روي عن أبي هريرة رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال:

((من تردى من جبل فقتل نفسه فهو في نار جهنم يتردى فيه خالدا مخلدا فيها أبدا ومن تحسى سما فقتل نفسه فسمه في يده يتحساه في نار جهنم خالدا مخلدا فيها أبدا ومن قتل نفسه بحديدة فحديدته في يده يجأ بها في بطنه في نار جهنم خالدا مخلدا فيها أبدا))[١].

فالإنتحار محرم بكل الأشكال ومن أعان على ذلك كان شريكا في المعصية لقول النبي ﷺ

((مَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً حَسَنَةً فَلَهُ أَجْرُهَا وَأَجْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا بَعْدَهُ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أُجُورِهِمْ شَيْءٌ وَمَنْ سَنَّ فِي الْإِسْلَامِ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهَا وَوِزْرُ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ مِنْ غَيْرِ أَنْ يَنْقُصَ مِنْ أَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ)).[٢]

ويرى شيخ الأزهر الراحل جاد الحق علي جاد الحق – رحمه الله – أنّه لا يجوز قتل المريض الميئوس من برئه بأيّ حال من الأحوال؛ لأنّ نفسه مصونة شرعا.[٣]

وقال خلفه شيخ الأزهر الدكتور مُحَّد سيد طنطاوي – رحمه الله – " أنّ قتل المريض الميئوس من شفائه ليس قرارا متاحا من الناحية الشرعية للطبيب أو الأسرة، غير أن الأمر قد يختلف مع حالات الوفاة المخية "وفاة جذع المخ" حيث يجوز للطبيب في هذه الحالة – فقط – وقف الأجهزة الطبية عن المريض ليتوقف قلبه إذا تأكد أن عودته للحياة مستحيلة."[٤]

وحرّمت لجنة فتوى الأزهر الشريف قتل المريض بدعوى الرحمة والشفقة فقالت "إنّ الآجال محددة بعلم الله سبحانه ولا يدري أحد ولا يستطيع تحديد متى يموت وقد قال تعالى: ﴿ **وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ مَّاذَا تَكْسِبُ غَدًا وَمَا تَدْرِي نَفْسٌ بِأَيِّ أَرْضٍ تَمُوتُ إِنَّ اللَّهَ عَلِيمٌ خَبِيرٌ**﴾"[٥].

١. و قالوا في تأويل ﴿ **إِنَّ اللَّهَ عِندَهُ عِلْمُ السَّاعَةِ** ﴾، عن مجاهد قال : جاء رجل قال: أبو جعفر أحسبه أنا ، قال : إلى النبي ﷺ فقال: إن امرأتي حبلى ، فأخبرني ماذا تلد ؟ وبلادنا محل جدبة

---

